اسٹار ڈائرکٹری

مملکت حیدرآباد دکن

مطبوعہ

اسٹار پریس الہ آباد یو پی

MOHD ISMAIL



شہریار دکن



اعلیٰ حضرت قدر قدرت حضور پرنور مظفر الممالک والملک نظام الدولہ نظام الملک لفٹنٹ جنرل
ہز اگزالٹڈ ہائنس نواب سر میر عثمان علی خاں بہادر فتح جنگ آصف جاہ یار وفادار
حکومت برطانیہ جی سی ایس۔ آئی جی بی۔ ای فرمانروائے مملکت دکن خلد اللہ ملکہ

پیش لفظ از ناشر

مملکت حیدرآباد دکن کے حالات کا یہ دلچسپ اور بیش بہا ذخیرہ قدردانان ہند کی خدمت میں پیش کرتے ہوئے تیں توقع کرتا ہوں کہ میرے اس پر حوصلہ کام کو ہمت افزا نگاہوں سے دیکھا جائیگا۔ اس قسم کے کام عموماً ایک آدمی کے بس کے نہیں ہوتے، اور اس کے مختلف ابواب مختلف ماہرین فن سے لکھائے جاتے ہیں لیکن تالیف زیر نظر جزوکل ایک ہی آدمی کی کاوشوں کا نتیجہ ہے، اور میرے عزیز دوست چودھری رحم علی صاحب الہاشمی بی اے مستحق مبارکباد ہیں کہ اُنھوں نے اس بارگراں کو تنہا اپنے دوش پر سنبھالا اور اسمیں شک نہیں کہ اسے نہایت ہی خوبی سے نباہا۔ مجھے اُمید ہے کہ اس مہتم بالشان کوشش کی کافی قدر کیجائے گی اور اُنھیں اسکا موقع دیا جائے گا کہ آئندہ وہ اس کا نقش ثانی اس سے بہتر صورت میں پیش کرسکیں ؛

نسخہ ہذا کی طباعت واشاعت میں جو صرف کثیر برداشت کیا گیا ہے اور اسکی تیاری میں جو زحمتیں اُٹھائی گئی ہیں اُن کی تلافی اسی طرح ہوسکتی ہے کہ موجودہ ایڈیشن اس سال کے اندر ہی فروخت ہو جائے اور اس سے ایسی صورت پیدا ہوسکے کہ آئندہ سال ہم اس کا دوسرا ایڈیشن اور زیادہ اہتمام وانتظام کے ساتھ شایع کرسکیں اور جو خامیاں اس ایڈیشن میں رہ گئی ہوں اُنھیں رفع کرسکیں۔ اسوقت جو چیز پیش کیجا رہی ہے یہ اپنی قسم کی پہلی کوشش ہے اور ایسی حالت میں زحمتیں اور زحمتوں کے ساتھ خامیاں ناگزیر ہیں۔ تاہم جہاں تک ممکن ہوسکا معلومات

مستند ذرایع سے حاصل کیگئی ہیں۔ اور اگر کہیں کوئی سقم قارئین کرام کو نظر آئے تو اُسکی اصلاح اسطرح ہوسکتی ہے کہ احباب میں بیٹھکر نکتہ چینی کے بجائے ہمیں براہ راست اطلاع دیجائے۔ اس قسم کی ہر تنقید اور مفید مشورہ کو ہم شکریہ کے ساتھ قبول کریں گے۔

اسوقت تاریخ جاگیرداران و اُمرائے پائیگاہ اور مصور فہرست عہدہ داروں کی اشاعت ہمارے پیش نظر ہے اور اس ڈائرکٹری کی جس حد تک قدردانی ہوگی اُسی اعتبار سے مذکورہ بالا دونوں کتابوں کی اشاعت میں عجلت عمل میں آئیگی۔

آخر میں ہم اُن تمام حضرات اور حکام دولت آصفیہ کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے اس مہتم بالشان کام میں ہماری ہر طرح سے مدد کی اور اس قابل قدر ذخیرہ کی تیاری میں حصہ لیا۔

خاکسار

سید محمد جعفری

مالک و مدیر جریدۂ استار۔ الہ آباد۔ یو پی

اسٹانڈرڈ ڈائرکٹری

مملکت حیدرآباد دکن

فہرست مضامین

صفحات	مضمون	نمبر شمار

صفحات	مضمون	نمبر شمار

نمبر شمار	مضمون	صفحات



نواب میر قمرالدین چین قلیچ خان آصف جاہ
اول بہادر بانی سلطنت آصفیہ
(صفحہ ۱۱۴)



شاهزاده وليعهد بهادر

اعظم جاه والا شان


دلہن شاہزادی
درشہوار



دلہن شاہزادی فرحت بیگم

شاہزادہ معظم جاہ والا شان

صدر اعظم باب حکومت



هزاکسلنسي راجه راجایان مهاراجه
سر کشن پرشاد یمین السلطنة
بهادر بالقابه

صدر المہام فوج و تعلیمات




نواب ولی الدولہ بہادر
(صفحہ ۵۶۲)

صدرالمہام فینانس



نواب سر اکبر حیدر نواز جنگ بہادر
(صفحہ ۳۷۹)

صدرالمهام مال و کوتوالی



کرنیل سر رچرڈ شینوویکس ترنچ
(صفحه ۵۷۷)

صدرالمہام عدالت و امور مذہبی



نواب لطف الدولہ بہادر
(صفحہ ۵۴۸)

صدرالمہام سیاسیات




نواب مہدی یار جنگ بہادر
(صفحہ ۵۶۴)

صدر المہام تعمیرات



نواب عقیل جنگ بہادر
(صفحہ ۵۱۸)

صدرالمہام پیشی مبارک



نواب سر امین جنگ بہادر


(صفحہ ۳۶۰)



بریگیڈیر جنرل کیمُیز

رزیڈنٹ بہادر


معتمد سر رشتہ حرفت و تجارت



مسٹر - بی - اے - کالنس

(صفحہ ۵۴۴)

معتمد مال



مسٹر - ٹی - جے - ٹاسکر

(صفحہ ۴۷۱)

معتمد فوج



نواب صمد یار جنگ بہادر

(صفحہ ۵۰۲)

معتمد تعمیرات



نواب علی نواز جنگ بہادر

(صفحہ ۵۲۱)

میر مجلس عدالت العالیہ



نواب مرزا یار جنگ بہادر
(صفحہ ۵۵۷)

اراکین عدالت العالیہ



نواب جیون یار جنگ بہادر



نواب ناظر یار جنگ بہادر



راجہ گیر راؤ بہادر



نواب صمد نواز جنگ بہادر



نواب اصغر یار جنگ بہادر



راے بشیشور ناتھہ بہادر



نواب صدیق یار جنگ بہادر

کوتوال بلدہ



راجہ بہادر وینکٹ راما ریڈی

(صفحہ ۵۷۹)


اکاؤنٹنٹ جنرل



مرزا نصراللہ خان

(صفحہ ۵۷۳)

ناظم سر رشتہ حرفت و تجارت



مولوی غلام علی مہدی

(صفحہ ۵۲۶)

ناظم سر رشتہ زراعت



مولوی نظام الدین حیدر

(صفحہ ۵۷۵)

ناظم کوتوالی اضلاع



مسٹر جے ای آرمسٹرانگ

(صفحہ ۴۴۹)

ناظم معدنیات



مولوی خورشید مرزا

(صفحہ ۳۸۸)

ناظم سر رشتہ شمار و اعداد



مسٹر مظہر حسین

(صفحہ ۵۶۱)

ناظم سررشتہ تعلیم



خان فضل محمد خان

(صفحہ ۵۳۶)

ناظم اثریہ



مولوی محمد احمد

(صفحہ ۵۵۴)

مسجل جامعہ عثمانیہ



مولوی حمید احمد انصاری

(صفحہ ۳۷۸)

پرنسپل عثمانیہ میڈیکل کالج



میجر فرحت علی

(صفحہ ۵۲۸)

مہتمم باغات



مولوی جمال الدین

مہتمم کتب خانہ آصفیہ



مولوی حمید الظفر

(صفحہ ۳۷۷)

صوبہ دار گلبرگہ شریف



مولوی عزیزالدین علی خاں

(صفحہ ۵۱۵)

نائب کوتوال بلدہ



میجر امیر سلطان

(صفحہ ۴۵۸)

نائب معتمد سیاسیات



کیقباد پستنجی منشی

(صفحہ ۵۲۶)




نواب دوست محمد خان




حاجی سید علی شبیر




نواب یوسف حسین خان




کتب خانہ آصفیہ کی جدید عمارت صفحہ ۲۳




قصر فلک نما - بلدہ حیدرآباد (صفحہ ۲۳)




چو محلہ پیلس - بلدہ حیدرآباد (صفحہ ۲۳)




حیدرآباد کی مشہور ترین عمارت چار مینار
بلدہ حیدرآباد (صفحہ ۲۳)




مکہ مسجد - بلدہ حیدرآباد (صفحہ ۲۳)




بادشاہی عاشور خانہ - بلدہ حیدرآباد (صفحہ ۲۳)



عثمانیہ پارک، رود موسی - بلدہ حیدرآباد
کا ایک منظر (صفحہ ۲۳)



عثمانیہ پارک بلدہ حیدرآباد کا ایک اور منظر
(صفحہ ۲۳)



رود موسیٰ کا افضل گنج پل - بلدہ حیدرآباد (صفحہ ۲۳)




عدالت العالیه - بلده حیدرآباد (صفحه ۲۳)




شفا خانه عثمانیه - بلده حیدرآباد (صفحه ۲۳)



باغ عامہ - بلدہ حیدرآباد کا ایک منظر (صفحہ ۲۳)




دربار ہال باغ عامہ - بلدہ حیدرآباد
کا صدر دروازہ (صفحہ ۲۳)




مسجد باغ عامہ - بلدہ حیدرآباد (صفحہ ۲۳)




ٹاون ہال باغ عامہ - بلدہ حیدرآباد (صفحہ ۲۳)



نظامیہ رصد خانہ (صفحہ ۲۳)




نواب وقار الامراء بہادر کا محل - بلدہ حیدر آباد
(صفحہ ۲۳)




دوربین نظامیہ رصد خانہ (صفحہ ۲۳)




قلعہ گولکنڈہ نزد بلدہ حیدرآباد (صفحہ ۲۴)



مسجد قطب شاہی متصل قلعہ گولکنڈہ (صفحہ ۲۴)




دروازہ قلعہ ورنگل (صفحہ ۲۷)




مندر هزار ستون - هنمکنڈه ورنگل (صفحه ۲۷)




بڑا مندر پالم پیٹ (صفحه ۲۷)




جھیل لکناورم - تعلقہ ملوگ ضلع ورنگل (صفحہ ۲۸)




مسجد گلبرگہ شریف صفحہ ۳۶)




پاکھال جھیل - ضلع ورنگل (صفحہ ۲۹)




مزار حضرت گیسو دراز رحمۃ اللہ علیہ
گلبرگہ شریف (صفحہ ۳۶)




قلعہ نلدرگ (صفحہ ۴۱)



اورنگ آباد غار (صفحہ ۴۳)




اجنتہ غار - اندرونی حصہ (صفحہ ۴۳)




اجنتہ غار (صفحہ ۴۳)




اجنتہ غار (صفحہ ۴۳)




چاند مینار قلعہ دولت آباد (صفحہ ۴۶)




روضہ خلد آباد کا منظر (صفحہ ۴۶)



اندر سبھا غار ایلورہ (صفحہ ۳۸)




کیلاش غار ایلورہ (صفحہ ۳۸)




مندر اهلیا بائی ۔ ایلورہ (صفحہ ۴۸)




سکھہ گردوارہ ناندیڑ (صفحہ ۵۰)




قلعہ قندھار شریف (صفحہ ٥٠)



جامع مسجد بلولی (صفحہ ٥١)



نظام ساگر بند (صفحہ ٥٩)



مندر تج پلی (صفحہ ٥٩)

ٹکٹ ڈاک خانہ

جو علاقہ سرکار عالی میں رائج ہیں



چاند مینار دولت آباد (رنگ زرد)
قیمت عہ ر



کیلاش غار ایلورہ (رنگ نارنجی)
قیمت ۸ ر



چار مینار
رنگ سرمئی (قیمت ۱؍)



عثمان ساگر (رنگ نیلا) قیمت ۴ر



ہائی کورٹ
(رنگ اودا) قیمت ۲ر



مدرسہ محمد گاواں (رنگ ارغوانی) قیمت ۱۲ر




قیمت ۸ پائی (رنگ سبز)



قیمت ۴ پائی (رنگ سیاہ)

حیدرآباد کے قدیم سکے



دیباچہ

مملکت آصفیہ کے متعلق مفید و کار آمد معلومات کا یہ مکمّل ذخیرہ پبلک کے سامنے اس خیال سے پیش کیا جاتا ہے کہ اس خطہ ملک نے جو شہرت زمانہ حال میں خاصکر سابق خلیفۃ المسلمین کے خاندان سے رشتہ پیدا کرنے کے بعد اقوام عالم میں حاصل کرلی ہے۔ اُس سے لوگوں میں یہاں کے حالات کی جستجو کی خواہش پیدا ہوگئی ہے۔ ایسے لوگوں کے لئے تمام ضروری معلومات اس ایک جلد میں یکجا کردی گئی ہیں۔ علاوہ بریں ہندوستان میں عام لوگوں کو بھی اس بات کے جاننے کی ضرورت ہے کہ ایک ہندوستانی حکومت میں جہاں حکمراں اور حکام اعلیٰ سب ہندوستانی ہیں، اور اعلیٰ ترین ذمہ داریاں ہندوستانیوں ہی کے ہاتھ میں ہیں وہاں حکومت اور رعایا شاہراہ ترقی کے کس درجہ پر ہیں، اور حاکم و محکوم میں رشتہ ہمدردی و خلوص کس حد تک مستحکم ہے۔ اس قسم کی معلومات کی خواہش رکھنے والے حضرات بھی ان صفحات میں اپنے مفید مطلب باتیں ایک جگہ دیکھ سکیں گے۔ مزید براں جو لوگ اس قدیم تاریخی خطۂ ملک کی عجیب وغریب تاریخی یادگاروں اور نیز دور جدید کی ترقیوں کو بچشم خود دیکھنے کے لئے مملکت حیدرآباد کا دورہ کرنا چاہیں، اور نیز وہ تاجر جو حیدرآباد کے ہم پیشہ لوگوں سے سلسلہ ارتباط اور تعلقات تجارتی پیدا کرنا چاہیں اُن کے لئے بھی اس کتاب میں اس قدر وافر ذخیرہ معلومات ملے گا کہ کسی اور کتاب میں وہ ایک جگہ اتنا مواد

حاصل کر سکیں گے۔ مدارس میں پڑھنے والے طلبہ اور تحقیق و تدقیق کرنے والے علما بھی اس ذخیرہ کو اپنے لئے خاص دلچسپی اور افادہ کا ذریعہ پائیں گے۔ ایسے حالات میں اُمید ہے کہ یہ کتاب مملکت حیدرآباد میں اور نیز ہندوستان کے ہر گوشہ میں قدر کی نگاہوں سے دیکھی جائے گی اور جو لوگ اس کتاب سے اپنی مفید معلومات میں اضافہ کریں گے وہ مؤلف کی کاوشوں کی داد دیں گے۔

اس کتاب کی تدوین میں جو عرق ریزی اور محنت صرف کیگئی ہے اور جسقدر مشکلات اور موانع کا سامنا کرنا پڑا ہے اُسکا اندازہ غالباً وہ حضرات نہ کر سکیں گے جو اس تمام مواد کو ایک جگہ جمع پائیں گے۔ لیکن جن حضرات کو کبھی اس قسم کی کوشش کا عملی تجربہ ہوا ہوگا وہ ہماری محنت کا کسی حد تک صحیح اندازہ کر سکیں گے۔ تاہم کسی مستند ذریعہ معلومات کی عدم موجودگی، اور عام ہندوستانیوں میں ایسی کوششوں کے ساتھ منظم تعاون کی عادت مفقود ہونے اور صدہا لوگوں سے خط کا جواب ملنے میں بھی دشواری ہونے سے ایک مولف کو جو دشواریاں پیش آسکتی ہیں وہ بآسانی قیاس کیجاسکتی ہیں۔ پھر بھی ان غیر معمولی مشکلات کے باوجود ہم نے حتی الامکان یہ کوشش کی ہے کہ معلومات، شمار و اعداد اور حالات جہانتک ہو سکے سرکاری رپورٹوں یا دیگر مستند وسائل سے حاصل کیجائیں۔ انمیں اگر کوئی خامی یا کمی ہوگی تو وہ تازہ ترین سرکاری رپورٹوں کے حاصل نہ ہو سکنے اور دیگر وسائل معلومات باوجود انتہائی کوشش کے بہم نہ پہونچنے کی وجہ سے ہوگی۔ ہمیں اُمید ہے کہ ناظرین اس خامی یا کمی کو آئندہ ایڈیشن میں پوری کرنے میں مدد دیں گے۔ اور اسوقت جو خاکہ پیش کیا گیا ہے اُس کے نقش ثانی کو اور زیادہ مکمل صورت میں دیکھنے کے لئے ہمیں صحیح حالات

ہم پہونچانے کی کوشش کریں گے۔ ایسی تمام کوششوں اور مفید مشوروں کو ہم نہایت ہی قدر کی نگاہوں سے دیکھیں گے اور تہِ دل سے شکر گزار ہونگے۔

مختلف قسموار فہرستوں میں جن کارخانہ داروں اور کاروباری حضرات کے نام درج ہونے سے رہ گئے ہیں۔ یا جن مقتدر اراکین کا ذکر اُن کے ہم رتبہ حضرات کے ساتھ نہیں درج ہو سکا ہے، اُن سب سے، ہم تہِ دل سے عذر خواہ ہیں۔ اور اُمید ہے کہ ہمارا یہ عذر معقول سمجھا جائے گا اس لئے کہ حصول معلومات کی جو کچھ کوششیں ہمارے امکان میں تھیں اُن سے ہم نے دریغ نہیں کیا۔ اور جو چیزیں ہمارے دسترس سے بالکل باہر تھیں وہی نظرانداز ہوگئی ہیں۔ بہرحال اس قسم کی فروگذاشتوں کا آئندہ اشاعت میں ازالہ ہو سکتا ہے بشرطیکہ متعلقہ حضرات براہ کرم ضروری معلومات ہمیں فراہم کردیں۔ یہی عذر حالات و تشریح مقامات و عمارات تاریخی کے متعلق بھی ہے، اگر اس سلسلہ میں کوئی امر فروگذاشت ہوگیا ہو یا خلاف واقعہ درج ہوگیا ہو، تو اسکی اصلاح بھی آئندہ ایڈیشن میں اسی طرح ہو سکتی ہے کہ جو صاحب کسی غلطی یا فروگذاشت کو محسوس کریں وہ بجائے اپنے احباب میں تنقیصاً اس کا ذکر کرنے کے براہ راست ہمیں مُطلع فرمائیں۔ یہ ہم خلوص کے ساتھ ہر شخص کو یقین دلانا چاہتے ہیں کہ ہماری نیت ان صفحات کی ترتیب کے وقت کبھی کسی کے ساتھ ناانصافی یا کسی چیز کی نامناسب تنقیص نہ تھی۔

یہ بتانے کی ضرورت نہیں ہے کہ اس مہتم بالشان تالیف کا خیال سب

سے پہلے سید محمد صاحب جعفری مالک و مدیر اخبار "اسٹار" الہ آباد کے دماغ میں پیدا ہوا اور اُنھیں کی فرمایش اور ایما پر یہ کتاب مرتب ہوئی۔ چنانچہ سید صاحب موصوف ہی اسکے تمام متعلقہ اخراجات کا بارگراں بھی اُٹھا رہے ہیں۔ اگر یہ کوشش پبلک میں مقبول ہوئی تو اسکی کامیابی کا سہرا تمامتر سید صاحب ہی کے سر رہے گا۔

آخر میں ہم حکّام مملکت آصفیہ اور خاصکر محکمہ اطلاعات عامہ کے عہدہ داروں کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اُنھوں نے نہایت اخلاق اور ہمدردی کے ساتھ اپنے امکان بھر ہمیں سہولتیں بہم پہونچائیں +

رحم علی الہاشمی، الہ آباد۔ یوپی



شہریار دکن

اعلیٰ حضرت قدر قدرت حضور پر نور نظام الدولہ نظام الملک آصفجاہ لفٹننٹ جنرل ہز اگزالٹڈ ہائنس میر عثمان علی خان بہادر جی سی ایس آئی، جی سی آئی ای، فتح جنگ، یار وفادار سلطنت برطانیہ خلد اللہ ملکہ جو آجکل سریر آرائے سلطنت دکن ہیں، فرمانروایان عالم میں ایک نمایاں خصوصیت رکھتے ہیں۔ آپکی سادہ زندگی، رعایا کے ساتھ قلبی ہمدردی، مذہبی اور قومی معاملات میں شغف اور علمی اور خیراتی کاموں کے لئے آپ کی شاہانہ دریادلی اسلامی شاہانِ سلف کی یاد دلاتی ہے۔ اپنی حکومت کے مختلف شعبوں میں جو نمایاں اصلاحات آپنے فرمائی ہیں انکا ذکر آگے آئے گا لیکن اس کتاب کے آغاز میں آپ کی ذاتی خصوصیات کا مختصر ذکر بے موقع نہ ہوگا۔ حقیقت یہ ہے کہ آپکی

ذات آج دنیاے اسلام کے لئے مایۂ ناز اور ہندوستانی قوم کے لئے بیش بہا سرمایہ ہے۔ افسوس ہے کہ فرمانروایان حیدرآباد کی شہرت طلبی سے نفرت نے اس خاندان کے بہت سے صفات کو دنیا کے سامنے مشتہر نہیں ہونے دیا ورنہ اسکی بعض خصوصیات یقیناً تاریخ عالم میں آب زر سے لکھنے کی قابل تھیں۔ اور بعض افراد اسمیں ایسے پیدا ہوئے ہیں جو اپنے زمانہ میں اپنی آپ ہی نظیر تھے۔ اعلیٰ حضرت اگر اپنی ذاتی خصوصیات میں آج مخصوص امتیازات کے حامل نہ ہوتے تو نظریہ ارتقاے اخلاقی کا ایک بہت بڑا اصول غلط ہو جاتا۔ آج جب ہم اپنے گرد و پیش نظر ڈالتے ہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ انسان کے وہ اعلیٰ خصائل جنکو اسلامی تعلیم نے جِلا دی تھی عام طور پر مسلمانوں میں مفقود ہیں اور خصوصاً طبقہ امرار توان سے بالکل خالی ہے۔ لیکن اعلیٰ حضرت خسرو دکن امارت و سطوت میں نمایاں ترین حیثیت رکھتے ہوئے بھی ان خصوصیات میں نمایاں درجہ رکھتے ہیں۔ خلوص اور ہمدردی انسانی جسکا اس زمانہ میں سب سے زیادہ کال ہے اعلیٰ حضرت کی شخصیت میں بدرجہ اتم موجود ہیں۔ چنانچہ آپ کے خلوص کا یہ عالم ہے کہ جو بات کسی وقت خلاف مزاج ہوئی اُسپر آپ نہایت صفائی کے ساتھ اُسی وقت اپنے جذبات کا اظہار فرما دیتے ہیں اور ہمدردی کی یہ کیفیت ہے کہ آجتک اپنے دور حکومت میں آپ نے اپنے قلم سے کوئی سزاے موت کا حکم منظور نہیں فرمایا۔ حتیٰ کہ جو مقربان سرکار شاہی عتاب کے بھی مستوجب ہوتے ہیں اُن کے ساتھ وہ سلوک کیا جاتا ہے جو ایک فیاض اور دریادل بادشاہ کے شایان شان ہے۔ آجکل جو عذاب عام مسلمانوں پر مسلط ہے وہ جاہ و حشمت کی نمایش کا شوق ہے۔ لیکن اعلیٰ حضرت خسرو

دکن کو باوجودیکہ اسکے بہترین مواقع حاصل ہیں ذاتی نمایش و آرائش سے قطعی نفرت ہے اور آپ نے سادہ اور سچی اسلامی زندگی کا دنیا کے سامنے ایک بہترین نمونہ پیش کردیا ہے۔ شاہان دکن کی فیاضی ہندوستان بھر میں مشہور تھی، اور یہ طرۂ امتیاز آج بھی موجودہ شہریار دکن کو حاصل ہے۔ بلکہ یہ کہنا چاہئے کہ موجودہ دور میں جتنی شاہانہ فیاضیاں تاجدار دکن کی جانب سے کیگئی ہیں اتنی کسی گذشتہ دور میں نہ ملینگی۔ تاہم اعلیحضرت اپنی ذات پر اسقدر کم خرچ کرتے ہیں کہ ایک بادشاہ تو کیا متوسط درجہ کی آمدنی کا آدمی بھی اس سے کم خرچ نہیں کرسکتا، لیکن مملکت دکن کے غُربا اور مساکین اور یتیم و محتاج اور علمی و خیراتی ادارے آج زبان حال سے اپنے بادشاہ کی دریادلی کے معترف ہیں اور تہِ دل سے ان کی ترقی عمر و اقبال کے دُعاگو ہیں۔ اور حیدرآباد ہی پر کیا حصر ہے آج ہندوستان کا کون اہم قومی ادارہ ہے جو تاجدار حیدرآباد کے شاہانہ عطیات سے گرانبار نہیں ہے۔ علیگڈھ مُسلم یونیورسٹی جو مسلمانان ہند کی واحد مرکزی درسگاہ ہے اسی شہریار کے شاہانہ عطایا پر چل رہی ہے بلکہ جسوقت یونیورسٹی کی تجویز سب سے پہلے منظر عام پر آئی اُسی وقت حیدرآباد سے اتنی گرانبہا رقم دیگئی کہ جس سے کارکنوں کے حوصلے بڑھ گئے۔ اس رقم کا وعدہ گو حضرت غفرانمکان نے فرمایا تھا لیکن اسکی ادائی موجودہ شہریار ہی کے ہاتھوں ہوئی اور غالباً اعلیحضرت خلد اللہ ملکہٗ کا تخت سلطنت پر جلوہ افروز ہونے کے بعد سب سے پہلا حکم یہی تھا کہ حضرت غفران مکان نے علیگڈھ یونیورسٹی کے لئے جو وعدہ کیا تھا وہ پورا کیا جائے۔ حیدرآباد سے علی گڈھ کی امداد یہیں پر ختم نہیں ہوگئی بلکہ اس کے بعد بھی متعدد بار

اسی شاہانہ دریا دلی سے امداد کی گئی۔ فہرست بہت طویل ہو جائے گی ورنہ دیگر ادارات کا بھی نام لیا جاتا جو حیدرآباد کی امداد پر چل رہے ہیں۔ مختصر یہ ہے کہ حیدرآباد کے اندر یا باہر بلکہ دنیا کے کسی حصہ میں عامہ خلق کی فلاح کا کوئی کام ایسا نہیں ہوا ہے جسکی طرف شہریار دکن کو متوجہ کیا گیا ہو اور آپ نے نہایت دریا دلی سے اُسے گرانقدر رقوم نہ عطا فرمائی ہوں۔ اور خود مملکت حیدرآباد کے اندر رفاہ عامہ کے کاموں پر جتنی رقوم ہر سال خرچ کیجاتی ہیں اُن کی کل تعداد معلوم کیجائے تو وہ ہندوستان کی بعض بڑی بڑی دیسی ریاستوں کی مجموعی سالانہ آمدنی کے برابر ہوگی۔ اور یہ محض اعلےٰحضرت کی زبردست شخصیت کا اثر ہے جو حکومت کے علاوہ حیدرآباد کے امرار کو بھی رفاہ عامہ کے کاموں پر متوجہ کئے ہوئے ہے۔ غرضکہ نہ صرف ایک فرمانروا کی حیثیت سے بلکہ ایک انسان کی حیثیت سے بھی موجودہ شہریار دکن کی ذات اس ملک کے لئے ایک بیش بہا نعمت ہے، کاش اسی اعتبار سے ہم اس ہستی کی قدر بھی کرتے!

شاہزادگان والاشان

یوں تو اعلیٰ حضرت شہریار دکن کے مختلف محلات سے کئی اولادیں ہیں لیکن دو شاہزادے جو بادشاہ بیگم کے بطن سے ہیں خاندان شاہی میں خاص امتیاز رکھتے ہیں اور حال ہی میں ان دونوں کی شادیاں سابق خلیفۃ المسلمین سلطان ترکی کے خاندان میں ہوئی ہیں جسے ان شاہزادوں کی ساری دنیا میں شہرت ہوگئی ہے۔ انمیں سے بڑے صاحبزادے نواب حمایت علی خاں اعظم جاہ بہادر ولیعہد سلطنت ہیں، جنکی شادی خلیفۃ المسلمین کی اکلوتی صاحبزادی شاہزادی درشہوار سے ہوئی ہے، دوسرے صاحبزادے شاہزادہ معظم جاہ بہادر ہیں جنکی شادی خلیفۃ المسلمین کی ایک عزیزہ شاہزادی نیلوفر سے ہوئی ہے جو سلطان مراد خاں دوم کی نواسی ہیں۔ دونوں شاہزادیاں ترکی سلاطین کے اعلیٰ تمدن کا بہترین نمونہ ہیں اور اس رشتہ سے شاہان اسلام کے ایک مقتدر خاندان سے جس نے پانچسو سال تک اسلامی دنیا پہ دینوی اور مذہبی حکومت کی ہے اور سلطنت مغلیہ ہند کے ایک آخری یادگار خاندان سے جو تعلق پیدا ہوا ہے وہ اُمید ہے کہ دنیائے اسلام کے لئے خصوصاً اور عام نسل انسانی کے لئے عموماً بہترین نتائج پیدا کرے گا۔ خود شاہزادگان جو دولت حیدر آباد کے چشم و چراغ ہیں اپنے مقتدر خاندان کی شاندار روایات کا نمونہ ہیں۔ خصوصاً حضرت ولیعہد بہادر حسن اخلاق

اور ذہانت و ذکاوت میں اپنے اجداد کے نقش قدم پر ہیں۔ اور ایک شفیق باپ کے سایۂ عاطفت میں آپ کی فطری خوبیوں پر جلا ہو رہی ہے۔ خدا اس سایہ کو قایم رکھے اور شاہزادوں کی عمر میں برکت ہو اور ان کے جدید رشتہ کے نتائج دنیا کی توقعات کے مطابق بر آمد ہوں۔ آمین +

مملکت حیدر آباد کا جغرافیہ

حدود اربعہ، رقبہ، آبادی

مملکت حیدر آباد ہندوستان کے اُس حصہ میں واقع ہے جو سطح مرتفع دکن کہلاتا ہے۔ اس کے شمال میں صوبہ برار اور ضلع خاندیس ہے، مشرق میں دریائے وردھا اور دریائے گوداوری، جنوب میں دریائے کرشنا اور دریائے تنگبھدرا اور احاطہ مدراس اور مغرب میں احاطہ بمبئی کے اضلاع دھارواڑ، بیجاپور، شعلہ پور، احمدنگر واقع ہیں۔ مملکت ہذا کا طول گھنڈالہ ضلع اورنگ آباد سے بھدراچلم ضلع ورنگل تک چار سو چھپن میل اور عرض غارہائے ایجنٹہ سے کپل ضلع رائے پور تک تین سو چوراسی میل ہے۔ کل رقبہ ۸۲۶۹۸ مربع میل ہے۔ ممالک محروسہ سرکار عالی آبادی اور زمین کے لحاظ سے دو حصوں میں منقسم ہے یعنی مرہٹواڑہ اور تلنگانہ مجموعی آبادی از روے مردم شماری ۱۹۳۱ء ۱۴۴۳۶۱۴۸ نفوس پر مشتمل ہے جس میں ۹۶۹۹۶۱۵ ہندو، ۲۴۷۳۲۳۰ آدی ہندو، ۱۵۳۴۳۶۶ مسلمان اور باقی دیگر مذاہب کے لوگ ہیں۔ تلنگانہ کی آبادی بہ نسبت مرہٹواڑہ کے زیادہ گنجان ہے۔

طبعی حالات

ہندوستان میں دکن کا حصہ بہ نسبت بقیہ ہندوستان کے زیادہ بلند ناہموار

اور پتھریلا ہے چنانچہ مملکت حیدرآباد کی سطح بھی ۱۲۵۰ سے لیکر ۵۰۰۰ فٹ سطح سمندر سے بلند ہے جسمیں جابجا پہاڑی سلسلے اور شمال مغرب سے جنوب مشرق کی طرف بہتے ہوئے دریا نظر آتے ہیں۔ بڑے پہاڑی سلسلے سیہاوری پربت شمال میں اور بالاگھاٹ مغرب میں واقع ہیں اور مشہور دریا گوداوری کرشنا اور مانجرا ہیں۔ علاقہ مرہٹواڑہ میں جو شمال کی جانب واقع ہے زمین سیاہی مائل بھربھرے پتھر کی ہے۔ اسکی سطح اونچی اور کسی قدر ہموار ہے اسلئے اس حصہ ملک میں کاشتکاری زیادہ ہوتی ہے۔ علاقہ تلنگانہ کی زمین بھربھرے پتھر اور چونے کی ہے اور اسکی سطح ڈھلوان اور ناہموار ہے۔ اس حصہ میں زراعت کم اور گنجان جنگل زیادہ ہیں جسمیں جنگلی جانور ہر قسم کے بکثرت پائے جاتے ہیں۔

باوجودیکہ یہ حصہ ملک خط استوا سے قریب ہے تاہم سطح مرتفع ہونے کی وجہ سے آب و ہوا یہاں کی معتدل ہے اور بعض اضلاع مثلاً بیدر وغیرہ کی آب وہوا تو خاص طور پر خوشگوار اور فرحت بخش ہے۔ بارش زیادہ نہیں ہوتی تاہم علاقہ تلنگانہ میں اوسطاً ۳۲ انچ اور علاقہ مرہٹواڑہ میں اوسطاً ۲۸ انچ سالانہ بارش ہو جاتی ہے۔

ذرائع آبپاشی

بارش کے علاوہ آبپاشی کے مصنوعی ذرائع بھی ہیں، جنمیں باولیاں، تالاب اور نہریں شامل ہیں۔ ہندوستان کے بعض وسیع ترین تالاب اور نہری سلسلے حیدرآباد میں واقع ہیں اور حکومت سرکار عالی انپر کروروں روپیہ صرف کرتی ہے۔ مشہور تالاب جو لاکھوں کی رقم لگاکر تیار کئے گئے ہیں عثمان ساگر، حمایت ساگر،

نظام ساگر، پوچارم اور حسین ساگر ہیں۔ سب سے بڑی نہر نظام ساگر کی نہر ہے جسکی شاخوں کا طول ½۵۰۱ میل ہے اور اس سے پونے تین لاکھ ایکڑ زمین سیراب ہوتی ہے۔ محبوب نہر، فتح نہر اور آصف نہر بھی اپنی اپنی جگہ پر خاص اہمیت رکھتی ہیں اور ان کے علاوہ اور بھی نہریں چھوٹی بڑی مختلف اضلاع میں واقع ہیں۔ ایک بہت بڑی اسکیم گیارہ کروڑ روپیہ لاگت کے تخمینہ کی عنقریب شروع ہونے والی ہے جسمیں کرشنا ندی سے پانی لیکر ایک بڑے رقبہ ملک کو سیراب کیا جائے گا۔ بحالت موجودہ سرکاری نہروں سے ۶۰۲۶۲۔ ایکڑ، خانگی نہروں سے ۸۶۷۷۹۔ ایکڑ رقبہ زیر آبپاشی ہے۔ کل رقبہ زیر آبپاشی مختلف ذرایع سے ۱۰۰۵۰۸۳۔ ایکڑ ہے۔

زراعتی پیداوار

مملکت حیدرآباد زیادہ تر زرعی ملک ہے اور آبادی کا بڑا حصّہ اسی زراعت کی پیداوار پر بسراوقات کرتا ہے۔ اسی لئے جن علاقوں میں زمین سرسبز ہے وہاں آبادی بھی گنجان ہے۔ ملک میں کھانے پینے کی قریب قریب سب وہ چیزیں پیدا ہوتی ہے جو ہندوستان کے دوسرے کسی حصّے میں ہوتی ہیں۔ لیکن کھیتی چونکہ ابھی پرانے طریقوں پر ہوتی ہے اس لئے زراعت کو زیادہ فروغ نہیں ہے تاہم محکمہ زراعت سرکار عالی جدید طریقہ ہاے کاشت کو رائج کرنے کی جد و جہد کر رہا ہے اور ملک کے مختلف حصّوں میں مزرعے قایم کرکے کاشتکاروں کو ان طریقوں سے آشنا کرنیکی کوشش کیجاتی ہے۔ سیاہ مٹّی کی زمین اس ملک میں بکثرت ہے جو روئی

کی پیداوار کیلئے مخصوص ہے چنانچہ روئی کی کاشت بھی کثرت سے ہوتی ہے اور اسکی وجہ سے روئی صاف کرنے اور دبانے کے صدہا کارخانے ملک میں کام کر رہے ہیں تاہم اس کاشت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے اور محکمہ زراعت و حرفت کی مشترکہ کوششیں اسکے لئے برسر عمل ہیں۔ روئی کے علاوہ ملک میں گیہوں، چاول، دالیں، جوار، تلہن اور نیشکر کی بھی پیداوار ہوتی ہے اور پھلوں اور ترکاریوں کی بھی قریب قریب تمام قسمیں پیدا ہوتی ہیں خصوصا بلدہ حیدرآباد کے آم، بیسرم چھاونی کے انجیر، گلبرگہ کے کیلے (موز)، دولت آباد کے انجیر و انگور، اورنگ آباد کے امرود اور بیر، جالنہ کے سنگترے اور عالم پور کے تربوز اور خربوزے خاص طور پر مشہور ہیں۔ کل رقبہ سرکاری پیمائش شدہ ۱۹۱۴۱۹۴۹۸۷۶۳ ۔ ایکڑ ہے جمیں سے ۲۱۱۵۱۵۵۰۔ ایکڑ زیر کاشت ہے مملکت ہذا میں زراعتی پیداوار میں سرکاری حصہ بہت کم رکھا گیا ہے اسلئے پرتہ مالگزاری فی کس آبادی صرف ۲ روپیہ ۹ آنہ ۸ پائی ہوتا ہے۔ اس پر بھی آفات ارضی و سماوی کے موقعہ پر نہایت فیاضی اور فراخ دلی کے ساتھ معافی اور چھوٹ دیجاتی ہے جسکی نظیر برطانوی ہند میں نہیں مل سکتی۔

جنگل

ملک سرکار عالی میں خاصکر علاقہ تلنگانہ میں گھنے جنگل بکثرت ہیں جنمیں ہر قسم کے درخت اور جنگلی جانور پائے جاتے ہیں جنگلوں سے علاوہ عمارتی اور سوختنی لکڑی کے بہت سی کارآمد اور قیمتی چیزیں بھی حاصل ہوتی ہیں۔ جنگی ترقی اور تجسس کے لئے سرکار عالی کا محکمہ جنگلات ہمہ تن سرگرم عمل

ہے۔ جنگلی پیداوار میں شہد اور لاکھ اور اوسرگھاس کا روغن خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ ان کے علاوہ چھالوں کے رنگ طباشیر، موم، ٹسر اور گوند وغیرہ کی بھی کافی پیداوار ہے۔

زمین کے مدفون خزانے

ملک سرکار عالی میں معدنیات کا بہت ہی وافر ذخیرہ موجود ہے جو باشندوں کی بے توجہی کی وجہ سے مدفون پڑا ہوا ہے۔ پھر بھی سنگرینی ضلع ورنگل میں کوئلہ کی کانیں، ہٹی تعلقہ لنگسگور میں سونے کی، ضلع گلبرگہ میں سیلو بھٹر کی پالونچہ ضلع ورنگل میں گرافائیٹ کی، ضلع نلگنڈہ میں تانبے کی، اضلاع گلبرگہ، عادل آباد، ورنگل، کریم نگر و میدک میں لوہے کی، اضلاع ورنگل ورائچور میں ابرک کی، لنگسگور میں پوٹاش کی، بیدر، محبوب نگر وغیرہ میں کھریا مٹی کی، ٹیری چنچولی، بیدر، پاکھال وغیرہ میں گیرو کی اور سدی پیٹھ، کھمم، نرمل وغیرہ میں سنگ زیرہ کی کانیں برسرکار ہیں اور سرکار عالی کا محکمہ معاون ان مخفی خزانوں کی جستجو تحقیقات اور روبکار لانے کی سرگرم کوششیں کر رہا ہے۔ حال ہی میں سنگ مرمر کی ایک بہت بڑی کان دریافت ہوئی ہے جسے بروے کار لانے کے لئے ایک کمپنی بن گئی ہے اور امید ہے کہ یہاں کا سنگ مرمر عنقریب دور و دراز ممالک میں نظر آئے گا۔

جنگلی اور پالتو جانور اور پرندے

ملک سرکار عالی کے جنگلوں میں خاصکر ورنگل اور عادل آباد وغیرہ میں ہر قسم کے جنگلی جانور شیر، چیتیا، تیندوا، جنگلی سوئر، سارس، بھیڑیا، بندر، ریچھ، گیدڑ،

ارنا بھینسا، نیل گاے، سانبھر، چیتل، ہرن، بارہ سنگھا اور چکارے وغیرہ بکثرت پائے جاتے ہیں اور دور دور سے شکار کے شوقین یہاں آتے ہیں۔ پرندے بھی ہر قسم کے جا بجا پائے جاتے ہیں۔ دکھنی گھوڑے کسی زمانے میں بہت مشہور تھے لیکن اب عرب اور آسٹریلیا کے گھوڑوں کے سامنے انکا بازار سرد پڑ گیا ہے مشرقی تلنگانہ خاصکر امرآباد، دیورکنڈہ، سریاپیٹھ، کھمم، مدھرہ، عادل آباد وغیرہ میں بیل بہت عمدہ ہوتے ہیں، عادل آباد اور مدھرہ کی بھینس دودھ بہت دیتی ہیں اور دریاے کرشنا اور تنگبھدرا کے کنارے کی بھیڑ بکریاں بڑی قد آور ہوتی ہیں۔

وسائل آمد و رفت

ملک سرکار عالی میں زمین کی ناہمواری اور تجارت کی کمی کی وجہ سے وسائل آمد و رفت اتنے وافر نہیں ہیں جتنے برطانوی ہند کے بعض صوبوں میں ہیں لیکن پھر بھی بڑے بڑے مقامات پر سڑکیں اور ریلیں موجود ہیں اور سرکار عالی کو ان کی ترقی و اصلاح کی خاص کر فکر ہے۔ چنانچہ ۱۹۳۰ف میں سرکار کی طرف سے کمپنی کی ریلیں خرید کر ان کی ترقی و اصلاح کا کام خاص سرگرمی کے ساتھ شروع کر دیا گیا ہے۔ اسوقت ملک میں ریل کے حسب ذیل راستے جاری ہیں۔

واڑی تا سکندرآباد	(چوڑی پٹری)
سکندرآباد تا ڈورنکل	(")
ڈورنکل تا سنگرینی و بھدراچلم	(")

ڈورنکل تا بجواڑہ	(چوڑی پٹری)
سکندرآباد۔ قاضی پیٹ ڈورنکل	(〃)
قاضی پیٹ تا بلھارشاہ	(〃)
وقارآباد تا بیدر	(〃)
سکندرآباد، بیدر	(〃)
ورنگل تا تاندور	(〃)
ورنگل تا نظام آباد	(〃)
ورنگل تا محبوب نگر	(〃)
سکندرآباد تا منماڑ	(چھوٹی پٹری)
سکندرآباد تا ڈورونا چلم	(〃)
پورنہ تا ہنگولی	(〃)
پربھنی تا پورلی بیجناتھ	(〃)
گردوواڑی تا لاتور	(تنگ پٹری)

ان کے علاوہ ایک لائن بیدر سے پورلی بیجناتھ تک زیر تعمیر ہے جو وقارآباد کو پربھنی اور منماڑ سے ملائے گی۔ حیدرآباد سے بمبئی، دہلی اور مدراس کو براہ راست ریلیں جاتی ہیں۔

اسی ریلوے کمپنی کے زیراہتمام مئی ۱۹۳۲ء سے مختلف اہم مقامات تک نہایت ہی اعلیٰ قسم کی بس سروس جاری ہوگئی ہے جو ہندوستان بھر میں اپنی آپ ہی نظیر ہے۔ سردست حسب ذیل راستوں پر اس انتظام کے ماتحت موٹر بسوں

کا انتظام کیا گیا ہے۔

حیدرآباد تا تلگنڈہ و بھونگیر دسریا پیٹھ و کھم میٹھ

قاضی پیٹھ تا ملوگ براہ ورنگل

قاضی پیٹھ تا نرسم پیٹھ براہ ورنگل

قاضی پیٹھ تا مدن پیٹھ براہ ورنگل

نظام آباد تا آرمور۔

نظام آباد تا بنجا پلی براہ بودھن

ڈیگلور تا بنجا پلی

کاماریڈی تا بنجا پلی

بنجا پلی تا نظام آباد براہ چنتا کنٹہ

حیدرآباد تا سکندرآباد و مضافات بلدہ

ان کے علاوہ باقی راستوں پر پرائوٹ موٹر لاریاں اور بسیں چلتی ہیں۔ ریل اور موٹر بس سروس کا تفصیلی ذکر آگے آئے گا۔

ملکی تقسیم

بلحاظ انتظام ملک سرکار عالی کے دو حصے ہیں۔ خالصہ اور غیر خالصہ۔ خالصہ وہ ہے جس پر براہ راست حکومت کا انتظام ہے اور جسکی مالگزاری خزانہ شاہی میں داخل ہوتی ہے اور مملکت کے انتظام میں خرچ ہوتی ہے۔ اور غیر خالصہ وہ ہے جو براہ راست حکومت کے زیر انتظام نہیں ہے۔ مملکت ہذا کا دو تہائی حصہ خالصہ ہے اور ایک تہائی غیر خالصہ۔ غیر خالصہ علاقہ کے

پھر دو حصّے ہیں ایک صرف خاص جسکے مالک خود اعلحضرت ہیں اور جسکا انتظام محکمہ صرف خاص کے ماتحت ہے اور براہ راست اعلیٰ حضرت سے متعلق ہے۔
دوسرا حصّہ جاگیرات کا ہے جسمیں پائیگاہ اور سمستان شامل ہیں اور ہر جاگیردار اور اور والی پائیگاہ اپنے اپنے حصّہ کا خود انتظام کرتا ہے صرف خاص کا علاقہ مختلف اضلاع میں پھیلا ہوا ہے۔ لیکن بلدہ حیدر آباد کے متصل جو علاقہ صرف خاص ہے اُسکا ایک ضلع بنا کر ضلع اطراف بلدہ سے موسوم کردیا گیا ہے۔
علاقہ خالصہ جو دیوانی بھی کہلاتا ہے چار صوبوں میں منقسم ہے اور ہر صوبہ میں چند اضلاع اور ہر ضلع میں چند تعلقات ہیں۔ تفصیل یہ ہے:۔

صوبہ اورنگ آباد

اضلاع	تعلقہ جات
ضلع اورنگ آباد۔	اورنگ آباد، امبڑ، بھوکردن، گنگاپور، جالنہ کنٹر، پٹن، بیجاپور، خلد آباد، سلوڑ۔
ضلع بیڑ۔	بیڑ، مومن آباد، اشٹی، گیورائی، منجلے گاؤں، پٹوڈا
ضلع پربھنی۔	پربھنی، بسمت، ہینگولی، جلیتور، کلنوری، پالم، پاتھری۔
ضلع ناندیڑ۔	ناندیڑ، بلولی، ڈیگلور، حدگانوں، قندہار، مدھول۔

صوبہ گلبرگہ

اضلاع	تعلقہ جات
ضلع گلبرگہ۔	گلبرگہ، چنچولی، کوڑنگل، سیڑم۔ یادگیر، اندولا×، شاہپور×۔ شورا پور۔
ضلع رائچور	رائچور، عالم پور، دیودرگ، گنگاوتی، کشتگی، لنگسگور، مانوی، سندھنور۔
ضلع عثمان آباد۔	عثمان آباد۔ کلم×۔ پرینڈہ×، لاتور×، تلجاپور×۔
ضلع بیدر۔	بیدر۔ نیلنگا، احمدپور×، ودگیر، جنواڑہ×،

صوبہ ورنگل

ضلع ورنگل۔	ورنگل، کھمم، محبوب آباد، مادھرہ پاکھال، پالونچہ، ملوگ، یلندد،
ضلع کریم نگر۔	کریم نگر، جگتیال، حضور آباد، مہادیو پور، پرکل، سرسیلہ، عثمان نگر (سلطان آباد)
ضلع عادل آباد۔	عادل آباد، چنور، آصف آباد۔ لکشیٹ پیٹھ۔ کنوٹ، نرمل، راجورہ، سیرپور، اوتنور، بوتھا۔
ضلع نظام ساگر۔	بودھن۔
ضلع نظام آباد۔	نظام آباد، آرمور، کاماریڈی، یلاریڈی۔

صوبہ گلشن آباد میدک

ضلع میدک	میدک، اندول، باغات، کلب گور، سدی پیٹھ۔

اضلاع	تعلقہ جات
ضلع محبوب نگر۔	محبوب نگر، نگر کرنول، امرآباد، کلواکرتی، مکتھل، پرگی۔
ضلع نلگنڈہ۔	نلگنڈہ، بھونگیر، جنگانوں، دیورکنڈہ، حضورنگر، مریال گوڑہ، سریاپیٹھ

نوٹ۔ جن تعلقوں پر × نشان ہے وہ صرف خاص کی ملکیت ہیں۔

میزانکل صوبہ جات ۴۔ اضلاع ۱۶۔ تعلقہ جات ۱۰۳

تشریحی حالات

بلدہ حیدرآباد

یوں تو سرزمین دکن کا چپہ چپہ شایقین تاریخ اور مناظر قدرت کے شیدائیوں کے لئے ایک خاص دلکشی رکھتا ہے۔ لیکن اس کی پوری تفصیل بتانے کے لئے کئی ضخیم جلدوں کی ضرورت ہوگی۔ تاہم اس موقعہ پر بعض خاص مقامات اور قابل دید چیزوں کا مختصراً ذکر ضروری ہے۔ اور اس سلسلہ میں سب سے پہلا نام حیدرآباد کا آتا ہے جو مناظر قدرت اور انسانی صناعی کے نمونوں اور تاریخی یادگاروں کے لحاظ سے سارے ہندوستان میں ایک خاص امتیازی شکل رکھتا ہے، بلکہ بعض معاملات میں اسکی برابری متمدن دنیا کے بڑے بڑے شہر بھی نہیں کرسکتے۔ اعلیٰ حضرت شہریار دکن کو شہر حیدرآباد کی آرائیش اور ترقی میں جو خاص دلچسپی ہے اُسکا نتیجہ یہ ہے کہ آج حیدرآباد مکانات کی خوشنمائی اور مقامات تفریح کے لحاظ سے ہندوستان کے تمام شہروں میں ایک نمایاں حیثیت رکھتا ہے اور گذشتہ دس سال کے اندر اس شہر کو ہر حیثیت سے جو ترقی ہوئی ہے وہ ایک ہر دلعزیز حکمران کی کامیاب حکومت کا بہترین ثبوت ہے۔ آبادی کے لحاظ سے اسوقت بھی حیدرآباد شہر ہندوستان کے تمام شہروں میں چوتھے نمبر پر ہے۔ اور ۱۹۳۱ء کی مردم شماری میں اس شہر کی آبادی ۴۶۶۸۹۴ پائی گئی، جو گذشتہ دس سال کی آبادی سے بقدر ۱۶ فیصدی کے زائد ہے۔ یہ اضافہ

آبادی رعایا کی خوشحالی اور حکومت کی ہردلعزیزی پر دال ہے۔ لیکن حیدرآباد کی امتیازی حیثیت محض اس آبادی کی بنا پر نہیں ہے۔ بلکہ اس آبادی کا ماحول وہ چیز ہے جو اجتماعی طور پر کم سے کم ہندوستان کے اندر کسی اور شہر میں نہ ملیگا۔ مثال کے طور پر مکانات کو لیجئے تو دوسرے شہروں میں آپ کو بڑے بڑے عالیشان مکانات ملیں گے لیکن جو خوشنمائی اور دلکشی عام طور پر حیدرآباد کے قریب قریب تمام مکانات میں پائی جاتی ہے خاصکر نوتعمیر مکانات میں وہ آپ کو دنیا میں بہت کم نظر آئیگی۔ شہر میں اکثر قدیم و جدید شاہی عمارات قابل دید ہیں مثلاً چارمینار، چارکمان، چومحلہ، مکہ مسجد، جامع مسجد، فلک نما، ہائی کورٹ، عثمانیہ جنرل ہاسپٹل وغیرہ اور اسی طرح بعض قابل دید تفریحی مقامات مثلاً تالاب میر عالم، عثمانیہ پارک (موسی ندی کے کنارے)، باغ عامہ، حسین ساگر وغیرہ۔ مگر یہ تمام عمارتیں اور تفریحی مقامات انگلیوں پر شمار کئے جا سکتے ہیں اور اتنے بڑے شہر میں جسکی وسعت غالباً ہندوستان کے تمام شہروں سے زیادہ ہے محض یہ چیزیں، باہر کے لوگوں کو اپنی طرف کھینچ نہ سکتیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ باشندگان حیدرآباد اور خصوصاً طبقہ امرار کا ذوق تعمیر اسقدر لطیف ہے کہ اس سے شہر کے ہر گلی کوچہ میں ایک نہ ایک دلکشی اور دلچسپی کا سامان پیدا ہوگیا ہے۔ نواب سالار جنگ بہادر کی بارہ دری، نواب فخرالملک بہادر کی کوٹھی، بشیر باغ وغیرہ وغیرہ امرار اور جاگیرداروں کی تعمیر ہیں۔ اور ان کے علاوہ بکثرت عالیشان عمارات اور چھوٹی بڑی کوٹھیاں شہر کے تقریباً ہر حصہ میں پھیلی ہوئی ہیں جو تعمیر کرنے والوں کے اعلیٰ ذوق تعمیر کا پتہ دیتی ہیں۔ اور قابل ذکر بات یہ ہے کہ یہ ذوق حیدرآباد میں قریب قریب عام ہے۔ شہر کی آبادی میں ہر طبقہ دلکشی

قومیت کے لوگ شامل ہیں، کاروباری طبقہ میں ہندوؤں کی کثرت ہے جن کی بڑی بڑی کوٹھیاں اُن کی امارت اور فراغ بالی کا پتہ دیتی ہیں۔

یہ شہر ہر قسم کی علمی، جہتی، مذہبی اور تفریحی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کا مرکز ہے اور بکثرت علمی مدارس، کلب اور انجمنیں اور کاروباری دفاتر شہر کے مختلف حصوں میں قائم ہیں جنکا ذکر بعد کو آئے گا۔ انتظامی حیثیت سے شہری پولیس کا محکمہ الگ ہے جو کوتوال شہر کے ماتحت ہے اور پولیس کا انتظام نہایت ہی معقول اور ہمدردانہ ہے۔ سرقہ اور نقب زنی وغیرہ کے جرائم شاذونادر ہی سننے میں آتے ہیں اور رعایا عام طور پر امن پسند اور امرار خلیق اور ملنسار ہیں۔

شہر کے قومی اور مذہبی اجتماعات میں ایک تقریب لنگر کے جلوس کی ہے جو ہرسال پانچویں محرم کو ہوتی ہے اور جسمیں امرائے حیدرآباد اپنے خدم وحشم کے ساتھ شریک ہوتے ہیں باہر کے تماشائیوں کے لئے یہ جلوس خاصکر قابل دید ہوتا ہے۔

شہر سے تقریباً چار میل کے فاصلہ پر قلعہ گولکنڈہ ہے جو شاہان قطب شاہی کی گذشتہ عظمت کی یادگار ہے۔ اسمیں قطب شاہی خاندان کے خوبصورت مقابر، موتی محل، تارامتی کی بارہ دری، پریامتی کی مسجد اور بعض دیگر قدیم عمارتیں قابل دید ہیں۔

شہر سے بارہ میل کے فاصلہ پر بابا شرف الدین کی پہاڑی ہے جو مرجع خاص وعام ہے اور دوسری جانب شہر کے تقریباً اتنے ہی فاصلہ پر عثمان ساگر اور حمایت ساگر کے تالاب اور بند ہیں جو حیدرآباد کے سرکاری انجینروں کی

استعداد کا ایک درخشاں کارنامہ ہیں اور جن سے آبپاشی اور آب رسانی کے مفید کام لیکر حسن نظارہ اور نفع رسانی خلق کے جذبات کو یکجا کیا گیا ہے۔

سکندرآباد

حیدرآباد سے متصل ہی ایک اور پرانا شہر آباد ہے جو سکندرآباد کہلاتا ہے اور انگریزی علاقہ میں ہے۔ ان دونوں شہروں کے درمیان حسین ساگر تالاب واقع ہے جسکے کنارے کی خوبصورت سڑک پر ہوکر ایک شہر سے دوسرے شہر جانا ہوتا ہے۔ رات کے وقت روشنی میں اس سڑک کا اور تالاب کا منظر خاص طور پر دلفریب ہوتا ہے۔ حسین ساگر کی تعمیر حیدرآباد کے آباد ہونے سے پہلے ہوئی تھی اور اسکا بند ابراہیم قطب شاہ کے زمانہ میں تیار ہوا تھا، سکندرآباد نظامس اسٹیٹ ریلوے کا بہت بڑا جنکشن ہے اور یہیں اس ریلوے کا صدر دفتر بھی ہے۔ یہ تجارت کی بہت بڑی منڈی ہے اور انگریزی اور ہندوستانی طرز کی متعدد بڑی بڑی دوکانیں اور ہوٹل اور سینما وغیرہ ہیں پریڈ گراونڈ انگریزی فوج کی پریڈ کے لئے ایک وسیع میدان ہے اور اسی کے قریب ایک دوسرا میدان ہے جسپر سکندرآباد اسپورٹس ہر سال نہایت اہتمام کے ساتھ منعقد ہوتے ہیں۔

یہیں سے چند میل کے فاصلہ پر انگریزی چھاؤنی بلارم واقع ہے، جو انگریز رزیڈنٹ کی قدیم قیامگاہ ہے۔ آجکل رزیڈنٹ بہادر حیدرآباد کی رزیڈنسی میں رہتے ہیں۔

دیگر قابل دید مقامات صوبہ دار معہ مختصر حالات درج کئے جاتے ہیں۔

مولی علی سکندرآباد سے اگلا اسٹیشن ضلع اطراف بلدہ سکندرآباد قاضی پیٹ لائن پر مولاعلی کا اسٹیشن ہے جہاں رجب کے مہینے میں بڑی دھوم دھام کا عرس اور میلا ہوتا ہے۔ مولاعلی کی پہاڑی سطح سمندر سے ۲۰۱۷ فٹ بلند ہے، اور یہیں وہ پنجہ شریف رکھا ہے جو سلطان عبداللہ قطب شاہ کے زمانہ میں کربلائے معلیٰ سے آیا تھا۔ درگاہ صندل کی لکڑی سے منڈھی ہوئی ہے جسکے اوپر پنجہ کا نشان بنا ہوا ہے۔ اسی پہاڑی کے قریب دوسری بلندی پر قدم رسول کی زیارت گاہ ہے۔ اور قریب ہی ایک مسافر خانہ زائرین کے قیام کے لئے بنا ہوا ہے۔

گولکنڈہ اور بلارم کے حالات اس سے پیشتر لکھے جا چکے ہیں۔

عمدہ نگر تعلقہ کا صدر مقام ہے۔ پہلے اسکا نام شمس آباد تھا۔ یہاں سے دو میل کے فاصلہ پر حضرت شہاب الدین کا مزار مرجع خلائق ہے جسپر ہر سال بڑی دھوم دھام سے عرس ہوتا ہے اور ہندو مسلمان سب اس عرس میں شریک ہوتے ہیں

صوبہ ورنگل

ورنگل یہ شہر ورنگل کی ہندو بادشاہت کا دارالسلطنت تھا اور بارھویں صدی عیسوی میں تیلیگو خاندان کے ایک راجہ نے اسے آباد کیا تھا۔ سنہ ۱۳۰۹ء میں اسے علاءالدین خلجی کے جنرل ملک کافور نے فتح کیا اور پھر سنہ ۱۳۲۴ء میں محمد تغلق نے اسکی تسخیر کی۔ چودھویں صدی کے وسط میں یہ سلطنت بہمنی کے زیر اثر ہو گیا اور سنہ ۱۳۳۳ء میں قطب شاہی سلطان گولکنڈہ نے ورنگل کی حکومت کو آخری بار

زیر کر کے اسے اپنی سلطنت میں شامل کرلیا۔ ورنگل کا قلعہ زمانہ قدیم کی فن صناعی اور تعمیر کا ایک نادر نمونہ ہے اور اس کے نقش ونگار قدیم تیلیگو راجاؤں کی گذشتہ عظمت کا افسانہ کہہ رہے ہیں۔ قلعہ کے پاس ہی چند خوبصورت اور دلچسپ منادر ہیں۔ جو امتداد زمانہ کے باوجود خاص دلکشی رکھتے ہیں۔

قاضی پیٹ نظامس اسٹیٹ ریلوے کا ایک بڑا جنکشن ہے جہاں سے قاضی پیٹ بلہارشاہ لائن نکالکر دہلی اور مدراس کے مابین فاصلہ کم کردیا گیا ہے۔ یہاں سے ایک شاخ کی ریل کی بیجواڑہ ہوتی ہوئی مدراس جاتی ہے اور دوسری بلہارشاہ ہوتی ہوئی دہلی اور تیسری سکندرآباد اور حیدرآباد۔ یہیں حضرت شاہ افضل بیابانی کا مزار ہے جہاں ہر سال بہت بڑا عرس اور میلا ہوتا ہے۔ اس کے آس پاس بعض عجیب وغریب شکل کی پہاڑیاں ہیں جنمیں سے ایک پہاڑی جو دوسینگ کی شکل کی ہے ریل سے نظر آتی ہے۔ اپنی پہاڑیوں پر بعض قدیم ہندو منادر ہیں جن کے نقش ونگار زمانہ قدیم کی صناعی کا ایک عمدہ نمونہ ہیں۔ اسٹیشن سے ایک میل کے فاصلہ پر مووی کنڈہ کی پہاڑی ہے جسپر بعض قابل دید قدیم ہندو مندر بنے ہوئے ہیں۔

ہنمکنڈہ ورنگل اور قاضی پیٹ کے درمیان واقع ہے اور ضلع ورنگل کا سرکاری مستقر ہے۔ یہاں کا ہزار ستون مندر ایک نادر روزگار عمارت ہے جو ۱۱۶۲ء میں ورنگل کے ہندو راجہ نے تعمیر کیا تھا اور جو آج بھی امتداد زمانہ کے باوجود اپنی شکستہ حالت میں ماہرین فن تعمیر کی حیرت واستعجاب کا مرکز بنا ہوا ہے۔ اس کے ستونوں کے نقش ونگار اور بیل بوٹوں کی نزاکت جو گویا پتھر کو موم

کر کے منقش کئے گئے ہیں اپنی آپ ہی نظیر ہیں اور کہا جاتا ہے کہ مملکت حیدرآباد کے اندر کوئی اور مندر اتنا خوبصورت نہیں ہے۔ جسوقت یہ مندر تعمیر ہوا تھا اُسوقت اسمیں ایک ہزار ستون تھے لیکن اب صرف تین سو ستون باقی رہ گئے ہیں۔ اعلیٰ حضرت شہریار دکن کا محکمہ آثار قدیمہ دیگر قدیم یادگاروں کے ساتھ اس مندر کی بھی حفاظت ونگرانی کا کام انجام دے رہا ہے۔ اور اس محکمہ کی کوششوں سے یہ قدیم صناعی کا خوبصورت نمونہ مزید شکست وریخت سے محفوظ ہوگیا ہے۔

پالم پیٹ | قاضی پیٹ سے شمال مشرق کی جانب تقریباً چالیس میل کے فاصلہ پر رام اپا جھیل کے کنارے پالم پیٹ کے خوبصورت اور عجوبہ روزگار مندر واقع ہیں جنمیں سے بعض کے نقش ونگار ہزار ستون مندر کے نقش ونگار سے بھی زیادہ خوبصورت ہیں۔ ان مندروں کے گنبد اینٹوں کے ہیں اور انہیں جا بجا تعمیر کے متعلق تحریری نقش ہیں۔ محکمہ آثار قدیمہ سرکار عالی کی طرف سے ان مندروں کے مفصل حالات اور فوٹو حال ہی میں شائع ہوئے ہیں جنسے ماہرین آثار قدیمہ کی توجہ ان کی طرف اور بڑھ گئی ہے۔ قاضی پیٹھ سے رام اپا تک اب ایک جدید موٹر کی سڑک بنگئی ہے جسپر باضابطہ موٹر سروس چلتی ہے اور عنقریب یہ سڑک بھی ریلوے موٹر بس سروس کے زیر انتظام ہوجائے گی تو زائرین اور مسافروں کو ایسی ہی سہولت ہوجائے گی جیسے ریل کے سفر میں ہوتی ہے۔

ملوگ | رام آپا سے ۱۲ میل کے فاصلہ پر واقع ہے جو شکار کا بہت ہی مشہور مرکز ہے۔ رام آپا اور ملوگ دونوں جگہ سرکاری ڈاک بنگلے موجود ہیں۔

پاکھال | قاضی پیٹ بیجواڑہ لائن پر ورنگل سے ایک اسٹیشن آگے چنتالاپلی کا اسٹیشن ہے۔ یہاں سے ۲۶ میل مشرق کی طرف پاکھال کی مشہور و معروف جھیل واقع ہے جس کے تین طرف شاداب درختوں کا بہت ہی گنجان جنگل ہے۔ جھیل مچھلی کے شکار کے لئے اور جنگل جنگلی جانوروں کے شکار کے لئے خاص دلچسپی رکھتے ہیں لیکن چنتلاپلی اور گارلا کے مابین جو رقبہ ہے وہ اعلیٰ حضرت کے لئے مخصوص ہے اور اسمیں بغیر اعلیٰ حضرت کی اجازت کے شکار کھیلنے کی سخت ممانعت ہے۔ باقی حصہ میں چیتے کے سوا اور تمام جانوروں کا شکار کھیلا جا سکتا ہے۔ چیتے کا شکار اس سارے جنگلی رقبے میں ممنوع ہے۔ جھیل کے مغربی کنارے پر جو بند ہے وہ ایک میل لانبا ہے اور سو برس کا پرانا بتایا جاتا ہے۔

اسی لائن پر کسمد رم اور محبوب آباد کے علاقوں میں شکار کی افراط ہے۔

گارلا | یہ مقام جو قاضی پیٹ بیجواڑہ لائن پر واقع ہے عمارتی لکڑی کے لئے خاص شہرت رکھتا ہے اور قصبہ کے اندر بعض قابل دید قدیم ہندو منادر ہیں۔ اکثر منادر قصبہ کے آس پاس دو تین میل کے چکر میں پائے جاتے ہیں جسمیں سیری پور کا شیو مندر خاص کر قابل دید ہے جسکے کارنسوں کے نقش و نگار صناعی اور خوشنمائی میں عجوبہ روزگار ہیں۔

سنگرینی | یہاں کی کوئلے کی کانیں سارے ہندوستان میں شہرت رکھتی ہیں اور انمیں سے ہر سال اتنا کوئلہ برآمد ہوتا ہے کہ ہندوستان کی کسی دوسری کان میں اتنی مدت کے اندر نہیں برآمد ہوتا ہے۔ کان سے کوئلہ نکالنے کی مشینیں اور اوزار جدید ترین سائنٹفک نمونے کے ہیں اور اسکا ٹھیکہ سنگرینی کولائریز کمپنی

لمیٹڈ کے پاس ہے جو اس ٹھیکہ سے کثیر نفع کما رہی ہے۔ نقل و حمل کی آسانی کے لئے ایک مخصوص ریلوے لائن ڈورنکل سے کارے پلی ہوتی ہوئی اسطرف لائی گئی ہے اور معادن کے سرگرم کاروبار سے قصبہ کی آبادی گذشتہ چند سال کے اندر بہت بڑھ گئی ہے۔ سنگرینی سے پانچ میل کے فاصلہ پر سنگ مرمر اور نرم پتھر کی کانیں بھی حال ہی میں دریافت ہوئی جنہیں کام جاری کرنے کے لئے حیدرآباد ہی میں ایک کمپنی تیار ہوگئی ہے، اور ابتدائی مراحل طے کرنے میں مصروف ہے۔

کھمم کھمم میٹ کا قطعہ جو اعلٰے حضرت حضور نظام کی مملکت کی مشرقی سرحد کے قرب واقع ہے زمانۂ قدیم کی یادگاروں میں ایک قابل دید چیز ہے۔ اس قلعہ کو سولہویں صدی کے اوائل میں سلطان قلی قطب شاہ نے ہندو راجہ سے فتح کیا تھا۔ اس قلعہ پر کچھ دنوں فرانسیسیوں کا بھی قبضہ رہا اور پھر انگریزوں نے فتح کیا اور اب حضور نظام کی سلطنت میں شامل ہے۔ کھمم میٹ کی آبادی خوشحال اور صاف ستھری ہے اور عورتیں عموماً زیور کثرت سے پہنتی ہیں۔ اکثر گھروں کے دروازوں پر گھوڑے کے سر کی تصویر بنی ہے۔ شمال مشرق کی جانب ایک میل کے فاصلہ پر ایک قدیم مندر نرسنگا کے نام سے ہے جو ایک پہاڑی کی چوٹی پر واقع ہے اور ہر سال اسکی جاترا کے موقعہ پر بہت بڑا میلہ لگتا ہے۔

بوناکالو قاضی پیٹ بیجواڑہ لائن پر یہ اسٹیشن واقع ہے جہاں سے ۱۵ میل کے فاصلہ پر انگریزی علاقہ میں جگیا پیٹھ کا مشہور و معروف مندر ہے۔ اس مندر پر ہر سال بہت بڑی جاترہ ہوتی ہے جسمیں دور و دراز سے لوگ آتے ہیں اور

بونا کالو کے اسٹیشن پر اُترتے ہیں۔

بھدراچلم | یہ مندر جو دریائے گوداوری کے کنارے واقع ہے ہندو مذہب میں ہندوستان کے مقدس ترین مندروں میں شمار ہوتا ہے اسلئے کہ یہ رامچندرجی کی زندگی کے بعض اہم ترین واقعات سے وابستہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جب رامچندرجی والدہ راجہ دسرتھ جی نے اپنے بیٹے کو بن باس دیا ہے تو رامچندرجی اپنے بھائی اور بیوی سیتاجی کے ساتھ یہیں آکر ٹھرے تھے اور کوٹھاگڈم کے جنگل میں شکار کھیل کر زندگی بسر کرتے تھے۔ جب آپ سیتاجی کو راون کے پنجہ سے چھڑانے لنکا گئے ہیں تو یہیں سے دریائے گوداوری کو پار کیا تھا۔ یہ مندر کہا جاتا ہے کہ چھ لاکھ روپیہ کی لاگت سے ایک شخص رامداس نے تعمیر کیا تھا جنکی تلنگی زبان کی گیتیں رامچندرجی کی تعریف میں آجتک زبان زد ہیں۔ وسط اپریل میں ہرسال جب یہاں کی جاترا ہوتی ہے تو ہندوستان کے ہر حصہ سے عقدتمند ہندو جمع ہوتے ہیں اور پچاس ساٹھ ہزار جاتریوں کا مجمع ہوجاتا ہے۔ ہر بارھویں سال کہا جاتا ہے کہ دریائے گوداوری کا تقدس ہزار گنا بڑھ جاتا ہے اور اس موقعہ پر جاتریوں کی تعداد بھی معمولی سال سے بہت زیادہ ہوتی ہے۔ جبوقت تک سرکار نظام اور انگریزی علاقہ کی حد دریائے گوداوری کو نہیں قرار دیا گیا تھا اُسوقت تک بھدراچلم کا مندر سرکار نظام کی حدود مملکت کے اندر تھا۔ اب یہ انگریزی علاقہ کی سرحد میں ہے لیکن مندر کا انتظام سرکار نظام ہی کے سر ہے اور سرکار نظام کی تحصیل پورگم پاد کے تحصیلدار اسکی نگرانی اور حفاظت کرتے ہیں جبپر سرکار نظام تیس ہزار روپیہ سالانہ خرچ کرتی ہے۔ بھدراچلم سے بیس میل کے فاصلہ پر ایک اور مشہور مندر پرنا سالانہ

واقع ہے۔ بھدرا چلم کے جاتریوں کی سہولت کے لئے ایک ریلوے لائن خاص کر نکالی گئی ہے جو کوٹھا گڈم پر ختم ہوئی ہے۔ اسٹیشن کا نام بھدرا چلم روڈ ہے۔ یہاں باضابطہ موٹر سروس دریائے گوداوری کے کنارے تک ہے جہاں بکثرت کشتیاں جاتریوں کو اُس پار مندر کے قریب اُتارنے کے لئے موجود رہتی ہیں۔ سرکار نظام کے حکام تمام میلہ کا انتظام نہایت خوش اسلوبی سے کرتے ہیں، اور جاتریوں کی سہولت کے لئے کوئی کوشش اُٹھا نہیں رکھی جاتی جو سرکار عالیہ کی بے تعصبی اور اپنی ہندو مسلمان رعایا سے برابر کی ہمدردی کا اعلیٰ ترین ثبوت ہے۔

حسن پرتی قاضی پیٹھ بلھارشاہ لائن پر قاضی پیٹھ سے اگلا اسٹیشن حسن پرتی روڈ ہے جو تیل کے شکار کے لئے خاص طور پر مشہور ہے۔ اسکے گردوپیش بکثرت بڑے بڑے تالاب ہیں جسمیں تالابی چڑیوں کا خوب شکار ملتا ہے۔ حسن پرتی میں ریشمی کپڑا بننے والے بکثرت آباد ہیں اور ایک سرکاری مدرسہ ہے جسمیں اُردو اور تلنگی کی تعلیم ہوتی ہے۔ ایک مشہور مندر وِنکٹیشور سوامی کا بھی یہاں ہے جسمیں ہر سال بہت بڑا میلا لگتا ہے۔ اس کے آس پاس لوہے کی کانیں بھی ہیں۔ جہاں سے لوہا نکال کر زراعتی اوزار تیار کئے جاتے ہیں۔

جمیکنٹہ یہاں ایک قدیم تاریخی ستون ہے جسپر اُڑیا زبان میں کچھ لکھا ہے لیکن پڑھا نہیں جاتا۔ یہاں سے ڈھائی میل کے فاصلہ پر النده گنٹہ میں ایک مندر ہے جو رامچندر جی کے نام سے موسوم ہے اور یہاں ہر سال رام نومی کا بہت بڑا میلہ لگتا ہے۔ جمیکنٹہ اسٹیشن سے چار میل کے فاصلہ پر موضع بیجگیر میں حضرت انکوسی شاہ ولی کا مزار ہے جہاں ہر سال بڑی دھوم دھام سے عرس

ہوتا ہے اور دور دراز سے لوگ آتے ہیں۔

کریم نگر بلھارشاہ لائن پر پیڈاپلی اسٹیشن سے تقریباً بیس میل کے فاصلہ پر یہ مقام واقع ہے جو چاندی کے کام اور نیز سوتی کپڑوں کے لئے مشہور ہے۔ خاصکر یہاں کا چاندی کا کام بعض باتوں میں سارے ہندوستان سے بہتر سمجھا جاتا ہے۔ پیڈاپلی اور کریم نگر کے درمیان موٹر سروس چلتی ہے اور بکثرت مسافر اسپر آتے جاتے ہیں۔ پیڈاپلی سے تھوڑی دور مشرق کی طرف اور یہاں سے تین میل کے فاصلہ پر منتھی کی سڑک کے پاس دو نہایت ہی خوبصورت پہاڑیاں ہیں جنکا رنگ اور شکل وصورت دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔

کریم نگر سے تقریباً تیس میل شمال مغرب کی جانب جگتیال کا قصبہ ہے جہاں ایک مشہور ومعروف قلعہ فرانسیسی انجینیروں کا بنایا ہوا قابل دید ہے۔

یلگندل کریم نگر سے تھوڑے فاصلہ پر یلگندل کا پرانا اور قابل دید قلعہ ہے جسمیں ایک عجیب وغریب بات یہ ہے کہ اسکی مسجد کا ایک مینار ہلانے سے حرکت کرتا ہے۔ یلگندل اور ضلع ورنگل کی سرحد کے قریب پرکال میں پیتل کا کام بہت عمدہ ہوتا ہے اور دور دور مشہور ہے۔

رام گنڈم یہ مقام دریائے گوداوری کے کنارے واقع ہے جہاں سورج گرہن اور چاند گرہن کے اوقات میں بہت بڑے نہان کے میلے لگتے ہیں۔ ریلوے اسٹیشن سے ایک میل کے فاصلہ پر بہت عمدہ قسم کے پتھر کی پہاڑیاں ہیں اور آٹھ میل کے فاصلہ پر جنگاون میں پتھر کے کوئلہ کی کانیں دریافت ہوئی ہیں۔ دریائے گوداوری کے مشرقی کنارے پر مانچریال کے پاس بھی مختلف قسم کے

عمدہ پتھر عمارتی کام کے ملتے ہیں اور آگے بڑھکر ضلع عادل آباد میں بیلم پلی کے پاس ایک بہترین قسم کے پتھر کے کوئلہ کی کان حال ہی میں دستیاب ہوئی ہے۔

آصف آباد | ضلع عادل آباد کا مستقر ہے اور آصف آباد روڈ اسٹیشن سے بارہ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ یہاں سے قریب ہی ایک مشہور ہندو مندر ہے جسمیں بکثرت پتھر کی برہنہ تصویریں اور کوک شاستر کی نشانیاں ہیں۔

سرپور | تیرھویں صدی عیسوی میں یہ مقام گونڈ راجاؤں کا دارالسلطنت تھا اور اس خاندان کے ساتویں راجہ دینکار سنگھ کے زمانہ میں اس سلطنت کو بہت عروج حاصل ہوا اور دور دور سے اہل علم و فن آکر اسکے دربار میں جمع ہوئے۔ سورج بلال سنگھ جو اس خاندان کا نواں راجہ تھا اُس نے فنون سپہگری کے علاوہ فن موسیقی میں بھی کمال حاصل کیا لیکن اسکی فوج کی لوٹ مار نے شہنشاہ دہلی کو ناراض کر دیا اور بلال سنگھ قید کر کے دہلی پہونچایا گیا جہاں شہنشاہ کی فوج کے ساتھ میدان جنگ میں جانے پر منظوری ظاہر کر کے اس نے اپنی خطا معاف کرائی اور اس تقریب میں جب یہ اپنے دارالسلطنت واپس پہونچا تو اپنا نام بلال سنگھ سے بدل کر بلال شاہ کر دیا۔ اور یہی شاہ کا خطاب اس خاندان کے راجاؤں میں آخر وقت تک قایم رہا سرپور اور اس کے آس پاس گونڈ سلطنت کی بہت سی یادگاریں ابتک باقی ہیں۔ اور سرپور کے شمال مغرب میں موضع انتر گاؤں کے پاس کوندی پہاڑ واقع ہے جسکا چشمہ گونڈ قوم کے لوگوں میں بہت ہی احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔

مانک گڈھ | یہاں پر گونڈ راجاؤں کا ایک بہت بڑا اور مضبوط قلعہ ہے جو

خاندان متا کے ایک راجہ گھیلو نے بنایا تھا۔ اس کے قریب ہی راجورہ میں مہادیتی کا مشہور و معروف اور خوبصورت قدیم مندر واقع ہے جو اس وقت بھی مرجع خلائق اور معبد گاہ بنا ہوا ہے راجورہ کے آس پاس شکار بہت عمدہ ملتا ہے اور اسکے قرب وجوار میں اور نیز شاسٹی اور مادنی میں جو اسی تعلقہ میں واقع ہیں کوئلے اور لوہے کی کانیں پائی جاتی ہیں۔ اوٹنور تعلقہ میں ابرک کی کانیں ہیں اور یہیں عینک کے پتھر کی بھی کان ہے۔

ماہور یہاں کی بھینسیں دودھ زیادہ دینے میں مشہور ہیں اور یہاں سے ۲۰-۲۵ میل کے فاصلہ پر انک دیو کا مندر ہے جہاں گرم پانی کا چشمہ نکلتا ہے۔ ایسے ہی گرم پانی کے چشمے سکل پہاڑیوں کے قریب ارجنڈا۔ کالس اور ہیورا میں بھی پائے جاتے ہیں۔

صوبہ گلبرگہ

گلبرگہ شریف یہ مملکت حیدرآباد کے اُن چند شہروں میں جنکا چپہ چپہ ہندوستان میں اسلامی عروج کی تاریخ کا افسانہ گو ہے۔ اس قسم کے شہروں میں گلبرگہ بیدر اور اورنگ آباد کو نماں حیثیت حاصل ہے۔ بیدر اور اورنگ آباد کا ذکر آگے آئے گا۔ اس جگہ گلبرگہ شریف کا نہایت ہی مختصر الفاظ میں ذکر کیا جاتا ہے افسوس ہے کہ اسکا پورا حال مختصر سے مختصر الفاظ میں بھی بیان کیا جائے تو ایک بڑی کتاب ہو جائے اسلئے صرف چند نمایاں خصوصیات کا اشارۃً ذکر کیا جائے گا۔ گلبرگہ شریف شاہان بہمنی کا پہلا دارالسلطنت تھا اور جس وقت تک یہ دارالسلطنت بیدر میں

منتقل نہیں ہوا اُسوقت تک مقتدر اور باحشمت بادشاہوں اور اُن کے خدم وحشم کا مرکز رہا۔ اس دور کی یادگار ایک شکستہ قلعہ ہے جسکی مسجد قرطبہ کی بڑی مسجد کے نمونہ پر بنی تھی اور مسلمانوں کے طرزِ تعمیر کا ایک اعلیٰ نمونہ ہے۔ اسکے علاوہ شاہان بہمنی کے ہفت گنبد اور صدر مجلس قابل دید عمارتیں ہیں، لیکن جو چیز گلبرگہ شریف کی شہرت کو آج بھی اقصائے عالم میں زندہ کئے ہوئے ہے وہ حضرت خواجہ بندہ نواز کا مزار ہے جہاں ہر سال ۱۶ ذیقعدہ کو بڑی دھوم دھام سے عرس ہوتا ہے اور اس عرس میں خود اعلیٰ حضرت شہریار دکن بنفس نفیس شرکت فرماتے ہیں۔ حضرت خواجہ بندہ نواز کے علاوہ گلبرگہ شریف میں اور بھی بہت سے بزرگان دین کے مزارات ہیں جو مرجع خلائق ہیں۔ ان تمام مقابر اور آثار قدیمہ کی نگرانی وحفاظت حکومت دکن کے محکمہ آثار قدیمہ کے زیر انتظام سرکاری خرچ سے ہوتی ہے۔ اور اعلیٰ حضرت شہریار دکن کو گلبرگہ شریف سے اسقدر انس ہے کہ یہاں ایک قصر اپنی قیامگاہ کے لئے تیار فرمایا ہے۔ حضرت خواجہ بندہ نواز کے مزار پر علاوہ ایام عرس کے یوں بھی بکثرت زائرین مختلف اقطاع ہند سے آتے رہتے ہیں۔ اور عرس کے زمانہ میں تو ہندوستان کے تمام حصّوں سے لوگ آکر شریک ہوتے ہیں۔

ان تاریخی یادگاروں کے علاوہ گلبرگہ شریف ایک بڑی تجارتی منڈی بھی ہے۔ کپڑا بُننے کا ایک بڑا کارخانہ محبوب شاہی ملز کے نام سے قایم ہے۔

یادگیر یہ مقام دریائے بھیمہ کے قریب واقع ہے جہاں ایک بڑا تاریخی قلعہ ہے جسمیں پہلے اعلیٰ حضرت سرکار نظام کی عرب افواج رہا کرتی تھیں۔ آجکل اسکی شہرت ایک بڑی تجارتی منڈی کی حیثیت سے ہے جہاں روئی دبانے اور

تو مینے کے کئی کارخانے ہیں اور ترکی ٹوپیوں کے پھُندنے یہاں کے بنے ہوئے دور دور جاتے ہیں۔ یہاں سے ۴۲ میل کے فاصلہ پر علاقہ صرف خاص کا مشہور شہر شوراپور ہے جو پیتل اور تانبے کے برتنوں کے لئے مشہور ہے شوراپور پہلے راجگان بیدر کا پائے تخت تھا۔ یادگیر سے بیس میل کے فاصلہ پر شاہ پور کا شہر ہے جو ریشمی اور سوتی ساڑیوں اور دستار کے لئے مشہور ہے۔

واڑی | پائیگاہ کے علاقہ میں واقع ہے اور جی آئی پی ریلوے اور نظام سٹیٹ ریلوے کا بہت بڑا جنکشن ہے۔

شاہ آباد | پائیگاہ کے علاقہ میں ہے اور یہاں کا سیلو پتھر مشہور ہے۔ ایک بہت بڑا کارخانہ سمنٹ بنانے کا بھی یہاں قایم ہے۔

چیتاپور | یہ شہر چیتا شاہ ولی کے نام سے آباد ہے جن سے بہت سی خرق عادات منسوب کیجاتی ہیں۔ انکا مزار نہایت خوبصورت بنا ہوا ہے اور مرجع خلائق ہے۔

ناگئی یہ قدیم اور تاریخی شہر چیتاپور سے ایک میل کے فاصلہ پر واقع ہے اور بہت سی قدیم یادگاروں کا حامل ہے۔ یہاں متعدد قابل دید ہندو مندر ہیں جو اچھی حالت میں محفوظ ہیں۔ انمیں ممتاز ترین ہنومان جی کا مندر ہے جسکے نقش و نگار اور مہابھارت کے مناظر کی تصویریں قابل دید ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ رامچندر جی سیتا جی کی تلاش میں لنکا جاتے ہوئے ناگئی میں بھی چند روز قیام پذیر ہوئے تھے چنانچہ اس کے قرب و جوار میں جو متعدد چشمے ہیں وہ کہا جاتا ہے کہ رامچندر جی نے اپنی روحانی قوت سے جاری کئے تھے۔

ملکھیڑ | یہ بھی ایک پرانا تاریخی شہر ہے جو دسویں صدی عیسوی میں چلوکیا خاندان

کے راجاؤں کا دارالسلطنت تھا اورنگ زیب کے حملہ دکن کے وقت یہ مقام شہنشاہ کے ایک جنرل کا صدر مقام تھا۔ چنانچہ دریاے کاگنا پر ایک نہایت خوبصورت قلعہ بھی بنا ہوا ہے جسکی اکثر عمارتیں قابل دید ہیں۔

سیڑم یہ شہر بھی تاریخی حیثیت سے خاص اہمیت رکھتا ہے اور ایک بہت ہی قدیم شہر کی شکستہ بنیادوں پر تعمیر کیا گیا تھا۔ اسمیں بہت سے مندر اور مسجدیں قابل دید ہیں خاصکر شیو کا مندر جو بارہویں صدی کی تعمیر بتایا جاتا ہے اسی مندر کے پاس ایک بلند منارہ روشنی کا ہے جو ۴۴½ فٹ اونچا ہے اور ٹھوس پتھر کا بنا ہوا ہے جس پر لیمپ رکھنے کے لئے لوہے کی سلاخوں کا خانہ بنا ہوا ہے۔ سیڑم کی جامع مسجد بھی قابل دید ہے اور مغلیہ طرز تعمیر کا اعلیٰ نمونہ ہے۔ اس مقام پر اورنگ زیب کی افواج کو ایک مرتبہ گولکنڈہ کی قطب شاہی افواج نے پیچھے ہٹنے پر مجبور کردیا تھا۔ سیڑم اور اسکے قریب چنچولی میں سیلو پتھر کی کانیں ہیں اور تجارتی منڈی کی حیثیت سے سیڑم کو نمایاں اہمیت حاصل ہے۔

محمد آباد بیدر سلطان احمد شاہ ولی نے حکومت بہمنی کا دارالسلطنت سنہ ۱۴۳۰ء میں گلبرگہ سے بیدر میں منتقل کیا تھا اور یہاں کی خوشگوار آب ہوا اور اولوالعزم شاہان بہمنی کے حوصلوں نے اس جنگلی مقام کو تختہ جنت بنا دیا۔ نقل مستقر کے دو سال بعد بیدر کا عالیشان قلعہ تعمیر ہوا جو شاہان بہمنی کے طرز تعمیر کا بہترین نمونہ ہے۔ اسکا رنگین محل اور شہ نشین آج بھی پانچ سو برس سے زائد گذرنے کے باوجود تعمیر کرنے والوں کی الوالعزمی اور مذاق سلیم کا پتہ دے رہے ہیں۔ شاہی جامع مسجد اور سولہ کھمبے کی مسجد نہایت ہی خوبصورت پُر فضا اور دلفریب

عمارتیں ہیں لیکن ان سب سے بڑھ چڑھکر محمود گاواں کا مدرسہ ہے جس کے درس وتدریس اور مدرسین کے آرام کے کمرے اور کتبخانہ وغیرہ زمانہ حال کی ضروریات کے لحاظ سے بھی ایک اعلیٰ ترین نمونہ ہیں، اور اسکے طرز تعمیر اور نقش ونگار میں خوشنمائی اور دلفریبی کوٹ کوٹ کر بھری ہے۔ اسکا ایک مینار بجلی گرنے سے ٹوٹ گیا تھا لیکن باقی حصہ عمارت سرکار عالیہ کے محکمہ آثار قدیمہ کی مساعی سے نہایت ہی عمدہ محفوظ حالت میں ہے۔ اسی عمارت میں سرکار عالی نے مدرسہ صنعت وحرفت کھول دیا ہے جسمیں بیدر کی قدیم حرفتوں کو از سر نو زندہ کرکے زمانہ حال کی ضروریات کے مطابق ترقی دیجارہی ہے۔ بیدر کی دیگر قابل دید چیزوں میں پاپناس کا جھرہ، فرح باغ اور سید سادات کے چشمے ہیں۔ فرح باغ میں اورنگ زیب کی تعمیر کی ہوئی ایک نہایت خوشنما اور قابل دید مسجد ہے۔ شہر کے باہر مغرب میں شاہان برید شاہی کے مقبرے اور شمال مشرق میں شاہان بہمنی کے مقبرے بھی قابل دید ہیں۔

بیدر کی مشہور ومعروف دستکاری بدری کا کام ہے جو تانبا، سیسہ، رانگا اور جست کی دھاتوں کے میل سے تیار کیا جاتا ہے اور اسپر پھول پتیاں بناکر چاندی کا پتر جڑا جاتا ہے۔ چنانچہ بدری کے کام کی صراحیاں حقے وغیرہ ہندوستان بھر میں امرار استعمال کرتے تھے اور اب مدرسہ صنعت وحرفت میں اسی کام کی موجودہ ضروریات کی متعدد چیزیں تیار کیجاتی ہیں جنمیں ٹِن، پان کی ڈبیاں، شمعدان، راکھ دانیاں وغیرہ خاصکر مقبول ہیں اور ہندوستان کے ہر حصہ میں جاتی ہیں۔

نظامس اسٹیٹ ریلوے کی ایک چوڑی پٹڑی کی لائن وقار آباد سے بیدر تک نکالی گئی ہے اور عنقریب یہی لائن اودگیر ہوتی ہوئی پرلی بیجناتھ سے ملادی جائے گی جہاں سے پربھنی تک ریل پہلے سے جاری ہے۔

کوہیر بیدر کے جنوب مشرق میں ۲۴ میل پر واقع ہے اور مدتہائے دراز سے ایک بہت بڑی تجارتی منڈی کی حیثیت سے مشہور ہے۔ پہلے گولکنڈہ سے سورت کو تجارتی کارواں اسی راہ سے جاتے تھے اور یہاں قیام کرتے تھے۔ آجکل یہ پھولوں کی تجارت کا مرکز ہے۔ چودھویں صدی عیسوی میں یہ راجگان ورنگل کی سلطنت میں شامل تھا جسے علاءالدین خلجی نے فتح کیا۔ اسکی قدیم طرز کی سڑکیں جابجا قدیم یادگاروں سے معمور ہیں۔ جنمیں سب سے زیادہ نمایاں حیثیت جامع مسجد کو حاصل ہے جو بیدر کے سلاطین بہمنی کے زمانہ میں تعمیر ہوئی تھی۔

اودگیر یہ تاریخی شہر بیدر سے ۴۸ میل کے فاصلہ پر شمال مغرب میں واقع ہے اور ایک شاہان بہمنی کا تعمیر کیا ہوا قابل دید قلعہ اور متعدد عالیشان محل، مساجد، مقابر اور منادر سلاطین سلف کے حوصلوں کا افسانہ کہنے کے لئے موجود ہیں۔ شہنشاہ دہلی اور سلاطین دکن کے مابین کشمکش کے زمانہ میں اودگیر کے فتح کرنے میں بہت کافی دشواری ہوئی تھی لیکن بالآخر خان دوران کے ماتحت شاہ جہاں کی فوج ۱۶۳۶ء میں یہاں داخل ہوگئی اور کماندار قلعہ سیدی مفتاح نے مجبور ہو کر قلعہ حوالے کر دیا اور خود سیدی مفتاح حبش خاں کے لقب سے اور سہ ہزاری کے منصب پر شاہجہاں کی ملازمت میں داخل ہوگیا۔

شاہان مغلیہ کے ایک صوبہ دار کا بنایا ہوا احسن باغ ایک فرحت بخش اور قابل دید مقام ہے۔ اسوقت شہر کی آبادی صرف ۷ ہزار کی رہگئی ہے لیکن اسکے آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ سلاطین بہمنی کے زمانہ میں یہ ایک جیتا جاگتا بارونق شہر رہا ہوگا۔

عثمان آباد | بارسی لائٹ ریلوے سے جو کردواڑی سے لاتور جاتی ہے، اس مقام کا راستہ ہے جو ضلع کا صدر مقام اور تجارت کا بڑا مستقر ہے۔ یہاں سے دو میل کے فاصلہ پر لینا کے مشہور ومعروف غار ہیں جنمیں جین اور وشنو قوم کی صناعی کے اعلیٰ نمونے پائے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ یہ غار پانچویں اور چھٹی صدی عیسوی کے درمیان تعمیر ہوے تھے، اس لحاظ سے ان کی قدامت خاص کر قابل لحاظ ہے۔

تھیر | عثمان آباد سے ۱۲ میل پر شمال مغرب میں واقع ہے اور بدھ مذہب کے قدیم مندر اور خانقاہیں تاریخی حیثیت سے قابل دید ہیں۔

تلجا پور | عثمان آباد سے ۱۴ میل پر ہے اور تلجا بھوانی کے مندر کی وجہ سے مشہور ہے جہاں دور دور سے لوگ اس کے درشن کے لئے آتے ہیں۔ ہندوؤں میں یہ مندر بہت ہی تعظیم کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔

اوسہ۔ یہاں شاہان بیجاپور کا تعمیر کیا ہوا ایک مربع شکل کا قلعہ قابل دید ہے جسمیں کی ایک توپ ۱۸ فٹ کی لمبی ہے۔ ایک مسجد بھی اورنگ زیب کی صوبہ داری کے زمانہ کی یادگار ہے اور قابل دید ہے۔

نلدرگ | بہت پرانا تاریخی شہر ہے اور اس کے قلعہ نے اس سرزمین پر متعدد تاریخی تغیرات دیکھے ہیں۔ پانی محل یہاں کی ایک عجیب وغریب چیز ہے

جو دریا کے بیچ میں بنا ہوا ہے اور اسکے اوپر سے دریا کا پانی بہتا ہے۔ یہ محل تین سو برس کا پرانا بتایا جاتا ہے اور بغیر مرمت کے اسوقت تک قایم ہے۔

مدگل | ضلع رائچور میں واقع ہے جہاں بیجانگر کے راجہ اور فیروز شاہ بہمنی کے مابین معرکہ کارزار گرم ہوا تھا۔ اکثر تاریخی یادگاریں زمانہ قدیم کی آج بھی باقی ہیں۔

عالم پور | یہ مقام بھی ضلع رائچور میں بہت بڑی تاریخی اہمیت رکھتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ بن باس کے زمانہ میں رامچندر جی نے یہاں بھی چند روز قیام فرمایا تھا یہاں بکثرت قدیم مندر اور ایک قدیم قلعہ قابل دید ہیں اور تاریخی حیثیت سے بہت کچھ اہمیت رکھتے ہیں۔ اسلامی دور کی یادگار ایک شاندار پرانی مسجد بھی موجود ہے۔ تجارت کا بھی اچھا خاصا مرکز ہے اور عالم پور روڈ اسٹیشن سے تھوڑے فاصلہ پر آبادی واقع ہے۔

ستی | رائچور سے ۴۰ میل کے فاصلہ پر تعلقہ لنگسگور میں یہ مقام واقع ہے جو سونے کی کان کی وجہ سے مشہور ہے۔

گدوال | اور ونپرتی ضلع رائچور میں سمستان کی جاگیر کے علاقے ہیں اور دونوں جگہ بعض قدیم تاریخی آثار پائے جاتے ہیں۔

صوبہ اورنگ آباد

اورنگ آباد۔ | یہ شہر ہندوستان کے اہم تاریخی شہروں میں شمار ہوتا ہے سنہ ۱۶۱۰ء میں ملک عنبر نے قدیم قصبہ کھڑکی کی بنیاد پر آباد کیا تھا۔ ملک عنبر کی وفات کے بعد ان کے صاحبزادے فتح خاں نے اسکا نام فتح آباد رکھا، لیکن جب اورنگزیب

نے اسے اپنی صوبہ داری دکن کے زمانہ میں اپنا مستقر بنایا تو اسکا نام اورنگ آباد رکھدیا جو آجتک مشہور ہے۔ اُس زمانہ کی اکثر تاریخی یادگاریں آج بھی موجود ہیں۔ یہاں کی ایک عجیب و غریب چیز ملک عنبر کے زمانہ کا آبرسانی کا انتظام ہے جو بلا کسی انجن یا مشین کے اتنے دن گذرنے کے بعد آج بھی کام دے رہا ہے اور شہر کے باشندوں کو صحت بخش اور تازہ چشمے کا پانی گچ کے بنے ہوئے نلوں کے ذریعہ سے پہونچاتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اسی طرح کے نل جالنہ میں بھی زمین کے نیچے پائے گئے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ملک عنبر کا ارادہ اسی سلسلہ آب رسانی کو وہانتک وسعت دینے کا تھا جو غالباً پورا نہیں ہو سکا۔ اورنگ آباد کی قابل دید تاریخی عمارتیں اورنگ زیب کا محل، آصف جاہ اوّل کا نوکھنڈے کا محل اور رابعہ دورانی کا مقبرہ ہے جو بالکل تاج محل کے نمونہ پر تیار کیا گیا تھا۔ لیکن یہ مماثلت محض طرز عمارت اور باہری شکل تک محدود ہے۔ سنگ مرمر اور منبت کاری تاج محل کی اس مقبرہ سے کوئی نسبت نہیں رکھتی۔ یہ سلطنت آصفیہ کے ایک سرسبز و زرخیز صوبہ کا صدر مقام ہے اور بہت بڑی تجارتی منڈی ہے جہاں بعض بڑے بڑے تجارتی اور حرفتی کارخانے ہیں۔ اورنگ آباد کے غار بھی قابل دید ہیں گو ایلورہ اور اجنٹہ نے انکی شہرت کو ماند کر دیا ہے۔

جلنٹہ جلنٹہ کے مشہور و معروف غار سرسالار جنگ کے جاگیری علاقہ میں واقع ہیں لیکن ان کی مرمت و حفاظت سرکار عالیہ کے محکمہ آثار قدیمہ کے سپرد ہے۔ یہ اورنگ آباد سے ۵۸ میل کے فاصلہ پر مملکت حیدرآباد کی آخری سرحد کے قریب واقع ہیں اور حال ہی میں ایک بہت ہی عمدہ پختہ سڑک اورنگ آباد سے

اجنٹہ تک سرکار عالی نے بصرف کثیر تعمیر کرائی ہے جسکی وجہ سے اورنگ آباد سے یہ سفر بہت آسان ہوگیا ہے اور اورنگ آباد سے اجنٹہ جانے کے لئے ہر قسم کی سواریاں بھی بآسانی کرایہ پر ملتی ہیں۔ اجنٹہ کے غار ایک عجوبہ روزگار تاریخی یادگار سمجھے جاتے ہیں اور ان کے بے مثل نقش و نگار اور رنگ و روغن جو ڈیڑھ ہزار سال کے بعد آج بھی بدستور ہیں، ماہرین آثار قدیمہ کو حیرت میں ڈالتے ہیں۔ اور ان کے فوٹو انگلستان اور دیگر ممالک متمدنہ کے عجائب خانوں میں نصب ہیں۔ علمائے آثار کا خیال ہے کہ ان کی تعمیر دوسو اور چارسو سنہ عیسوی کے درمیان ہوئی ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ایسی صناعی اور تعمیری خوبی کا نمونہ ہندوستان بھر کی کسی تاریخی عمارت میں دستیاب نہیں ہوسکتا۔ اجنٹہ سے چار میل کے فاصلہ پر موضع فرداپور میں مسافروں کے لئے ڈاک بنگلہ اور سرکاری مہمان خانہ موجود ہے جس میں قیام کی اجازت ناظم صاحب آثار قدیمہ سے حاصل کیجاسکتی ہے۔ فرداپور میں اجنٹہ جانے کے لئے تانگوں کا انتظام بھی بآسانی ہو جاتا ہے۔ محکمۂ آثار قدیمہ کی طرف سے غارہائے اجنٹہ کے تفصیلی حالات اور فوٹو اور فوٹو کارڈ شائع کئے گئے ہیں جو شائقین کو ناظم صاحب سے بقیمت مل سکتے ہیں۔

پٹن یہ مملکت دکن کا قدیم ترین شہر ہے جو اورنگ آباد سے ۲۸ میل کے فاصلہ پر دریائے گوداوری کے کنارے واقع ہے اور اورنگ آباد سے ایک پختہ سڑک یہاں تک آئی ہے۔ ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ پٹن کو برہما نے آباد کرکے اپنی قیامگاہ کے لئے پسند کیا تھا۔ دوسری صدی عیسوی میں یہ اندھرا خاندان کے راجاؤں کا کچھ دنوں تک دارالسلطنت بھی رہا ہے۔ چودھویں صدی عیسوی میں

یہاں ایک کرشنی فرقہ منبھاؤ کی بنیاد پڑی تھی۔ پٹن کی قدیم عمارات زیادہ تر شکستہ حالت میں ہیں پھر بھی آبادی میں بعض قابل دید قدیم مندر موجود ہیں جنمیں لکڑی کے نقش و نگار قدیم صناعی کا عمدہ نمونہ ہیں۔ یہیں دریائے گوداوری کے کنارے ناگ گھاٹ ہے جو اس دریا پر سب سے بڑا گھاٹ سمجھا جاتا ہے اور ہزارہا آدمی مختلف اقطاع ہند سے یہاں اشنان کرنے آتے ہیں۔ گھاٹ کے پاس ہی دو مندر ہیں جنمیں سے ایک گنپتی کے نام سے موسوم ہے۔

نظام شاہی سلاطین احمدنگر کے زمانہ میں پٹن کے باریک ریشمی کپڑے دور دور مشہور تھے اور یہ شہرت اس شہر کی آجتک قایم ہے۔ اور یہاں کا ریشمی اور سوتی کپڑا دور دور جاتا ہے اور پسند کیا جاتا ہے۔

دولت آباد زمانہ قدیم میں یہ شہر دیوگیری کے نام سے مشہور تھا اور یادو خاندان کے راجاؤں کا دارالسلطنت تھا۔ ۱۲۹۴ء میں علاءالدین خلجی نے اسے فتح کر کے دولت آباد کے نام سے موسوم کیا اور ۱۳۳۹ء میں محمد تغلق نے اسے سلطنت ہندوستان کا دارالسلطنت بنایا۔ لیکن زیادہ دنوں تک قایم نہ رہا اور جو لوگ دہلی سے لاکر یہاں آباد کئے گئے تھے اُنھیں سترہ سال بعد دہلی واپس جانے کی اجازت دیدی گئی۔ ۱۳۴۷ء میں علاءالدین حسن گنگوہ بہمنی اسی مقام پر تخت نشین کیا گیا تھا اور یہیں سے سلطنت بہمنی کی بنیاد پڑی جسکا دارالسلطنت گلبرگہ میں قایم ہوا۔ ۱۶۳۲ء میں شاہجہاں کے دور حکومت میں اسپر سلطنت دہلی کا قبضہ ہو گیا اور بعد کو اورنگزیب نے شاہان بیجاپور و گولکنڈہ کو گرفتار کر کے یہیں مقید کیا۔ اسطرح دولت آباد کو ہندوستان کی تاریخ میں بہت بڑی اہمیت حاصل ہے، اور یہاں کا قلعہ زمانہ قدیم

کے فوجی دفاع کے عجیب وغریب طریقوں کا بہترین نمونہ پیش کرتا ہے۔ اس قلعہ میں بہت سی چیزیں دیکھنے والی ہیں خصوصاً چاند مینار جو قلعہ کی فتح کی یادگار میں تعمیر ہوا شاہان دہلی کے طرز تعمیر کا ایک عمدہ نمونہ ہے۔ قلعہ میں وہ بارہ دری جس میں ابو الحسن تانا شاہ آخری قطب شاہی تاجدار گولکنڈہ مقید کئے گئے تھے، اور بعض فیل پیکر توپیں اور زمانہ قدیم کے اسلحہ آتشیں تاریخی حیثیت سے قابل دید ہیں۔ قلعہ کے اندر جانے کی اجازت تعلقہ دار صاحب اورنگ آباد سے حاصل ہوسکتی ہے، اور روانگی سے پیشتر اسکا انتظام کرلینا چاہیے۔ دولت آباد سے ایک پختہ سڑک خلدآباد ہوتی ہوئی ایلورہ کو جاتی ہے، اور دولت آباد کے اسٹیشن پر ان تمام مقامات کو دیکھنے کے لئے ہر قسم کی سواریاں کرایہ پر ملتی ہیں۔ قاضی پورہ جو دیسی کاغذسازی کی حرفت کے لئے مشہور ہے دولت آباد سے تین میل کے فاصلہ پر ہے اور خلدآباد یہاں سے سات میل ہے۔

روضہ خلدآباد؛ تاریخی یادگار اور مذہبی احترام کے لحاظ سے مملکت حیدرآباد کا کوئی اور شہر روضہ خلدآباد کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ اس شہر کے متعلق عام روایت یہ ہے کہ یہاں کی سرزمین پر آدمی جو قدم رکھتا ہے وہ کسی بزرگ کے مزار سے مس کرتا ہے۔ چنانچہ جتنی نمایاں مسلمان تاریخی ہستیاں اور جلیل القدر بزرگان دین اس جگہ مدفون ہیں اتنے کسی دوسری جگہ یکجا نہ ملیں گے۔ شاہان ذی اقتدار میں شاہنشاہ اورنگ زیب کا مزار یہیں واقع ہے جو پہلے بالکل سادہ تھا لیکن اب اعلیٰ حضرت سرکار نظام نے اسپر ایک خوبصورت سنگ مرمر کی مہری بنوادی ہے۔ حضرت آصف جاہ نظام اوّل اور اُن کے صاحبزادے

ناصر جنگ بھی یہیں مدفون ہیں۔ سلطان ابوالحسن تاناشاہ آخری تاجدار قطب شاہی اور ملک عنبر وزیر باتدبیر شاہان بہمنی کے مزارات بھی اسی بستی میں ہیں اور خاص تاریخی اہمیت رکھتے ہیں۔ ان کے علاوہ ان اکابر کے متعلقین اور اہل وعیال کے مقابر بھی بکثرت موجود ہیں، جنکی زیارت زمانہ کی نیرنگیوں کی یاد تازہ کرتی ہے۔ بزرگان دین میں سب سے زیادہ اہم حضرت سید برہان الدین رح کا مقبرہ ہے جنکا انتقال ؁۱۳۴۴ء میں ہوا تھا اور آجتک ان کا مزار مرجع خلائق اور فیوض روحانی کا منبع بنا ہوا ہے۔ اسکے قریب ہی حضرت سلطان زری زربخش کا مزار ہے جنکے دروازہ پر سنگ مرمر کے فرش سے چاندی اُگتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ پہلے یہ نقرئی پودے بڑھ بڑھکر چار چار انگل لے ہو جاتے تھے اور روضہ کے متوسلین انکی چاندی کاٹ کر اپنی بسر اوقات کرتے تھے لیکن جب سے اعلیٰحضرت سرکار نظام نے مجاورین کو جاگیریں عطا فرمادی ہیں اُسوقت سے ان کو چاندی کاٹنے کی ممانعت کردی گئی ہے اور اُسی وقت سے اب انکی باڑھ بھی کم ہوگئی ہے تاہم زائرین اس عجوبہ روزگار خرق عادت کا آج بھی معائنہ کرسکتے ہیں اور فرش مزار پر مختلف مدارج میں چاندی کے پودے اُگتے ہوئے دیکھ سکتے ہیں اسی مزار پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک بھی رکھے ہوئے ہیں جو کہا جاتا ہے کہ ہر سال بڑھتے رہتے ہیں۔ ان کے علاوہ اور بھی بزرگان دین کے مزار ہیں جنکے سالانہ عرس ہوتے ہیں۔ اور ان کی تفصیل کتابوں میں ملسکتی ہے۔ خلدآباد صرف خاص کے علاقہ میں واقع ہے، اور تاجداران دکن کو اس سرزمین سے ہمیشہ خاص اُنس رہا ہے، چنانچہ موجودہ اعلیٰحضرت

کی طرف سے بکثرت جاگیریں یہاں کے مختلف مزارات کے متوسلین کو ملی ہوئی ہیں۔ یہ شہر ایک پہاڑی پر واقع ہے اور آب و ہوا کے لحاظ سے بھی بہت ہی خوشگوار ہے۔

ایلورہ روضہ خلد آباد کی پہاڑی کے نیچے جاکر وہ عجوبہ روزگار یادگاریں دیکھنے میں آتی ہیں جو غار ہائے ایلورہ کے نام سے مشہور ہیں اور جنکو دیکھنے کے لئے دور دور سے شایقین اور ماہرین آثار قدیمہ آتے رہتے ہیں۔ یہ غار جو تعداد میں ۳۴ ہیں اور پانچویں صدی عیسوی سے لیکر دسویں صدی عیسوی تک تعمیر ہوئے تھے بودھ اور جین اور برہمن مذہب کی کاریگری کے بہترین نمونے خیال کئے جاتے ہیں۔ یہ تمام مندر اور ان کے بت وغیرہ سب اسی پہاڑی کے پتھر سے بنائے گئے ہیں اور انپر کندہ کاری کا کام آج بھی صنعت وحرفت کی اس ترقی کے باوجود نگاہوں کو خیرہ کرنے والا ہے۔ سب سے زیادہ نمایاں غار کیلاش کا مندر ہے جو برہمن مذہب کی طرز تعمیر اور صناعی کا نادر ترین نمونہ ہے۔ مسافروں کے لئے سفر اور قیام کی ہر طرح کی سہولتیں اعلیٰحضرت سرکار نظام کی طرف سے فراہم کردی گئی ہیں، اور ان غاروں کے تفصیلی حالات اور تصاویر محکمہ آثار قدیمہ سرکار عالیہ کی طرف سے نہایت خوبصورت کتابوں کی شکل میں شائع کردئے گئے ہیں جو ناظم صاحب محکمہ آثار قدیمہ حیدرآباد سے بقیمت ملسکتے ہیں۔ ان کی تصویروں کے پوسٹ کارڈ بھی محکمہ مذکور کی طرف سے شائع ہوئے ہیں، جو نہایت ہی قلیل قیمت پر شایقین کو ان عجوبہ روزگار غاروں کی تفصیل سے آشنا کردیں گے۔ ان تاریخی یادگاروں کے

قیام وتحفظ میں سرکار عالیہ کا محکمہ آثار قدیمہ جسقدر سرگرمی کا اظہار کر رہا ہے وہ ہندوستانی قوم اور تاریخ قدیم پر ایک احسان عظیم ہے، اور دنیا کی کسی دوسری مملکت میں ایک غیر قوم کی یادگار پر اسکی نصف کوشش بھی نہیں صرف کیجاتی اور نہ اس دریادلی سے خرچ کیا جاتا ہے جتنا سرکار نظام کی طرف سے ہوتا ہے۔

جالنہ یہ بہت ہی قدیم تاریخی شہر ہے جو رامچندرجی کے ساتھ شادی سے پہلے سیتاجی کا وطن تھا اور جنک پور کے نام سے مشہور تھا۔ چنانچہ اُس زمانہ کی یادگاریں آج بھی موجود ہیں۔ اسلامی تاریخ میں اسے یہ امتیاز حاصل ہے کہ حضرت محمد ابراہیم کا جو اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں سے تھے اور سب سے پہلے جو مسلمان عرب ہندوستان آئے تھے اُن کے ہمراہ آپ بھی تشریف لائے تھے، یہیں مزار ہے۔ کہا جاتا ہے کہ حضرت موصوف کا قد بہت لانبا تھا اور آپ نو فٹ بلند تھے۔ آئین اکبری کے نامور مُصنّف اور دربار اکبری کے نورتن کے ایک رکن ابوالفضل نے بھی کچھ دنوں دربار سے معتوب ہوکر یہیں اقامت اختیار کی تھی۔ بعد کو مشہور ومعروف مدبر واہل جیش خان خانان نے اپنے زمانہ صوبہ داری احمد نگر میں اسی مقام کو اپنا مستقر بنایا تھا اور اورنگ زیب نے بھی اپنی صوبہ داری دکن کے زمانہ میں اسی شہر کو صدر مقام بنایا تھا۔ نظام الملک آصف جاہ اوّل کو بھی یہ مقام بہت پسند تھا اور اکثر یہاں قیام فرماتے تھے چنانچہ آپ کے زمانہ کا قلعہ آج بھی موجود ہے۔ جالنہ کی جامع مسجد بھی قابل دید ہے جو ملک عنبر کے زمانہ میں جالنہ کے صوبہ دار جمشید خاں نے تعمیر کی تھی۔ اور اسکی باولی فن تعمیر کے لحاظ سے ایک عجیب چیز سمجھی جاتی ہے۔ مرہٹوں کے عروج کے زمانہ میں یہ مقام بہت سی لڑائیوں کا میدان رہا ہے۔ اور یہاں سے

۱۴ میل کے فاصلہ پر دیول گاؤں میں بالاجی کے مندر پر آج بھی ہرسال جاترا ہوتی ہے جسمیں ہزاروں کا مجمع ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قرب وجوار میں اور بھی بہت سے قدیم اور مشہور مندر ہیں جنمیں ہرسال جاترا ہوتی ہے اور بڑا میلہ لگتا ہے۔

ناندیڑ یہاں کا سکھ گُردوارہ مشہور ہے جو ریلوے اسٹیشن سے ایک میل کے فاصلہ پر واقع ہے اور اسی میں سکھوں کے مشہور گروگوبند سنگھ کا مزار ہے۔ یہ گُردوارہ بہت خوبصورت بنا ہوا ہے اور بیش قیمت آرائش سے مزین ہے۔ اس کے متعلق ایک بڑی جاگیر ہے اور سکھ مذہب کے مقلد چندہ اور چڑھاوے سے بھی بہت سی رقم فراہم کردیتے ہیں، چنانچہ حال ہی میں اس گروداره میں برقی روشنی کا بھی گردوارہ کی آمدنی سے انتظام کیا گیا ہے۔ یہ گردوارہ سکھوں میں بہت احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے اور سارے ہندوستان سے سکھ اسکی جاترا کے لئے آتے ہیں۔ زمانہ قدیم سے یہ مقام باریک سوتی کپڑوں کے لئے مشہور ہے اور حال ہی میں ایک بہت بڑا کارخانۂ عثمان شاہی ملز کے نام سے کپڑا بننے کے لئے یہاں جاری کیا گیا ہے۔

قندھار شریف یہ قدیم تاریخی شہر ہے جو تاجداران برید شاہی کا دارالسلطنت رہچکا ہے اور شاہان بہمنی کے زمانہ میں صوبہ دار کا صدر مقام تھا۔ یہاں کا قلعہ جو سطح سمندر سے ۱۴۲۳ فٹ کی بلندی پر واقع ہے خاص طور پر دیکھنے کے قابل ہے۔ سترھویں صدی عیسوی کے اوائل میں جب یہ خطۂ نظام شاہی سلاطین احمدنگر کے قبضہ میں تھا اسکی صوبہ داری ملک عنبر کو تفویض ہوئی جنکے ورثا آج بھی یہاں موجود ہیں۔ ملک عنبر نے قلعہ اور شہر کے استحکام و آرائش

میں غیر معمولی مستعدی اور ذہانت سے کام لیا اور یہاں کے تالاب اور چشمے وغیرہ قابل دید اور عجوبہ روزگار ہیں جنسے اُس زمانہ میں اس شہر کی اہمیت اور رونق کا پتہ چلتا ہے۔ حضرت حاجی سیاح کا عرس یہاں بڑی دھوم دھام سے ہوتا ہے۔

باسر | یہاں سے ایک میل کے فاصلہ پر دریائے گوداوری کے کنارے ہر سال بہت بڑی جاترا ہوتی ہے جسمیں ہزاروں آدمیوں کا مجمع ہوتا ہے۔ اسٹیشن کے قریب ہی دریائے گوداوری پر ریلوے کا ایک بہت بڑا پل ہے۔ باسر ہندوؤں کا بہت بڑا تیرتھ گاہ ہے اور دور دراز سے ہندو جاتری یہاں آتے رہتے ہیں۔

بلولی | دھرم آباد اسٹیشن سے دس میل کے فاصلہ پر یہ مقام واقع ہے جو اپنی خوبصورت اور عالیشان مسجد کی وجہ سے مشہور ہے۔ یہ مسجد شاہجہاں بادشاہ کے زمانہ میں یہاں کے صوبہ دار سرفراز خاں نے تعمیر کی تھی جنکا مقبرہ بھی اسی مسجد کے قریب ہے۔ تعمیری خوبیوں کے لحاظ سے مسجد اور مقبرہ دونوں قابل دید عمارات ہیں۔ اور ناظم صاحب آثار قدیمہ سرکار نظام نے انکا تفصیلی ذکر محکمہ آثار قدیمہ کی رپورٹ بابتہ ۱۹۱۶-۱۹۱۷ء میں کیا ہے۔

مالیگاوں | ضلع ناندیڑ میں ایک قدیم بستی ہے جہاں ہر سال ہندوؤں کی بہت بڑی جاترا ہوتی ہے اور ایک مہینہ تک جاری رہتی ہے۔ اس جاترا میں مویشی کی اور خاصکر گھوڑوں کی بہت بڑی تجارت ہوتی ہے۔

پربھنی | تاریخی اعتبار سے یہ مقام بھی بہت بڑی اہمیت رکھتا ہے جو اسلامی فتوحات سے پہلے راجہ دیوگیر (حال دولت آباد) کی سلطنت میں شامل تھا اور علاءالدین خلجی، محمد تغلق شاہ، نظام شاہی سلاطین احمد نگر اور شہنشاہان مغلیہ کے ہاتھوں میں

ہوتا ہوا اٹھارہویں صدی عیسوی میں مملکت آصفیہ میں شامل ہوا۔ یہاں اونده، جگناتھ اور پرولی کی جاترائیں جو ماہ مارچ میں ہوتی ہیں بہت مشہور ہیں اور دور دراز کے ہندو ہزاروں کی تعداد میں آکر شریک ہوتے ہیں۔ ۱۹۱۶ء میں یہاں سلطنت بجیانگر کے بہت سے سونے کے سکے سولہویں صدی عیسوی کے دستیاب ہوئے ہیں، جو تاریخی اعتبار سے بہت ہی اہم سمجھے جاتے ہیں۔

سیلو | یہ ایک اہم تجارتی مرکز ہے اور روئی دبانے اور اوٹنے کے بہت سے کارخانے یہاں قایم ہیں۔ سیلو اسٹیشن سے دو میل کے فاصلہ پر دسمبر کے مہینہ میں ہندوؤں کی ایک بہت بڑی جاترا ہوتی ہے اور یہاں سے پانچ میل کے فاصلہ پر موضع یالوہیں فروری کے مہینہ میں جاترا ہوتی ہے۔ ان دونوں جاتراؤں میں ہزاروں کی تعداد میں ہندو دور دور سے آکر شریک ہوتے ہیں۔

پرلوتر | یہ مقام جاگیری علاقہ میں واقع ہے اور بعض اہم اور قابل یادگار تاریخی عمارتوں کی وجہ سے مشہور ہے۔ خاصکر یہاں کی جامع مسجد اور اس کے پاس ایک مقبرہ دیکھنے کی چیزیں ہیں۔ ایک ہندو مندر نرسہا کے نام کا اور چند منارے ہندو راج کی قابل دید نشانیاں ہیں۔

بسمت نگر | یہاں پر شاہ حسین مستان اور ناصر شاہ ولی کی مسجدیں قابل دید ہیں اور ہر سال اکتوبر کے مہینہ میں بڑی دھوم دھام سے عرس ہوتا ہے جسمیں ہزارہا آدمی دور دور سے آکر شریک ہوتے ہیں۔

اونده | یہ مقام چونڈی اسٹیشن سے آٹھ نو میل کے فاصلہ پر واقع ہے اور ناگناتھ کا قدیم مندر قابل دید ہے جسکا خوشنما طرز عمارت اور عجوبہ روزگار نقش ونگار

دیکھنے والوں کو محو حیرت کر دیتے ہیں۔ سرکار نظام کا محکمہ آثار قدیمہ اس مندر پر خاص توجہ کرتا ہے اور اسکی اعلیٰ صناعی کا مفصل تذکرہ اسکی رپورٹوں میں کیا گیا ہے۔ ہندوستان کے بارہ لنگوں میں سے ایک لنگ اس مندر میں ہے اور شیوراتری کے موقع پر یہاں ایک بہت بڑا میلا لگتا ہے جسمیں دور دراز کے جاتری ہزارہا کی تعداد میں شریک ہوتے ہیں۔ یہاں سے تھوڑی دور پر چونڈی اسٹیشن کے قریب موضع ابہا واقع ہے جہاں کا قدیم اور مشہور مندر ہزارہا جاتریوں کو ہر سال کھینچ لاتا ہے۔

بولدہ یہاں وسط اپریل میں ہندوؤں کی بہت بڑی جاترا ہوتی ہے جو پوترا جاترا کے نام سے مشہور ہے اور ہزاروں جاتری دور دور سے اسمیں آتے ہیں۔ یہانسے اٹھارہ میل کے فاصلہ پر یلاگاؤں میں ٹوکارام بابا کا ایک بہت بڑا مندر ہے جسمیں ہر دوشنبہ کو جاتریوں کا مجمع ہوتا ہے۔

ہنگولی یہ پورنا ہنگولی ریلوے لائن کا آخری اسٹیشن ہے اور تاریخی حیثیت سے بہت بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ کسی زمانہ میں یہ ٹھگوں کا بہت بڑا مرکز تھا، اور بعد کو فوجی مرکز بنگیا۔ آجکل یہاں سب سے زیادہ قابل قدر چیز دہ فارم ہے جو سرکار نظام نے بیلوں اور گھوڑوں کی عمدہ نسل بڑھانے کے لئے قایم کیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اسکا انتظام ہندوستان کے تمام گھڑسالوں سے بہتر ہے اور اسمیں بعض نہایت ہی بیش قیمت گھوڑے اور بیل موجود ہیں۔ اسکا اعلیٰ انتظام سرکار نظام کے حُسن تدبیر کا بہترین ثبوت ہے۔

گنگاکھیڑ یہ پربھنی پرلی ریلوے لائن پر جاگیری علاقہ میں واقع ہے۔ اور یہاں کا

کرشن مندر قابل دید ہے جسمیں کندہ کاری کا کام نہایت ہی خوبی اور صناعی سے کیا گیا ہے۔ اسکے قریب ہی شمال کی جانب دریاے گوداوری بہتا ہے جو ہندوؤں کے نزدیک بہت ہی مقدس ہے۔ راجہ کے محل سے دریاے مذکور کے ساحل پر اکثر مندر اور دیول نظر آتے ہیں اور خود اس محل کی عمارت خاص کر لکڑی کے کام پر کندہ کاری قابل دید ہے۔

بیجناتھ پرلی اسٹیشن کے مغرب میں ایک پہاڑی پر یہ قدیم اور مشہور و معروف مندر واقع ہے جو ہزارہا ہندو جاتریوں کا آماجگاہ رہتا ہے۔ جن بارہ لنگوں کا اونده کے مندر کے سلسلہ میں ذکر کیا گیا ہے انمیں سے ایک اس مندر میں بھی ہے۔ مندر کی عمارت اور نقش و نگار اور گرد و پیش کے دیول قدیم صناعی کی بہترین یادگاریں ہیں۔ اور مندر کے پجاری ہر مذہب کے شایقین کو اندر تک لیجا کر اسکی صناعیاں دکھاتے ہیں۔ اس کے صحن میں ایک دیپدان ہے جسمیں تہواروں کے موقعوں پر سو سے اوپر چراغ روشن کیۓ جاتے ہیں۔

مومن آباد یہ قدیم آبادی پرلی اسٹیشن سے ۱۴ میل کے فاصلہ پر جنوب میں واقع ہے اور بہت بڑی تاریخی اہمیت رکھتی ہے۔ یہ دریاے جیونتی کے دونوں کناروں پر آباد ہے۔ پہلے اسکا نام امبا جوگئی تھا اور جوگئی کا مندر آج بھی موجود ہے جسکا درمیانی ہال ۹۰ فٹ لمبا اور ۵۴ فٹ چوڑا ہے اور پہاڑی کو کاٹ کر بنایا گیا ہے۔ اسی کے آس پاس اور بھی بہت سے غار ہیں جنمیں پہاڑی کو کاٹ کر جین اور برہمن مذہب کے مندر بناۓ گئے ہیں۔ صحن کے وسط میں ایک ہاتھی کا مجسمہ ہے جو سنگتراشی کی صنعت کا بہت عمدہ نمونہ خیال کیا جاتا ہے۔ پرانے شہر کی فصیل میں ایک جگہ تیرھویں صدی عیسوی کا

بنا ہوا ایک مندر ہے جو ۱۸۶۶ء میں دریافت ہوا تھا۔ اسمیں ایک کتبہ دیوگیر کے یادو خاندان کے تیسرے فرمانروا کے زمانہ کا ہے جس نے ۱۲۴۶ء تک حکومت کی تھی۔ مومن آباد سے تھوڑے فاصلہ پر مغرب کی جانب موضع چیچاول واقع ہے جہاں دو مندر ۱۲۰۰ء سے پہلے کے بنے ہوئے بتائے جاتے ہیں۔

تلواڑہ یہ مقام دریائے گوداوری کے کنارے ضلع بیڑ میں واقع ہے اور ہر سال بہت بڑی جاترا یہاں ہوتی ہے جو تل دھونی کی جاترا مشہور ہے اور مہینہ بھر تک رہتی ہے۔

صوبہ میدک

وقار آباد یہ مقام سطح سمندر سے ۲۰۵۰ فٹ کی بلندی پر واقع ہے اور آب و ہوا کے لحاظ سے نہایت ہی خوشگوار صحت بخش اور پر لطف ہے، موسم گرما میں حیدرآباد کے اکثر امرا یہیں آکر قیام کرتے ہیں۔ یہاں سے تین میل کے فاصلہ پر شمال مغرب کی جانب اننت گیر کی پہاڑی ہے جسکی چوٹی پر ایک مندر میں شیوجی کا بت ہے جو کہا جاتا ہے کہ پانچ ہزار برس پیشتر اننت سوامی کی پرستش کیلئے آسمان سے اُترا تھا۔ یہاں سال میں دو مرتبہ جولائی اور نومبر میں بہت بڑی جاترا ہوتی ہے جسمیں دور دراز سے ہندو آکر شریک ہوتے ہیں۔ پہاڑی کے دامن میں چند خوبصورت تالاب ہیں جنمیں مندر جانے سے پہلے جاتری اشنان کرتے ہیں۔ وقار آباد جاگیری علاقہ میں واقع ہے اور نواب وقار الامرا کے نام سے موسوم ہے۔ یہاں سے محمد آباد بیدر تک ایک جدید ریلوے لائین نکالی گئی ہے۔

گولاگوڑہ | یہاں سے دو میل کے فاصلہ پر بہت سے خوبصورت قدیم مندر ہیں جنمیں سے اکثر اب بھی زیر استعمال ہیں۔ ایک مندر میں بدھ جی کا ایک نہایت ہی خوبصورت مجسمہ ہے جسکی تراش خراش اُس دور کی صناعی کا بہترین نمونہ ہے۔ گولاگوڑہ کی آبادی کے اندر بھی بکثرت شکستہ آثار قدیمہ پائے جاتے ہیں، جنکی نگرانی اور حفاظت پر کافی توجہ نہیں ہے۔

چاٹنکور | شنکرپلی اسٹیشن سے ۲۳ میل کے فاصلہ پر یہ مقام واقع ہے جہاں ایک نہایت ہی خوبصورت قدیم مندر ہے جو بلا گارے اور چونے کے تعمیر کیا گیا تھا۔ اور اس کے نقش و نگار قابل دید ہیں۔

لنگم پلی | یہ کسی زمانہ میں لنگایت فرقہ کا مرکز تھا اور اس کے قرب وجوار میں بکثرت زمین دوز مندر واقع ہیں۔ ایک قابل دید زمانہ قدیم کی یادگار ایک سنگی ستون ہے جپر ایک پھول کے گرد بارہ بروج منقش کئے گئے ہیں۔ لنگم پلی کا پتھر عمارتی کاموں کے لئے بہت عمدہ سمجھا جاتا ہے اور بمبئی کا بندرگاہ یہیں کے پتھر سے تعمیر کیا گیا تھا۔

پٹن چرو | لنگم پلی سے پانچ میل کے فاصلہ پر حیدرآباد سے بیدر جانیوالی سڑک پر یہ مقام واقع ہے جو کسی زمانہ میں جین مذہب کی پرستش کا بہت بڑا مرکز تھا۔ چنانچہ اُس زمانہ کی قابل دید یادگاریں آج بھی پائی جاتی ہیں خصوصاً جین مذہب کے پیشوا مہابیر کے بڑے بڑے مجسمے بکثرت یہاں ملتے ہیں۔ ہندو مذہب کے پیشواؤں خاصکر وشنو کے پجاریوں نے جین مذہب والوں پر سخت مظالم توڑے ہیں اور ان کے اکثر مندر یا تو توڑ ڈالے ہیں اور یا اپنے استعمال میں

کر لئے ہیں۔ چنانچہ اس دور استبداد میں بہت سی جینی یادگاریں فنا ہوگئیں، اور باقی تبدیل شدہ شکل میں اہل ہنود کے زیر استعمال رہیں۔ پٹن چرو کے قرب و جوار میں اور حیدرآباد شہر سے لنگم پلی تک بعض عجیب و غریب شکل کی پہاڑیاں نظر آتی ہیں جنکے متعلق کہا جاتا ہے کہ ہنومان جی کی فوج جب رامچندر جی کے ساتھ سیتا جی کو چھڑانے گئی ہے تو شمالی ہند سے پہاڑوں کے ٹکڑے لیجا کر ہندوستان اور لنکا کے درمیان کا سمندر پاٹا ہے۔ چنانچہ انہی میں سے کچھ ٹکڑے اس سرزمین پر گر پڑے جو آج اس شکل میں نظر آتے ہیں۔

بھونگیر یہ مقام ایک پہاڑی کے دامن میں واقع ہے اور نمایاں تاریخی حیثیت رکھتا ہے، پہاڑی پر جو پرانا قلعہ بنا ہوا ہے اُسکا محل قابل دید ہے اور بہت سے انقلابات زمانہ دیکھ چکا ہے۔ پہلے یہ مقام ورنگل کی ہندو سلطنت کا سرحدی قلعہ تھا اور بعد کو شاہان بہمنی و احمد نگر کے ہاتھوں ہوتا ہوا سرکار نظام کے قبضہ میں آیا۔ یہاں کچھ دنوں تک ایک شخص مسمی پاپ رائے کا دور دورہ تھا جس کی تاخت و تاراج سے قرب و جوار کے لوگ عاجز تھے۔ بالآخر یہ شخص گرفتار کر کے سرکار نظام کے دربار میں حاضر کیا گیا اور اپنی سزا کو پہونچا۔ بھونگیر کے قریب موضع نملوکلوا میں ایک قدیم بند سے بہت بڑی نہر نکالی گئی ہے جو آصف نہر کے نام سے مشہور ہے۔

رائگیر یہاں ریلوے اسٹیشن کے قریب ہی بکثرت تاریخی آثار پائے گئے ہیں جو شایقین علم آثار کے نزدیک بہت ہی بیش قیمت ہیں۔

آلیر یہاں ایک خوبصورت مندر ہے جو رام سوامی کے نام سے موسوم ہے اور

بہت اچھی حالت میں ہے۔ دور دور سے لوگ اسے دیکھنے آتے ہیں۔

جڈکل آلیر اسٹیشن سے آٹھ میل کے فاصلہ پر یہ مقام واقع ہے جہاں ہر سال راجچندر جی کی جاترا ہوتی ہے اور آٹھ دس دن تک رہتی ہے۔ یہیں سے ایک میل کے فاصلہ پر لاڑی بنڈہ کی پہاڑی ہے جو ہندو مذہب میں بہت ہی احترام کی نظر سے دیکھی جاتی ہے۔

کلپاک یہ آلیر سے چار میل کے فاصلہ پر شمال مشرق کی جانب ایک قصبہ ہے جہاں کے نادر آثار قدیمہ سے پتہ چلتا ہے کہ کسی زمانہ میں یہ بہت بڑا مذہبی اور سیاسی سرگرمیوں کا مرکز رہا ہوگا۔ کہا جاتا ہے کہ گیارہویں صدی عیسوی میں قدیم چلوک راجاؤں کے وقت میں یہ ایک بڑے صوبہ کا صدر مقام تھا جسکے متعلق سات ہزار گاؤں تھے۔

شاپور جنگاون اسٹیشن سے مشرق کی جانب دس میل کے فاصلہ پر یہ مقام ہے جو اپنے مستحکم اور عالیشان قلعہ کی وجہ سے مشہور ہے۔ اسکی فصیلیں اور استحکامات اور زمین دوز راستے قابل دید ہیں۔

ظفرگڈھ یہ مشہور و معروف قلعہ گھن پور اسٹیشن سے تھوڑے فاصلہ پر واقع ہے اور اٹھارہویں صدی عیسوی میں ظفرالدولہ نے اسے تعمیر کیا تھا۔ قلعہ ایک پہاڑی پر بنایا گیا ہے اور اسکا محل اور دیگر متعلقہ عمارات قابل دید ہیں۔ یہیں نرسنگ جی کا مشہور و معروف مندر ہے جس سے ایک تنگ اور گہرا راستہ نرسنگ جی کے تالاب کو گیا ہے۔ یہ راستہ دیکھنے میں بہت ہی مخدوش معلوم ہوتا ہے لیکن آجتک اسپر کوئی حادثہ پیش نہیں آیا۔ ہندوؤں کا

عقیدہ ہے کہ مندر میں جو بُت رکھا ہے وہ اس راستہ پر چلنے والوں کی حفاظت کرتا ہے۔

نظام ساگر یہ مقام اُس عظیم الشان تالاب کی وجہ سے مشہور ہے جو سرکار نظام نے ساڑھے تین کروڑ روپیہ کی لاگت سے تیار کیا ہے اور یہاں سے آب پاشی کی بڑی بڑی نہریں نکالی ہیں۔ یہ مقام اسٹیشن اکنا پیٹ سے ۴۲ میل کے فاصلہ پر ہے اور اسٹیشن سے یہانتک باضابطہ موٹر سروس چلتی ہے۔ صُبح ساڑھے پانچ بجے اکنا پیٹھ سے موٹر چھوٹتی ہے اور دس بجے نظام ساگر پہونچ جاتی ہے۔ نظام ساگر کا تالاب انجینری کے فن کا ایک زبردست نمونہ ہے، اور ایک عالی ہمت بادشاہ کی یادگار کے طور پر یہ آیندہ نسلوں میں خاص احترام و امتنان کی نظر سے دیکھا جائے گا۔

ڈیچ پلی یہاں جذامیوں کے علاج کا ایک بہت بڑا شفاخانہ قایم ہے جسمیں سرکار نظام کی امداد سے عیسائی مشن نوع انسانی کی عظیم الشان خدمت انجام دے رہا ہے۔ اور اس موذی مرض کو ہندوستان سے نیست و نابود کرنے کی جو کوششیں اس سلسلہ میں کیجا رہی ہیں وہ بہت ہی قابل قدر ہیں جنکے لئے سارے ملک کو مملکت حیدرآباد کا احسان ماننا چاہیئے۔ دور حاضرہ کے اس کارنمایاں کے علاوہ ڈیچ پلی میں بعض نادر آثار قدیمہ بھی پائے جاتے ہیں جنمیں ایک مندر خاص طور پر نہایت ہی خوبصورت اور عالیشان ہے۔ جس کے نقش و نگار اور طرز تعمیر میں دراودی دور کی بہترین صناعی کا نمونہ پایا جاتا ہے۔ اس کے کارنسوں اور گوشوں اور ستونوں میں بعض فحش تصاویر

بھی منقش ہیں جو کہا جاتا ہے کہ اُس زمانہ کی عبادت میں شامل تھیں۔

نظام آباد یہ شہر بھی تاریخی اعتبار سے بہت ہی اہم ہے اور شیواجی مرہٹہ کے زمانہ میں بہت سی معرکہ آرائیوں کا مرکز رہچکا ہے۔ یہاں ایک بہت ہی خوبصورت قدیم مندر بھی ہے جو رام لچھمن اور سیتا کے نام سے معنون ہے۔ نظام آباد کا قدیم نام اندور تھا اور اس نام کا پرانا قلعہ آج بھی موجود ہے جس سے آجکل جیلخانہ کا کام لیا جاتا ہے۔

یلا ریڈی ضلع نظام آباد میں واقع ہے۔ یہاں دو قدیم ہندو مندر ہیں جنکی عمارت اور نقش و نگار قابل دید ہیں۔

پوچارم حیدر آباد سے نظام آباد جاتے ہوئے راستہ میں پوچارم کی جھیل بھی قابل دید ہے جسمیں دریا کے اندر کا محل چاندنی رات میں جنت روح و نظر ہے۔

جڑچرلہ ضلع محبوب نگر میں ایک مشہور مقام ہے جہاں سے سیدھی سڑک ناگر کرنول اور امر آباد کو جاتی ہے۔ امر آباد میں بہت گنجان جنگل ہیں جو شکار کے لئے دور دور مشہور ہیں۔ امر آباد اور دیورکدرہ اور ناگر کرنول میں کمبل مختلف قسم کے بہت عمدہ بنتے ہیں اور دور دور جاتے ہیں۔

محبوب نگر یہ ضلع کا صدر مقام اور بڑی تجارتی منڈی ہے اور اسٹیشن سے ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر ایک بہت ہی پرانا اور بڑا برگد کا درخت ہے جسکے تنے کا گھیر ۲۳ فٹ اور اونچائی ۶۰ فٹ اور پھیلاؤ ۱۱۲۵ فٹ ہے۔ اس عجیب و غریب درخت کو دیکھنے کے لئے دور دور سے لوگ آتے ہیں۔

سری رنگاپٹنم ونپرتی روڈ اسٹیشن سے ۲۴ میل کے فاصلہ پر یہ مقام ہے

جہاں ہر سال بہت بڑی جاترا ہوتی ہے جسمیں مواشی اور گھوڑے اور دیسی کمبل اور کپڑوں کی بہت بکری ہوتی ہے۔ یہ جاترا پندرہ روز تک رہتی ہے۔

پانگل | یہ ضلع محبوب نگر میں ایک مشہور مقام ہے جہاں ایک قدیم پہاڑی قلعہ جسکی سات فصیلیں ہیں قابل دید ہے۔ اسی قلعہ میں ایک چشمہ بھی ہے جسکا پانی ہمیشہ صاف رہتا ہے اور کبھی خشک نہیں ہوتا۔

لنگال | یہ بھی ضلع محبوب نگر میں ہے اور یہیں سرکار نظام کی طرف سے جرائم پیشہ اقوام کی ایک نو آبادی قایم ہے، جسکا حسن انتظام قابل دید ہے۔

منا نور | یہ ایک پہاڑی اور صحت بخش مقام ہے جہاں سیاسی قیدی نظر بند کئے جاتے ہیں۔ جنکی نگرانی و آسائش کا نہایت ہی معقول انتظام ہے۔

راج کنڈہ | یہاں ایک پرانا قلعہ جو شکستہ حالت میں ہے اور کئی مندر قابل دید ہیں۔ وشنو جی کا مندر اور بھیروں جی کا مندر خاصکر دیکھنے کے قابل ہیں۔ ایک پہاڑی بکھری پہاڑی کے نام سے یہاں مشہور ہے جو خاص دلکشی رکھتی ہے۔

ہز اگزالٹڈ ہائنس نظامس اسٹیٹ ریلوے

مملوکہ سرکار عالی

یہ طویل سلسلہ ریلوے جو چوڑی پٹڑی اور چھوٹی پٹری کی لائینوں پر مشتمل ہے پہلے نظامس گارنٹیڈ ریلوے کے نام سے موسوم تھا اور اسکا انتظام ایک انگریزی کمپنی کے ہاتھ میں تھا لیکن سنہ ۱۹۳۰ء میں اس کمپنی کے ٹھیکہ کی میعاد ختم ہونے پر سرکار نظام کی حکومت نے اسے وافر رقم دیکر خرید لیا ہے۔ اس خریداری کے تمام مراحل نواب سر حیدر نواز جنگ بہادر صدر المہام فینانس سرکار عالی کی کوششوں سے طے ہوے اور درحقیقت یہ نواب صاحب موصوف کا ایک عظیم الشان کارنامہ ہے جس سے آئندہ چلکر مملکت آصفیہ کو بہت بڑے منافع کی توقع ہے ۔ اور بحالت موجودہ بھی سرکار عالی کی طرف سے ریلوے کے انتظام میں بہت کچھ مفید اصلاحیں ہورہی ہیں، اور ایسی جدید شاخیں نکالی جارہی ہیں جنسے مملکت ہذا کی اقتصادی فلاح میں بہت کچھ ترقی ہوجائے گی۔

مین لائن (چوڑی پٹری)

اسوقت اس ریلوے کی بڑی پٹری کا ایک سلسلہ جی آئی پی ریلوے کے اسٹیشن واڑی سے شروع ہوکر وقار آباد، سکندرآباد قاضی پیٹھ اور ڈورنکل ہوتا

ہوا بیجواڑہ تک گیا ہے اور تقریباً چھ سو میل لمبا ہے۔ اس کے ایک سرے پر بیجواڑہ اسٹیشن سے ایم اینڈ ایس ایم ریلوے کی سیدھی لائن مدراس کو جاتی ہے۔ اور دوسرے سرے پر واڑی سے گلبرگہ ہوتی ہوئی بمبئی کو اور رائچور ہوتی ہوئی مدراس کو جی آئی پی ریلوے کی سیدھی لائن گئی ہے۔

اس لائن پر بڑے بڑے مقامات ملکھیڑ، تاندور، وقار آباد، گولا گوڑہ، حیدرآباد، بھونگیر، آلیر، قاضی پیٹھ، ورنگل، محبوب آباد، ڈورنکل، کھمم اور بوناکالو ہیں۔ بوناکالو سے مشہور مندر جگیا پیٹھ کو سڑک گئی ہے ان تمام مقامات کے حالات تشریحی حالات کے باب میں ملاحظہ ہوں۔

شاخیں (چوڑی پٹری)

چوڑی پٹری کی لائن سے تین شاخیں نکلی ہیں۔ ایک شاخ وقار آباد سے بیدر کو جاتی ہے اور سو میل سے اوپر لمبی ہے۔ آگے چلکر اس شاخ کو آگے بڑھاکر اودگیر ہوتے ہوئے چھوٹی پٹری کے اسٹیشن پرلی ویجناتھ سے ملادیا جائے گا۔ یہ اسٹیشن چھوٹی پٹری کی اُس شاخ کا آخری اسٹیشن ہے جو مین لائن کے اسٹیشن پربھنی سے نکلی ہے۔

دوسری شاخ قاضی پیٹھ سے پیڈاپلی اور آصف آباد روڈ ہوتی ہوئی بلھار شاہ کو گئی ہے اور تقریباً تین سو میل لمبی ہے۔ یہ شاخ ابھی حال میں نکالی گئی ہے اور اس سے ہندوستان کے شمالی اور جنوبی حصّہ کا سلسلہ اور قریب ہو گیا ہے چنانچہ دہلی آگرہ الہ آباد وغیرہ سے مدراس اور حیدرآباد کا فاصلہ اب بہ نسبت

پہلے کے بہت کم ہوگیا ہے اور دہلی سے مدراس کو جو سیدھی گاڑی جاتی ہے اور گرانڈ ٹرنک اکسپریس کہلاتی ہے اسکا تقریباً ایک چوتھائی راستہ اسی نئے راستہ کی وجہ سے نظامس اسٹیٹ ریلوے کی پٹری پر طے ہوتا ہے۔ اس لائن پر پیڈاپلی، مانچریال، آصف آباد روڈ سرپور اور مانک گڑھ مشہور مقامات ہیں جنکا حال تشریحی حالات کے باب میں درج ہے۔

تیسری شاخ ڈورنکل اسٹیشن سے کارے پلی ہوتی ہوئی بھدراچلم روڈ کو گئی ہے جہاں سے بھدرچلم کے مشہور ومعروف مندر تک خشکی کا راستہ گیا ہے۔ اس مندر کا حال "تشریحی حالات" کے باب میں پڑھئے۔ اسی شاخ سے ایک اور چھوٹی سی شاخ درشاخ کارے پلی سے سنگرینی کو گئی ہے جہاں ہندوستان کی سب سے بڑی کوئلہ کی کان ہے یہ شاخ اور شاخ درشاخ ملاکر کوئی سو میل لمبی ہوگی۔

چھوٹی پٹری (مین لائن)

چھوٹی پٹری کی لائن کا ایک سلسلہ جی آئی پی ریلوے کے جنکشن منماڑ سے شروع ہوکر اورنگ آباد جالنہ پربھنی ناندیڑ، نظام آباد، سکندرآباد، حیدرآباد، گدوال، کرنول ہوتا ہوا ایم اینڈ ایس ایم ریلوے کی چھوٹی پٹری کے اسٹیشن ڈرونا چلم سے ملگیا ہے اور ایک ہزار میل سے اوپر لمبا ہے۔ اس کے ایک سرے پر منماڑ سے بمبئی اور دہلی کو چوڑی پٹری کی جی آئی پی ریلوے کی سیدھی لائن گئی ہے اور دوسرے سرے پر ایم اینڈ ایس ایم ریلوے کی چھوٹی پٹری

کے اسٹیشن ڈرونا چلم سے ایک طرف گنتگل کو اور دوسری طرف گنٹور کو سیدھا رستہ ریل کا گیا ہے۔ گنتگل ایم اینڈ ایس ایم ریلوے کی بڑی پٹری کی اُس لائن پر واقع ہے جو بمبئی سے مدراس کو جاتی ہے اور جی آئی پی ریلوے سے ملحق ہے اور یہیں سے بنگلور و میسور کو چھوٹی پٹری کی لائن گئی ہے۔

یہ ریلوے لائن حیدر آباد کے بعض اہم ترین مقامات سے ہو کر گذرتی ہے تاہم خاص مقامات اسپر ایلورہ روڈ، دولت آباد، اورنگ آباد، جالنہ، پرتور، پربھنی، پورنہ، ناندیڑ، نظام آباد، ڈچ پلی، اکنا پیٹھ، سکندر آباد، حیدر آباد، جڑچرلہ، محبوب نگر اور گدوال ہیں۔ ایلورہ روڈ سے غار ہائے ایلورہ اور خلد آباد کو پختہ سڑک گئی ہے اور اورنگ آباد سے ایک پختہ سڑک غار ہائے ایجنٹہ کو اور دوسری پختہ سڑک دولت آباد ہوتی ہوئی خلد آباد اور ایلورہ کو گئی ہے۔ ان تمام مقامات کے حالات "تشریحی حالات" کے باب میں دیکھئے۔

شاخیں (چھوٹی پٹری)

چھوٹی پٹری کی ریل کے اس طویل سلسلہ سے صرف دو شاخیں نکلی ہیں۔ ایک شاخ پربھنی سے ہندوؤں کے مشہور و معروف تیرتھ گاہ پرلی بیجناتھ کو گئی ہے جسکا ذکر چوڑی پٹری کی شاخ وقار آباد بیدر کے سلسلہ میں کیا گیا ہے۔ دوسری شاخ پورنہ سے ہنگولی کو گئی ہے جہاں سے پختہ سڑکیں برار اور ممالک متوسط کے اکثر بڑے مقامات کو گئی ہیں۔

چھوٹی اور بڑی لائینیں سکندر آباد میں ایک دوسرے کو کاٹتی ہیں۔ بڑی لائن مغرب سے مشرق کو جاتی ہے اور چھوٹی لائن شمال سے جنوب کو۔

سوبربن ریلوے سروس

عمدہ نگر اور میڑچل کے مابین فلک نما، ڈبیر پورہ، ملک پیٹھ، حیدرآباد (کاچی گوڑہ سکندرآباد، لالہ گوڑہ، الوال بولارم وغیرہ کو ہوتی ہوئی چھوٹی پٹری کی ریلیں برابر آتی جاتی رہتی ہیں اور دفتر وغیرہ کے اوقات میں تیزی کے ساتھ ایک محلہ سے دوسرے محلہ تک مسافروں کو پہونچاتی ہیں۔

چوڑی پٹری کی ریلیں سکندرآباد اور حیدرآباد (نامپلی) کے مابین چلتی ہیں اور حسام گنج، جیمس اسٹریٹ، بیگم پیٹ، حسین ساگر، خیریت آباد کے اسٹیشنوں سے مقررہ وقت پر گذرتی ہیں۔ ان پر سفر کے لئے ماہوار سہ ماہی اور شش ماہی میعاد کے ٹکٹ بھی ملتے ہیں۔ جنکی شرح دوسری جگہ درج ہے۔

دوسری ریلیں

اسٹیٹ ریلوے کے علاوہ مملکت آصفیہ کے حدود میں تین سلسلے ریلوے لائنوں کے اور بھی ہیں جنمیں سے ایک بڑی پٹری کی ریل جی آئی پی ریلوے کی ہے جو بمبئی سے پونا ہوتی ہوئی آئی ہے اور دوسرے سلسلے یعنی ایم اینڈ ایس ایم ریلوے کی اُس لائن میں ملگئی ہے جو مدراس کو جاتی ہے۔ اسطرح پونہ سے مدراس تک کا سیدھا راستہ براہ جی آئی پی ریلوے و ایم ایس ایم ریلوے قریب

قریب ایک چوتھائی مملکت ہذا سے ہوکر گذرتا ہے۔ ایم اینڈ ایس ایم ریلوے کے اسٹیشن گنتکل سے چھوٹی پٹری کی ایک لائن بنگلور و میسور کو گئی ہے اور دوسری لائن نظامس اسٹیسٹ ریلوے کے آخری اسٹیشن ڈورناچلم سے ملی ہے۔ اس راستہ پر اہم مقامات گلبرگہ شریف، واڑی، یادگیر اور رائچور ہیں۔ یادگیر اور رائچور سے مدگال کے مشہور مقام تک سڑکیں گئی ہیں۔ ان تمام مقامات کا حال "تشریحی حالات" کے باب میں ملاحظہ ہو۔

تیسرا سلسلہ جو تنگ پٹری کا ہے بارسی لائٹ ریلوے کے نام سے مشہور ہے اور کردو واڑی سے بارسی ہوتا ہوا لاتور پر ختم ہوا ہے۔ کردو واڑی جی آئی پی ریلوے کی بمبئی مدراس لائن پر واقع ہے۔ اور سرحد مملکت آصفیہ سے چند میل کے فاصلہ پر احاطہ بمبئی میں ہے۔

کرایہ ریل

اندرون مملکت

سکندرآباد سے مقامات ذیل تک :-

فاصلہ میل سکندرآباد سے	نام مقام	کرایہ ایک طرف کا											
		درجہ اوّل			درجہ دوم			درجہ سوم میل یا اکسپریس			درجہ سوم معمولی		
		پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ
۱۶۵	آصف آباد روڈ	۰	۸	۱۶	۰	۴	۸	۰	۱۵	۲	۰	۱۲	۲
۳۱۵	اورنگ آباد	۰	۰	۳۰	۰	۰	۱۵	—	—	—	۰	۰	۵
۳۳۱	ایلورہ روڈ	۰	۸	۳۱	۰	۱۲	۱۵	—	—	—	۰	۴	۵
۲۸۴	بارسی	۰	۱۵	۳۰	۰	۱۱	۱۵	۳	۲	۶	۳	۱	۵
۲۲۷	بلھارشاہ	۰	۶	۲۱	۰	۱۱	۱۰	۰	۳	۴	۰	۹	۳
۷۴	بھدراچلم روڈ	۰	۵	۱۶	۰	۳	۸	۰	۳	۲	۰	۱۵	۱
۲۸	بھونگیر	۰	۱۲	۲	۰	۶	۱	۰	۸	۰	۰	۷	۰
۲۱۷	بیجواڑہ	۰	۷	۲۰	۰	۴	۱۰	۰	۰	۴	۰	۷	۳
۱۰۸	بیدر	۰	۲	۱۰	۰	۱	۵	۰	۱۳	۱	۰	۱۱	۱
۲۰۵	پربھنی	۰	۱۱	۱۹	۰	۱۴	۹	—	—	—	۰	۵	۳
۲۴۵	پرلی ویجناتھ	۰	۷	۲۳	۰	۱۲	۱۱	—	—	—	۰	۱۵	۳
۱۸۷	پورنہ	۰	۰	۱۸	۰	۰	۹	—	—	—	۰	۰	۳

فاصلہ کا میل سکندرآباد سے	نام مقام	کرایہ ایک طرف کا											
		درجہ اوّل			درجہ دوم			درجہ سوم میل اکسپرس سے			درجہ سوم معمولی		
		پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ
۱۲۸	پیڈاپلی	۰	۲	۱۲	۰	۱	۶	۰	۶	۲	۰	۰	۲
۷۷	تاندور	۰	۴	۷	۰	۱۰	۳	۰	۶	۱	۰	۳	۱
۲۷۶	جالنہ	۰	۶	۲۶	۰	۳	۱۳				۰	۶	۴
۶۰	جڑچرلہ	۰	۱۰	۵	۰	۱۳	۲				۰	۱۵	۰
۵	حیدرآباد	۰	۹	۰	۰	۵	۰	۹	۱	۰	۶	۱	۰
۳۲۳	دولت آباد	۰	۱۲	۳۰	۰	۶	۱۵				۰	۲	۵
۹۲	ڈچ پلی	۰	۲	۹	۰	۹	۴				۰	۸	۱
۱۴۰	ڈورنگل	۰	۲	۱۳	۰	۹	۶	۰	۹		۰	۳	۱
۱۸۵	ڈورناچلم	۰	۶	۱۷	۰	۱۱	۸				۰	۱۴	۲
۱۸۲	رائچور	۰	۱۲	۲۱	۰	۱۴	۱۰	۰	۲	۴	۰	۶	۳
۱۹۵	سرپور	۰	۶	۱۸	۰	۳	۹	۰	۹	۳	۰	۱	۳
۱۵۶	سنگرینی	۰	۱۰	۱۴	۰	۱۱	۷	۰	۱۳	۲	۰	۷	۲
۸۱	قاضی پیٹھ	۰	۱۱	۷	۰	۱۴	۳	۰	۸	۱	۰	۵	۱
۱۵۱	کرنول	۰	۳	۱۴	۰	۱	۷				۰	۶	۲
۳۱۱	کلم روڈ	۰	۳	۳۳	۰	۲	۱۷	۳	۱۱	۶	۳	۱۰	۵
۱۴۴	گلبرگہ شریف	۰	۴	۱۴	۰	۲	۷	۰	۱۳	۲	۰	۶	۲
۷۱	محبوب نگر	۰	۱۱	۰	۰	۵	۳				۰	۲	۱

فاصلہ کتنا میل سکندرآباد سے	نام مقام	کرایہ ایک طرف کا											
		درجہ اوّل			درجہ دوم			درجہ سوم میل یا ایکسپرس			درجہ سوم معمولی		
		پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ
۳۴۸	لاتور	۰	۳	۳۶	۰	۰	۱۹	۳	۷	۷	۳	۶	۶
۱۶۸	ناندیڑ	۰	۴	۱۶	۰	۲	۸				۰	۱۱	۲
۱۰۰	نظام آباد	۰	۱۴	۹	۰	۱۵	۴				۰	۱۰	۱
۱۲۱	واڑی جنکشن	۰	۶	۱۱	۰	۱۱	۵	۰	۳	۲	۰	۱۴	۱
۵۱	وقار آباد	۰	۱۳	۴	۰	۶	۲	۰	۱۵	۰	۰	۱۳	۰
۸۷	ورنگل	۰	۴	۸	۰	۲	۴	۰	۱۰	۱	۰	۶	۱
۱۴۵	یادگیر	۰	۲	۱۸	۰	۲	۹	۰	۸	۳	۰	۱۲	۲۱

نوٹ - جن مقامات کا کرایہ براہ راست ٹائم ٹیبل میں نہیں دیا ہے انکی رقوم حساب لگا کر اندازہ سے درج کیگئی ہیں جنمیں خفیف کمی بیشی ممکن ہے +

کرایہ ریل

بیرون مملکت

سکندرآباد سے مقامات ذیل تک:۔

فاصلہ میل میں سکندرآباد سے	نام مقام	راستہ	کرایہ ایک طرف کا											
			درجہ اوّل			درجہ دوم			درجہ سوم میل یا اکسپرس سے			درجہ سوم معمولی		
			پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ
۹۳۷	آبوروڈ	واڑی بمبئی احمدآباد	۰	۱۲	۹۴	۰	۶	۴۷	۰	۳	۱۷	۰	۱۲	۱۴
۹۱۷	آگرہ چھاؤنی	بلھارشاہ	۰	۱۱	۹۰	۰	۵	۴۵	۰	۴	۱۵	۰	۱۳	۱۳
۳۸۲	احمدنگر	واڑی دھوند	۰	۹	۴۰	۰	۴	۲۰	۰	۹	۷	۰	۸	۶
۹۷۰	اجمیرشریف	منماڑ وکھنڈوا	۰	۷	۱۰۰	۰	۴	۵۰	۰	۱	۱۸	۰	۰	۱۶
۹۲۵	الہ آباد	بلھارشاہ اٹارسی	۰	۴	۹۲	۰	۲	۴۶	۰	۷	۱۵	۰	۱	۱۴
۴۰۳	بنگلور	ڈروناچلم	۰	۸	۴۲	۰	۴	۲۱	۰	۳	۷	۰	۱۱	۶
۴۷۶	بلگام	"	۰	۶	۴۹	۰	۱۱	۱۴	۰	۱	۸	۰	۱۳	۷
۲۵۹	بیلارسی	"	۰	۱۰	۲۶	۰	۵	۱۳				۰	۴	۴
۱۰۰۸	بنارس	بلھارشاہ اٹارسی الہ آباد	۰	۱۲	۱۰۲	۰	۶	۵۱	۰	۱۴	۱۶	۰	۸	۱۵
۷۴۵	بھوپال	بلھارشاہ اٹارسی	۰	۴	۶۱	۰	۱۰	۳۰	۰	۲	۱۱	۰	۱۲	۹
۴۹۷	بمبئی	واڑی	۰	۵	۵۱	۰	۱۱	۲۵	۰	۳	۹	۰	۱	۸
۹۸۲	کلکتہ	بیجواڑہ دوا	۰	۳	۱۰۶	۶	۲	۵۳	۶	۱	۲۰	۶	۱۵	۱۵

فاصلہ میلوں میں سکندرآباد سے	نام مقام	راستہ	کرایہ ایک طرف کا											
			درجہ اوّل			درجہ دوم			درجہ سوئم میل اکسپریس سے			درجہ سوم معمولی		
			پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ
۹۲۱	کانپور	بلھارشاہ، جھانسی	۰	۵	۸۶	۰	۷	۴۳	۰	۱	۱۴	۰	۴	۱۳
۱۰۴۹	دہلی	بلھارشاہ	۰	۲	۱۰۲	۰	۱	۵۱	-	۱۳	۱۶	۰	۷	۱۵
۶۶۵	اندور	منماڑ، کھنڈوا	-	۱۲	۶۹	۰	۱۵	۳۴	۰	۳	۱۲	۰	۱	۱۱
۱۰۲۵	جے پور	منماڑ، اجمیر	۰	۸	۱۰۵	۰	۱۳	۵۲	-	۱۵	۱۸	-	۱۲	۱۶
۷۸۳	جھانسی	بلھارشاہ، اٹارسی	-	۳	۸۷	۰	۲	۳۹	۰	۸	۱۳	۰	۲	۱۲
۶۹۹	جبلپور	بلھارشاہ	۰	۴	۷۰	۰	۲	۳۵	-	۶	۱۲	۰	۰	۱۱
۳۶۹	کامٹی	بلھارشاہ، ناگپور	۰	۰	۳۹	۰	۸	۱۹	-	۱۰	۷	۰	۵	۶
۱۷۰۳	کراچی	منماڑ، کھنڈوا، اجمیر		۷	۱۶۷	۰	۱۱	۸۳	۰	۱۱	۲۸	-	۳	۲۶
۵۷۸	کھنڈوا	منماڑ	-	۱۴	۵۸	۰	۸	۲۹	-	۶	۱۰	۰	۹	۹
۱۳۹۹	لاہور	بلھارشاہ، دہلی	۰	۵	۱۵۰	۰	۱	۷۵				۰	۰	۲۳
۹۹۷	لکھنؤ	بلھارشاہ، کانپور	۰	۱۱	۹۶	۰	۵	۴۸	-	۲	۱۶	-	۱۱	۱۴
۴۸۶	مدراس	بیجواڑہ	۰	۴	۵۰	۰	۳	۲۵	۰	۹	۹	۰	۰	۸
۶۸۸	بیتوپلم	ڈورناچلم، بنگلور، جلارپیٹھ	۰	۱۴	۷۳	۰	۱۵	۳۶	-	۲	۱۳	۰	۸	۱۱
۶۵۲	مہاؤ	منماڑ، کھنڈوا	۰	۲	۶۸	۰	۲	۳۴	۰	۱۵	۱۱	-	۱۳	۱۰
۴۸۹	میسور	ڈورناچلم، بنگلور	۰	۴	۵۳	۰	۱۲	۲۵	۰	۱۵	۸	۰	۴	۸
۳۶۰	ناگپور	بلھارشاہ	۰	۱۴	۳۷	۰	۱۵	۱۸	۰	۷	۷	۰	۲	۶

فاصلہ کتنے میل حیدرآباد سے	نام مقام	راستہ	کرایہ ایک طرف کا											
			درجہ اول			درجہ دوم			درجہ سوم میل یا ایکسپریس			درجہ سوم معمولی		
			پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ	پائی	آنہ	روپیہ
۷۱۷	اوٹاکمنڈ	بیجواڑہ، مدراس، وجلار پیٹھ و ارکونام، بنگلور وجلار پیٹھ	۰	۸	۹۴	۰	۱۲	۵۱	۳	۱۲	۱۷	۳	۱۲	۱۴
۱۷۷۹	پشاور	بلھارشاہ دہلی	۰	۵	۱۷۷	-	۹	۸۸	—	—	—	۰	۱	۲۶
۵۸۸	بیسرپا	بلھارشاہ	-	۱۳	۵۹	۰	۱۵	۲۹	۰	۱۵	۱۰	۰	۹	۹
۳۷۸	پونہ	واڑی	۰	۳	۴۰	۰	۱	۲۰	۰	۸	۷	۰	۷	۶
۴۵۶	ستارا روڈ	واڑی بر پونہ	۰	۱۵	۴۹	۰	۱۵	۲۴	۰	۲	۹	۰	۱۴	۷
۱۲۱۲	شملہ	بلھارشاہ دہلی	۰	۱۲	۱۲۷	۰	۱۴	۶۳	۰	۱۳	۲۲	۰	۴	۲۰
۷۸۱	بڑودہ	واڑی و بمبئی	۰	۲	۷۸	۰	۲	۳۹	۰	۲	۱۴	۰	۱	۱۲

نوٹ - جن مقامات کا کرایہ براہ راست ٹائم ٹیبل میں درج نہیں ہے ان کے فاصلہ اور کرایہ کا حساب اندازے لگایا گیا ہے جس میں خفیف کمی بیشی ممکن ہے ؛

شرح ٹکٹ میعادی

حیدرآباد چوڑی پٹری (نام پلی)، سکندرآباد اور حیدرآباد چھوٹی پٹری (کاچی گوڑہ) سے حسب ذیل اسٹیشنوں تک :-

نام اسٹیشن	درجہ	حیدرآباد (نام پلی)			سکندرآباد			حیدرآباد (کاچی گوڑہ)		
		ماہوار	سہ ماہی	ششماہی	ماہوار	سہ ماہی	ششماہی	ماہوار	سہ ماہی	ششماہی
		روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ
حیدرآباد (نام پلی)	اوّل	۔	۔	۔	۲۳	۵۰	۸۴	۴۳	۹۳	۱۵۸
	دوم	۔	۔	۔	۱۳	۲۸	۴۸	۲۰	۴۳	۷۳
	سوم	۔	۔	۔	۴	۹	۱۵	۸	۱۷	۲۹
خیریت آباد	دوم	۸	۱۷	۲۹	۸	۱۷	۲۹	۱۸	۳۹	۶۶
	سوم	۴	۹	۱۵	۴	۹	۱۵	۷	۱۳	۲۲
حسین ساگر جنکشن	دوم	۸	۱۷	۲۹	۸	۱۷	۲۹	۱۵	۲۳	۵۵
	سوم	۴	۹	۱۵	۴	۹	۱۵	۵	۱۱	۱۸
بیگم پیٹھ دروازہ	دوم	۸	۱۷	۲۹	۸	۱۷	۲۹	۱۳	۲۸	۴۸
	سوم	۴	۹	۱۵	۴	۹	۱۵	۴	۹	۱۵
جیمس اسٹریٹ	دوم	۹	۲۰	۳۳	۸	۱۷	۲۹	۱۳	۲۸	۴۸
	سوم	۴	۹	۱۵	۳	۷	۱۱	۴	۹	۱۵
حسام گنج	دوم	۱۳	۲۸	۴۸	۸	۱۷	۲۹	۱۳	۲۸	۴۸
	سوم	۴	۹	۱۵	۳	۱۷	۱۱	۴	۹	۱۵

نام اسٹیشن	درجہ	حیدرآباد (نام پلی)			سکندرآباد			حیدرآباد (کاچی گوڑہ)		
		ماہوار	سہ ماہی	ششماہی	ماہوار	سہ ماہی	ششماہی	ماہوار	سہ ماہی	ششماہی
		روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ
سکندرآباد	اوّل	۲۳	۵۰	۸۴	۰	۰	۰	۲۰	۴۳	۷۳
	دوم	۱۳	۲۸	۴۸	۰	۰	۰	۹	۲۰	۳۴
	سوم	۴	۹	۱۵	۰	۰	۰	۴	۹	۱۵
لالہ گوڑہ	دوم	۱۵	۳۳	۵۵	۸	۱۷	۲۹	۱۳	۲۸	۴۸
	سوم	۶	۱۳	۲۲	۳	۷	۱۱	۴	۹	۱۵
ملکاج گیری	دوم	۱۵	۳۳	۵۵	۸	۱۷	۲۹	۱۳	۲۸	۴۸
	سوم	۶	۱۳	۲۲	۴	۹	۱۵	۴	۹	۱۵
صفیل گوڑہ	دوم	۱۸	۳۹	۶۶	۸	۱۷	۲۹	۱۵	۳۳	۵۵
	سوم	۶	۱۳	۲۲	۴	۹	۱۵	۵	۱۱	۱۸
رام کشٹاپورم دروازہ	دوم	۲۰	۴۳	۷۳	۸	۱۷	۲۹	۱۸	۳۹	۶۶
	سوم	۷	۱۵	۲۶	۴	۹	۱۵	۶	۱۳	۲۲
اموگوڑہ	دوم	۲۰	۴۳	۷۳	۹	۲۰	۳۳	۲۰	۴۳	۷۳
	سوم	۸	۱۷	۲۹	۴	۹	۱۵	۶	۱۳	۲۲
کیولری بارک	دوم	۲۳	۵۰	۸۴	۱۳	۲۸	۴۸	۲۰	۴۳	۷۳
	سوم	۸	۱۷	۲۹	۲	۹	۱۵	۷	۱۵	۲۶

نام اسٹیشن	درجہ	حیدرآباد (نام پلی)			سکندرآباد			حیدرآباد (کاچی گوڑہ)		
		ماہوار	سہ ماہی	ششماہی	ماہوار	سہ ماہی	ششماہی	ماہوار	سہ ماہی	ششماہی
		روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ
الوال	اوّل	۴۵	۹۸	۱۶۵	۲۳	۵۰	۸۴	۴۳	۹۳	۱۵۸
	دوم	۲۳	۵۰	۸۴	۱۳	۲۸	۴۸	۲۰	۴۳	۷۳
	سوم	۸	۱۷	۲۹	۴	۹	۱۵	۷	۱۵	۲۶
بلارم بازار	دوم	۲۵	۵۴	۹۲	۱۳	۲۸	۴۸	۲۳	۵۰	۸۴
	سوم	۹	۲۰	۳۳	۴	۹	۱۵	۸	۱۷	۲۹
بلارم	اوّل	۵۸	۱۲۶	۲۱۳	۳۵	۷۶	۱۲۸	۵۳	۱۱۵	۱۹۴
	دوم	۲۸	۶۱	۱۰۳	۱۸	۳۹	۶۶	۲۸	۶۱	۱۰۲
	سوم	۱۰	۲۲	۳۷	۶	۱۳	۲۲	۹	۲۰	۳۳
گوڑاولی	اوّل	۸۰	۱۷۳	۲۹۳	۵۸	۱۲۶	۲۱۳	۷۵	۱۶۳	۲۷۵
	دوم	۴۰	۸۷	۱۴۷	۲۸	۶۱	۱۰۳	۳۸	۸۲	۱۳۹
	سوم	۱۴	۳۰	۵۱	۹	۲۰	۳۳	۱۳	۲۸	۴۸
میڑچل	اوّل	۹۰	۱۹۵	۳۳۰	۶۸	۱۴۷	۲۴۹	۸۸	۱۹۱	۳۲۳
	دوم	۴۵	۹۸	۱۶۵	۳۵	۷۶	۱۲۸	۴۳	۹۳	۱۵۸
	سوم	۱۷	۳۷	۶۲	۱۳	۲۸	۴۸	۱۵	۳۳	۵۵
ییتاپلی استنبی	دوم	۱۵	۳۳	۵۵	۸	۱۷	۲۹	۸	۱۷	۲۹
	سوم	۶	۱۳	۲۲	۳	۷	۱۱	۳	۶	۱۷

نام اسٹیشن	درجہ	حیدرآباد (نام پلی)			سکندرآباد			حیدرآباد (کاچی گوڑہ)		
		ماہوار	سہ ماہی	ششماہی	ماہوار	سہ ماہی	ششماہی	ماہوار	سہ ماہی	ششماہی
		روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ
ہیوز ٹاؤن	دوم	۱۸	۳۹	۶۶	۸	۱۷	۲۹	۸	۱۷	۲۹
	سوم	۶	۱۳	۲۲	۴	۹	۱۵	۴	۹	۱۵
حیدرآباد (کاچی گوڑہ)	اوّل	۴۳	۹۳	۱۵۸	۲۰	۴۳	۷۳	۰	۰	۰
	دوم	۲۰	۴۳	۷۳	۹	۲۰	۳۳	۰	۰	۰
	سوم	۸	۱۷	۲۹	۴	۹	۱۵	۰	۰	۰
ملک پیٹھ	دوم	۲۳	۵۰	۸۴	۱۳	۲۸	۴۸	۸	۱۷	۲۹
	سوم	۸	۱۷	۲۹	۴	۹	۱۵	۴	۹	۱۵
دبیرپورہ	دوم	۲۵	۵۴	۹۲	۱۳	۲۸	۴۸	۸	۱۷	۲۹
	سوم	۹	۲۰	۳۳	۴	۹	۱۵	۴	۹	۱۵
یاقوت پورہ	دوم	۲۵	۵۴	۹۲	۱۳	۲۸	۴۸	۸	۱۷	۲۹
	سوم	۹	۲۰	۳۳	۴	۹	۱۵	۴	۹	۱۵
ہپوگوڑہ	دوم	۲۸	۶۱	۱۰۳	۱۸	۳۹	۶۶	۸	۱۷	۲۹
	سوم	۱۰	۲۲	۳۷	۶	۱۳	۲۲	۴	۹	۱۵
فلک نما	اوّل	۵۸	۱۲۶	۲۱۳	۳۵	۷۶	۱۲۸	۲۰	۴۳	۷۳
	دوم	۲۸	۶۱	۱۰۳	۱۸	۳۹	۶۶	۹	۲۰	۳۳
	سوم	۱۰	۲۲	۳۷	۶	۱۳	۲۲	۴	۹	۱۵

نام اسٹیشن	درجہ	حیدرآباد (نام پلی)			سکندرآباد			حیدرآباد (کاچی گوڑہ)		
		ماہوار	سہ ماہی	ششماہی	ماہوار	سہ ماہی	ششماہی	ماہوار	سہ ماہی	ششماہی
		روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ
عمدہ نگر	اوّل	۹۰	۱۹۵	۳۳۰	۶۸	۱۴۷	۱۴۹	۵۰	۱۰۸	۱۸۳
	دوم	۴۵	۹۸	۱۶۵	۳۵	۷۶	۱۲۸	۲۵	۵۴	۹۲
	سوم	۱۷	۳۷	۶۲	۱۳	۲۸	۴۸	۸	۱۷	۲۹

ریلوے بس سروس

مملکت آصفیہ کا ایک اہم کارنامہ

ممالک محروسہ سرکار عالی کی زبردست سڑکیں، جدید اصول پہ صفائی اور بلدہ حیدرآباد کی شاندار عمارتیں اور ریاست کے طول و عرض میں آبپاشی کے لئے بیشمار پراجکٹ سیاح کے دل پہ یہ اثر ڈالے بغیر نہیں رہ سکتے کہ "ترقی" یہاں کا مطمح نظر ہے۔

اس پالیسی کی ایک مزید مثال کے طور پر نظامس اسٹیٹ ریلوے سرکار عالی اب تجرباتی روڈ ٹرانسپورٹ سرویسیں جاری کر رہی ہے جس سے توقع کیجاتی ہے کہ سڑکوں کے ذریعہ سے سفر کرنے والی پبلک کو ایسی سہولتیں حاصل ہوں گی جن سے تا حال وہ بڑے بڑے شہروں سے قطع نظر، سلطنت ہند کے کسی حصہ میں متمتع نہیں ہوئی۔

ان سرویسوں کا منشا یہ ہے کہ اضلاع کے باشندوں کے لئے قریب ترین ریلوے اسٹیشن یا بڑے شہر تک آنے جانے کے آرام دہ اور سستے ذرائع پیدا کئے جائیں۔

۱۵ر جون ۱۹۳۲ء سے عام طور پر نظامس اسٹیٹ ریلوے کی روڈ میکانیکل ٹرانسپورٹ سرویسوں کا آغاز ہوگیا۔ مضافاتی سرویس سکندرآباد اور مچھلی کمان کے مابین جاری ہے۔ سکندرآباد کے اسٹیشن سے مچھلی کمان تک (۵ر) پانچ آنہ سکہ عثمانیہ کرایہ مقرر کیا گیا ہے۔ شہر ملک پیٹ، کاچی گوڑہ اور نام پلی اسٹیشنوں کے مابین بسیں متواتر دوڑتی رہی ہیں۔ اور مضافاتی ٹرینوں کے مسافران بسوں کے باعث مذکورہ اسٹیشنوں پر

ہر وقت ارزاں اور سریع رفتار سواری حاصل کر سکتے ہیں۔

ملک پیٹھ اور حیدرآباد (کاچی گوڑہ) کے اسٹیشنوں سے شہر تک کرایہ فی کس صرف ایک آنہ رکھا گیا ہے بسوں کے ٹھہرنے کے لئے بعض مقامات پر حسب تجویز جناب کوتوال صاحب بلدہ اشارات قائم کئے گئے ہیں۔ مراحل کرایہ کے اشارات سُرخ حرفوں میں اور معمولی مقام وقوف کے اشارے سیاہ حرفوں میں تجویز کئے گئے ہیں۔

اضلاع کی سروسوں میں بھی جو ۵ ار جون سے جاری ہوگئیں بسیں حیدرآباد سے نلگنڈہ تک براہ نرکٹ پلی جاری ہیں جہاں ایک ڈپو قائم کیا گیا ہے اور الحاقی سرویسوں کا سلسلہ بھونگیر اور کھم میٹ پر مشتمل ہے۔

بسوں کے مسافروں کی سہولت کے لئے نرکٹ پلی پر آرام دہ ویٹنگ روم اور ریفرشمنٹ ہال تیار کئے گئے ہیں۔ حیدرآباد سے روانہ ہونے والی تمام بسیں نرکٹ پلی پر دس منٹ ٹھہرتی ہیں۔ اور مسافر بغیر اسکے کہ بارش میں بھیگتے ہوئے مذکورالصدر الحاقی گاڑیوں کا انتظار کرتے رہیں۔ فوراً ان میں اپنی نشست حاصل کر لیتے ہیں۔

الحاقی سرویسوں کے اوقات کی ترتیب اس طریقہ پر قایم کی گئی ہے کہ براہ راست سفر کرنے والوں کو کسی تاخیر کا سامنا کرنا نہیں پڑتا۔

بسوں کی روانگی ٹھیک اوقات پر ہوتی ہے۔ اور پبلک سے یہ التماس ہے کہ وہ بسوں کے مقام وقوف پر ٹائم ٹیبل کے مصرحہ اوقات کی پابندی فرماکر اجرائے کاروبار میں ممد و معاون ہوں۔ اوقات ایسے مقرر کئے گئے ہیں جن سے

پبلک کامل طور پر استفادہ کرسکتی ہے لیکن بشرط ضرورت تبدیلی ہوسکے گی۔

اضلاع کی بسوں میں کرایہ کی شرح فی میل ا ر کے حساب سے مقرر ہے۔ لیکن حیدرآباد تا نلگنڈہ سیکشن اور نرکٹ پلی ڈپو کی الحاقی سرویسوں میں کرایہ کی شرح ہر مسافر کے لئے فی میل صرف نیم آنہ ہے۔ درجہ سوم کے مسافروں کو فی کس دس سیر تک وزنی سامان ہمراہ رکھنے کی اجازت ہے۔ زائد وزن کے سامان کا کرایہ نہایت معمولی رکھا گیا ہے جس کی شرح مابین حیدرآباد و نلگنڈہ۔ بھونگیر و نلگنڈہ۔ نرکٹ پلی سوریا پیٹھ سوریاپیٹ و کھم میٹھ فی من یا جزو کے لئے صرف (۸ ر) رکھی گئی ہے اب پبلک کے لئے یہ ممکن ہوگیا ہے کہ حیدرآباد سے صبح کے وقت (جبکہ پہلی بس ۸ بجے اور دوسری نو بجے نکلا کریگی) نلگنڈہ جاکر اسی دن بشام بلدہ واپس پہونچ جائیں۔

ان سرویسوں کے ذریعہ سے وقت میں جسقدر کفایت اور سفر میں جس قدر آرام ملتا ہے اس کو ملحوظ رکھکر بعض حلقوں کے کرایہ کی موجودہ شرح میں آیندہ اگر کوئی خفیف اضافہ کردیا جائے تو یقیناً وہ نا قابل لحاظ سمجھا جائے گا۔ کیونکہ اس وقت متعدد اجازت یافتہ سرویسوں سے سخت مقابلہ کی بنار پر کرایہ کی تشریح نہایت قلیل رکھی گئی ہے۔

بسیں سیلوں کے نمونوں پر تیار کیگئی ہیں جنمیں آرام دہ نشستیں موجود ہیں۔ اور ان کا رُخ سامنے کی جانب ہے، ہر ایک گاڑی میں درجہ اوّل کی بھی چند نشستیں قائم کیگئی ہیں۔ جن کا کرایہ درجہ سوم سے دُگنا رکھا گیا ہے۔ کسی حادثہ کے موقع پر مسافروں کے لئے ایک احتیاطی دروازہ بھی موجود ہے اور ہر ایک گاڑی میں اطفائے نار کا ایک آلہ بھی نصب کیا گیا ہے۔ ہر ایک گاڑی کے ساتھ دو زائد

ٹائر اور پہیے بھی مہیا رہتے ہیں ۔جس کے باعث کسی شگاف یا ٹائیر کی تبدیلی پر چنداں تاخیر پیدا نہیں ہوتی کسی شکستگی کے موقع پر یہ انتظام ہے کہ فوراً اسپشل گاڑیاں بھیجکر مسافروں کو منزل مقصود تک پہونچایا جائے غرض کہ حتی الامکان حوادث سے پبلک کی حفاظت کا ہر طریقے پر خیال رکھا گیا ہے ۔

گاڑیوں کی رفتار کا پیمانہ ایک خاص حد پر ہے تاکہ سرویس باقاعدہ جاری اور محفوظ رہیں ۔ مضافاتی گاڑیاں جو حیدرآباد اور سکندرآباد کے رقبوں پر مشتمل ہیں مذکورہ ہر دو مقاموں کے مابین ڈاک بھی پہونچاتی ہیں ۔جس کے باعث حیدرآباد اور سکندرآباد کی مقامی پبلک کو خطوط کی تقسیم زیادہ عجلت کے ساتھ ہونے لگی ہے ۔

بقیہ سرویسیں جو ضلع ورنگل میں قاضی پیٹ ڈپو سے اور ضلع نظام آباد میں نظام ساگر ڈپو سے چالو ہونے کی متعاقب قائم کی جائیں گی ۔

سرویسوں کی ورکشاپ کاچی گوڑہ میٹرگیج انسٹیٹوٹ کے پاس قائم کی گئی ہے اور اس میں جو مشنری اور آلات مہیا کئے گئے ہیں ان کی نظیر قلمرو آصفی میں کوئی موٹر ورکشاپ پیش نہیں کر سکتی ۔ اور کلکتہ ۔بمبئی وغیرہ شہروں کے موٹر خانوں کے مقابلہ میں یہ زیادہ اپ ٹو ڈیٹ ہے مرمت کے کام میں تعجیل اور پائداری کی غرض سے ہر قسم کی تیاریاں کی گئی ہیں اور اسطرح محفوظ گاڑیوں میں سفر کرنے سے پبلک کو بہت کچھ فائدہ حاصل ہو رہا ہے ۔

سڑکوں پر مرمت کے دوران میں پبلک کو تاخیر کے باعث جو تکلیف برداشت کرنی پڑتی ہے وہ ان ریلوے بس سرویسوں کے افتتاح کے بعد کلیۃً رفع ہوگئی پبلک کی جانب سے سرویسوں کے متعلق اگر کوئی اصلاحی تجاویز پیش ہوتی ہیں تو ان پر

ہمدردانہ حیثیت سے غور کیا جاتا ہے اور مربوط یام پر یہ توقع کیجاسکتی ہے کہ سرویسوں کی کیفیت و کمیت موجودہ شرح کرایہ میں کسی اضافہ کے بغیر ترقی پذیر حیثیت اختیار کرسکے گی۔

جن مقامات پر سروس جاری ہے

سردست حسب ذیل مقامات پر ریلوے موٹربس سروس جاری ہے

حیدرآباد۔ سکندرآباد

۱۔ حیدرآباد (کاچی گوڑہ) ریلوے اسٹیشن براہ رزیڈنسی تا سکندرآباد۔

۲۔ سکندرآباد براہ دارالضرب روڈ۔ نام پلی اسٹیشن۔ رزیڈنسی۔ گلزار حوض۔

افضل گنج تا کاچی گوڑہ

۳۔ کاچی گوڑہ براہ رزیڈنسی۔ گلزار حوض۔ ملک پیٹھ تا کاچی گوڑہ

۴۔ " " " نام پلی اسٹیشن۔ فینانس آفس روڈ۔ رزیڈنسی۔
گلزار حوض۔ ملک پیٹھ تا کاچی گوڑہ اسٹیشن

از حیدرآباد (کاچی گوڑہ) اسٹیشن

تا نلگنڈہ	براہ نارکٹ پلی	۳ گھنٹے
" بھونگیر	"	۴ گھنٹے
" سوریا پیٹھ	"	۴½ گھنٹے
کھمم میٹ	"	۷ گھنٹے ۲ منٹ

اوقات روانگی از کاچی گوڑہ

صبح ۸ بجے و ۹ بجے۔ سہ پہر کو ۳ بجے و ساڑھے پانچ بجے۔

سوریا پیٹھ کے مسافر ۹ بجے والی بس سے سفر کر سکتے ہیں مگر نارکٹ پلی میں انھیں دوسری بس میں منتقل کردیا جائے گا۔

شادی۔ پکنک پارٹی وغیرہ کے واسطے پوری بس ۴۸ گھنٹے پیشتر نوٹس بھیجنے پر رزرو کیجاسکتی ہے۔ اس کے متعلق ڈسٹرکٹ ٹریفک سپرنٹنڈنٹ روڈ این۔ ایس ریلوے سکندرآباد سے خط وکتابت کیجانی چاہئے۔

کرایہ موٹر بس سروس

حیدرآباد شہر

از مقام	تا مقام: ملک پیٹھ اسٹیشن	افضل گنج ریزیڈنسی	گلزار حوض	حیدرآباد (نام پلی)	دارالضرب	بشیر باغ روڈ	ڈسٹلری روڈ	مانٹگمری روڈ	سکندرآباد اسٹیشن
حیدرآباد کاچی گوڑہ	ار	ار	۲ر	۰	۰	۰	۰	۰	۰
ملک پیٹھ اسٹیشن	۰	۲ر	ار	۳ر	۴ر	۰	۰	۰	۰
افضل گنج ریزیڈنسی	۰	۰	ار براہ کاچی گوڑہ ۳ر	ار	۲ر	ار	۲ر براہ نام پلی ۳ر	۳ر	۴ر
گلزار حوض	۰	۰	۰	۲ر	۳ر	۲ر	۳ر	۴ر	۵ر
							براہ ۵ کاچی گوڑہ ۴ر	براہ نام پلی ۵ر	
حیدرآباد (نام پلی)	۰	۰	۰	۰	ار	۰	۲ر	۳ر	۴ر
دارالضرب	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ار	۲ر	۳ر
بشیر باغ روڈ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ا	۲ر	۳ر
ڈسٹلری روڈ (آرام گنج)	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ار	۲ر
مانٹگمری ہوٹل	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ار

قاضی پیٹھ - ورنگل

قاضی پیٹھ تا وڈاپلی	۱ر
،، صوبہ داری	۲ر
،، کریم نگر روڈ	۳ر
،، ہنمکنڈہ گیٹ	۴ر
،، عید گاہ	۵ر
،، ورنگل اسٹیشن	۶ر

سوریا پیٹھ - کھمم پیٹھ

سوریا پیٹھ تا چیو ملا	۶ر
،، اکلا گوڑہ	۶ر
،، چندروپ نالا	۶ر
،، موتھے	۱۲ر
،، حمید لاگوڑہ	۱۲ر
،، نائی کنگوڑم	۱۲ر
،، پالیر	۱۲ر
،، خوسمنجی	۱؎ر
،، گیلاچیرو	۱؎ر
،، کُلّم پڈ	۱؎ر
،، مڈل پلی	۱؎۲ر

سوریا پیٹھ تا کھم میٹھ	عہ ۶ر

بھونگیر۔ نلگنڈہ

بھونگیر تا بانا ج پورم	۶ر
" نندرم، ناگار یڈی پلی	۶ر
" سوم درم، پنوتو لو گوڑم	۶ر
" مداپورم، ولی گنڈہ	۶ر
" ناگرودم	۱۲ر
" تومل گنڈم	۱۲ر
" بوگرام	۱۲ر
" رمنا پیٹھ	۱۲ر
" چٹیپال	عہر
" نرکٹ پلی	عہر
" نلگنڈہ	عہ ۶ر

حیدرآباد (کاچی گوڑہ)۔ نلگنڈہ

حیدرآباد (کاچی گوڑہ) تاگڈی اانارم، سرورنگر	۶ر
" حیات نگر	۶ر
" بڑا عنبر پیٹھ	۶ر
" باٹاسنگرم، کوٹا گوڑہ	۱۲ر
" ملکاپور	۱۲ر

حیدرآباد (کاچی گوڑہ) تا گنڈہ رام پلی — ۶ر عہ

〃 چیتیال — ۱۰ر عہ

〃 نرکٹ پلی — ۱۰ر عہ

〃 نلگنڈہ — ۶ر عہ

قاضی پیٹھ - وردن پیٹھ

قاضی پیٹھ تا ہنمکنڈہ — ۶ر

〃 ورنگل — ۱۲ر

〃 چمون پیٹ، رنگسالی پیٹ — ۱۲ر

〃 ممنور، پولنوں — عہ ر

〃 ینیتھنی — ۲ر عہ

〃 کتلاالندہ — ۶ر عہ

〃 وردن پیٹھ — ۸ر عہ

کاماریڈی - بنجاپلی (نظام ساگر)

کاماریڈی تا دیوان پلی، کتاگوڑہ — ۶ر

〃 تھدردی، دیولوپلی — ۶ر

〃 ایرایڈ — ۱۲ر

〃 برگڈہ — ۱۲ر

〃 مستاپور — عہ ر

〃 دندراپلی، منگارم — ۲ر عہ

کاماریڈی تا لچھمن پور	عہ ۸ر
″ گنڈی سانی پیٹھ، یلا ریڈی	عہ ۱۴ر
″ تماریڈی، اما ساگر	عار
″ سلطان نگر، بنجا پلی	عار

نظام آباد ۔ بنجا پلی (نظام ساگر) براہ چنتہ کنٹہ

نظام آباد تا نگرم، ملارم	۶ر
″ چنتہ کنٹہ	۱۲ر
″ موسر	۱۲ر
″ گودر	عہ ر
″ چندور، جکورہ	عہ ۲ر
″ ورنی، ملارم	عہ ۶ر
″ نصر اللہ آباد	عہ ۱۰ر
″ نیملی	عہ ۱۲ر
″ بسوئی پلی، درگی، ویسائی پیٹھ	عار
″ بنسواڑہ	٥ ۴ر
″ ترلا پور	عار ۶ر
″ گلی پور، مقدم پور	عار ۱۰ر
″ محمد نگر، انا سورم	سے ر
″ سلطان نگر بنجا پلی	سے ر

بنجاپلی (نظام ساگر)۔ڈیگلور

بنجاپلی تا پتلام	۶ر
〃 کودیگل، دھرمارم	۱۲ر
〃 ملکاپور	عہ
〃 شیتاپورم، جگناتھ پلی	عہ ۲ر
〃 ٹھاکرپلی	عہ ۶ر
〃 کلئی، فتحپور	عہ ۸ر
〃 کندیرپلی، راجورہ	عہ ۱۰ر
〃 روسے گاؤں	عہ ۱۴ر
〃 مینور	ع ۱ر
〃 مدنور، کلور	ع ۴ر
〃 ڈیگلور	ع ۶ر

قاضی پیٹھ۔نرسم پیٹھ

قاضی پیٹھ تا ہنمکنڈہ	۶ر
〃 ورنگل	۱۲ر
〃 جنپ شاہی، دھرم ورم	۱۲ر
〃 گیزکنڈہ	عہ
〃 گنگادیوی پلی، مچاپورہ	عہ ۲ر
〃 وشوا ناتھ پور، تماپورہ	عہ ۶ر

قاضی پیٹھ تا منڈا پلی تھگل رائے	۸ر عہ
〃 چلپرتھی، لکنا پلی	۱۰ر عہ
〃 میسورم، گرگیال	۱۲ر عہ
〃 نرسم پیٹھ	عار

قاضی پیٹھ - ملوگ

قاضی پیٹھ تا ہنمکنڈہ	۶ر
〃 ورنگل	۱۲ر
〃 ہنمکنڈہ دیہہ	۱۲ر
〃 اراپلی	۲ر عہ
〃 دھمنا پیٹھ، دیورگم پیٹھ	۶ر عہ
〃 گرویڈ، انکور	۸ر عہ
〃 نرار پلی، محمد دوست پلی	۱۲ر عہ
〃 عالم پلی	عار
〃 جکارم	۴ر عا
〃 ملوگ	۶ر عا

نظام آباد - بنجاپلی براہ بودھن

نظام آباد تا یرساپلی	۶ر
〃 سرنگاپورہ	۶ر
〃 جنکم پیٹھ، پوچارم	۶ر

نظام آباد تا یدپلی	۱۲/	نظام آباد تا رسن پلی	۲/
" یودھن	۲/	" رودرور	۸/
" ورنی، ملارم	۴/	" نصراللہ آباد	عا/
" ینملی	۴/	" بنسواڑہ	۱۰/
" ترلاپور	۱۱/	" گلی پور، مقدم پور	ے/
" محمد نگرانسورم	۶/	" سلطان نگر، بنجاپلی	۸/

نلگنڈہ سریاپیٹھ

نلگنڈہ تا نزکٹ پلی	۶/
" پموِن گنڈلا	۱۲/
" دوگناویلی	۱۲/
" کٹنگور	۱۲/
" حیات پملا	۱۲/
" نکراکل	۲/
" کورلاپد	۲/
" کیتھاپلی	۲/
" ٹیک میٹلا	۶/
" روین گوڑم	۶/
" سریاپیٹھ	۸/

کروڑگیری

حکومت حیدرآباد کا ایک اہم صیغہ

مملکت حیدرآباد میں درآمد و برآمد مال تجارت پر جو محصول لیا جاتا ہے اُسے محصول کروڑگیری کہتے ہیں جو کسٹم کا مرادف ہے۔ اس صیغہ کا نام کروڑگیری اس بنا پر رکھا گیا کہ پہلے اسکی آمدنی ایک کروڑ روپیہ سالانہ کی تھی جو آجکل حرفت و تجارت کی ترقی کی وجہ سے اس سے بہت بڑھ گئی ہے۔ جو مسافر بیرونی مقامات سے مملکت حیدرآباد میں کسی جگہ داخل ہوتے ہیں، اُن کے ہمراہی سامان کی جانچ کیجاتی ہے اور ریل یا دوسرے وسائل نقل و حمل کے ذریعہ سے بھیجے ہوے مال کی منزل مقصود پر جانچ کیجاتی ہے۔ محکمہ کروڑگیری کا عملہ اس معاملہ میں نہایت ہی سرگرمی اور مستعدی کا اظہار کرتا ہے لیکن باوجود اس کے مسافروں کو بلا ضرورت تکلیف نہیں دیجاتی، اور عام طور پر عمال محکمہ اپنے فرائض کو حسن خلق اور ہمدردی کے ساتھ انجام دیتے ہیں۔ محصول کے لئے مال کی نگرانی ایک نہایت ہی ناگوار فریضہ ہے اور خاصکر لوگوں کی یہ خواہش کہ عمال محکمہ کو دہوکہ دیکر محصولی مال کو بلا سرکاری محصول ادا کئے ہوئے درآمد کر لیا جائے اس کام کو اور زیادہ ناگوار بنا دیتی ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دوسرے مسافر جو

اس قسم کی فریب دہی کا خیال بھی دل میں نہیں لا سکتے بلا وجہ شک وشبہ کا شکار ہوتے ہیں - جسکی ذمہ داری اُن لوگوں پر ہے جو مشتبہ طریق کار کے عادی ہوتے ہیں - لیکن ان حالات اور نتایج کو ذہن نشین کرنے کے بعد غالباً اُن لوگوں کو کوئی وجہ شکایت باقی نہ رہے گی جنکے سامان کی مملکت حیدرآباد میں داخل ہوتے وقت تلاشی لیجاے - یہ صورت ہر اُس موقعہ پر پیش آتی ہے جہاں سرکاری محصول کی ادائیگی سے بچنے کا اشتباہ ہو۔ تاہم جن لوگوں کو برطانوی ہند کے محکمہ محاصل بلدیات (چنگی وغیرہ) کا تجربہ ہو چکا ہے اور اُس کے عملہ کی سخت گیریوں کو دیکھ چکے ہیں وہ یقیناً سرکار نظام کے عملہ کروڑ گیری کی تعریف کریں گے کہ وہ جہاں مجبوراً سخت گیری کی ضرورت ہوتی ہے وہاں بھی آداب گفتگو کو ہاتھ سے نہیں دیتا اور برطانوی ہند کے محصولی ناکوں پر جو شور و غل اور واویلا کی صدائیں، اور ناگوار مناظر اکثر نظر آتے ہیں وہ مملکت حیدرآباد کے محصول خانوں میں شاذ و نادر ہی نظر آئیں گے اسلئے کہ اعلیٰ حکام محکمہ اسکی سخت نگرانی کرتے ہیں اور باز پرس کرتے رہتے ہیں کہ ماتحت عملہ کی کسی بے عنوانی کی وجہ سے مسافروں کو بلا وجہ تکلیف نہ ہونے پائے۔

مملکت حیدرآباد میں ملکی پیداوار اور ملکی مصنوعات پر محصول معاف ہے اور ان کے علاوہ بھی بہت سی چیزیں معافی کے ذیل میں آجاتی ہیں۔ مفصل شرح محصول اور اشیاے معافی کی فہرست آگے درج کیجاتی ہے محصول کا نرخ اور اشیاے معافی کی فہرست میں وقتاً فوقتاً ضروریات کے لحاظ سے تغیر و تبدل ہوتا رہتا ہے - منسلکہ نقشہ کے اندراجات یکم تیر

سنہ ۱۳۴۱ف تک صحیح کئے گئے ہیں ۔ اس کے بعد کے تغیّرات ناظم صاحب علاقہ کروڑگیری حیدرآباد دکن سے معلوم کئے جاسکتے ہیں۔ یا جدید گشتیات میں دیکھے جاسکتے ہیں، جو ناظم صاحب علاقہ مذکور سے بقیمت حاصل کیجاسکتی ہین۔

نقشہ محصول کروڑگیری

(یکم تیر ۱۳۴۱ف تک صحیح کیا گیا)

(الف) محصول درآمد یا برآمد

وہ اشیاء جن پر درآمد یا برآمد کا دونوں حالتوں میں محصول مقرر ہے

پارچہ ریشمی و سوتی و ابریشمی	برقیمت یکصد	صہ ر
تاگہ یعنی سوت، پیٹی گرنی	"	"
کاغذ سادہ	"	"
کلابتو نقرئی و طلائی	"	"
ظروف مسی و برنجی بھاؤ کہنہ	"	"
سرانجام منہاری از قسم مقراض و چاقو وغیرہ	"	"
فیلان و اسپان و شتران وغیرہ	"	"
چرم گاؤ و بھینس وغیرہ	"	"
آتشبازی معہ بارود	"	"
سوت دیسی جو ساختہ گرنی نہ ہو	"	"
تخم ارنڈی	"	۸ر

تخم گلمہوہ	برقیمت یکصد	۷ر
آلسی	"	عہ ۴ر
رام تل و کنجد یعنی تل		۱۲ر
کرڑ	فی راس یعنی فی پلہ	۸ر
روغن ارنڈی	"	عہ ۸ر
روغن گلمہوہ	"	عہ ر
کھوپرہ		عہ ۸ر
سیاہ		عہ ر
آمیختہ		عہ ر
اشیاے تیاری رنگ	برقیمت فی صد	صہ ر
پوست مدی	"	۸ر
کھلی	"	۶ر
تیل درجہ اوّل		صہ
" دوم		معہ ۸ر

ہارسنگار	برقیمت فیصد	صر
سندل سفید	″	صر
صندل سرخ	″	صر
برگ تنبول	″	۸ر
گردچوب	″	صر
چھالیہ	″	صر
گردچوب چکنی و بڑری آمیختہ	″	صر
تمباکو ثابت تمباکو ہمگی اقسام	″	صر
تمباکو چورہ	″	صر
گڑاکو	″	صر
عود	″	صر
غنچہ گلاب خشک	″	صر
عنبر خوشبو		۱۲ر
عنبر سادہ برائے پاشیدنی سیاہی		علعص
گلال	″	صر
کاسنی	″	صر
کاجو	″	صر
کاہو	″	صر
کیوڑ کچری	″	صر

گوشت (از قسم جرٹ)	برقیمت فیصد	۱۲ر
رس کافور	″	صر
زنجبیل یعنی ادرک	″	عص
چرائتہ		۱۲ر
زیرہ سفید و جوڑ زیرہ	″	صر
کشنیز خشک یعنی دھنیا	″	صر
باے برنگ	″	صر
بیج	″	صر
پوست املتاس	″	۴ر
طباشیر	″	صر
مازو پھل	″	صر
تیزپات	″	عص ۸ر
پیپلی	″	صر
موم	″	صر
بال ہرڑہ	″	صر
لاکھ کاڑی و دانہ	″	صر
مروڑ پھلی	″	صر
گیرو برآمد	″	۴ر
″ درآمد	″	صر

بول	برقیمت فیصد	صہ/
ابرک برآمد	"	للعہ/ ۸
" درآمد	"	صہ/
آہک	"	صہ/
سیکاکائی	"	صہ/
ڈکے مالی	"	صہ/
ناگرموتھ	"	صہ/
زرد آلو و آلوے خشک	"	عہ/
میدہ لکڑی	"	صہ/
باونچی	"	صہ/
بیل پھل	"	صہ/
پچناگ	"	صہ/
چربی	"	عا/ ۸
شورہ	"	صہ/
انگشت برائے تیاری باروت	"	صہ/
انگشت برائے روشن کردن آتش	"	صہ/
گوسفنداں	فی صدراس	معہ/ ۸
روغن زرد	فی پلّہ	عہ
مسکہ	"	ہلے

تمر ہندی	فی پلّہ	۶/
زرد چوب	"	عا/
شکر بورہ وسفید	"	عہ/ ۱۲
شکر براون یعنی میلی	"	عہ/ ۸
شکر سُرخ	"	عہ
شیرۂ گُڑ	"	عہ
قند سیاہ یعنی گرط	"	عہ
بنات یعنی مصری برآمد	"	للعہ/ ۸
" " درآمد	"	صہ/
شہد	"	عا/ ۸
خرما (کھجور)	"	عا/
نارجیل خشک	"	عہ/ ۸
" " تر	برقیمت فیصد	صہ/
کھوپرہ	"	عا/ ۸
چرپی خالص	"	صہ/
" بلادر	"	صہ/
ولایتی مونگ	"	۶/
چوب برائے تیاری نیام	"	صہ/
بانسہ ساگوانی درجہ اوّل و دوم برآمد	فی عدد	۱/

عملہ مکانات کہنہ	برقیمت فیصدی	صہ ر	عناب	″	صہ ر
انچور	″	صہ ر	بہی دانہ	″	صہ ر
کھڑی	″	صہ ر	پپلا موڑ	″	صہ ر
دار چینی وکٹریا	″	صہ ر	سنا مکی	″	صہ ر
مرچ سیاہ	″	صہ ر	خوب کلاں	″	صہ ر
سونٹھ	″	صہ ر	ریوند چینی	″	صہ ر
زیرہ سیاہ	″	صہ ر	پاپڑ کھار	فیصد قیمت	۱۲ر
کباب چینی	″	صہ ر	پھٹکری	″	صہ ر
خشخاس	″	صہ ر	کھاری یعنی نمک سیاہ	″	عہ ر
پوست خشخاس	″	صہ ر	″ چوڑ	″	۶ر
بابرنگ	″	صہ ر	″ سندھ	″	۴ر

(ب) محصول درآمد

وہ اشیاء جن پر صرف درآمد کا محصول لیا جاتا ہے :-

نقرہ وزیور نقرہ معہ سکہ غیر مروجہ	برقیمت یکصد	صہ ر	بادام	فی پلہ	۱۲ر
			اخروٹ	برقیمت یکصد	صہ ر
ولایتی شراب	″	صہ ر	کشمش	″	صہ ر
پٹرسی وبرنجی	″	صہ ر	منقے	″	صہ ر
میوہ تر معہ آم پیدائشی	″	صہ ر	الائچی	فی آثار	۹/۶ر

قرنفل ثابت	برقیمت یکصد	صہ
قرنفل چورہ	"	صہ
جوتری	"	صہ
جائے پھل	"	صہ
کتھ	"	صہ
مشک	"	صہ
زعفران	"	صہ
کھار یعنی نمک لاہوری	"	عہ ۸
رس سیندور	"	صہ
سنگ زیرہ	"	صہ
سون گیرو	"	عہ ۸
ہرمز از قسم گیرو	"	عہ ۸
ملہٹی	"	صہ
سیستاں	"	صہ
سلارس	"	صہ
ایلوہ	"	صہ
گندہ بروزہ	"	صہ
گوگل	"	صہ
ہاموف	"	صہ

ہیراکس	برقیمت یکصد	صہ
سفیدہ	"	صہ
سیندور	"	صہ
مردار سنگ	"	صہ
سیماب	"	صہ
گندھک	"	صہ
ہرتال سفید	"	صہ
ہرتال سیاہ	"	صہ
امسول یعنی کوکم	"	۸ر
سُنبل	"	عہ ۸ر
نیلا تھوتھہ	"	صہ
شنگرف وڈلی	"	صہ
" سائیدہ	"	صہ
ریشم پیدائشی ملک قیصری قسم اول معہ ٹسر	"	صہ
" " دوم	"	صہ
" " سوم	"	صہ
" " چہارم	"	صہ
جواہر ہمگی اقسام معہ مروارید	"	عا ۸ر
مرصع جواہر	"	عا ۸ر
زیور طلا و ہارہائے اشرفی و تتلیاں برقیمت فیصد		عہ

طلا و اشرفیاں و گنیاں غیر مروجہ	برقیمت فیصد	عہ
قلعی	″	صہ؍
سرب یعنی سیس	″	۱۲؍
آنبہ ہلدی	″	صہ؍
نمک خوردنی (بموجب دستور العمل)	″	؍
کھار پیدائشی سونار	″	؍
نمک جو چمڑے پر لگایا جاتا ہو	″	عہ؍
کافور	″	؍
مغز پستہ	″	صہ؍
باردانہ جو بغرض فروخت لایا جائے	″	صہ؍
سیندھی جبکہ چھاؤنی سکندرآباد میں درآمد کیجائے۔	فی سبوچہ ۲۰ سیر	۲؍
خام ہاتھی دانت	برقیمت فیصد	صہ؍
بوریہ	″	صہ؍
کچرا روئی	″	صہ؍
آنت خشک	برقیمت فیصد	صہ؍
سرسن	″	صہ؍
صابون دیسی ملک سرکار عالی کپڑے دھونے کیلئے	″	۸؍
آہن معہ شیخ پٹہ لوہے کی سلاخ	″	صہ؍
خشت و سفال	″	صہ؍
تخم پنبہ	فی راس یعنی پلہ	۳؍
سنلی	برقیمت فیصدی	صہ؍
سن سن و نارجیل و تاڑ	″	صہ؍
موسل چوبی	″	صہ؍
ڈھولک	″	صہ؍
اگربتی	″	صہ
بلاور	″	صہ؍
سنگ آسیہ باغراض تجارت	″	صہ؍
ٹاٹ پٹی	″	صہ؍

(ج) محصول برآمد

وہ اشیاء جن پر صرف برآمد کا محصول لیا جائے گا:-

مکائی	فی راس	۱۲؍
غلہ جملہ اقسام	فی راس	۸؍

باجرہ فی راس ۱۰ ار
نانک رام چاول " ۸ ار
پھٹانے مُرمُرے " ۱۲ ار
بٹانہ " ۱۲ ار
اُردہ بمہ اقسام غلہ " ۸ ار
گندم " ۶ ار
میوہ تر مثل آم پیدایشی ملک گرعاے " صہ ر
چوبینہ موٹھ " ۱۰ ار
" مہاونٹ برقیمت فیصد صہ ر
" ونٹا " صہ ر
" داپٹ " صہ ر
" سرمندم " صہ ر
دولکھ " صہ ر
ونٹھ " صہ ر
کڑی " ار
کلچی فی بنڈی ۸ ر
موگرہ برقیمت فیصد صہ ر
سلیپر " صہ ر
چوبینہ چوپہلو " صہ ر

پشمینہ فی راس ۱۲ ار
سیندھی فی سبوچہ ۴۰ سیر ۶ ر
برآمد مرچ خشک برقیمت یکصد صہ ر
برآمد اون " صہ ر
ولایتی مونگ چھلکہ دار فی راس عہ ر
" بلا چھلکہ ۱۲ ار
برآمد بنولہ " ۳ ار
جوار " ۸ ر
زرد " ۸ ر
تخم ارنڈی " ۱۲ ار
ولایتی مونگ چھلکہ دار " ۸ ر
" " " ۱۲ ار
نانک رام چاول ۱۲ ار
برگ تیندو بجستانی راس ۵ قیمت قرار دیگر ۸ ر
پوست ترور " ۸ ر
تل ورام تل " عم
سینگہاے جاموو گاؤمیش برقیمت فیصد صہ ر
چوب سنگ " صہ ر
سرنج " صہ ر

ہررہ چہاری برقیمت فیصد ۱۲ ر
کسم " صہ ر
تخم انباڑہ " صہ ر
پوست ببول " صہ ر
بھوسہ گندم، نخود، تورہ صہ ر

(د) اشیاے معافی

وہ اشیاء جنپر درآمد وبرآمد دونوں حالتوں میں محصول معاف ہے:۔
سکہ جات طلا ونقرہ مروجہ سرکار عالی وقیصری
مرادی وخرمہرہ
کتب ونقشہ جات قلمی وچھاپہ
کاغذات ردی
پارچہ مستعملہ
اشیاء ہمراہی مسافرین
کروڑہ سوتی وزنار
سبز سیندھی وسنبھالو
غلہ افشاں یعنی سوپ وغربال ساختہ ٹیگی
نارجیل خالی براے حقہ ہاے مردو چلم گلی
چاک ہاے بنڈی بلاٹیہ

ہیزم سوختنی۔
ترکاری و سبز ہمہ اقسام معہ گل تازہ
خوشہ ہائے مکائی ۔ چردہ برنج ۔ راجگرہ
پیاز ۔ لہسن ۔ چوڑ باریک کھار ۔ پلاس پاپڑہ
کالی زیری ۔ تخم میتھی ۔ آنولہ ۔ تخم پیاز
تخم تربوز ۔ تخم خربوزہ ۔ تخم خرفہ ۔ تخم خیار
تخم کدوے سفید
برگ تاڑہ
برگ سیندھی ۔ کاہ سبز و خشک و کڑبی
چھڑی سبنھالو
جاروب
کھیرہ
کوکو
ریتی۔
سنگ سلپہ و گنڈے
پتھر کے کونڈے ۔ رتالو ۔ پھل ٹیمرنی
پترونی و ڈوپے (پتوں کے کٹورے)
باردانہ جو مال بھرنے کیلئے لایا جاتا ہے نہ کہ فروخت کی غرض سے
کو بلو ساختہ ملک سرکار عالی

آلات شیر کشی اور ان کے پرزے جو بجز شیر کشی
کسی اور کام میں استعمال نہ ہوتے ہوں ۔
بچھڑے ہمراہ گاو یا بھینس عمرہ اندرون یکسال
بچہ بز ہمراہ بز اندرون عمر سہ ماہ ۔
پتے و جڑیاں ہمہ اقسام ۔
دہی
جنگلی میوہ
میوہ تر برائے استعمال ذاتی ۔
تمر ہندی خام
تخم ترکاری و درختہائے میوہ
ترکاری کے گڈے بجز آلو ۔
مٹی ۔

معافی در آمد

اشیائے ذیل محصول در آمد سے مستثنیٰ ہیں:۔
(الف) رنگ و دباغت چرم کی اشیا یعنی
(۱) ہمہ اقسام کے نباتاتی و جماداتی رنگ
چھالیں جڑیں وغیرہ جو سوت
ریشم وغیرہ کے رنگنے میں استعمال
کیجائیں ۔

نوٹ :۔ مذکورہ صدر معافی میں اشیار ذیل شامل نہ ہونگی ۔

(۱) ہینس ۔ وارنش، ڈسٹمپرٹس، ہلدی، کہتہ گیرو،

(۲) رنگ، نباتاتی اشیا اور نمک (کروم سالٹ) جو چمڑوں اور کھالوں کے دباغت اور رنگنے میں استعمال کیجاتی ہیں ۔

(ب) تانبے اور پیتل کے ڈلے اور چادریں خواہ کسی شکل میں درآمد ہوں نیز فلزات کے شکستہ ٹکڑے ۔

(ج) خام لوہا یعنی ڈلے ۔ چادریں اور پٹے

(د) سیسہ ۔ ٹین ۔ جست یا الومنیم کے ڈلے اور چادریں خواہ کسی شکل میں درآمد ہوں نیز فلزات کے شکستہ ٹکڑے مگر نالی دار لوہے کے پتر اسمیں شامل نہ ہونگے ۔

(ھ) گوشت تازہ

(و) چوبی دگونڈہ

(ز) تخم درختہائے گل و آرائشی درخت و پودے کے تخم و گڈے

(ح) پکی اینٹ و مٹی

(ط) مطبوعہ کارڈ جو بغرض فروخت درآمد ہوں

(ی) تخم سن

معافی برآمد

اشیائے ذیل محصول برآمد سے مستثنیٰ ہو،

(الف) روغن ہا ہمہ اقسام یعنی

(۱) جنگلی ضمیمہ (الف میں صراحت ہے)

(۲) دیگر تمام روغن

(ب) دباغت یا قماش شدہ جانوروں بکریوں مینڈھوں کے چمڑے جنہیں ایسے چمڑوں کی کترن بھی شامل ہوگی نیز جنگلی جانوروں کے دباغت یا قماش شدہ چمڑے ۔

(ج) جملہ مصنوعات ملکی خواہ دستی ہوں یا مشین کے بنائے ہوے ہوں ۔

ممالک محروسہ کی موقوعہ گرہنوں کے مصنوعات کو بھی محصول برآمد سے معاف کیا گیا ہے ۔

(د) میوہ تر کے درخت و پودے ۔

تاریخی حالات

ہندو دور حکومت

دکن ملک ہندوستان کا سب سے پہلا آباد حصّہ مانا جاتا ہے لیکن قدیم ترین زمانہ کی تاریخ کا پتہ نہیں چلتا۔ البتہ چند قبور شکستہ یہ نشان دے رہی ہیں کہ جو قوم یہاں آباد ہوگی وہ تمدّن سے خالی نہ ہوگی۔ یوروپین سیاح اور ماہرین آثار قدیمہ کا خیال ہے کہ یہ لوگ اپنے مُردوں کو بڑے تزک و احتشام کے ساتھ دفن کرتے تھے۔ کتابوں میں سب سے پہلا ذکر اس خطّہ کا رامائن میں ملتا ہے جسمیں اسے صحرا ڈنڈکا کے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔ تاریخ یہاں کی اندھرا قوم کی بادشاہت سے شروع ہوتی ہوتی ہے جسکا ذکر چندر گپت موریہ کے درباری سفیر میگا ستھنیز نے کیا ہے۔ اور بتایا ہے کہ اس حکومت میں ۳۰ شہر پناہ والی اور بہت سی بغیر شہر پناہ والی آبادیاں تھیں۔ یہاں کے بادشاہ کی فوج میں ایک لاکھ پیادے دو ہزار سوار اور ایک ہزار ہاتھی تھے۔ بعد کو اس خطّہ زمین کی حکمران قوم اشوک بادشاہ کے زیر نگیں ہوگئی جسکی تصدیق ایک سنگی منارہ سے ملتی ہے جو ضلع رائے پور میں دستیاب ہوا ہے۔ اور یہی ایک منارہ ایسا ہے جسمیں اشوک کا ذکر اُسکا نام لیکر کیا گیا ہے۔ باقی ہندوستان کے دوسرے حصّوں میں جو منارے دستیاب ہوئے ہیں اُنمیں اشوک کا نام نہیں ہے بلکہ اسکے لئے پیادا داسی وغیرہ کے الفاظ ہیں ۲۳۶ء میں اندھرا کا خاندان بالکل تباہ ہوگیا اور اسکے

بعد پھر تین سو سال تک یہاں کی تاریخ کا پتہ نہیں چلتا۔ جب تک کہ چلوکیہ خاندان کے پہلے تاجدار۔ پولاکیسین اوّل نے اپنی حکومت نہیں قایم کی۔ پولاکیسین دوم کے دور میں حکومت دکن کو بہت عروج ہوا اور شاہ ایران خسرو دوم سے اسکے سفارتانہ تعلقات قایم ہوئے۔ اور سلطنت کے حدود اتنے وسیع ہو گئے کہ ایک بادشاہ کیلئے اس کا انتظام مشکل ہو گیا چنانچہ مشرقی حصّہ سلطنت پر اس نے اپنے بھائی کو نائب بنایا۔ پولاکیسین دوم کا دارالسلطنت وتاپی تھا جو اب ضلع بیجاپور میں ہے اور اسکے بھائی نے اپنا مستقر پتھاپورم بنایا۔ یہ آخری سلطنت پہلی سلطنت سے زیادہ مدّت تک قایم رہی۔ غارہائے اجنٹہ کی صناعیاں چلوکیہ دور حکومت کے عروج کی غیر فانی یادگار ہیں اور اعلیٰ حضرت سرکار نظام نے ان کی بقاو حفاظت کا بہترین اہتمام کیا ہے اور ہزار ہا روپیہ کی لاگت سے ان کی مرمت و پختگی کیگئی ہے۔

سنہ ۷۵۳ء میں چلوکیہ خاندان کا دور ختم ہوا اور راشٹرکت خاندان کے ایک امیر نے اسے شکست دیکر اپنی حکومت قایم کی۔ راشٹرکت خاندان کا سب سے ممتاز حکمران کرشن اوّل تھا جسکی غیر فانی یادگار غارہائے ایلورہ میں کیلاس کا مندر ہے جو اُس زمانہ کی صناعی کا نہایت قابل قدر نمونہ ہے۔

سنہ ۹۷۳ء میں چلوکیہ خاندان کے امیر نے راشٹرکت خاندان کے فرمانروا کو شکست دیکر پھر چلوکیہ خاندان کی حکومت قایم کی۔ جو سنہ ۱۱۵۶ء تک قایم رہی۔ اور متعدد عالیشان مناور اپنی یادگار چھوڑ کر اپنے ایک فوجی سردار کے ہاتھوں زوال پذیر ہوئی۔ اس فوجی سردار نے کلاچوری خاندان کی بنیاد ڈالی۔ لیکن سنہ ۱۱۸۳ء میں چلوکیہ خاندان نے پھر معرکہ جیتا اور کلاچوری خاندان کو فنا کیا۔ تاہم اب انہیں اتنی

قوت نہ تھی کہ ایک وسیع سلطنت کو قابو میں رکھ سکیں اسلئے یہ سلطنت تین حصّوں میں منقسم ہوگئی۔

ایک حصّہ یادو خاندان کے زیرنگیں تھا جسکا دارالسلطنت دیوگیری (دولت آباد) تھا جسکے آخری فرمانروا رام چندر کے زمانہ میں (سنہ ۱۲۵ء تا سنہ ۱۳۰۹ء) علاء الدین خلجی نے دکن کو فتح کر لیا۔

دوسرا حصّہ ہویسلا خاندان کے ہاتھ لگا، جو میسور میں حکمراں ہوا اور سنہ ۱۳۴۶ء میں مسلمان فاتحوں نے اس حکومت کو زیر کیا۔

تیسرا حصّہ کاکتیا خاندان کے قبضہ میں آیا۔ اس خاندان کے ممتاز حکمران پرتاپ رودر دیو گنپتی رودر دیو تھے جنکی اکثر یادگاریں اسوقت قایم ہیں۔ خاصکر ہنمکنڈہ کا مندر اور ورنگل کا قلعہ۔ اس خاندان کا آخری تاجدار پرتاپ رودر دوم تھا جس نے صرف دو سال حکومت کی اور سنہ ۱۲۹۲ء میں اسکی سلطنت مسلمان فاتحوں کے ہاتھ میں آگئی۔

اسلامی حکومت

اسلامی دور میں سب سے پہلا حملہ دکن پر سنہ ۱۲۹۲ء میں علاء الدین خلجی نے کیا جو اپنے چچا جلال الدین خلجی شہنشاہ دہلی کی طرف سے بدایوں اور اودھ کا صوبہ دار تھا۔ ہندو حکمران علاء الدین کے حملہ کی تاب نہ لا سکے اور حکومت دہلی کی اطاعت قبول کر لی۔ چنانچہ محمد تغلق کے زمانہ تک دکن سلطنت دہلی کا ایک باجگذار صوبہ تھا۔ قلعہ قندھار ضلع ناندیڑ کے ایک کتبہ سے پتہ چلتا ہے کہ محمد تغلق کی حکومت

یہاں تک پہونچی ہوئی تھی۔

شاہان بہمنی

حکومت دہلی کے اضمحلال پر دکن میں ایک خود مختار اسلامی حکومت قایم ہوئی۔ جسکا پہلا حکمران سلطان علاء الدین حسن گنگو بہمنی تھا۔ جو سلطان محمد بن تغلق کی ملازمت میں ایک ادنیٰ درجہ سے ترقی کرتے کرتے اس درجہ پر پہونچ گیا۔ جو حکومت اس تاجدار نے ۱۳۴۷ء میں قایم کی وہ بہمنی حکومت کے نام سے مشہور ہے اور جو تقریباً دو صدی تک مملکت دکن میں حکمران رہی۔ اور جسمیں یکے بعد دیگرے ۱۸ بادشاہ ہوئے۔ اور انمیں سے چند بادشاہوں نے اپنے دور میں بہت کافی عروج حاصل کیا۔ خاندان بہمنی کے دوسرے تاجدار محمد شاہ اوّل نے سب سے پہلے دکن میں اپنے نام کا سکّہ جاری کیا اور راجہ تلنگانہ سے قلعہ گولکنڈہ اور ۳۳ لاکھ کا تاوان حاصل کیا۔ بیجانگر کے راجہ سے بھی لڑائی ہوئی لیکن فیصلہ کن فتح فیروز شاہ کے زمانہ میں حاصل ہوئی۔ فیروز شاہ اور ان کے بھائی احمد شاہ ولّی کی حکومتوں میں سلطنت بہمنی کو بہت عروج ہوا۔ احمد شاہ کے زمانہ تک سلاطین بہمنی کا دار السلطنت گلبرگہ تھا لیکن احمد شاہ کے زمانہ میں بیدر دار السلطنت بنایا گیا۔ اور شاہان بہمنی کے آخری دور تک یہی دار السلطنت رہا۔ اس سلطنت کے اعلیٰ ترین عروج کا دور ۱۴۶۱ء سے شروع ہوتا ہے جبکہ نظم ونسق حکومت محمد گاوان وزیر اور نظام شاہ کی والدہ ماجدہ کے ہاتھوں میں تھا نظام شاہ کی حکومت صرف دو سال رہی اور اس کے بعد ان کے بھائی محمد شاہ ثالث تخت نشین ہوے جنھوں نے بادشاہ بیگم اور وزرائے سابق کے ہاتھوں

بدستور اختیارات نظم ونسق سپرد رکھے۔ محمد شاہ ثالث کی تعلیم وتربیت خواجہ جہان وزیر سلطنت کی زیر نگرانی ہوئی جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ علوم وفنون میں فیروز شاہ کے بعد محمد شاہ ثالث کا مدمقابل شاہان بہمنی میں کوئی نہ تھا۔ دوسرے وزیر سلطنت محمد گاوان بھی علوم وفنون اور تدبر اور حسن انتظام میں یکتائے روزگار تھے اور بیدر کا مدرسہ اور بعض دیگر یادگاریں ان کے دور وزرات کی آجتک زندہ ہیں۔ اس دور میں سلطنت بہمنی کی وسعت ہمیشہ سے زیادہ ہوگئی اور اسکی مشرقی اور مغربی حدیں ساحل سمندر سے ملگئیں۔ اسی کے ساتھ ملک کا انتظام مالی مضبوط بنیاد پر قایم کیا گیا اور عدالت و تعلیم وغیرہ کے بہترین انتظامات عمل میں آئے۔ ۱۴۸۲ء میں محمد گاوان کو ایک رقیب امیر نے قتل کردیا اور اس کے تھوڑے ہی دن بعد محمد شاہ ثالث نے بھی انتقال کیا جسکے بعد حکومت بہمنی کا شیرازہ بکھرنے لگا۔ آخری دور میں امیر برید نے یکے بعد دیگرے کئی بادشاہ اس خاندان کے تخت پر بٹھائے اور اُتارے اور ۱۵۲۶ء میں کلیم اللہ شاہ آخری تاجدار کی برائے نام چند روزہ حکومت کے بعد اس خاندان کا خاتمہ ہوگیا اور اسکی سلطنت پانچ حصّوں میں تقسیم ہوگئی۔

(۱) عماد شاہی حکومت برار

سلطنت بہمنی کے زوال پر دکن میں جو پانچ خود مختار حکومتیں قایم ہوئیں انمیں سے ایک مُلک برار کی عماد شاہی حکومت تھی جسکا دارالسلطنت ایلچ پور تھا۔ اس سلطنت کا بانی فتح اللہ عماد شاہ تھا جو سلطنت بہمنی کا ایک عہدہ دار تھا۔ آخری حکمران اس خاندان کا برہان شاہ تھا جسکے بعد ایک غاصب کے ہاتھ میں حکومت چلی گئی اور اسی

غاصب کے زمانہ میں اس ملک کو احمد نگر کے حکمران نے فتح کر کے اپنی سلطنت میں شامل کر لیا۔ عماد شاہی حکمرانوں کا دور ملک برار میں ۱۴۸۵ء سے ۱۵۶۸ء تک رہا۔

(۲) عادل شاہی حکومت بیجاپور

دوسری حکومت جو سلطنت بہمنی کے زوال پر پیدا ہوئی وہ بیجاپور کی عادل شاہی حکومت تھی جسکا بانی یوسف عادل شاہ تھا اور جسکا ممتاز ترین حکمران علی عادل شاہ اوّل تھا جسکے زمانہ میں دیگر سلاطین دکن سے ملکر بیجانگر کی حکومت پر حملہ کیا گیا اور جنگ تالی کوٹہ میں فیصلہ کن فتح حاصل کر کے اس قدیم ہندو سلطنت کو دکن کی مسلمان حکومتوں میں تقسیم کر لیا گیا۔ علی عادل شاہ کے جانشین ابراہیم شاہ ثانی کے زمانہ میں علوم وفنون کا خوب چرچا ہوا اور بعض قابل یادگار عمارتیں تیار ہوئیں جنمیں سے گول گنبد کی عمارت آج بھی باقی ہے۔ علی عادل شاہ ثانی اس خاندان کا آخری تاجدار تھا جسکے زمانہ میں سیواجی نے علم خودمختاری بلند کیا اور عادل شاہی سرلشکر افضل خاں کو دہوکہ سے قتل کر کے اسکی فوج کو تاخت تاراج کر دیا۔ اور ۱۶۸۶ء میں اورنگ زیب شہنشاہ دہلی نے بیجاپور کو فتح کر کے سلطنت مغلیہ میں شامل کر لیا۔ بیجاپور میں عادل شاہی حکمرانوں کا دور ۱۴۹۰ء سے ۱۶۸۶ء تک رہا۔

(۳) برید شاہی حکومت بیدر

تیسری حکومت بیدر کی برید شاہی حکومت تھی جو محمد شاہ بہمنی کے ایک

وزیر قاسم برید نے ۱۴۹۱ء میں قایم کی۔ بیدر شاہان بہمنی کا دارالسلطنت تھا اور جب اس سلطنت کے حصے بخرے ہوگئے تو اس کے ایک وزیر نے خود دارالسلطنت اور اُسکے ملحقہ علاقوں پر اپنا قبضہ جمایا اور بریدشاہی سلطنت کی بنیاد رکھی جو ۱۶۰۹ء تک قایم رہی۔ ۱۶۰۹ء میں اسکے آخری تاجدار امیر برید شاہ ثانی کی وفات پر بیدر کو حکمران بیجاپور نے فتح کرکے اپنی سلطنت میں شامل کرلیا۔

(۴) نظام شاہی حکومت احمد نگر

چوتھی سلطنت احمد نگر کی نظام شاہی حکومت تھی جو ۱۴۹۰ء میں احمد نظام شاہ بحری نے محمد شاہ بہمنی دوم کو شکست دیکر قایم کی۔ اس خاندان کی ممتاز ترین ملکہ چاند بی بی تھی جس نے شہنشاہ دہلی کی افواج سے نہایت بہادری کے ساتھ مقابلہ کیا اور قلعہ احمد نگر کی بذات خود مدافعت کی لیکن اس مدبّرہ ملکہ کو خود اسکی فوج کے لوگوں نے قتل کردیا اور احمد نگر پر سلطنت مغلیہ کا قبضہ ہوگیا۔ لیکن کچھ دنوں کے بعد ایک حبشی امیر ملک عنبر نے پھر نظام شاہی حکومت کا علم بلند کیا اور ۲۵ سال تک اسے مغل افواج سے بچائے رکھا۔ ۱۶۲۶ء میں ملک عنبر نے انتقال کیا اور اس کے بعد ہی احمد نگر کی سلطنت کو شاہزادہ اورنگ زیب نے فتح کرکے سلطنت مغلیہ میں شامل کرلیا اور اپنے باپ شاہ جہاں کی طرف سے یہاں بطور صوبہ دار حکمرانی کرتا رہا۔ احمد نگر میں نظام شاہی حکومت ۱۴۹۲ء سے ۱۶۳۲ء تک رہی۔ اور اسکا آخری تاجدار حسین نظام شاہ تھا۔

(۵) قطب شاہی حکومت گولکنڈہ

پانچویں سلطنت قطب شاہی سلاطین گولکنڈہ کی تھی جو سلطان قلی قطب شاہ نے قایم کی۔ سلطان قلی ایک ایرانی ترکمان تھے جو سلاطین بہمنی کی ملازمت میں ترقی کرتے کرتے صوبہ تلنگانہ کی صوبہ داری تک پہونچے۔ اور ۱۵۱۲ء میں محمد شاہ بہمنی کی طرف سے اس حصہ ملک کے صوبہ دار تھے جب انھوں نے حکومت بہمنی سے علیحدہ خود مختاری کا علم بلند کیا۔ تاہم اس سلطنت کی برائے نام امارت کو کچھ دنوں بعد تک بھی قبول کرتے رہے۔ حتیٰ کہ ۱۵۱۸ء میں ورنگل کے راجہ سے جنگ ہوئی اور قلعہ گولکنڈہ ان کے ہاتھ آیا۔ اسکے بعد رفتہ رفتہ حکومت ورنگل کا بقیہ حصہ اور کھمامیٹ اور ویل گنڈہ کے قلعے اور کنڈہ پلی، راجہ مندری، ایلور وغیرہ بھی قطب شاہی سلطنت میں داخل ہوگئے اور اس سلطنت کی شمالی سرحد دریاے گوداوری تک پہونچگئی۔ سلطان قلی کو ۱۵۴۳ء میں اُن کے لڑکے جمشید نے قتل کرادیا اور خود مسند حکومت پر بیٹھا۔ جمشید کے انتقال پر تخت کے دعویداروں میں تنازعہ رہا اور آخر کار ۱۵۵۰ء میں ابراہیم قلی قطب شاہ مالک تخت و تاج ہوا اور تیس سال تک نہایت کامیاب حکومت کی حسین ساگر اور بڈویل اور کنکور کے تالاب اور ابراہیم باغ، باغ گلشن اور قصبہ ابراہیم پٹن اسی دور کی ممتاز یادگاریں ہیں۔ ۱۵۸۰ء میں انکی وفات پر محمد قلی قطب شاہ تخت نشین ہوئے جنھوں نے شہر حیدرآباد کی بنیاد رکھی چار مینار، چارکمان اور جامع مسجد کی تعمیر کی انکے دور میں سلطنت قطب شاہی اپنے منتہاے عروج

پر پہونچ گئی۔ حتیٰ کہ انھیں کے دور حکومت میں شاہ طماسپ صفوی شہنشاہ ایران
نے اپنے صاحبزادے شاہ عباس کو ایک سفیر کے ہمراہ گولکنڈہ بھیجا اور محمد قلی قطب شاہ
نے بیش قیمت تحائف کے ساتھ انھیں رخصت کیا۔ محمد قلی قطب شاہ کے بعد انکے
بھتیجے سلطان محمد قطب شاہ تخت نشین ہوے جنکے زمانہ میں ایران سے پھر
سفارت آئی اور شہنشاہ جہانگیر نے اپنے دو سفیر میر مکی اور جادو راو حیدرآباد بھیجے
جنکا اعزاز و اکرام سے استقبال کیا گیا اور پیشکش و تحائف دیکر رخصت کیا گیا۔ سلطان
محمد قطب شاہ کی ایک نمایاں یادگار مکہ مسجد ہے اور انھیں کے زمانہ میں سب سے
پہلی شاہی تاریخ کی کتاب لکھی گئی۔ ان کی وفات پر عبداللہ قطب شاہ سریر آرائے
سلطنت ہوے جنکا زمانہ حکومت تشویش و مصائب میں گذرا۔ حتیٰ کہ مغل افواج
نے دارالسلطنت میں داخل ہوکر خوب تاخت و تاراج کیا۔ شاہان مغلیہ کی
گولکنڈہ کے معاملات میں مداخلت عبداللہ قطب شاہ کے ایک وزیر میر جملہ کی
غداری اور سازش سے شروع ہوئی جسنے اپنے لڑکے کے معاملہ میں شاہنشاہ دہلی
سے امداد چاہی اور اورنگ زیب کے اصرار پر شاہجہاں نے میر جملہ کی حمایت میں
گولکنڈہ پر فوج کشی کا حکم دیا۔ عبداللہ قطب شاہ نہایت ہی سخت شرایط پر
اورنگ زیب سے مصالحت کرنے پر مجبور ہوے۔ ۱۶۷۲ء میں عبداللہ قطب شاہ
نے وفات پائی اور ان کے داماد ابوالحسن تاناشاہ جانشین ہوئے جن کے زمانہ
میں حکومت گولکنڈہ مفتوح ہوکر سلطنت مغلیہ میں شامل ہوگئی اور ابوالحسن تاناشاہ
قلعہ دولت آباد میں قید کردئے گئے اور وہیں وفات پائی۔ قطب شاہی حکومت
گولکنڈہ میں ۱۵۱۸ء سے ۱۶۸۷ء تک رہی۔ اس کے آخری تاجدار ابوالحسن تاناشاہ

کے زمانہ میں انگریز تاجر دکن میں داخل ہوئے اور شاہی فرمان کے ماتحت انکے لئے تجارت میں خاص سہولتیں مہیا کی گئیں۔

گولکنڈہ کی تسخیر کے بعد سارا ملک دکن سلطنت مغلیہ میں شامل ہو گیا اور اس کے آخری دور حکومت تک یہ دہلی کے ماتحت ایک صوبہ رہا۔ اس لئے اس زمانہ کی تاریخ میں دکن کو خاص اہمیت نہیں ہے۔ اس کے بعد اس مملکت کی تاریخ اُسوقت سے شروع ہوتی ہے جب موجودہ فرمانروائے دکن کے جداعلیٰ میر قمرالدین چین قلیچ خاں نظام الملک آصف جاہ اوّل سلطنت دہلی کی طرف سے یہاں کے صوبہ دار مقرر ہوئے اور آخری مغلیہ تاجدار کے زمانہ تک برائے نام دہلی کی حکومت کی طرف سے اسی عہدہ پر ایک خود مختار فرمانروا کی طرح حکومت کرتے رہے۔

خاندان آصفیہ کی تاریخ

میر قمرالدین چین قلیچ خاں آصف جاہ اوّل

میر قمرالدین چین قلیچ خاں آصف جاہ اوّل کا سلسلہ نسب باپ کی طرف سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تک اور ماں کی طرف سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک پہونچتا ہے۔ اسطرح آپ باپ کی طرف سے شیخ صدیقی اور ماں کی طرف سے سید تھے۔ آپ کے دادا عابد علیخاں جو سب سے پہلے شاہجہاں کے دور حکومت میں (۱۶۵۸ء میں) ہندوستان آئے حضرت شہاب الدین

سہروردی رحمۃ اللہ کی اولاد سے تھے اور ہندوستان آنے سے پیشتر آپ قاضی بخارا کے ممتاز اور باوقار عہدہ پر فائز تھے۔ چنانچہ شاہجہاں نے نہایت اعزاز و اکرام کے ساتھ آپ کا استقبال کیا اور خلعت و اعزاز دیکر رخصت کیا۔ چند ماہ بعد جب آپ پھر مستقلاً ترک وطن کر کے ہندوستان آئے تو آپ کو مشیران حکومت کے زمرہ میں شامل کیا گیا اور چھ سال بعد آپ کو اجمیر کی صلہ داری کا عہدہ دیا گیا۔ ۱۶۷۷ء میں آپ ملتان کی صوبہ داری پر مامور ہوئے اور اس کے چار سال بعد آپ کو قلیچ خاں کا خطاب عطا ہوا اور امراے دربار کی صف اول میں جگہ ملی۔ ۱۶۸۱ء میں آپ شہنشاہ اورنگ زیب کے وزیراعظم ہو گئے اور شہنشاہ مذکور کے ہمراہ محاصرہ گولکنڈہ میں شریک رہے اور فوجی قیادت میں غیر معمولی قابلیت کا اظہار کیا۔ اسی محاصرہ میں آپ ایک گولے سے زخمی ہو گئے اور آخری لمحے تک غیر معمولی جرأت و بسالت کا اظہار کرتے ہوئے تیسرے روز انتقال فرمایا۔ آپکی تجہیز و تکفین شاہی اعزاز کے ساتھ ہوئی اور جس مقام پر آپ زخمی ہوئے تھے وہیں آپ کا مقبرہ تعمیر کیا گیا۔

آپ کے انتقال کے بعد شاہنشاہ اورنگ زیب نے آپ کے تمام اعزازات اور عہدہ آپ کے صاحبزادے شہاب الدین خاں پر فائز کئے جنھوں نے بعد کو غازی الدین خان بہادر فیروز جنگ کا خطاب شاہنشاہ سے حاصل کیا۔ شہاب الدین خاں کو خداداد قابلیت اور فضیلت اپنے باپ سے ورثہ میں ملی تھی اور مختلف جنگی معرکوں اور نظم و نسق کے اہم کاموں میں آپنے اسکا عملی ثبوت دیا چنانچہ بہت جلد آپ شہنشاہ اورنگ زیب کے دست راست بن گئے اور

اُن کے ہمرکاب معرکہ آرا رمہمات سرکین اور خطابات اور اعزازات سے سرفراز ہوئے۔ آپ کی شادی شاہجہاں کے نامور وزیر سعداللہ خاں کی لڑکی سے ہوئی تھی۔ اور اسی لڑکی سے دارالسلطنت دہلی میں میر قمرالدین خاں پیدا ہوئے جو بعد کو نظام الملک آصف جاہ بنکر مملکت دکن کے حکمراں ہوئے۔

میر قمرالدین خاں کی پیشانی پر بچپن ہی سے ستارہ اقبال چمکتا تھا اور امراے دہلی میں آپ کو بہت جلد اتنا اقتدار حاصل ہوگیا کہ مدتوں تک آپ تخت و تاج دہلی کے سپر بنے رہے اور ملک کا نظم و نسق آپ کے اشاروں پر چلتا رہا۔ ۱۷۱۲ء میں جہانگیر شاہ ثانی کے دربار میں آپ امراے اوّل کے زمرہ میں داخل ہوئے اور ۱۷۱۳ء میں فرخ سیر کی تخت نشینی پر آپ دکن کے صوبہ دار مقرر ہوئے۔ اور نظام الملک فیرزجنگ کا خطاب عطا ہوا۔ اسی صوبہ داری کے زمانہ میں آپ کو اطلاع ملی کہ دکن کی صوبہ داری پر سید حسین علیخاں کو مامور کیا گیا ہے چنانچہ آپ شاہی حکم کی مزاحمت کئے بغیر دہلی واپس آگئے اور مراد آباد کی صوبہ داری پر مامور ہوئے۔ ۱۷۱۸ء میں آپ کو پھر دہلی واپس بلایا گیا اس کے ایک سال بعد فرخ سیر کا دور حکومت ختم ہوا اور سیدوں نے محمد شاہ کو تخت دہلی پر بٹھایا تو میر قمرالدین چین قلیچ خاں وزیر اعظم مقرر ہوئے لیکن دربار دہلی کی حالت بگڑ چکی تھی اور آپ کی اصلاحی کوششوں نے کام نہ کیا۔ بلکہ سازشی امراء نے محمد شاہ کو آپ سے بدظن کردیا جس پر آپ نے وزارت عظمیٰ سے استعفار دیکر پھر صوبہ داری دکن کا عزم کیا۔ یہاں آپ کے جانشیں مبارزخاں نے آپ کی مزاحمت کی اور شنکر کھیڑہ کے میدان میں معرکہ آرائی

ہوئی جسمیں چین قلیچ خاں کو زبردست کامیابی حاصل ہوئی اور آپ فاتحانہ جلوس کے ساتھ حیدرآباد میں داخل ہوے۔ شہنشاہ دہلی نے اس کارگذاری کے صلہ میں آپ کو حکومت دکن تفویض کی اور ایک ہاتھی اور چند بیش قیمت جواہرات تحفہ بھیجکر خطاب آصف جاہ سے سرفراز کیا۔ یہ واقعہ جو خاندان آصفیہ کی خودمختارانہ حکومت دکن کی ابتدا ہے ۱۷۲۴ء میں واقع ہوا۔ اور اس کے بعد سے دہلی کے متعدد انقلابات کے باوجود دکن کی حکومت نظام الملک آصف جاہ کے خاندان میں رہی۔ جسوقت نظام الملک آصف جاہ کو دکن کی حکومت تفویض ہوئی ہے اُسوقت اسکی وسعت موجودہ مملکت آصفیہ سے بہت زیادہ تھی اور دریاے تاپتی کے جنوب میں قریب قریب سارے خاکناے ہند پر حاوی تھی اور نظام الملک اس وسیع مملکت پر نہایت ہی تدبّر و استحکام کے ساتھ حکمرانی کرتے تھے۔ ۱۷۳۷ء میں آپ کو پھر دہلی طلب کیا گیا اور شہنشاہ نے آپ کے صاحبزادے ناصر جنگ کو دکن میں آپ کا جانشین بنایا۔ دو ماہ بعد آپ آگرہ و مالوہ کے صوبہ دار بنائے گئے لیکن نادر شاہ کی آمد کی خبر سُنکر آپ جلد دہلی واپس آگئے۔ نادر شاہ نے امراے دہلی میں نظام الملک کو سب سے زیادہ قابل و صاحب فراست پایا اور آپ کو دہلی کا بادشاہ بنانا چاہا لیکن نظام الملک نے اپنے آقا کی رقابت کسی طرح منظور نہ کی اور شہنشاہ کے ماتحت امیرالامرا کے عہدہ پر قناعت کی۔ اس اثنا میں ناصر جنگ نے دکن میں علم خودمختاری بلند کیا اور نظام الملک بادشاہ کے خلاف اپنے لڑکے کی بغاوت کو بھی گوارا نہ کر سکے اور اس پارہ جگر کو بغاوت کی سزا دینے کے لئے فوراً روانہ ہو گئے۔

اورنگ آباد کے قریب باپ بیٹوں کے مابین جنگ ہوئی اور بیٹا زخمی اور اسیر ہوکر باپ کے سامنے پیش کیا گیا۔ جنھوں نے اسے قلعہ قندھار میں قید کر دیا۔ ۱۷۴۸ء میں آپ نے برہان پور میں انتقال فرمایا اور اورنگ آباد میں شاہ برہان الدین رحمتہ اللہ علیہ کے مزار کے قریب دفن کئے گئے۔ نظام الملک تاریخ کے اس پریشان کن دور میں ممتاز ترین فرد مانے گئے ہیں اور حکومت دہلی کے ماتحت یا مختلف ہندو اور مسلمان تاجدارانِ ہند میں اس پایہ کی دوسری شخصیت نہ تھی۔ چنانچہ اسی اعتبار سے سارے ملک میں جس عزت و وقعت سے آپ کو دیکھا جاتا تھا وہ اس دور کے کسی فرمانروا کو بھی حاصل نہ تھی۔

نظام الملک کی وفات کے بعد آپ کے صاحبزادوں میں حکومت دکن کے لئے کشمکش شروع ہوئی جس میں انگریزی اور فرانسیسی افواج نے بھی حصہ لیا لیکن بالآخر ۱۳ سال کی کشمکش کے بعد ۱۷۶۱ء میں نظام علیخاں کو غلبہ حاصل ہوا اور ۱۷۶۳ء میں وہ سریرآرائے سلطنت ہوئے اور نظام اوّل کے بعد یہی جائز وارث قرار پائے۔

نظام علیخاں نظام الملک آصف جاہ ثانی

نظام علیخاں بہادر آصف جاہ ثانی کا دور حکومت ہندوستان کی تاریخ کا نہایت ہی پرآشوب زمانہ ہے جبکہ دہلی کے تاجدارانِ مغلیہ کا شمع حیات گل ہو رہا تھا اور ان کی وسیع مملکت میں حصہ لگانے کے لئے ملک کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک مختلف قوتیں آپس میں دست و گریباں تھیں۔ اسی

کے ساتھ ملک کے اندرونی معاملات بھی تشویشناک صورت اختیار کیے ہوئے تھے اور خزانہ شاہی کی تنگی ان اثرات پر قابو پانے میں حائل ہو رہی تھی۔ انگریزی فوج کا سالانہ خرچ ادا نہیں ہو رہا تھا اور انگریزوں کے علاوہ دیگر ساہوکاروں کے قرض کی رقم بڑھتی جاتی تھی۔ ایک طرف مرہٹوں کی قوت بڑھ رہی تھی اور دوسری طرف حیدر علی کی فتوحات بڑھتی جاتی تھیں اور نظام الملک کے لئے یہ فیصلہ کرنا دشوار تھا کہ وہ کس کا ساتھ دیں۔ تاہم ۱۷۹۰ء میں انگریزوں سے ایک معاہدہ ہو گیا جیسے نظام علیخان بہادر آخر وقت تک مضبوطی کے ساتھ قایم رہے۔ ۱۷۹۵ء میں کردلہ کے میدان میں نظام علیخان بہادر کو مرہٹوں کے مقابلہ میں سخت شکست ہوئی جس سے اُن کی حکومت کی اندرونی مشکلات میں اور اضافہ ہو گیا لیکن ۱۷۹۹ء میں نظام علی خان بہادر کی افواج کی مدد سے انگریزوں نے ٹیپو سلطان کو شکست دی اور اسکی حکومت کا ایک حصہ انگریزوں اور نظام علیخان بہادر کے مابین تقسیم ہو گیا۔ ۱۳ر جولائی ۱۷۹۹ء کے معاہدہ سے جو ان دو حلیفوں کے مابین ہوا نظام علیخان بہادر کو گونہ سکون حاصل ہوا لیکن اسکے چند ہی سال بعد ۱۸۰۳ء میں چالیس سال کی پر از مشکلات و کشمکش حکومت کے بعد نظام علیخان بہادر نے انتقال فرمایا۔

سکندر جاہ نظام الملک آصف جاہ ثالث

۱۸۰۳ء میں جب سکندر جاہ بہادر آصف جاہ ثالث تخت نشین ہوئے تو ملک کی حالت بہ نسبت پیشتر کے بہت کچھ پرسکون ہو چکی تھی اور اپنے

قابل وزیر میر عالم کی امداد سے سکندر جاہ بہادر نے ملکی نظم و نسق میں بہت کچھ اصلاحیں کیں جو پُرامن زمانہ میں کامیاب و مر سبز ہوئیں۔ ۱۸۰۸ء میں میر عالم کا انتقال ہوا اور سکندر جاہ بہادر نے کچھ دنوں تک وزارت عظمیٰ کے فرائض بنفس نفیس انجام دینے کے بعد میر عالم کے صاحبزادے منیر الملک کو وزیر بنایا لیکن اصل اختیارات وزارت عظمیٰ راجہ چندو لال کو سپرد کئے جنکے زمانہ میں باوجود انتظامی اصلاحات کے حکومت کی مالی دشواریاں بڑھ گیئں۔ حتیٰ کہ ۱۸۲۲ء میں سر چارلس مٹکاف (جو بعد کو لارڈ ہو گئے) کے مشورہ سے چند انگریز حکام کو انتظامات حکومت کی درستی کیلئے بلایا گیا۔ تاہم حکومت پر قرض کا بار اتنا زیادہ ہو گیا تھا کہ اسکی ادائیگی کے لئے شمالی سرکار کا علاقہ ایک کروڑ ساڑھے ۱۶ لاکھ میں انگریزوں کے حوالے کر دیا گیا۔ ۱۸۲۹ء میں سکندر جاہ بہادر نے انتقال فرمایا اور آپ کے صاحبزادے ناصر الدولہ بہادر جانشیں ہوئے۔

ناصر الدولہ نظام الملک آصف جاہ رابع

نواب ناصر الدولہ آصف جاہ رابع نے ۱۸۲۹ء میں تخت نشین ہوتے ہی ملک کے انتظامات میں زبردست تغیرات اور اصلاحات نافذ کیں۔ لیکن سرکاری خزانہ کی حالت اسقدر ابتر ہو چکی تھی کہ کوئی کوشش کارگر نہ ہو سکی اور ۱۸۴۳ء میں راجہ چندو لال نے قرض ادا کرنے اور انگریزی فوج کے سالانہ خرچ کا بقایا دینے اور عمال حکومت اور فوج کی تنخواہیں دینے کے لئے انگریزوں سے ایک کروڑ روپیہ قرض مانگا جسکے عوض میں ۱۷ لاکھ روپیہ سالانہ کی

آمدنی کا ایک حصّہ ملک انگریزوں کے حوالے کرنے پر آمادگی ظاہر کی۔ لیکن یہ معاملہ طے نہ ہوا تھا کہ راجہ چندولال نے پیرانہ سالی کی بنا پر وزارت عظمیٰ سے کنارہ کشی اختیار کی اور کچھ دنوں تک انتظامات میں بہت زیادہ ابتری رہی۔ بالآخر ۱۸۵۳ء میں نواب سراج الملک کی وزارت میں صوبہ برار اور ضلع شولاپور کے متصل سرحدی اضلاع انگریزوں کو دیکر ایک جدید معاہدہ کیا گیا اور قرضوں کی ادائی کیگئی۔ جو علاقہ انگریزوں کو اس معاہدہ کی رو سے ملا اُسکی سالانہ آمدنی پچاس لاکھ روپیہ تھی۔ اسی سال نواب سراج الملک کا انتقال ہوگیا اور ناصرالدولہ بہادر نے آپ کے بھتیجے سالار جنگ اوّل کو وزیراعظم بنایا جنکی عمر اسوقت صرف ۱۸ سال کی تھی اور جنھوں نے اپنے حسن انتظام اور قابلیت سے آگے چلکر کافی نام و نمود حاصل کیا آپ نے ہر شعبہ حکومت کے انتظامات میں اصلاح کی اور سارا نظام زمانہ حال کی متمدن حکومتوں کے نمونہ پر قایم کیا۔ ۱۸۵۷ء میں ناصرالدولہ بہادر نے انتقال فرمایا اور افضل الدولہ بہادر آپکے جانشین ہوئے۔

نواب ناصرالدولہ بہادر کے زمانہ کے دو واقعات خاص طور پر قابل ذکر ہیں جنسے خاندان آصفیہ کے روایاتی جذبات وفاداری کا اظہار ہوتا ہے۔ ایک واقعہ تو یہ ہے کہ ناصرالدولہ بہادر نے اپنے ایک ملازم خاص سے کہا تھا کہ میری سب سے بڑی تمنا یہ ہے کہ جسطرح تو میرے سامنے دست بستہ کھڑا رہتا ہے اسی طرح میں دہلی میں اپنے آقا کے سامنے کھڑا ہوں۔ دوسرا واقعہ یہ ہے کہ وارن ہیسٹنگز گورنر جنرل ہندوستان نے شاہان دکن و لکھنؤ سے کہا کہ وہ ہز مجسٹی کا

لقب اختیار کر لیں۔ چنانچہ شاہ اودھ نے ایسا ہی کیا لیکن ناصر الدولہ بہادر نے جواب دیا کہ میں اپنے آقا شاہنشاہ کے برابر کا لقب نہیں اختیار کرسکتا۔

سر افضل الدولہ نظام الملک آصف جاہ خامس

نواب افضل الدولہ بہادر کی تخت نشینی ایسے وقت میں ہوئی جبکہ ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں فتنہ و فساد کی آگ بھڑک رہی تھی اور شمالی ہند کے غدر کے اثرات دکن میں بھی نفوذ کر رہے تھے اگر افضل الدولہ بہادر نے اس سیلاب کا ساتھ دیدیا ہوتا تو آج ہندوستان کی تاریخ کا رخ دوسرا ہوتا لیکن درحقیقت ہندوستان میں انگریزی حکومت کی بقا کا اصلی سبب یہی تھا کہ افضل الدولہ بہادر نے انگریزوں کے ساتھ معاہدوں کو وفاداری کے ساتھ قایم رکھا اور یہی نہیں بلکہ حیدر آباد کی افواج نے غدر کو فرو کرنے میں عملی اور نمایاں حصہ لیا۔ چنانچہ جب غدر فرو ہونے پر ملک کمپنی کی حکومت سے تاج برطانیہ کو منتقل ہوا تو نائب تاج برطانیہ کی طرف سے اس مخلصانہ وفاشعاری کا اعتراف کیا گیا اور بہت سے تحائف اور اضلاع شوراپور و رائچور و دھاراسیو بطور ہدیہ انگریزی حکومت کی طرف سے افضل الدولہ بہادر کو پیشکش کئے گئے۔ اور نیز پچاس لاکھ کا قرضہ جو ان کے ذمہ تھا وہ منسوخ کر دیا گیا۔ سنہ ۱۸۶۱ء میں اسٹار آف انڈیا کا تمغہ و خریطہ بھی اسی وفاشعاری کے صلہ میں افضل الدولہ کو تفویض ہوا اور یہ پہلا خطاب تھا جو انگریزی حکومت کی طرف سے فرمانروائے دکن نے قبول کیا۔ اس کے پیشتر تاجداران دکن وہی خطابات اختیار کرتے

تھے جو حکومت دہلی سے عطا ہوتے تھے چنانچہ نظام علی خاں کو چونکہ وہاں سے کوئی خطاب نہیں ملا۔ اسلئے انھوں نے اپنے نام کے ساتھ کوئی خطاب شامل ہی نہیں کیا۔ ۱۲ سال کی حکومت کے بعد اپنی عمر کے ۴۳ ویں سال میں افضل الدولہ بہادر نے ۱۸۶۹ء میں انتقال فرمایا اور آپ کے صغیرسن صاحبزادے میر محبوب علیخاں آپ کے جانشین قرار پائے۔

سر محبوب علیخاں بہادر آصف جاہ سادس

افضل الدولہ بہادر کے انتقال کے وقت آپ کے اکلوتے فرزند میر محبوب علیخاں کا سن صرف ڈھائی سال کا تھا لیکن دستور سلطنت کے بموجب اُسی وقت آپکی رسم تاجپوشی ادا کیگئی اور انتظام حکومت کیلئے سر سالار جنگ بہادر اور نواب شمس الامراء بہادر کو مشترکہ طور پر مختار بنایا گیا۔ نواب شمس الامراء کی وفات پر سر سالار جنگ تنہا مختار رہے اور ۱۸۸۳ء میں جب سر سالار جنگ نے بھی انتقال کیا تو پانچ اراکین کی ایک کونسل بنائی گئی جسکے صدر خود آصف جاہ سادس بہادر اور معتمد سر سالار جنگ بہادر کے صاحبزادے نواب میر لائق علی خاں بہادر سالار جنگ ثانی مقرر ہوے۔ آصف جاہ سادس کی تعلیم و تربیت سر سالار جنگ جیسے عالی دماغ مدبر کی زیر نگرانی ہوئی اور سر سالار جنگ ہی نے آپکو کاروبار حکومت کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ ۱۸۷۷ء کے دربار دہلی میں جبکہ آپکی عمر صرف ۱۱ سال کی تھی آپ نے سر سالار جنگ کی معیت میں شرکت کی اور اپنی عمر کے پندرھویں سال آپ نے سر سالار جنگ ہی کے ہمراہ اپنی مملکت

کا دورہ کیا۔ ۵ رفروری ۱۸۸۴ء میں جب آپکی عُمر اٹھارہ سال کی ہوئی تو آپ کو پورے اختیارات کے ساتھ زمام حکومت تفویض ہوئی اور یہ رسم خود نائب تاج برطانیہ لارڈ رپن، گورنر جنرل ہند نے اپنے ہاتھوں سے انجام دی۔ یہ دن مملکت حیدرآباد کی تاریخ میں خاص اہمیت رکھتا ہے اسلئے کہ اس روز سب سے پہلی مرتبہ وائسرائے و گورنر جنرل ہند نے حیدرآباد میں قدم رنجہ فرمایا اور میر محبوب علیخاں پہلے فرمانروائے دکن تھے جنھیں ملکہ معظمہ کے نائب نے بہ نفس نفیس مسند نشین کیا۔ اور اس موقعہ پر ایک پُرجوش تقریر کی جسمیں نوجوان فرمانروا کی ذات سے بہت سی توقعات وابستہ بتائی گئیں۔ ان توقعات کو اعلیٰ حضرت غفران مکان نے بڑی حد تک پورا کیا اور کیوں نہ ہوتا اسلئے کہ جو مدبرین اور نامور امرا آپ کے گرد و پیش رہے وہ آجتک ہندوستان کے گرانمایہ افراد میں شمار ہوتے ہیں اور خود اعلےٰ حضرت کی خداداد ذہانت و قابلیت اور اعلےٰ کیریکٹر نے اس بیش بہا صحبت سے پورا پورا فائدہ اُٹھایا۔ چنانچہ اس دور میں حکومت کے ہر شعبہ میں اصلاح کیگئی۔ اور عدالت، تعلیم، پولیس، ذرایع آبپاشی وغیرہ کی توسیع اور نظم جدید پر وافر رقوم خرچ کیگئیں۔ لیکن اسکے باوجود بھی خزانہ شاہی کی پس انداز رقوم میں غیر معمولی اضافہ ہوتا رہا۔

ان اصلاحات ملکی کے ساتھ ساتھ اعلیٰ حضرت غفران مکان کے تعلقات موالات برطانوی حکومت سے بھی بڑھتے گئے اور جب ہندوستان کی شمال مغربی سرحد پر روسی حملہ کا خطرہ دامنگیر ہوا تو فرمانروائے دکن نے ساٹھ لاکھ روپیہ نقد سے حکومت برطانیہ کی امداد کی اور اسی طرح ۱۸۸۵ء میں جنگ مصر کے موقعہ پر حیدرآباد کی افواج کی خدمات فیاضی کے ساتھ پیشکش کیگئیں۔

اعلیٰحضرت غفران مکان اپنے زمانہ کی ایک بے نظیر ہستی تھے اور آپکی ہردلعزیزی کا یہ عالم تھا کہ آجتک حیدرآباد کے لوگ "محبوب بادشاہ" کے نام پر آبدیدہ ہوجاتے ہیں۔ رعایا کا درد آپکے دل میں اتنا تھا کہ آپ راتوں کو بھیس بدلکر انکی تکالیف معلوم کرنے نکلا کرتے تھے۔ اور آپکی فیاضی کا یہ عالم تھا کہ جو شخص آپ کے پاس پہونچ جاتا وہ نہال ہوکر واپس آتا۔ اسی کے ساتھ آپکے مجاہدات نفسی اور سانپ کے زہر کو دور کرنے کی صلاحیت آپ کو زمرہ کاملین میں شامل کرتی ہیں۔ حقیقت یہ ہے اس کیریکٹر اور اعلیٰ دل و دماغ کی شخصیت اس دور میں کوئی دوسری ہندوستان کے اندر نظر نہیں آتی تھی۔

۳۱ اگست سنہ ۱۹۱۱ء کو آپ نے مرض فالج میں دفعتہً انتقال فرمایا اور موجودہ فرمانروائے دکن اعلیٰحضرت میر عثمان علیخاں بہادر اُسی روز آپکی جگہ سریرآرائے سلطنت دکن ہوئے۔

اعلیٰحضرت میر عثمان علی خان بہادر آصف جاہ سابع

اعلیٰحضرت میر سر عثمان علیخان بہادر موجودہ فرمانروائے دکن کی عمر تخت نشینی کے وقت ۲۵ سال کی تھی اور چونکہ آپکی ابتدائی تعلیم و تربیت ایک شفیق باپ کے سایۂ عاطفت میں ہوئی تھی اسلیے زمام حکومت ہاتھ میں لینے سے پہلے ہی آپ نظم و نسق کی تفصیلات سے واقف ہوچکے تھے اور اپنی خداداد ذہانت و قابلیت سے اس ابتدائی تجربہ کا بہترین نفع حاصل کیا تھا۔ چنانچہ تخت سلطنت پر متمکن ہوتے ہی ایک طرف تو آپ نے حکومت برطانیہ کو اپنی خاندانی وفاشعاری کا یقین دلایا

اور دوسری طرف اپنی رعایا کو اطمینان دلایا کہ انکی فلاح وبہبود ہمیشہ آپ کے پیش نظر رہیگی - چنانچہ بعد کے واقعات نے ثابت کر دیا کہ ان دونوں وعدوں میں آپ ثابت قدم رہے - اور لارڈ ہارڈنگ نے اور ایک سے زیادہ انگریز ریزیڈنٹوں نے اسکا مختلف مواقع پر علانیہ اعتراف کیا - حکومت برطانیہ کے ساتھ وفا شعاری کا بہترین ثبوت دوران جنگ یورپ میں دیا گیا جبکہ مملکت حیدر آباد کے فوجی، مالی اور مادی وسائل دریا دلی کے ساتھ حکومت برطانیہ کو پیش کر دئے گئے - حیدر آباد کی امپیریل سروس کیولری نے مصر کے معرکوں میں نمایاں خدمات انجام دیں اور اختتام جنگ تک یہ فوج مصر ہی کے محاذ پر رہی - اور اس کے علاوہ فوجی بھرتی میں مملکت حیدر آباد کے اندر پوری مستعدی سے مدد کیگئی - مالی امداد کے ذیل میں اعلیٰ حضرت نے تقریباً دو کروڑ روپیہ سکہ عثمانی نقد چندہ میں اور ڈیڑھ کروڑ سے اوپر انگریزی سکہ جنگی قرضہ میں دیا - ١٩١٨ء میں اختتام جنگ پر اعلیٰ حضرت نے برطانوی حکومت کو ۵۰ لاکھ روپیہ قرض دیکر حکومت ہند کی مالی دشواریوں کو بہت بڑی حد تک رفع کر دیا - اسکے علاوہ حیدر آباد کے سرکاری کارخانوں میں جنگی سامان اور گاڑیاں بکثرت تیار کرا کے جنگ میں بھیجی گئیں جنپر ساڑھے بارہ لاکھ روپیہ حکومت حیدر آباد کا خرچ ہوا - اور چارے کیلئے وسیع آراضیاں بلا لگان کے انگریزی حکومت کے حوالے کر دی گئیں ان فیاضانہ امدادوں کا مسٹر فریزر ریزیڈنٹ نے ایک ضیافت کے موقعہ پر علانیہ اعتراف کیا - اور ملک معظم نے اس کے صلہ میں "اگزالٹڈ ہائنس" اور "یار وفادار سلطنت برطانیہ" کے ممتاز خطابات عطا فرمائے اور اپنے دستخطی خط میں شکریہ کے

ساتھ اس غیر معمولی جذبہ وفاداری کا اعتراف کیا۔

اعلےٰحضرت کی رعایا کے ساتھ ہمدردی کا سب سے بڑا ثبوت وہ عظیم الشان علمی کارنامے ہیں جو اہل ملک کی فلاح و بہبود کیلئے انجام دئے گئے ہیں اور جنکی وجہ سے عثمانی دور حکومت تاریخ ہندوستان میں ایک قابل یادگار دور بنگیا ہے۔ خاصکر رعایا کی تعلیم و تربیت سے اعلیٰحضرت کو اسقدر دلچسپی ہے کہ اس مد میں رقم کثیر ہر سال صرف کیجاتی ہے اور ہر سال ہزارہا مدارس کا ملک کے مختلف گوشوں میں اضافہ ہورہا ہے۔ حیدرآباد کی تعلیمی ترقی کا اعلیٰ ترین کارنامہ عثمانیہ یونیورسٹی کا افتتاح ہے جو ہندوستان میں اپنی نوعیت کی پہلی یونیورسٹی ہے اور جسمیں کل علوم کی تعلیم دیسی زبان اُردو کے ذریعہ سے دیجاتی ہے۔ اسطرح یہ احسان دور عثمانیہ کا نہ صرف اہل حیدرآباد کی آئندہ نسلوں پر ہے بلکہ ملک ہندوستان کی دیسی زبان اُردو بھی اس احسان سے سبکدوش نہیں ہوسکتی۔

اسی طرح محکمہ عدالت کی اصلاح اور عدالتی و انتظامی اختیارات کی علٰحدگی ایک ایسا کام ہے جو محض رعایا کی فلاح کو مدنظر رکھکر کیا گیا ہے حالانکہ برطانوی ہند میں باوجود اصرار اور متواتر مطالبہ کے ابھی تک یہ عمل میں نہیں آیا ہے۔ ان میں سے بعض کارناموں کا ذکر مختلف عنوانات کے ماتحت آگے کے اوراق میں آئے گا۔

طرز حکومت

اعلیٰحضرت کا شاندار ترین انتظامی کارنامہ وہ فرمان مبارک ہے جو نومبر ۱۹۱۹ء

میں نافذ کیا گیا اور جسکے بموجب ملک کی حکومت میں وزراء کی ایک مجلس کو شریک کیا گیا جسمیں ایک صدر اور سات اراکین رکھے گئے۔ اس مجلس کی صدارت عظمیٰ کا منصب سب سے پہلے موئید الملک سر علی امام کو تفویض کیا گیا جو برطانوی ہند میں انصرام امور حکومت کا کافی تجربہ حاصل کر چکے تھے۔ سر علی امام کے مستعفی ہونے کے بعد نواب ولی الدولہ بہادر صدر اعظم ہوئے اور آجکل یمین السلطنتہ مہاراجہ سر کشن پرشاد بہادر صدر اعظم ہیں۔ اس مجلس کا نام باب حکومت رکھا گیا اور اسکے دیگر اراکین میں سے سات اراکین صدر المہام محکمہ جات ہیں اور ایک رکن بلاقلمدان وزارت ہے۔ موجودہ اراکین باب حکومت حسب ذیل ہیں:-

۱۔ راجہ رایان راجہ سر کشن پرشاد مہاراجہ بہادر یمین السلطنتہ، کے سی آئی ای، جی سی آئی ای، صدر اعظم۔

۲۔ نواب ولی الدولہ بہادر۔ صدر المہام محکمہ جات فوج و علاج مواشی، و تعلیم و رصد خانہ، و آثار قدیمہ، و پیمائش بلدہ، و رجسٹریشن و اسٹام و پٹہ خانہ و مطبع۔

۳۔ نواب سر حیدر نواز جنگ بہادر کے ٹی، بی اے۔ ال ال ڈی۔ صدر المہام محکمہ جات مال، و محاسبی و خزانہ و دار الضرب و سکہ قرطاس، و اسٹیشنری، و ریلوے و معادن و قوت برقی و کارخانہ جات و انجمن ہائے امداد باہمی۔

۴۔ لفٹنٹ کرنیل سر آراچ ٹینو کیس ٹرنچ، سی آئی ای، او بی ای، آئی اے۔ صدر المہام محکمہ جات مالگذاری و پولیس و مجالس، و زراعت و شمار و اعداد، و آبکاری و کروڑگیری، و جنگلات و صنعت و حرفت و تجارت و لوکل فنڈ۔

۵۔ نواب عقیل جنگ بہادر۔ صدر المہام محکمہ جات تعمیرات عامہ و عمارات و

شاہراہ و آبپاشی و آبرسانی و ڈرینج و ٹیلیفون و قوت برقی و راضلاع۔

۶۔ نواب لطف الدولہ بہادر۔ صدرالمہام محکمہ جات عدالت و امور مذہبی۔

۷۔ نواب مہدی یار جنگ بہادر۔ ایم اے (آکسن) صدرالمہام محکمہ جات سیاسیات و پولیس کمشنر، و آرائش بلدہ و میونسپلٹی و باغات عامہ۔

۸۔ نواب سر امین جنگ بہادر۔ کے سی آئی ای، سی ایس آئی، ایم اے، بی ایل، ال ال ڈی، ایف آر اے ایس۔ صدرالمہام پیشی مبارک و توشہ خانۂ عامرہ۔

اس مجلس کا کام امور انتظامی میں اعلیٰ حضرت خلد اللہ ملکہ کو مشورہ دینا ہے اور آخری فیصلہ ہر حالت میں اعلیٰ حضرت کے ہاتھ میں ہے۔ لیکن عملاً اعلیٰ حضرت عموماً باب حکومت کے مشوروں سے اختلاف نہیں فرماتے اور اس طرح ایک دستوری فرمانروا کی حیثیت سے کام کرتے ہیں۔

باب حکومت کے علاوہ ایک مجلس قانون ساز بھی ہے جس کے صدر صدر اعظم باب حکومت ہیں اور نائب صدر صدرالمہام شعبہ جات متعلقہ ہوتے ہیں۔

صدر و نائب صدر کے علاوہ اسمیں بیس اراکین ہیں جنکے موجودہ نام حسب ذیل ہیں:۔

اراکین بحیثیت عہدہ

۱۔ نواب ہاشم یار جنگ بہادر۔ معتمد سررشتہ قانون سازی۔

۲۔ نواب اکبر یار جنگ بہادر معتمد سررشتہ عدالت و پولیس و متفرقات۔

۳۔ نواب مرزا یار جنگ بہادر۔ میر مجلس عدالت عالیہ (چیف جسٹس ہائیکورٹ)

اراکین سرکاری

۴۔ نواب اختر یار جنگ بہادر۔ معتمد امور مذہبی۔

۵۔ نواب فخر یار جنگ بہادر۔ معتمد سررشتہ مال۔

۶۔ نرائن راؤ۔ نائب معتمد سررشتہ مالگذاری۔

۷۔ مولوی مرزا ابو الحسن خاں صاحب۔ معتمد سیاسیات۔

۸۔ نواب جیون یار جنگ بہادر۔ رکن عدالت عالیہ (جج ہائیکورٹ)

۹۔ رائے لشیشور ناتھ صاحب۔ رکن عدالت العالیہ

۱۰۔ راجہ بہادر وینکٹ رام ریڈی۔ کوتوال بلدہ۔

۱۱۔ بی۔ اے۔ کالنس، آئی سی ایس، ناظم و معتمد سررشتہ تجارت و صنعت و حرفت۔

۱۲۔ مولوی محمد غلام دستگیر صاحب۔ اول تعلقدار ضلع اطراف بلدہ۔

اراکین غیر سرکاری

۱۳۔ میر ابراہیم علی صاحب۔ میر مجلس صدر عدالت پائگاہ نواب سر وقار الامرا

۱۴۔ مولوی ابوالحسن سید علی صاحب وکیل

۱۵۔ پنڈت سری پت راؤ صاحب "

۱۶۔ مولوی دوست محمد خاں صاحب

۱۷۔ نواب بہادر یار جنگ بہادر۔ جاگیردار۔

۱۸۔ راجہ بنسی لال مرلی لال بہادر دیسمکھ ساہوکار

اراکین غیر معمولی

۱۹۔ سید محمد عسکری حسن۔ بیرسٹرایٹ لا۔

۲۰۔ راجہ دھونڈے راج بہادر

اس مجلس میں مسودات قانون پیش ہوتے ہیں اور بحث مباحثہ ہو کر مرتب ہوتے ہیں اور باب حکومت کے توسل سے اعلیٰ حضرت خلد اللہ ملکہٗ کی منظوری حاصل کر کے ملک میں نفاذ پذیر ہوتے ہیں۔ غیر سرکاری اراکین کو حکومت کے کاموں کی تنقید کا بھی موقعہ بھی دیا جاتا ہے۔

یہ ساخت مرکزی حکومت کی تھی جسمیں اعلیٰ حضرت خلد اللہ ملکہٗ کو شاہی اختیارات اور صدر اعظم کو وزارت عظمیٰ کے اختیارات اور صدر المہامان محکمہ جات کو وزرائے سررشتہ کے اختیارات حاصل ہیں۔ باقی حکومت کا تفصیلی نظام قریب قریب وہی ہے جو برطانوی ہند یا کسی اور متمدن حکومت میں ہے۔ صرف عہدوں کے نام کا اور کہیں کہیں ان کے فرایض کا فرق ہے۔

دور عثمانی کے کارنامے

مختلف محکمہ جات سرکاری نے اعلیٰحضرت میر عثمان علیخان کے دور میں جو ترقیاں کی ہیں ان کی تفصیل مختلف محکمہ جات کی سرگرمیوں کے ذکر میں آگے آئے گی۔ لیکن اس موقعہ پر بعض اُن کارہائے نمایاں کو الگ کر کے دکھا دینا نامناسب نہ ہوگا جو اعلیٰحضرت کے دور حکومت کی خصوصیات ہیں۔ انمیں سب سے پہلا کام اُس منبع علوم و فنون کا آتا ہے جو۔۔

عثمانیہ یونیورسٹی

کے نام سے مشہور ہے اور جس نے اعلیٰحضرت کی شہرت کو تاریخ ہند میں نمایاں ترین جگہ دیدی ہے۔ ہندوستان کے قومی لیڈر مدتہائے دراز سے یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ ہندوستانی بچوں کو علوم وفنون کی تعلیم اُنکی مادری زبان میں دیجائے اور غیر ملکی انگریزی زبان کو ذریعہ تعلیم بنانے سے بچوں کی عمر کا بہت بڑا حصہ اس غیر ملکی زبان کو حاصل کرنے میں صرف ہو جاتا ہے اسلئے اصل علوم وفنون کے حصول کا وقت بہت کم رہ جاتا ہے۔ تاہم برطانوی ہند میں اقوام کے شدید اور متواتر مطالبہ کے باوجود یہ تغیر عمل میں نہیں آیا لیکن اعلیٰ حضرت خلداﷲ ملکہٗ نے اس مطالبہ کو جو سارے ہندوستان کا مطالبہ تھا اپنے دور حکومت میں پورا کر دیا اور عثمانیہ یونیورسٹی کا افتتاح کیا جسمیں اعلیٰ ترین مدارج تک ذریعہ تعلیم دیسی زبان اُردو رکھی گئی ہے اور ایک مخصوص شعبہ دارالترجمہ کے نام سے مختلف علوم و فنون کے ماہرین کا غیر زبانوں سے اُردو زبان میں کتابوں کا ترجمہ کرنے کیلئے قائم کیا گیا ہے جس سے ہر سال بکثرت کتابیں شایع ہو کر اُردو زبان کے لٹریچر کو سیراب کر رہی ہیں۔ اس یونیورسٹی کا معیار تعلیم اتنا بلند ہے کہ ممالک متمدنہ یورپ وانگلستان میں اسکی ڈگریاں تسلیم کیجاتی ہیں۔ اور ذریعہ تعلیم دیسی زبان ہونیکی وجہ سے بکثرت شائقین علم ہر سال یونیورسٹی سے فارغ التحصیل ہو کر نکلتے ہیں۔ یہ یونیورسٹی ۱۹۱۷ء میں قایم ہوئی اور اسی قلیل مدت میں اسنے اپنی شہرت اکناف عالم میں پہونچادی۔

عدالتی و انتظامی اختیارات کی علٰحدگی

دوسرا اہم کارنامہ انتظامی اور عدالتی اختیارات کی علٰحدگی اور شعبہ عدالت میں دقیق اصلاحات ہیں جنکی وجہ سے حیدرآباد کا شعبہ عدالت متمدن دنیا کے بہترین نمونہ کے مساوی ہوگیا ہے۔ اور انتظامی اختیارات کے الگ کر دینے سے حیدرآباد کی عدالتوں سے خالص اور بے لوث انصاف کی ضمانت ہوگئی ہے۔ یہ اصلاح بھی درحقیقت ہندوستان کے قومی مطالبہ کا ایفا ہے۔ حالانکہ برطانوی ہند میں باوجود متواتر تقاضے کے ابھی تک حکومت نے اس اصلاح کی طرف قدم نہیں بڑھایا ہے لیکن اعلیٰحضرت خلد اللہ ملکہٗ کے دور حکومت میں منجملہ اور شعبوں کے اس معاملہ میں بھی برطانوی ہند کیلئے ایک بہتر نمونہ پیش کردیا گیا ہے۔ خوش قسمتی سے ان اصلاحات کو عملی جامہ پہنانے کے لئے ممالک متحدہ آگرہ و اودھ کے ایک ممتاز ماہر قانون کی خدمات مملکت حیدرآباد کو حاصل ہوگئیں جنھوں نے اپنی اصابت رائے اور انتظام عدالت کی قابلیت سے مملکت ہذا کے نظام عدالت کو تمام نقائص سے پاک کرکے حقیقی معنوں میں منبع انصاف بنادیا۔ یہ نواب مرزا یار جنگ بہادر، میر مجلس عدالت عالیہ (چیف جسٹس ہائی کورٹ) ہیں جو تیرہ سال سے نہایت متعدی اور تندہی کے ساتھ اپنے اہم فرائض انجام دے رہے ہیں، اور حیدرآباد کے سرکاری حلقوں میں کافی ہردلعزیزی حاصل کرچکے ہیں۔

بابِ حکومت کا قیام

تیسرا نمایاں کام دورِ عثمانی کا نفاذ اصلاحات آئینی ہے جسکے بموجب ۱۹۱۹ء میں باب حکومت اور مجلس قانون ساز کا وجود ہوا۔ اسکا ذکر تفصیل کے ساتھ صفحات ماقبل میں کیا جاچکا ہے۔

عثمان ساگر و حمایت ساگر

فلاح عامہ کے کاموں میں اہم ترین کارنامہ عثمان ساگر اور حمایت ساگر کی تعمیر سمجھا جائے گا۔ جس سے ایک طرف تو دریاے موسی کے سیلاب کی مستقلاً روک تھام ہوگئی اور دوسری طرف شہر کے لوگوں کی پیاس بجھانے اور وسیع رقبہ زرعت کو سیراب کرنے کیلئے پانی کا انتظام ہوگیا۔ ان تعمیرات کی ضرورت ۱۹۰۸ء کے دریاے موسی کے سیلاب سے پیدا ہوئی جبکہ شہر کا ایک حصہ تباہ ہوگیا تھا اور بکثرت جانوں اور لکھوکھا کی املاک کا نقصان ہوا تھا۔ ایسے سیلاب برطانوی ہند کے دریاؤں میں اکثر آتے رہتے ہیں اور انمیں جان و مال کا نقصان بھی ہوتا رہتا ہے لیکن اعلیٰ حضرت خلد اللہ ملکہٗ کی ہمدرد اور فیاض حکومت رعایا کے اس نقصان کو برداشت نہ کرسکی اور وافر قوم کے خرچ سے اس سیلاب کی روک تھام کی۔ موسی ندی حیدرآباد شہر کے بیچ سے ہوکر نکلتی ہے اور شہر میں داخل ہونے سے پیشتر ایک دوسرے دریا عیسی ندی کا پانی بھی اپنے میں شامل کرلیتی ہے۔ عثمان ساگر اور حمایت ساگر ان دونوں کے ایک میں ملنے

سے پہلے دونوں کے پانی کو روک لیتے ہیں اور وسیع تالابوں میں جمع کرکے ان سے آبرسانی اور آبپاشی کا کام لیتے ہیں اور بقدر ضرورت ان دریاؤں میں بھی پانی جاری رکھتے ہیں لیکن ان کے کوہ پیکر آہنی ہندول سے دریاؤں کے پانی کو بے لگام بہنے کا یارا نہیں رہا۔ عثمان ساگر کا بند دریائے موسی پر ہے اور اسمیں ۵۴،۰۰۰ روپیہ خرچ ہوا۔ دریائے عیسی کا بند حمایت ساگر کہلاتا ہے جسکی تعمیر پر ۹۱،۷۵،۰۰۰ روپیہ کی لاگت آئی ہے۔

عثمان ساگر کے بند پر ایک نہایت ہی خوشنما باغیچہ عوام الناس کی تفریح اور ہواخوری کیلئے بنادیا گیا ہے اور اب اسی کے پاس عورتوں کے لئے ایک علحدہ باغیچہ تیار کیا جا رہا ہے۔

اسی طرح شہر کے اندر دریائے موسی کے کنارے ایک وسیع اور خوشنما باغ عثمانیہ پارک کے نام سے تعمیر کیا گیا ہے جو ہندوستان کے خوبصورت ترین پارکوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ اب یہ بھی تجویز ہے کہ ایک بند اور تعمیر کرکے دریا کے اُس حصّہ کو پُر کر دیا جائے جو شہر سے متصل ہے اور اسطرح تفریح و دلچسپی کا ایک اور دلفریب منظر تیار ہو جائے۔ غرضکہ یہی دریا جس نے ۱۹۰۸ء میں حیدرآباد کی آبادی پر مصیبت نازل کی تھی اب دور عثمانیہ کی برکات سے باشندوں کی تفریح اور نفع رسانی کا کام کر رہا ہے۔

نظام ساگر

ایک اور معرکہ آرا تعمیر اس دور کی نظام ساگر ہے جو دریائے مانجرا کے پانی کو روک کر ۳ کروڑ پانچ لاکھ روپیہ کے خرچ سے بنایا گیا ہے اور اس سے

تین لاکھ بیس ہزار ایکڑ آراضی کی نہروں کے ذریعے آبپاشی کا انتظام کیا گیا ہے۔ ۳۷۷ مواضع ان نہروں سے نفع اُٹھائیں گے اور ۳۴۲۹۵۱۴ روپیہ کی آمدنی کا تخمینہ کیا گیا ہے جو صرفہ تعمیر کے لحاظ سے ساڑھے گیارہ فیصدی پڑتا ہے۔ اور اسکے ذریعے سے ملک کو جو اقتصادی ترقی ہوگی اُسکا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔

ان کے علاوہ متعدد نہریں اور وسیع تالاب اور بند اس دور میں تعمیر ہوئے جنکی تشریح بہت طویل ہو جائے گی۔ اور چونکہ تعمیر کا سلسلہ برابر جاری ہے اسلئے اسوقت کی فہرست کچھ دنوں بعد قابل ترمیم ہو جائے گی۔ زیر تجویز تعمیرات میں ایک کرشنا پراجکٹ ہے جسکا تخمینہ تعمیر گیارہ کروڑ روپیہ کیا جاتا ہے اور جس سے بہت بڑے وسیع رقبہ کو آبپاشی کا پانی بہم پہونچایا جائے گا۔ یہ سارے کام ایسے ہیں جنکا اصلی نفع کچھ دنوں بعد ظاہر ہوگا لیکن جسوقت بھی یہ اصلی نفع ظاہر ہوگا حیدرآباد کی آنے والی نسلیں دریا دل عثمان بادشاہ کو دعائیں دیں گی۔

آرائش بلدہ

آج جو شہر حیدرآباد ہندوستان کا خوبصورت ترین شہر کہا جاتا ہے تو اُسکی وجہ فرمانروائے دکن کا ذوق سلیم ہے جو آپ کو اپنے دارالسلطنت کی نمائش و آرائش کی طرف خاص طور پر متوجہ رکھتا ہے۔ چنانچہ اسی غرض سے ایک خاص محکمہ آرائش بلدہ کے نام سے قائم ہے جسمیں ماہرین فن، تعمیر و آرایش شہر کی

تدابیر سوچتے اور اُنپر عمل کرتے رہتے ہیں۔ لیکن اعلیٰ حضرت خلد اللہ ملکہ کے اس ذوق میں بھی غریب رعایا کے ساتھ ہمدردی کا جذبہ مضمحل نہیں ہوا۔ چنانچہ محکمہ آرائش بلدہ کی طرف سے بکثرت آرام دہ اور صاف ستھرے مکانات تیار کرکے نہایت ہی قلیل کرایہ پر اُٹھائے جاتے ہیں۔ اور اس انتظام کی وجہ سے چھوٹی آمدنی والوں کو تین ساڑھے تین روپیہ ماہوار میں ایسا مکان ملجاتا ہے جو دوسری جگہ وہ اس سے دوگنے کرایہ پر بھی حاصل نہیں کرسکتے۔ ان مکانات میں آسائش اور صفائی کا بہترین انتظام کیا گیا ہے اور ہر مکان کے متصل سڑکیں اور چند مکانوں کے درمیان چھوٹا سا پارک بنایا گیا ہے۔ اس کام کے لئے جسقدر سرمایہ خزانہ سرکاری سے ملتا جاتا ہے اُتنی اسمیں توسیع ہوتی جاتی ہے اور وہ زمانہ دور نہیں ہے جبکہ شہر حیدرآباد میں کوئی تنگ و تاریک مکان باقی نہ رہے گا۔

شہر کی سڑکوں اور بدررو کا انتظام ایک دوسرے محکمہ کے سپرد ہے جس کا نام سررشتہ ڈرینج ہے۔ اسکی سرگرمیوں کا نتیجہ یہ ہے کہ آج شہر حیدرآباد میں جتنے میل رقبہ کی سیمنٹ کی سڑکیں ہیں اتنے میل ہندوستان کے کسی اور شہر میں نہیں ہیں۔ اسی طرح شہر حیدرآباد میں بدررو کا انتظام بھی معقولیت اور حسن تدبیر میں اپنی آپ ہی نظیر ہے۔

کارخانہ صفائی فضلہ

بلدہ حیدرآباد کا کارخانہ صفائی فضلہ (سویج ڈسپوزل ورکس) جو عنبرپیٹ

میں واقع ہے ملک ہندوستان میں اپنی آپ ہی نظیر ہے اور اتنا وسیع کام شاید یورپ کے بڑے بڑے ممالک میں بھی نہ ہوگا۔ اس کارخانہ میں شہر کا فضلہ اور گندہ پانی جمع کرکے اُس سے رقیق کھاد بنائی جاتی ہے۔ اور جسوقت یہ کارخانہ پوری قوت سے کام کرنے لگے گا اُسوقت اس سے تین ہزار ایکڑ آراضی کو بہترین کھاد فراہم کیجاسکیگی کھاد کی نالی کے ساتھ آب پاشی کی نہر بھی جاری کیگئی ہے تاکہ کاشتکاروں کو پانی یا کھاد جسوقت جس چیز کی ضرورت ہو وہ مل سکے اور اس کے علاوہ اگر کھاد زیادہ قوت کی ہو تو سادے پانی کی آمیزش سے اسکی قوت کم کیجا سکے۔ اس کارخانہ میں جسطرح کام ہوتا ہے اُسکا ذکر خالی از دلچپی نہ ہوگا۔ لیکن اسے سمجھنے سے پہلے شہر کے بدررو کے نظام کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ خوش قسمتی سے حیدرآباد کا شہر اس طرح آباد ہے کہ دریاے موسی کے دونوں طرف کا ڈھال اسی دریا کی جانب ہے۔ اسلئے دریا کے دونوں جانب بڑے بڑے زمین دوز بند نالے بنائے گئے ہیں جنمیں دونوں طرف سے شہر کا پانی بلا پمپ وغیرہ استعمال کئے ہوئے نالیوں نالیوں چلا آتا ہے۔ اور چادر گھاٹ کے پل کے پاس ایک بڑا سائفن بناکر ان دونوں نالوں کو ملا دیا گیا ہے جہاں سے عنبر پیٹ تک زمین کے اندر ہی اندر اس گندے پانی کو لیجاتے ہیں۔ عنبر پیٹ میں جہاں صفائی فضلہ کا کارخانہ ہے تین تین چھوٹے بڑے تالابوں کے چار سلسلے ہیں جنمیں سے یکے بعد دیگرے یہ پانی گذارا جاتا ہے۔ درمیان میں مختلف اغراض کیلئے جو مشینیں لگی ہیں اُنکا ذکر بہت طویل ہو جاے گا لیکن پہلے سلسلہ تالاب میں گھاس پھوس اور ایسی چیزیں جنمیں پودوں کو غذا پہونچانے کی

صلاحیت نہیں ہے ایک خاص قسم کے کرین کے ذریعے نکال لیا جاتا ہے اور لوہے کی گاڑیوں میں بھر کر لوہے کی پٹریوں پر دور لیجا کر ایک کھڈ میں پاٹ دیا جاتا ہے۔ ایک تالاب سے دوسرے تالاب میں لیجانے اور بوقت ضرورت تمام تالابوں کا پانی نکال کر ایک جگہ جمع کر دینے۔ تالاب صاف کرنے کے لئے نہر کا صاف پانی لانے اور اسے تالابوں تک پہونچانے اور اسی طرح دوسرے کاموں کے لئے الگ الگ مشینیں ہیں۔ اور خاص تعریف کی بات یہ ہے کہ چھوٹی سی چھوٹی سے لیکر بڑی سی بڑی تک ساری مشینیں سرکاری منٹ ورکشاپ میں تیار ہوئی ہیں اور کوئی پُرزہ باہر سے نہیں آیا ہے۔ تمام مشینیں برقی قوت سے چلتی ہیں اور اسی کے چند پُرزے بیرونی ساخت کے ہیں پانی کی پیمائش اور رقیق کھاد کی قوت دیکھنے کے بھی آلات نصب ہیں اور کارخانہ سے ملحق ایک لباریٹری بھی ہے جس میں سائنٹفک جانچ کیجاتی ہے یہ کارخانہ مولوی مہدی حسن صاحب مہتمم کے زیر انتظام ہے اور آپ نہایت ہی مستعد اور جفاکش نوجوان ہیں جو اپنے فرائض کو نہایت ہی دلچسپی اور شغف کے ساتھ انجام دیتے ہیں۔ یہ سارا کام اعلیٰ حضرت خلد اللہ ملکہ کے دور کی یادگار ہے جو تکمیل پر مملکت آصفیہ کی ایک قابل فخر املاک تصور کیجائے گی۔

اس دور کے کارہائے نمایاں کی فہرست ابھی مکمل نہیں ہوئی، اور نہ اس کتاب کے محدود اوراق میں اس کی گنجائش ہی ہے۔ مختصر یہ کہ اس دور میں بہت سے نئے محکمے قائم کئے گئے اور پرانے محکموں کی ازسرنو تنظیم کی گئی اور امور سلطنت کی چھوٹی بڑی تمام تفصیلات پر غور وخوض

کی نظر ڈالی گئی - چونکہ اعلیٰ حضرت بذات خود محنت کے شائق اور سادگی کے مجسم نمونہ ہیں اسلئے افسران حکومت اس دور میں جسقدر مستعدی اور تندہی سے کام کر رہے ہیں اُسکی نظیر حیدرآباد کی سابق تاریخ میں نہ ملے گی -

حکومت کی سرگرمیاں

محکمہ مجالس اتحادی

اس محکمہ کی اہمیت اور وسعت کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا کہ ۱۳۳۹ف میں صرف مرکزی جنکوں آمدنی ۶۸،۸۵۸ روپیہ ہوئی۔ جو سال ماسبق کے بہ نسبت بقدر ۲۵۸۰۷۹ روپیہ کے زائد تھی۔ اور اسی سال اخراجات ۵۷۷۹۳۲ روپیہ ہوے جو سال ماسبق سے بقدر ۱۲۹۴۰۱ روپیہ کے زائد تھے۔ اور اسی سال تقریباً ساڑھے تیرہ لاکھ کی رقم صوبہ جاتی اور مرکزی بنکوں کو قرض دیگئی اور تقریباً پونے چار لاکھ کی رقم ادائگی سود کی مد میں خرچ ہوئی اسی سال حساب نفع ونقصان میں رقوم یافتنی ۵۸۱۲۶۵۰ روپیہ اور رقوم دادنی ۵۶۷۳۲۶۹ روپیہ تھی جن سے خالص نفع کی مقدار ۱۴۲۵۰۴ روپیہ نکلتی ہے

محکمہ تعلیم

سرکار آصفیہ کا اہم ترین کارنامہ مملکت حیدرآباد میں تعلیم کی غیر معمولی اور روزافزوں ترقی ہے۔ اور ایک اہم ترین اور قابل یادگار کارنامہ عثمانیہ یونیورسٹی کا قیام ہے جو گذشتہ دس سال سے نہایت کامیابی کے ساتھ کام کر رہی ہے۔ اور اس کے تعلیم یافتہ زندگی کے مختلف شعبوں میں نمایاں کامیابی دکھا چکے ہیں۔ عثمانیہ یونیورسٹی میں ذریعہ تعلیم اردو ہے

جس سے ایک طرف تو طلبہ کو علوم وفنون حاصل کرنے کے لئے کسی غیر زبان کے سیکھنے میں کافی وقت صرف کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہی اور دوسری طرف زبان اُردو کی ترقی اور نشو ونما کی ایک مضبوط بنیاد قایم ہوگی۔

اس کے علاوہ تعلیم کے ہر شعبہ میں نمایاں ترقی رونما ہے اور مدارس و طلبہ کی تعداد تیزی کے ساتھ بڑھ رہی ہے۔ چنانچہ ۱۹۲۹ء میں تعداد مدارس ممالک محروسہ سرکار عالی میں ۴۲۲۵ تھی اور طلبہ کی تعداد ۳۸۱۲۹۴ تھی۔ مدارج تعلیم کے لحاظ سے ۱۹۲۶ء میں، کالج تھے جنمیں ۱۰۳۴ طلبہ زیر تعلیم تھے اور ۴۳ ہائی اسکول جنمیں ۱۶۱۰۴ طلبہ تعلیم پاتے تھے۔ ۱۰۸ وسطانیہ مدارس میں ۲۵۸۰۲ طلبہ، ۳۹۷۹ تحتانیہ مدارس میں ۲۲۴۹۸۳ طلبہ اور ۴۹ مدارس خاص مین ۳۸۲۵ طلبہ زیر تعلیم تھے۔ اخراجات تعلیم اس سال مختلف سرکاری مدات سے ۷۷۲۵۸۰۹ روپیہ ہوے۔ اور آمدنی سررشتہ ہذا کی مد فیس وغیرہ سے ۳۳۹۵۲۹ روپیہ ہوئی۔ ابتدائی تعلیم (تحتانیہ) پر اس سال ۲۱۶۳۰۲۱ روپیہ خرچ ہوا۔ مبلغ ۳۸۳۲۷۰ روپیہ تعمیرات سررشتہ تعلیم پر صرف کیا گیا اور مبلغ ۱۳۲۳۵۷ روپیہ وظائف تعلیمی میں دیا گیا۔ مجموعی تعداد مصارف محکمہ تعلیم ۸۰۷۳۹۶۸ روپیہ ہوئے۔ جو اوسطاً بمقابلہ صوبہ جات برطانوی ہند کے بہت زائد ہیں۔ اور یہ ظاہر کرتے ہیں کہ اعلیٰ حضرت کو اپنی رعایا کی تعلیم و تربیت کا کس حد تک خیال ہے۔ حال ہی میں مدارس وسطانیہ میں حرفتی تعلیم رائج کرنے کے احکام صادر کئے گئے ہیں۔ اور اکثر مدارس میں مختلف قسم کی حرفتوں اور پیشوں کی تعلیم کا انتظام ہو چکا ہے۔ جسوقت تمام مدارس میں اسکا انتظام مکمل ہو جائیگا، اسوقت اس مملکت کے پڑھے لکھے لوگ بے روزگاری کی مشکلات میں مبتلا ہو کر دربدر تلاش

روزگار میں مارے مارے نہ پھریں گے۔ محکمہ ہذا کے ناظم (ڈائرکٹر) آجکل خان فضل محمد خاں صاحب ہیں جو نہایت ہی مستعد، قابل اور منتظم شخصیت رکھتے ہیں۔ اور امید ہے کہ آپکی زیر نگرانی اس محکمہ میں روز افزوں ترقی ہوتی رہی گی۔

کوتوالی بلدہ

مملکت آصفیہ میں شہر حیدرآباد کی پولیس کا محکمہ اضلاع کی پولیس کے محکمہ سے علیحدہ ہے۔ اور ایک کا دوسرے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ شہر کی پولیس جو کوتوالی بلدہ سے متعلق ہے کوتوال شہر کے ماتحت ہے، جو براہ راست وزارات پولیس کو جوابدہ ہے۔ موجودہ کوتوال شہر رائے بہادر ونکٹ رام ریڈی ہیں۔ جنکو حال ہی میں دو سال کی توسیع عطا کیگئی ہے۔ مولوی رحمت اللہ صاحب شریک کوتوال ہیں۔ کوتوالی بلدہ کے شعبہ کی اہمیت اس سے ظاہر ہے کہ اسکے ماتحت ۲۲۵ عہدہ دار اور ۲۰۹۶ جوان کام کرتے ہیں اور تقریباً آٹھ لاکھ روپیہ اس محکمہ میں صرف ہوتا ہے سنہ ۱۹۲۳ء میں اس محکمہ نے ۱۳۲۰ جرائم کی تحقیقات و تفتیش و پیروی عدالت انجام دی، اور ۳۳۲۸۰ روپیہ ۱۴ آنہ ۱ پائی کا مال مسروقہ برآمد کیا۔ شہر حیدرآباد اپنی وسعت اور آبادی کے لحاظ سے اور نیز اس لحاظ سے کہ ہندوستان کے ہر گوشہ سے مختلف درجہ و حیثیت کے لوگ مختلف اغراض کے ساتھ یہاں آتے رہتے ہیں، اور تجارت و ملازمت کے سلسلہ میں لاکھوں آدمی برطانوی ہند اور ممالک غیر کے یہاں مقیم ہیں ہندوستان کے تمام شہروں سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے

اور اسی اہمیت کے لحاظ سے کوتوالی بلدہ کا کام بھی بہت ہی نازک ہے۔ تاہم نظم و ضابطہ، حسن انتظام اور مستعدی و صلاحیت کے اعتبار سے یہاں کی پولیس یورپ کے بعض بڑے بڑے شہروں کے مقابلہ میں بھی بدرجہا بہتر ہے، اور جس کامیابی کے ساتھ یہاں رعایا کی جان و مال کی حفاظت، جرائم کا انسداد اور ملزموں کی نگرانی اور دیکھ بھال ہوتی ہے وہ اپنی آپ ہی نظیر ہے اور حکام کوتوالی بلدہ اسکے لئے انتہائی تعریف و تحسین کے مستحق ہیں چنانچہ پچھلی مرتبہ جب ہز اکسلنسی وائسرائے بہادر حیدرآباد تشریف لائے تو آپ نے اس جمیعت کی مناسب قدر افزائی اور تعریف و توصیف کی اور کوتوال بلدہ کو شرف ملاقات عطا فرما کر بعض بیش قیمت تحائف دیئے۔

محکمہ محابس (جیل)

مملکت آصفیہ میں محابس و پولیس اضلاع ایک محکمہ کے ماتحت ہے اور آجکل مسٹر آر م اسٹرانگ، ناظم کوتوالی اضلاع (انسپکٹر جنرل آف پولیس) نظامت محکمہ محابس (ڈائرکٹر جنرل آف جیلس) کی خدمت بھی انجام دیتے ہیں۔ مملکت ہذا کے محابس کا حسن انتظام نہ صرف دیگر ہندوستانی ریاستوں کے لئے بلکہ بعض صورتوں میں برطانوی ہند کے لئے بھی قابل نمونہ ہے اور یہاں کے قیدی اس قدر آسائش سے رکھے جاتے ہیں اور انکی اخلاقی نگرانی کا اسقدر معقول انتظام ہے کہ یہ محابس حقیقی معنوں میں اخلاقی اصلاح کا کام انجام دیتے ہیں۔ اور سزا کی میعاد ختم کرنے کے بعد قیدیوں کی اخلاقی

حالت میں نمایاں اصلاح پائی جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ اس مملکت میں جرائم کی تعداد گھٹ رہی ہے اور جرائم پیشہ اقوام دیانت داری کا رزق حاصل کرنے پر مائل ہوتے جاتے ہیں۔ ایک بہت ہی قابل تعریف بات یہ ہے کہ محابس کے کارخانے ساٹھ فیصدی نفع دے رہے ہیں۔ اور سرکاری خزانہ سے جو رقم برائے خریداری اشیاء خام برآمد کیجاتی ہے وہ کافی اضافہ کے ساتھ واپس ہوتی ہے۔ چنانچہ ۱۳۳۵ف میں ۷۰۸۴۵ روپیہ ۶ آنہ ۴ پائی خزانہ سرکاری سے برآمد کیا گیا اور ۸۴۵۴۴ روپیہ ۷ آنہ آمدنی کارخانہ داخل خزانہ کیا گیا۔ اسی سال جملہ مدات کا خرچ ۵۲۳۷۱۱ روپیہ ۱۱ آنہ ۱ پائی تھا جو بمقابلہ سالہائے ماسبق کے کم ہے اور افسران محکمہ کے حسن انتظام اور مناسب کفایت شعاری پر دال ہے۔ قیدیوں کی صحت کی نگہداشت کے انتظامات بھی نہایت معقول ہیں اور ہر سال قیدیوں کی علالت و تعداد اموات میں بہ نسبت سال ماسبق کے کمی دکھائی جاتی ہے۔

محکمہ جنگلات

مملکت آصفیہ میں جنگلات سے نفع بخش کام لینے کی وسعت بہت زیادہ ہے، اور اسطرف زیادہ توجہ کرنے پر سرکاری آمدنی میں معقول اضافہ ہوسکتا ہے۔ سردست جو رقبہ سررشتہ جنگلات کے زیر اہتمام ہے اُس کی مقدار تقریباً سوا سات ہزار مربع میل ہے۔ لیکن توسیع کار کے لئے پیمائش و بندوبست کا سلسلہ جاری ہے اور اُمید ہے کہ موجودہ قابل حکام سررشتہ

کے ماتحت چند سال میں اس محکمہ کے وسائل میں غیر معمولی اضافہ ہو جائے گا۔

۱۳۳۵ف میں محکمہ جنگلات کا کل خرچ ۸۵۳۶۵۶ روپیہ ہوا، اور اس کے مقابلہ میں جنگلات کی مختلف مدات سے آمدنی ۸۵۰۹۴۹۱ روپیہ ۱۳ آنہ ۱ ۲/۳ پائی ہوئی باوجودیکہ بکثرت لکڑی رعایا کو ایندھن اور تعمیر کے لئے بلا قیمت دیگئی۔ اور مواشی بلا کسی ٹیکس کے جنگلی چراگاہوں میں چرانے کی اجازت دیگئی۔ جنگلی درخت نصب کرنے اور اُنسے مختلف پیداوار حاصل کرنے اور نیز ان کے کیمیاوی اجزا کی تلاش و تحقیق کا کام مستعدی کے ساتھ جاری رہا۔ لیکن اس میں شک نہیں کہ اس معاملہ میں مزید توجہ کی ضرورت ہے اور اس اہم ذریعہ آمدنی کو بڑھانے کے لئے جن کوششوں کی ضرورت ہے وہ بھی پوری توجہ کے ساتھ نہیں کیجارہی ہیں۔ غالباً اسکی وجہ یہ ہو کہ خزانہ سرکاری میں روپیہ کی کمی نہیں ہے اس وجہ سے مدات آمدنی میں مزید اضافہ کی اتنی زیادہ فکر نہیں ہوتی تاہم اگر سرکاری خزانہ میں روپیہ بھرنے کے لئے نہیں تو ہندوستان کی عام اقتصادی حالت کو ترقی دینے کے لئے جنگلات کی پیداوار کو بڑھانے اور اس کے حرفتی پہلو پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

محکمہ علاج و حفظ صحت

باشندگان مملکت آصفیہ کے علاج و حفظ صحت پر سرکار عالیہ کی طرف سے جسقدر توجہ کی جاتی ہے وہ دنیا کے لئے ایک اعلیٰ نظیر ہے اور اس سے

ظاہر ہوتا ہے کہ سرکار عالیہ کو اپنی رعایا کی فلاح و بہبود کا کتنا خیال ہے۔ محکمہ علاج و حفظ صحت کے اخراجات اور کام کی وسعت کا ذکر مختصر الفاظ میں نہیں کیا جاسکتا۔ تاہم ایک مجمل نقش قایم کرنے کے لئے یہ دکھانا کافی ہوگا کہ اس محکمہ نے ۱۳۳۶ف میں ۱۴۲۱۶۸۷ روپیہ ۸ آنہ ۱۱ پائی خرچ کئے جو بمقابلہ سال ماسبق کے بقدر ۶۰ ہزار روپیہ کے کم تھے۔ لیکن یہ کمی کسی کام میں کمی کی وجہ سے عمل میں نہیں آئی بلکہ محض عملہ انتظامی کے حسن انتظام اور کفایت شعاری کا نتیجہ تھی۔ اسلئے کہ تعداد مرضیٰ میں جنکا علاج کیا گیا اور نیز ان لوگوں کی تعداد میں جنکے ٹیکہ لگایا گیا بہت کچھ اضافہ ہوا نیز عملہ میں بھی قرار واقعی اضافہ عمل میں آیا۔ سال مذکور میں ۱۴۵ دواخانے برسرکار تھے جنمیں اندرونی مرضیٰ کی تعداد ۱۳۸۸۳ تھی جو سال ماسبق سے بہ قدر ۱۱۰۷ کے زائد تھی اور بیرونی مرضیٰ کی تعداد ۱۳۴۹۸۵۰ تھی جو بمقابلہ سال ماسبق کے بقدر ۷۳۲۲۴ کے زائد تھی تاہم شرح اموات فیصدی بمقابلہ سال ماسبق کے بقدر ۲۷۸۵ کے کم رہی۔ سال مذکور میں ۱۴۶۹۳۰ چیچک کے ٹیکے لگائے گئے اور ۶۹۲۰۸ ٹیکے ہیضہ و طاعون کے۔ اس کے علاوہ متعدی امراض کے حفظ ماتقدم کی دیگر تدابیر اختیار کی گئیں جو عملہ انتظامی کے لئے قابل ستائش ہیں۔

وبائی امراض کے حفظ ماتقدم کے لئے جو تدابیر مملکت آصفیہ میں انجام دیجاتی ہیں۔ اور وبا کے زمانے میں متاثر مقامات کے باشندوں کو عارضی کیمپ میں رکھکر جسطرح کے انتظامات کئے جاتے ہیں انکی نظیر برطانوی ہند میں نظر نہیں آتی، یورپ کی بڑی بڑی متمدن سلطنتوں میں شاید مل سکے۔

مملکت آصفیہ کا ایک نہایت ہی اہم کارنامہ عثمانیہ جنرل ہاسپٹل کا قیام ہے
جو ہندوستان کا سب سے بڑا اسپتال سمجھا جاتا ہے اور اس میں علاج و جراحی
کا جسقدر سامان مہیا کیا گیا ہے اور مرضی کی راحت رسانی کے جو انتظامات کئے
گئے ہیں وہ اپنی آپ ہی نظیر ہیں - کرنیل جے نارمن واکر آئی ایم ایس اس محکمہ
کے ناظم ہیں اور آپ کی زیر نگرانی اس محکمہ میں ہر چہار طرف ترقی ہو
رہی ہے ؛

محکمہ آبکاری

مملکت آصفیہ میں محکمہ آبکاری کی آمدنی دیگر مدات آمدنی کی مجموعی مقدار
کے ⅙ حصہ کے برابر ہے اور ۱۳۳۹ف میں اسکی مقدار ۱۸۱۳۷۲ روپیہ
ہے بلحاظ سال ماسبق سے بقدر ۵۳۲۹۶ روپیہ کے زائد تھی - حالانکہ
اس محکمہ پر سرکاری خرچ کی مقدار سنہ مذکور میں صرف ۹۱،۶۰۶ روپیہ
تھی اس کثیر رقم آمدنی سے یکایک دست بردار ہو جانا قرین مصلحت نہیں ہے
اسلئے یہاں امتناع مسکرات کا قانون رواج پذیر ہونے کی قریب مستقل میں
توقع نہیں کیجا سکتی - تاہم حکومت کی طرف سے اس وبال کو قابو میں رکھنے
کی پوری کوشش کیجاتی ہے - اور غالباً کچھ دنوں بعد دیگر وسائل آمدنی
پیدا ہونے پر اس اصلاح کی طرف توجہ کیجا سکے - ظاہر بات ہے کہ حالات
موجودہ میں ایسی کوشش رعایا پر بہت بار ہوگی ؛

محکمہ عدالت

مملکت آصفیہ کے محکمہ عدالت کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ برطانوی ہند کے باشندے انتظامی اور عدالتی اختیارات کی علٰحدگی کا جو مطالبہ برسوں سے کررہے ہیں اور حکومت نے ابھی تک اس مطالبہ کو منظور نہیں کیا ہے وہ اس مملکت کے باشندوں کو دس سال سے حاصل ہے اور یہاں کی عدالتیں انتظامی حکام کے حلقہ اثر سے بالکل باہر ہیں۔ جسکا نتیجہ یہ ہے کہ یہاں رعایا کے تنازعات میں جو انصاف کیا جاتا ہے وہ خالص انصاف ہوتا ہے جسمیں خارجی اثرات کا ذرا بھی دخل نہیں ہوتا۔ حکومت کے فرائض میں عدالت و انصاف کو بہت بڑی اہمیت حاصل ہے اور حکومت آصفیہ نے اپنی عدالتوں کو دنیا کی بہترین عدالتوں کا ہم پلہ بناکر اس اہم ترین فرض حکومت کو قرار واقعی انجام دے لیا۔ اسلئے اگر دیگر شعبوں میں کچھ جزوی نقائص بھی ہوں تو عدالت کے شعبہ کی افضلیت سے انکی بڑی حد تک تلافی ہو جاتی ہے۔ عدالت عالیہ (ہائیکورٹ) حیدرآباد کے صدر (چیف جسٹس) نواب مرزا یار جنگ بہادر ہیں جو مرزا سمیع اللہ بیگ کے نام سے اس عہدہ پر فائز ہونے سے پہلے ممالک متحدہ آگرہ واودھ میں کافی شہرت و نمود حاصل کرچکے تھے۔ اور آپکی ذہانت اور قانونی قابلیت دور دور تک شہرۂ آفاق ہو چکی تھی۔ اعلیٰ حضرت نے آپ کو اس عہدہ جلیلہ کیلئے منتخب کر کے نہایت ہی دور اندیشی اور معاملہ فہمی کا اظہار فرمایا جسکا مزید ثبوت ان نتائج سے ظاہر ہوگیا جو نواب صاحب موصوف نے اپنی گذشتہ تیرہ سالہ

کارگزاری میں نمایاں کیئے۔ محکمہ ہذا کی تازہ ترین رپورٹ بابتہ ۱۳۳۸ف (مطابق ۲۹-۱۹۲۸ء) جو اسوقت ہمارے پیش نظر ہے وہ نواب مرزا یار جنگ بہادر کے زمانہ کارگذاری کی گیارھویں سالانہ رپورٹ ہے اور اسمیں پچھلے دس سال کے دوران میں جو نمایاں ترقیاں عمل میں آئی ہیں انکا مختصراً ذکر کیا گیا ہے۔ انتظامی تغیرات اور اصلاحات کی تفصیل خالی از طوالت نہوگی اسلیئے ہم صرف اُن کے آخری نتائج کا ذکر کرتے ہیں جو یہ ہیں کہ دس سال بیشتر ۱۳۲۹ف میں عدالتی حکام خالصہ کی تعداد ۲۴۵ تھی جو ۱۳۳۸ف میں گھٹا کر ۱۳۵ کر دیگئی لیکن باوجود اس کے گو جملہ مقدمات فیصلہ طلب کی تعداد ۱۴۰۴۳۶ سے بڑھ کر ۱۸۰۰۹۳ ہو گئی پھر بھی ان کم عہدہ داروں نے بمقابلہ ۱۳۲۹ف کے ۹۵۵۰ مقدمات کے ۱۳۳۸ف میں ۱۳۶۰۴۶ مقدمات کا تصفیہ کیا اور بمقابلہ ۵۲۲۴۰ گواہوں کے ۹۷۴۱۹ گواہوں کے بیانات قلمبند لکھیئے اور اوسط ایّام دوران مقدمہ بجائے ۱۸۲ کے ۱۰۹ یوم رہ گیا۔ یہ نتائج ایسے ہیں۔ جنپر بہتر سے بہتر ونسق رکھنے والی حکومتیں بجا طور پر فخر کر سکتی ہیں*

۱۳۳۸ف میں آمدنی صیغہ عدالت کی تمام مدات سے ۱۷۵۷۳۷۶ روپیہ ہوئی جو بمقابلہ سال ماسبق کے بقدر ۶۷۷۰ روپیہ کے کم تھی۔ لیکن اس کے مقابلہ میں اس سال خرچ ۲۰۴۰۴۲۵ روپیہ ہوا جو بمقابلہ سال ماسبق کے تقریباً ایک لاکھ کے بقدر کم تھا۔ اس حساب جمع و خرچ سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ مملکت آصفیہ میں برطانوی ہند کی طرح محکمہ عدالت کو نفع بخش محکمہ بنانے کی کوشش نہیں کیجاتی بلکہ اسکی آمدنی اتنی ہوتی ہے کہ اسکے اخراجات اُس سے پورے نہیں ہوتے جو حکومت کی ہمدردانہ اور مخلصانہ روش کا بہترین ثبوت ہے*

سڑکیں اور بدررو (کارہائے ڈرینج)

شہر حیدرآباد میں سڑکوں کی تعمیر و ترقی اور بدررو کا اہتمام ایک ہی نظام کے ماتحت ہے اور اس شعبہ کا کام شہر حیدرآباد کے لئے ہر طرح قابل فخر ہے۔ شہر کے فضلہ کو کھاد کے طور پر کام میں لانے کا جو انتظام ہے اور جسکی نظیر ہندوستان تو کیا یورپ کے بھی بڑے بڑے شہروں میں نہ ملیگی اُسکا تفصیلی ذکر دوسری جگہ کیا گیا ہے۔ اس جگہ ہم صرف شہر کے اندر سڑکوں اور نالیوں کے انتظامات کا مختصراً ذکر کریں گے۔ شہر حیدرآباد اس امر پر بجا طور پر فخر کر سکتا ہے کہ وہ ہندوستان میں سب سے پہلا شہر ہے جہاں کی سمنٹ کنکریٹ کی سڑکیں مسافت میں سب سے زیادہ ہیں اور جنکی مسافت اسوقت ۱۵ میل سے زائد ہے۔ ان کے علاوہ آئندہ ۱۵ میل ، ۷ فرلانگ مسافت کی سڑکیں بنانے کے لئے ۲ لاکھ کی رقم منظور ہو چکی ہے۔ یہ سڑکیں محکمہ ڈرینج کے زیر انتظام سمنٹ کنکریٹ کی تعمیر ہونگی جن سے ایسی سڑکوں کی مجموعی مسافت تیس میل سے اوپر پہونچ جائے گی جو ولایت کے اکثر بڑے شہروں میں بھی نہیں ہے اور شاید امریکہ کے سوا کہیں اور اس کی نظیر بمشکل دستیاب ہوگی۔ ۱۳۳۹ف میں شعبہ ڈرینج کے ماتحت سڑکوں کی تعمیر پر کل خرچ ۹۳۲۹۲۷ روپیہ ہوا اور عملہ متعلقہ کا خرچ ۴۶۷۳۱ روپیہ تھا۔ جس سے اخراجات عملہ کا اوسط صرف ۵ فیصدی آتا ہے۔ ڈرینج کے کاموں پر ۱۳۳۵ف سے لے کر ۱۳۳۹ف تک کل ۱۹۸۶۴۱ ۵ روپیہ صرف ہوا۔ جسمیں عملہ کا خرچ ۴۲۵۱۵ ۳ روپیہ اور آلات اور مشینوں کا خرچ ۳۳۶۷۲۴ روپیہ

سال ہے - صرف ۱۳۳۹ف کے سال کے لئے ۲۹۵۴۹۳ روپیہ کی رقم منظور کی گئی، جو سالہائے ماسبق کی رقوم منظور شدہ میں شامل کرکے کل تعداد ۵۶۵۱۰۹۰ روپیہ ہوتی ہے جسمیں سے اخراجات منہا کرنے کے بعد ۵۰۴۸۹۹ کی رقم سال آئندہ کے اخراجات میں شامل کرنے کے لئے بچتی ہے محکمہ ہذا نواب کرامت جنگ بہادر مرحوم چیف انجینیر کی زیر نگرانی نہایت مستعدی سے کام کرتا رہا جن کے انتقال پر اب مسٹر ایم اے زماں اس شعبہ کے انچارج ہے +

کوتوالی اضلاع

مملکت حیدرآباد کا محکمہ پولیس (کوتوالی) اضلاع حکومت کے ان شعبوں میں ہے جنکا انتظام واہتمام ممالک متمدنہ کے اعلیٰ ترین معیار پر پورا اترے گا اور برطانوی ہند کے معیار سے تو بدرجہا بلند ہے آج سے چند سال پیشتر کوتوالی اضلاع کے محکمہ پر مسٹر ہینکن کارفرما تھے جو نہایت ہی قابل اور بیدار مغز حکام پولیس میں شمار کئے جاتے تھے۔ چنانچہ آپکی زیر نگرانی اس محکمہ نے نظم و ضابطہ میں غیر معمولی ترقی کی اور چند ہی سال میں حیدرآباد کی پسماندہ اور پس رو پولیس ایک اعلیٰ درجہ کی منظم و مفید جماعت بن گئی۔ موجودہ ڈائرکٹر جنرل پولیس مسٹر جے ای آر مسٹرانگ ہیں۔ جو برطانوی ہند کے ایک قابل و تجربہ کار پولیس افسر تھے۔ شہر حیدرآباد کی پولیس (کوتوالی بلدہ) کا محکمہ ڈائرکٹر جنرل کے ماتحت نہیں ہے۔ اس لئے کوتوالی اضلاع کے محکمہ کے ذکر میں کوتوالی بلدہ کو شامل نہ سمجھنا چاہئے +

مملکت حیدرآباد میں کوتوالی اضلاع کا نظام تقریباً وہی ہے جو برطانوی ہند

کا ہے - فرق صرف اسقدر ہے کہ اس مملکت میں دیہاتوں کے پولیس پٹیل برطانوی ہند کے دیہاتوں کے مکھیا سے زیادہ بااختیار ہوتے ہیں اور معمولی تنازعات بلادخل اندازی پولیس اور ضابطہ عدالت کے طے کر دیتے ہیں - پھر بھی محکمہ کوتوالی کے کام کی اہمیت کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ تقریباً نصف کروڑ روپیہ اس محکمہ پر صرف ہوتا ہے اور تقریباً ۱۳ ہزار آدمیوں کا عملہ اس میں کام کرتا ہے اور محکمہ کی مستعدی اور فرض شناسی کا ثبوت یہ ہے کہ باوجودیکہ برطانوی ہند میں فرقہ وار فسادات کی بھرمار رہتی ہے مملکت حیدرآباد میں ایسے ناگوار حادثات شاذونادر ہی پیش آتے ہیں - اور اسی طرح سنگین وارداتوں کا تناسب بھی بمقابلہ برطانوی ہند کے بہت کم ہے - عام طور پر عملہ پولیس کے تعلقات پبلک سے ہمدردانہ اور دوستانہ ہیں - جس سے اس مملکت کے باشندے ملکی حکومت کے بہترین مفاد کو حاصل کر رہے ہیں *

تفصیلات پر سرسری نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۳۳۸ف میں کل عملہ پولیس کی تعداد بشمول حکام و کانسٹبل و عملہ دفتری کے اضلاع دیوانی میں ۱۱۳۹۵ اور علاقہ صرف خاص میں ۱۷۷۵ تھی - صرف خاص وہ علاقہ ہے جسکی آمدنی اعلےٰ حضرت حضور نظام کے صرف خاص میں جاتی ہے - اور اس علاقہ کے محاصل و مخارج کا حساب کتاب بقیہ اضلاع ریاست سے جو دیوانی کہلاتے ہیں بالکل الگ رہتا ہے - اس سنہ میں مبلغ ۴۴۹۲۵۹۹ روپیہ علاقہ دیوانی کی پولیس اور ۲۷۷۱۸۴۴ روپیہ علاقہ صرف خاص کی پولیس کے اخراجات کے لئے منظور کیا گیا - جسمیں بعد اخراجات ضروری ۹۷۲۳۴۶ روپیہ

علاقہ دیوانی میں اور ۸۲۲۹۷ روپیہ علاقہ صرف خاص میں بچایا گیا۔ اسی سال مختلف تعزیری دفعات کے ماتحت ۶۵۶۳ واقعی وارداتوں کی پولیس کو اطلاع دیگئی اور ۴۲۴۴ مقدمات کا پولیس نے عدالتوں میں چالان کیا اور ۱۱۲۱۵ ملزمین پولیس نے گرفتار کئے اور ۴۵۱۲ ملزمین کو عدالتوں نے سزا کا حکم سنایا۔ کل مال مسروقہ کی قیمت اس سال ۳۸۰۲۸۱-۱۱-۷ روپیہ تھی جسمیں ۱۶۴۱۱۵-۱۰-۷ کی قیمت کا مال برآمد کیا گیا+

افسران محکمہ پولیس کی تربیت کے لئے جو ٹرننگ اسکول قایم ہے اُس کے علاوہ عمال پولیس کے یتیم بچّوں کی تعلیم و تربیت کے لئے ایک الگ درس گاہ ہے جسمیں ان بچّوں کو ابتدائی تعلیم اور فوجی قواعد کی تربیت دیجاتی ہے۔ پندرہ سال کی عُمر تک یہ بچّے اسطرح تربیت حاصل کرنے کے بعد پولیس میں بھرتی کرلئے جاتے ہیں۔ اس طرح ایک طرف تو یتیموں کی پرورش و تربیت کا سامان ہوتا ہے اور دوسری طرف جمعیتہ پولیس میں بھرتی کرنے کیلئے باضابطہ تربیت یافتہ نوجوانوں کا دستہ ہر سال تیار ہوتا رہتا ہے۔ جس سے توقع ہے کہ جسوقت ان نوجوانوں کی معقول تعداد عملہ میں پہونچ جائے گی اُسوقت مملکت حیدرآباد کے کانسٹبل تعلیم و تربیت اور استعداد میں برطانوی ہند سے بہت آگے پہونچ جائیں گے۔ اس درس گاہ کے اخراجات کے لئے عملہ پولیس کی تنخواہوں سے ایک نہایت ہی قلیل رقم وضع کی جاتی ہے جو درسگاہ کے علاوہ عملہ کی بیواؤں کو وظیفہ دینے میں بھی صرف کیجاتی ہے اور اسوقت ۱۱۰۰ بیوائیں اس مد سے وظیفہ پارہی ہیں جنپر ۱۳۳۸ف میں مبلغ ۴۰۲۲۲ روپیہ خرچ ہوا تھا+

نظم جمعیت

سرکار عالیہ کی فوج باضابطہ اور بے ضابطہ دو شعبوں میں منقسم ہے۔ بے ضابطہ فوج نظم جمعیت کے نام سے مشہور ہے۔ جسکے عہدہ داران و عمال تاریخ مملکت میں نہایت ہی نمایاں کارنامے انجام دے چکے ہیں۔ اور انکی تنخواہیں اور مراتب زیادہ تر انھیں خدمات کا صلہ ہیں۔ تاہم اس شعبہ میں وقتاً فوقتاً جو اصلاحات عمل میں لائی گئیں انسے یہ بے ضابطہ جمعیتہ بھی بہت کچھ باضابطہ ہوگئی ہے اور اسپر کسی حد تک فوجی قواعد وضوابط کا عمل جاری ہوگیا ہے۔ آجکل پھر اس شعبہ کی مزید اصلاحات زیر غور ہیں، جنکا منشاء اصول و قواعد کی مزید پابندیاں عائد کرنا ہے۔ یہ جمعیتہ دراصل گذشتہ ۵۴ سال سے باضابطہ قایم ہے اور جبھی سے اسکی سالانہ رپورٹیں شایع ہوتی ہیں۔ سنہ ۱۲۹۹ ف میں جب سب سے پہلے محکمہ ہذا کی ترتیب و نظم ونسق کا آغاز ہوا تو اس جمعیتہ کی مجموعی تعداد ۲۱۸۰۰ افراد پر مشتمل تھی۔ جو اب گھٹتے گھٹتے ۱۳۱۲ انفر اور ۱۲۴۷ راس تک پہونچگئی ہے جسکا خرچ سالانہ سنہ ۱۳۳۹ ف میں ۵۲۹۷۲۶۲۷ روپیہ منظور ہوا تھا لیکن اخراجات میں کفایت کرکے اصل خرچ صرف ۲۳۰۰۳۴۵ روپیہ کیا گیا اور ۳۲۷۶۰۶ روپیہ پس انداز کیا گیا۔

اس محکمہ کے ماتحت بھی ایک بیوہ فنڈ قایم ہے جسمیں ایک قلیل رقم تنخواہوں سے وضع کرکے جمع کیجاتی ہے اور محکمہ کی متعلقہ بیواؤں کی پرورش پر خرچ ہوتی ہے۔ سنہ ۱۳۳۹ ف میں اس مد کا خرچ ۳۶۷ روپیہ ۴ آنہ ۴ پائی

تھا اور بقایا بشمول رقوم بقایا سالہائے ماسبق تعدادی ۴،۷۴ روپیہ ۴ آنہ داخل خزانہ کیگئی۔

علاج مواشی

سرکار عالیہ کا محکمہ علاج مواشی جسکے ماتحت سانڈ خانہ و اصطبل بھی ہے ابھی ترقی کے اُن مدارج تک نہیں پہونچا ہے جہاں بعض دیگر محکمے پہونچ گئے ہیں تاہم یہ دیکھ کر اطمینان ہوتا ہے کہ حکام متعلقہ نہایت ہی سرگرمی کے ساتھ اُسکی ترقی کی کوششوں میں منہمک ہیں اور تعلیم و تربیت اور تشخیص و انسداد امراض مواشی کے مختلف شعبوں میں نہایت مستعدی اور سرگرمی سے کام ہو رہا ہے۔ چنانچہ ۱۳۳۹ف میں ۲۱۵۶۵۸ مواشی کا محکمہ کے اسپتالوں میں علاج کیا گیا اور ۲،۷۳۸،۷ مواشی کے امراض متعدی سے حفاظت کا ٹیکہ لگایا گیا۔ اور گھوڑوں اور بیلوں کی نسل میں اصلاح و ترقی کی کوششیں مختلف مرکزوں سے مستعدی کے ساتھ جاری ہیں۔ حکام محکمہ کو مملکت کے باہر مروجہ طریقہائے علاج و حفظ ماتقدم کی تربیت حاصل کرنے کے لیئے خاص طور پر تعینات کیا گیا۔ اور مواشی کے لیئے بہترین چارہ کی فراہمی وغیرہ کا انتظام قابل اطمینان طریقہ پر انجام دیا گیا۔ ۱۳۴۰ف میں محکمہ کی مختلف سرگرمیوں پر حکومت کی طرف سے ساڑھے چار لاکھ روپیہ خرچ ہوا۔ نواب رئیس جنگ بہادر ناظم سررشتہ نہایت قابلیت و ذہانت سے اپنے فرائض ادا کر رہے ہیں۔

حرفت و تجارت

گذشتہ چند سال کے اندر اعلےحضرت کی فیاضانہ روش اور رعایا کی فلاح و بہبود سے مخلصانہ ہمدردی کی وجہ سے مملکت ہذا کی حرفت و تجارت نے غیر معمولی ترقی کی ہے۔ اور خاصکر حکومت کی شاہانہ امداد و سرپرستی نے ملک کی حرفتی رفتار میں نمایاں تیزی پیدا کردی ہے جس سے یہ توقع بعید نہیں ہے کہ عنقریب یہ خطہ اس میدان میں بڑی بڑی متمدن سلطنتوں سے بازی لیجائے گا۔ مختلف حرفتی کارخانوں کے اجراء و ترقی کے لئے حکومت سے فیاضانہ امداد دی جاتی ہے۔ جس کے لئے ایک خاص شعبہ حرفتی ٹرسٹ فنڈ کا قایم کردیا گیا ہے۔ جس نے ۱۳۳۹ف میں مختلف حرفتی کاموں کے لئے ۲۱۱۹۲ روپیہ قرض دیا۔ اور اسی سال ملک کی حرفتی صلاحیت کی تحقیقات کے لئے مختلف کمیٹیاں تعینات کی گئیں جنہیں مملکت کے باہر کے ماہرین فن کی امداد دے کر وسعت و ترقی کی حدیں دریافت کی گئیں۔ دستکاری کی حرفتوں کو ترقی دینے کے لئے ایک زبردست اسکیم مرتب ہوگئی ہے جسپر نہایت سرگرمی سے کام ہو رہا ہے اور حکومت کی طرف سے ایک محکمہ فروخت قایم ہے۔ جو ان حرفتوں کی پیداوار کو خریداروں تک پہونچانے کا کام انجام دیتا ہے۔ اور ایک دوکان خاصکر اسی مقصد کے لئے بلدہ حیدرآباد میں کھولدی گئی ہے۔ جسکی شاخیں برطانوی ہند کے بڑے بڑے شہروں میں بھی کھولنے کا ارادہ ہے خود حکومت کی طرف سے کئی کارخانے قایم ہیں۔ جنہیں اہل ملک کو جدید ترین طریق

ساخت کی عملی تربیت دیجاتی ہے۔ ان میں سرکاری منٹ ورکشاپ، سرکاری کارخانہ صابون سازی اور شیرآباد دارالحرفت خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ سرکاری منٹ ورکشاپ میں نجاری، حدّادی، مہر کنی طباعت، برتن سازی وغیرہ کے مختلف کام برقی قوت کی مشینوں سے انجام دیے جاتے ہیں۔ اور اکثر محکموں میں یہیں کی بنی ہوئی مشینیں نہایت ہی کامیابی کے ساتھ کام کر رہی ہیں چنانچہ صفائی فضلہ کے شعبہ میں جتنی بڑی اور چھوٹی مشینیں ہیں وہ سب اسی کارخانہ کی بنی ہوئی ہیں۔ حیدرآباد میں حرفتی ترقی کا میدان بہت ہی وسیع ہے اور موجودہ حکومت اسکے تمام امکانات سے نفع اُٹھانے کی پوری کوشش کر رہی ہے۔ سنگاریڈی کے ریشمی کپڑے، بیدر کا جستی کام، کریم نگر کا چاندی کا کام اور زردوزی، لنگم پیٹ اور ہمیرپٹی کے برتن اور دولت آباد، ورنگل وغیرہ کا کاغذ یہاں کی قدیم صنعتیں ہیں۔ جنہیں حکومت کی سرپرستی سے بہت کچھ جان پڑگئی ہے اور بعض حرفتیں جو امتدادِ زمانہ سے مُردہ ہو چکی تھیں انھیں از سرِ نو زندہ کیا جا رہا ہے۔ مثلاً قالین سازی وغیرہ کے لئے سرکاری مدد سے کارخانے کُھل رہے ہیں اور بیدر کا کام جو ساری دنیا میں مشہور تھا اب پہلے سے بہت زیادہ عروج پر ہے اور محمود گاواں کے مدرسہ کی عالیشان عمارت میں سرکارِ عالی نے جو حرفتی مدرسہ کھول دیا ہے۔ اس میں آجکل کی ضروریات کے مطابق بدری کے کام کی چیزیں تیار ہونے لگی ہیں۔ جنکی نکاسی کیلئے بلدہ حیدرآباد میں ملکی ساخت کی چیزوں کی ایک سرکاری دوکان کھولدی گئی ہے، جہاں صناعی کے بہترین نمونے دیکھے جا سکتے ہیں۔ ایک حرفتی لیباریٹری اور ایک حرفتی کتبخانہ بھی قائم ہے جو اپنے اپنے حلقہ میں نہایت مُفید تعلیمی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

سرکاری کارخانوں کے علاوہ ملک میں سیکڑوں پرائوٹ کارخانے بھی قایم ہیں، خاصکر روئی صاف کرنے اور دبانے اور کپڑا بننے، تیل نکالنے، سگریٹ، دیاسلائی، کاغذ اور صابون وغیرہ بنانے کے کارخانے خوب ترقی پر ہیں اور سرکاری امداد اور حوصلہ افزائی ان کی پشت پناہ ہے ؛

سنہ ۱۹۳۴ء ۱۳۴۴ف میں مسٹر ایس آر بھاٹے نے بعد تفتیش تحقیقات معلوم کیا کہ کھجور کے درختوں سے شکر نکالنے کی حرفت حیدرآباد میں ترقی دیجاسکتی ہے اور اسکا خرچ گنّے کے رس سے شکر نکالنے کے بہ نسبت زیادہ نہ ہوگا۔ اس انکشاف سے امید ہے کہ جسوقت اس حرفت میں کام باقاعدہ شروع ہوجائے گا اسوقت ہندوستان کی پیداوار شکر میں بہت کچھ اضافہ ہوجائے گا۔ اس لئے کہ حیدرآباد میں کھجور کے درختوں کی بہت کثرت ہے ؛

سنہ ۱۳۳۹ف میں اس مملکت میں ۱۸۶۹۲۹۲۰۰ روپیہ کی قیمت کا سامان باہر سے درآمد ہوا اور ۳۰۲۳۴۶۰۰۰ روپیہ کی قیمت کا سامان برآمد ہوا جس سے مجموعی اوسط تجارت درآمد و برآمد کا اس سال ۳۸۹۲۷۵۲۰۰ روپیہ رہا ؛

محکمہ کروڑگیری

مملکت آصفیہ کے صیغہ ہائے مداخل میں محکمہ کروڑگیری کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ اس لئے کہ اس محکمہ سے باوجود تجارتی اور اقتصادی انحطاط کے آجکل پونے دو کڑوڑ روپیہ سے زائد آمدنی ہوتی ہے۔ مملکت حیدرآباد میں چونکہ

انکم ٹیکس وصول نہیں کیا جاتا اور بہت سی دیگر مدات آمدنی جو برطانوی ہند میں رائج ہیں۔ اُن سے بھی نفع نہیں اُٹھایا جاتا اسلئے کروڑگیری کے محکمہ پر خاص توجہ ہونا بالکل قدرتی بات ہے تاہم باوجود اس خصوصیت کے اکثر سامان پر محصول معاف ہے۔ جسمیں اہل ملک کی حرفتی اور مذہبی ضروریات شامل ہیں مثلاً معادن آہن کے لئے جتنا سامان باہر سے آئے گا اُسپر چنگی یا کسٹم کا محصول نہ پڑے گا۔ اسی طرح پانچ اہم کارخانہ ہائے پارچہ باقی۔ اور بعض مذہبی اور خیراتی ادارے ریزیڈنسی کا عملہ اور گورنر جنرل وغیرہ محاصل کروڑگیری سے مستثنیٰ ہیں۔ اور اس مستثنیٰ مال کی درآمد و برآمد ۱۳۳۹ف میں بقدر ۴۱۸۴۴۳۰۰ روپیہ کے ہوئی۔ اور مستثنیٰ اداروں اور کارخانوں کے لئے اسی سال مبلغ ۱۰۹۹۵۵۰۰ روپیہ کا مال بلا محصول درآمد کیا گیا جسپر اگر محصول لیا جاتا تو ساڑھے پانچ لاکھ روپیہ کے قریب حکومت کو مل جاتا۔ قابل محصول مال سے جو رقم وصول ہوئی اسکی مقدار ۱۳۲۹ف میں ۱۷۵۵۰۸۹۳ روپیہ تھی جسمیں ۷۵۰۰۵۴ روپیہ سامان درآمد کے محصول سے، ۹۶۸۱۱۴۲ روپیہ سامان برآمد کے محصول سے، ۲۹۶۷۳۴ روپیہ چنگی سے اور ۶۵۹۶۳ روپیہ متفرقات سے وصول ہوا۔ اس سال اخراجات محکمہ کی مقدار ۱۹۲۸۵۳۰ روپیہ تھی۔ محکمہ ہذا نواب رستم جنگ بہادر ناظم کروڑگیری کے اہتمام میں نہایت مستعدی اور قابلیت سے کام کررہا ہے۔ اور عمال محکمہ اپنے سخت نگرانی اور دیکھ بھال کے فرائض تہذیب و ہمدردی کے ساتھ انجام دیتے ہیں جو ملکی حکومت کی نمایاں برکت ہے ٭

محکمہ صفائی بلدہ (میونسپلٹی)

حیدرآباد شہر کے وسیع رقبہ اور کثرت آبادی سے عمال محکمہ صفائی (میونسپلٹی) کے کام کی اہمیت بہت کچھ بڑھجاتی ہے۔ لیکن یہاں بھی ہندوستانی ذہانت و قابلیت نے مستعدی اور کارگذاری کا اعلی نمونہ پیش کیا ہے۔ حدود صفائی کی آبادی از روئے مردم شماری ۱۳۴۰ف میں ۴۶۶۸۹۴ تھی اور مکانات کی تعداد از روئے خانہ شماری ۱۱۶۸۰۷ تھی جو ۵۲ مربع میل کے رقبہ میں پھیلے ہوئے تھے۔ انتظامی سہولتوں کے لئے کل شہر کو دو حلقوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ یعنی دریائے موسی کے شمالی جانب جو چادرگھاٹ کہلاتا ہے اور جنوبی جانب جو صفائی بلدہ کے نام سے مشہور ہے۔ شہر کی سڑکیں اور ڈرینج دوسرے محکموں کے انتظام میں ہیں اسلئے محکمہ صفائی محض ان شعبوں کی نگرانی کرتا ہے جو صفائی اور شہری سہولتوں کے متعلق ہیں مثلاً صفائی شاہراہ۔ آبرسانی اور نگرانی وسائل آمدورفت وغیرہ۔ ۱۳۳۸ف میں مجلس صفائی (میونسپل کمیٹی) ۲۶ اراکین اور ایک صدر پر مشتمل تھی۔ جنمیں صرف ۱۶ ارکان سرکاری تھے اور ۶ منجانب علاقہ جات صرف خاص و ہرسہ پائیگاہ وریاستہائے نواب سالارجنگ بہادر و مہاراجہ سرپیشکار السلطنۃ بہادر اور تین ارکان منجانب طبقہ ساہوان وسوداگران وجمعداران عرب تھے اور بقیہ ۱۱ ارکان منتخب شدہ منجانب عوام تھے۔ آمدنی محکمہ صفائی کی ۱۳۳۸ف میں تمام مدات سے ۱۵،۵۵،۱۷۳ روپیہ ہوئی جس میں ۵۴۰۰۰۹ روپیہ سرکاری امداد شامل تھی اور باقی آمدنی مختلف ٹیکسوں اور کرایہ مکانات وغیرہ

سے ہوئی۔ چنگی کا محصول محکمہ کروڑگیری میں جاتا ہے۔ اسلئے میونسپلٹی کے ذرایع آمدنی بہت ہی محدود ہیں، اور پھر اسمیں بھی ہر شعبہ میں اس بات کا خاص لحاظ رہتا ہے کہ کوئی محصول ایسا سخت نہ لگایا جائے جو رعایا پر تکلیف دہ ہو۔ صفائی وحفظ صحت کے انتظامات اور امراض وبائی وغیرہ کے انسداد کی تدابیر میں محکمہ صفائی کو کافی رقم خرچ کرنی پڑتی ہے اور انتظام میں کفایت شعاری ہی سے یہ تمام خدمات انجام پاتی ہیں +

محکمہ صفائی (میونسپلٹی) کا نظام

مجلس صفائی (میونسپل کمیٹی) بلدہ حیدر آباد ۲۶۔ اراکین کی ایک مرتب جماعت ہے جسمیں ۷ عہدہ داران سرکاری نامزد شدہ ۶ نمائندگان علاقہ جات، ۵ معززین بلدہ نامزد کردہ سرکار، اور آٹھ غیر ملازم منتخب شدہ اراکین ہیں۔ آخر الذکر اراکین میں سے حسب تجویز سرکار ہر سال دو اراکین الگ ہوتے ہیں اور جدید منتخب شدہ اراکین انکی جگہ لیتے ہیں اس طرح مجلس میں ہمیشہ اکثر حصہ اراکین ایسا موجود رہتا ہے جو معاملات و مسائل متعلقہ صفائی کا کافی تجربہ رکھتا ہو اور اسی کے ساتھ اہل بلدہ کو اپنی رائے کے اظہار کا ہر سال موقعہ ملتا رہتا ہے +

محکمہ صفائی کے فرائض کا عمل میر محلگان اعزازی کے توسط سے انجام پاتا ہے جو سب کے سب منتخب شدہ افراد ہوتے ہیں اور اُن کا انتخاب ہر تیسرے سال ہوتا ہے۔ اور ہر وہ شخص جس کی آمدنی ایک سو سالانہ سے کم نہ ہو وہ اس انتخاب میں ووٹ دے سکتا ہے۔ میر محلہ گان کے لئے یہ لازم ہے کہ ان کی سالانہ آمدنی ۶۰۰ روپیہ سے کم نہ ہو اور

وہ مجلس کے رکن نہ ہوں اور نہ کسی ایسے محکمہ میں ملازم ہوں جسکی نگرانی میر محلگان اعزازی سے متعلق ہے۔ میر محلگان کے فرائض اس قسم کے رکھے گئے ہیں کہ انکے ذریعہ سے اہل شہر کی فلاح و بہبود کی حقیقی خدمات انجام پا سکتی ہیں۔ ان فرائض میں حسب ذیل معاملات کی نگرانی شامل ہے:

۱۔ حلقہ متعلقہ کی صفائی۔

۲۔ شارع عام یا کوچہ ہائے متعلقہ کی درستی۔

۳۔ اگر کوئی حادثہ ارضی یا سماوی واقع ہو تو اُسکے دفعیہ کے لئے عہدہ داران سرکاری سے درخواست۔

۴۔ اموات لاوارث کی صورت میں متوفی کے مذہبی اعتقاد کے موافق تجہیز و تکفین میں کوتوالی کو متوجہ کرنا۔

۵۔ لاوارث فوت کی جائداد کی فہرست کی ترتیب میں کوتوالی کے ساتھ شریک رہنا اور مرتبہ فہرست پر دستخط کرنا۔

۶۔ شیوع وبا کے وقت ساکنین حلقہ کو تدابیر حفظان صحت سے آگاہ کرنا اور افسران طبی کے فرائض منصبی میں مدد کرنا۔

۷۔ معابد کی درستگی اور ان کے اوقاف کی نگرانی۔

۸۔ مکاتب و مدارس کی حالت اور نوعیت تعلیم کی دیکھ بھال اور ساکنین حلقہ کے بچّوں کو تعلیم کی ترغیب دینا۔

۹۔ ساکنین حلقہ کے بچّوں کو تعلیم پر آمادہ کرنا۔

۱۰۔ اہل حرفہ اور اُن کے بچّوں کی ترقی و فلاح میں امداد۔

۱۱۔ آبپاشی، آبنوشی اور روشنی گذرگاہ کا انتظام۔

۱۲۔ شکایات متعلقہ کوتوالی اور بصورت بلوہ کوتوالی کی خواہش پر اُسکی امداد۔

۱۳۔ دو مخالف گروہوں میں مصالحت کی کوشش اور بصورت اندیشہ نقضِ امن کوتوالی کو بغرض حفظ امن اطلاع دینا۔

۱۴۔ مطب یونانی و مصری و ڈاکٹری و دوکانات دوافروشی کی دیکھ بھال۔

۱۵۔ یتیم بچّوں کو یتیم خانہ سرکاری میں داخل کرانا۔

اسی نظام کی تقلید دیگر مجالس صفائی ممالک محروسہ سرکار عالی میں کیجاتی ہے، اور انتظام بلدیہ میں باشندگان شہر کی رائے کو مزید نمائندگی دینے کیلئے ایک قانون اسوقت زیر غور ہے۔

محکمہ آثار قدیمہ

سرکار عالیہ کا محکمہ آثار قدیمہ بھی انھیں محکموں میں ہے جنمیں ہندوستانی قابلیت و ذہانت کا بہترین نمونہ ملک کے پیش نظر کیا جاتا ہے۔ آثار قدیمہ کے لحاظ سے مملکت آصفیہ کو تاریخ عالم میں ایک خاص رتبہ حاصل ہے اور یہاں کی بعض قدیم یادگاریں عجائبات زمانہ میں شمار کی جاتی ہیں جیسے غارہائے ایلورہ و اجنٹہ جو دو ہزار سال کے پرانے بتائے جاتے ہیں اور اضلاع نلگنڈہ و کریم نگر کے قدیم معابد جو تین ہزار سال پیشتر کے تمدّن کا پتہ دیتے ہیں۔ یہ سب محض اسی محکمہ کی سرگرمی اور مستعدی سے آج محفوظ ہیں اور عُلمائے تحقیق تاریخی کے لئے بسیط کتابوں کا کام دے رہے ہیں۔ ان کے علاوہ زمانہ مابعد کے نقش و نگار قلعہ دولت آباد اور مآثر پانگل سے نمایاں ہیں۔

اور اسلامی سلطنتوں کی یادگاریں گولکنڈہ، بیدر، اورنگ آباد وغیرہ میں اُس زمانہ کی تاریخ یاد دلاتی ہیں، اور اسی محکمہ کی بدولت زندہ ہیں۔ ۱۳۲۷ف میں اس محکمہ کے انتظام اور آثار قدیمہ کی حفاظت و مرمت میں ۵۵۹۶۶ روپیہ خرچ ہوا اور اس کے علاوہ اسی سال ۴۳۴۱۴ روپیہ اجنٹہ کی تصاویر کا البم شایع کرنے پر صرف ہوا۔ حفاظت و مرمت آثار کے علاوہ محکمہ کی طرف سے مختلف کتابیں اور قدیم کتبوں کے حالات اور فوٹو بھی شایع ہوتے رہتے ہیں۔ اور عمال محکمہ ان یادگاروں کا سراغ لگانے اور انکی تاریخی اہمیت کو نمایاں کرنے کے لئے دورہ بھی کرتے رہتے ہیں۔ جس سے ہندوستان کی تاریخ قدیم کی تفصیلات پر خاص روشنی پڑتی ہے۔ جو ہندوستان کے لئے عموماً اور اہل ہنود کے لئے خصوصاً ایک بیش قیمت اور قابل قدر چیز ہے اور اس کے لئے ہر شخص کو مملکت آصفیہ کے محکمہ آثار قدیمہ کا شکرگذار ہونا چاہئے ؛

سرکار آصفیہ کی بے تعصبی کی چند مثالیں

غیر مسلم معاشداران مذہبی

حسب ذیل نقشہ غیر مسلم معاشداران مذہبی کا جنکے مندر و دھرم شالہ وغیرہ کی خدمات وابستہ ہیں مستند سرکاری کاغذات سے حاصل کیا گیا ہے

نام ضلع	معاش نقدی پائی - آنہ - روپیہ	معاش اراضی گنٹہ - یکڑ	تعداد جاگیرات
اورنگ آباد	١٢٨٠٩-٤-٧	٢٠٧٨٧-٣١	٢٠
پربھنی	٥٣٣٠-٤-١	١٦٧١٨-١٥	٩
بیڑ	٥٠٣٥-١٥-١٠	٢٥٢٣٩-٤	٧
ناندیڑ	٢٧١٢-١١-٠	٨٣٥٤-١٤	٩
گلبرگہ	٥٧٨٧-١-٩	٣١٧٩٤-٨	١١
رائچور	١٢٨٠-١٣-٧	٤٩٨٤٢-٢٧	٦
بیدر	١٣٢٩-٨-٥	٣٥٢٢-٢٢	٣
عثمان آباد	٢٢٦١-١٥-٣	١١٤١٦-٦	٨
ورنگل	١٠٢٢٦-٦-٣	٣٥٣٨-٢٥	٣
کریم نگر	٢٢٥٤-٧-٠	٣٣٣٣-٣	٣½
آصف آباد	٣٩٢٣-١٣-٠	٣٣٨٠-٢٢	١٥

نام ضلع	معاش نقدی پائی۔ آنہ۔ روپیہ	معاش اراضی گنٹہ ۔ ایکڑ	تعداد جاگیرات
میدک	۴۹۶۹ - ۳ - ۹	۲۵۲۷ - ۱۹	۷
نظام آباد	۱۶۸۹ - ۲ - ۶	۶۰۳۴ - ۲۱	۱۴
محبوب نگر	۳۶۷۴ - ۱۴ - ۰	۰۸۸۴۸ - ۱۵	۱
نلگنڈہ	۲۱۴۴ - ۰ - ۰	۶۴۸۸ - ۲۴	۰
صدر میزان	۵۲۴۵۸ - ۱۳ - ۲	۲۰۱۹۵۷ - ۳	۱۱۸

غیر مسلم ادارات مذہبی
جو سرکار آصفیہ سے امداد پاتے ہیں

نام ضلع	تعداد غیر مسلم ادارات جنکی امداد کیجاتی ہے	نام ضلع	تعداد غیر مسلم ادارات جنکی امداد کیجاتی ہے
اورنگ آباد	۹۸۴	پربھنی	۵۰۵
بیڑ	۵۶۷	ناندیڑ	۶۵۳
گلبرگہ	۲۲۸۱	رائچور	۲۶۳۵
بیدر	۳۹۵	عثمان آباد	۲۷۲
ورنگل	۳۱۵	کریم نگر	۳۴۳
آصف آباد	۱۶۴	میدک	۳۶۴
نظام آباد	۸۱۴	محبوب نگر	۵۰۴
نلگنڈہ	۵۶۰		

صدر میزان ... ۱۱۳۵۶

اس کے مقابلہ میں مسلم ادارات کی تعداد جنکو سرکاری امداد ملتی ہے کل مملکت سرکار آصفیہ میں صرف ۴۸۹۸ ہے *

خدمات شرعیہ اسلامیہ کی معاشیں غیر مسلموں کے نام

صوبہ گلبرگہ

(۱) موضع ماڑیال تعلقہ گلبرگہ میں درگاہ کے نام ۹۴ یکڑ ۱۲ گنٹے بحال ہیں۔ شرط خدمت سیورایا ولد رام کوتی کے ذمہ ہے۔

(۲) موضع پیٹہ جورگی تعلقہ گلبرگہ میں درگاہ سلطان شاہ کے نام ۵ ایکر، ۲ گنٹے اراضی بحال ہے شرط خدمت سیورایا ولد رام کوٹی سے متعلق ہے۔

(۳) موضع خانہ پور تعلقہ شاہ پور میں ۶ یکر ۲۰ گنٹے بنام مسجد بحال ہیں شرط خدمت ینکپا ولد ملپا سے متعلق ہے۔

(۴) موضع بنڈے بلبلی تعلقہ شاہ پور میں درگاہ خواجہ صاحب کے نام ۶ یکر ۲۰ گنٹے اراضی بحال ہے۔ شرط خدمت سد لنگپا ولد پرمنا سے متعلق ہے۔

(۵) تعلقہ شوراپور میں بشرط خدمت عاشور خانہ بالارام کے نام عـ۱۲/۱۱ مقرر ہیں۔

(۶) تعلقہ شوراپور میں بشرط خدمت عاشور خانہ بسپا ولد بھوریا کے نام للعہ ۱۰/۵ مقرر ہیں۔

(۷) موضع منڈگہ تعلقہ یادگیر میں بشرط خدمت عاشور خانہ بنام کلپا ۱۱ ایکر ۱۰ گنٹے اراضی بحال ہے۔

(۸) موضع بلجکر تعلقہ یادگیر میں بشرط خدمت عاشور خانہ بنام لنگپا ۴ یکر ۸ گنٹے اراضی

بحال ہے۔

(۹) موضع کاسان پلی تعلقہ سیڑم میں بشرط خدمت عاشور خانہ ۹ گنٹے اراضی بحال ہے۔ شرط خدمت پٹیل پٹواری سے متعلق ہے۔

(۱۰) موضع مدور تعلقہ سیڑم میں بشرط استادگی علم ۱۱۔ ایکڑ ۳۹ گنٹے اراضی بحال ہے۔ شرط خدمت پٹیل پٹواری سے متعلق ہے۔

(۱۱) موضع کوڑی تعلقہ اندولہ جیورگی میں بشرط خدمت درگاہ حضرت بابا فخرالدین صاحب ۵۔ ایکڑ ۲۲ گنٹے بنام شرنپا بحال ہیں۔

(۱۲) موضع سٹرلی تعلقہ اندولہ جیورگی میں بشرط خدمت درگاہ حضرت فرید صاحب ۵۰ ایکڑ ۳۵ گنٹے اراضی بنام تاراجی وسائن جی بحال ہے۔

(۱۳) موضع ردور ورتعلقہ چنچولی میں بشرط خدمت چلہ بندہ نواز ۸۔ ایکڑ ۶ گنٹے اراضی بحال ہے۔ اس پر مانک راؤ پٹواری قابض ہے۔

(۱۴) موضع ویگل مڑی تعلقہ چنچولی میں بشرط خدمت چلہ خواجہ بندہ نواز ۱۹۔ ایکڑ اراضی بحال ہیں جس پر سدپا قابض ہے۔

(۱۵) قصبہ بنڈے بلی تعلقہ شاہ پور ضلع گلبرگہ میں حضرت جلال الدین شاہ صاحب قدس سرہٗ کی درگاہ کی معاش ۷۰ بیگہ سدرامپا ولد سند لنگپا کے نام بحال ہے۔

(۱۶) موضع ناگل پلی تعلقہ چنچولی میں بشرط خدمت چلہ خواجہ بندہ نواز ۱۳۔ ایکڑ ۳۱ گنٹے اراضی بحال ہے بنام قبولا پٹیل۔

(۱۷) موضع گنگیرہ تعلقہ چنچولی میں بشرط خدمت چلّہ خواجہ بندہ نواز ۵۔ ایکڑ ۳۲ گنٹے بنام حاشنیا کولی بحال ہے۔

(۱۸) موضع ہوڑہ تعلقہ سندہنور میں بشرط خدمت عاشور خانہ ۱۲۔ ایکڑ ۲۹ گنٹے اراضی بنام
مدہوا چاری ولد کورنا چاری بحال ہے۔

(۱۹) موضع گوسری تعلقہ سندھنور میں بشرط خدمت درگاہ ۶۔ ایکڑ اراضی بنام بسپا ولد
ایر بسپا بحال ہے۔

(۲۰) قصبہ کوہیر تعلقہ بیدر میں بشرط خدمت درگاہ حضرت مولانا معزالدین صاحب ۵۔ایکڑ
۱۰گنٹے اراضی بنام کنہیا لعل بحال ہے۔

(۲۱) قصبہ کوہیر ضلع بیدر میں بشرط خدمت درگاہ حضرت مولانا معزالدین صاحب
ایک ایکڑ ۱۱ گنٹے اراضی بنام گودھن بحال ہے۔

(۲۲) قصبہ کوہیر ضلع بیدر میں بشرط خدمت چلہ محبوب سبحانی ۱۶ گنٹے اراضی بنام کشن راؤ گوئند
بحال ہے۔

(۲۳) موضع اندہوری تعلقہ بیدر میں بشرط خدمت عاشور خانہ ۳۰ گنٹے بنام لسنا تمڑی
بحال ہیں۔

(۲۴) موضع اندہوری تعلقہ احمد پور میں بشرط خدمت درگاہ سید باگن حسینی شاہ
۱۳۔ایکڑ ۴ گنٹے بنام منگو ولد ستی بحال ہیں۔

(۲۵) موضع ملکاپور تعلقہ جنواڑہ میں دو ایکڑ ۱۰ گنٹے اراضی بنام فقیرا تیا بشرط خدمت
درگاہ سلطان احمد شاہ ولی البہمنی موقوعہ بیدر بحال ہے۔

صوبہ اورنگ آباد

(۲۶) موضع کانچناپور تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری ۱۳ ار معاش نقدی جاری
ہے۔جس سے پٹیل پٹواری مستفید ہوتے ہیں۔ عموماً پٹیل پٹواری ہندو ہوتے

ہیں اور خدمت موروثی ہوتی ہے۔

(۲۷) من گاؤں تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری ۱۲ر معاش نقدی جاری ہے۔ شرط خدمت پنڈو ولد جگو پٹیل سے تعلق ہے۔

(۲۸) موضع نری تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط خدمت عاشور خانہ معاش نقدی ۱۴ر جاری ہے۔ پٹیل پٹواری مستفید ہوتے ہیں۔

(۲۹) موضع گرساؤلی تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری معاش نقدی ۸ر ۵ر جاری ہے۔ پٹیل پٹواری مستفید ہوتے ہیں۔

(۳۰) موضع اڑگاؤں تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری معاش نقدی ۱ر۲ر جاری ہے۔ سنتویا ولد وٹھوبا کو ملتے ہیں۔

(۳۱) موضع ڈھون کھیڑہ تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری معاش نقدی ۸ر۶ر جاری ہے۔ پٹیل پٹواری حاصل کرتے ہیں۔

(۳۲) موضع یووے گاؤں بزرگ تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری ۸ر۱۳ر معاش نقدی مقرر ہے چند ولد گلو کے نام بحال ہے۔

(۳۳) بابل گاؤں سرٹ تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری ۱ر معاش نقدی بنام پٹیل پٹواری جاری ہے۔

(۳۴) موضع اڑگاؤں خورد تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری ۹ر ۹ر معاش نقدی بنام پٹیل پٹواری مقرر ہے۔

(۳۵) موضع پھلمری تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط خدمت درگاہ حضرت پیر صاحب پان واڑی و محمد غازی شہید ۲۲۔ایکڑ ۳۰ گنٹے اراضی بنام ہنمنتو پٹیل بحال ہے۔

(۳۶) موضع پھلمری تعلقہ اورنگ آباد میں ایک ایکڑ ۴ گنٹے قبرستان کے لئے ہنمنت راؤ وغیرہ کو عطا ہوئے ہیں۔

(۳۷) موضع شرنا پور تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ دار عـــصہ ۱ر۲ر معاش نقدی بنام ٹپیل پٹواری جاری ہے۔

(۳۸) موضع بھیکا پور تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری عـــصہ ۱ر معاش نقدی مقرر ہے۔ پٹیل پٹواری مستفید ہوتے ہیں۔

(۳۹) موضع بھت پور تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری عـــصہ ۱ر۷ر معاش نقدی مقرر ہے۔ پٹیل پٹواری مستفید ہوتے ہیں۔

(۴۰) موضع پوکھری تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری ۸ر۶ر معاش نقدی مقرر ہے۔ ٹپیل پٹواری مستفید ہوتے ہیں۔

(۴۱) موضع دھرم پور تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری ۸ر۸ر معاش نقدی مقرر ہے بنام ٹپیل پٹواری۔

(۴۲) موضع گوپال پور تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری عـــصہ ۱ر۲ر معاش نقدی مقرر ہے بنام ٹپیل و پٹواری۔

(۴۳) موضع کومٹھانہ تعلقہ اورنگ آباد بشرط تعزیہ داری عـــصہ ۱ر معاش نقدی مقرر ہے بنام ٹپیل پٹواری

(۴۴)	موضع درگاؤں	"	"	"	عـــصہ ۲ر۶ر	"	"	"
(۴۵)	" رام پور	"	"	"	عـــصہ ۵ر۹ر	"	"	"
(۴۶)	" چکل ٹھانہ	"	"	"	سعہ ۸ر	"	"	"

(۴۷) موضع مارے گاؤں تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری ۱ر۲ہر معاش نقدی مقرر ہے بنام ٹپیل ٹپواری

(۴۸) 〃 برجواڑی 〃 〃 〃 〃 ۶ر۵ہر

(۴۹) 〃 بیمار پیری 〃 〃 〃 〃 ۱ر۱ہر

(۵۰) 〃 ڈرکم 〃 〃 〃 〃 ۶ر۲ہر

(۵۱) 〃 کنکورہ 〃 〃 ۱ر۲ہر بنام بھوانی ٹپیل و برماجی ٹپواری

معاش نقدی مقرر ہے۔

(۵۲) موضع کالیواڑہ تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری ۴ر۲ہر معاش نقدی

بنام وٹھوبا مقرر ہے۔

(۵۳) موضع موہن پور تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری ۶ر۱ہر معاش نقدی بنام

ٹپیل ٹپواری مقرر ہے۔

(۵۴) موضع پیرواری تعلقہ اورنگ آباد میں شرط تعزیہ داری ۱۰ر۹ہر معاش نقدی بنام ٹپیل ٹپواری مقرر ہے۔

(۵۵) موضع سیل گاؤں تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری ۸ر۶ہر معاش

نقدی بنام ٹپیل ٹپواری مقرر ہے۔

(۵۶) موضع کاناپور تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری ۱۲ر معاش نقدی بنام ٹپیل

ٹپواری مقرر ہے۔

(۵۷) موضع مومن پور تعلقہ اورنگ آباد میں بشرط تعزیہ داری ۸ر معاش نقدی

بنام ٹپیل ٹپواری مقرر ہے۔

(۵۸) موضع کوکڑ گاؤں تعلقہ عنبر میں بشرط خدمت درگاہ حضرت بابا رمضان صاحب

۱۱۔ایکڑ ۱۰۔گنٹے اراضی بنام مارو تی ولد بالاجی بحال ہے۔

(۵۹) موضع دل کھیڑ تعلقہ عنبر میں بشرط خدمت درگاہ حضرت سید میر صاحب ۱۲ گنٹے اراضی بحال ہے۔ نانا ولد لاڑجی سے بشرط خدمت متعلق ہے۔

(۶۰) موضع دھالوری بزرگ تعلقہ گنگاپور میں بشرط خدمت درگاہ حضرت شاہ سکندر صاحب ۸۔ ایکڑ ۲۳ گنٹے اراضی بنام ڈگرو حجام بحال ہے۔

(۶۱) موضع ساوکھیڑہ تعلقہ گنگاپور میں بشرط خدمات مسجد ۲۷/۴۔ ایکڑ ۱۳ گنٹے اراضی مرا بائی (ایک ہندو عورت) کے نام بحال ہے۔

(۶۲) موضع اسٹری تعلقہ سلٹور میں بشرط جاروب کشی قبر حضرت جمال شاہ صاحب ۲۶ گنٹے اراضی بنام وسرودانند بحال ہے۔

(۶۳) موضع ٹاپرگاؤں تعلقہ کنڑ میں بشرط خدمت درگاہ ۴۔ ایکڑ ۱۰ گنٹے بنام اینوراؤ ولد نیلو پاٹیل بحال ہیں۔

(۶۴) موضع گوندے گاؤں تعلقہ جالنہ میں بشرط خدمت عاشور خانہ ۲/۱۴/۲ معاش نقدی بنام ونایک نارائن بحال ہے۔

(۶۵) موضع ہیوڑہ پرگنہ و باڑی تعلقہ جالنہ میں بشرط خدمت عاشور خانہ ۲/۸/۲ معاش نقدی بنام مارننند رام چندر بحال ہے۔

(۶۶) موضع دباڑی تعلقہ جالنہ میں بشرط خدمت عاشور خانہ ۲/۸/ کیشو گنگارام کے نام معاش نقدی جاری ہے۔

(۶۷) موضع مالیگاؤں تعلقہ جالنہ میں بشرط خدمت عاشور خانہ ۱۴/ معاش نقدی کمال چند نائک کے نام جاری ہے۔

(۶۸) نیز موضع واکھڑہ تعلقہ جالنہ میں بشرط خدمت عاشور خانہ ۱۰/۳/ معاش

نقدی بنام وناٹک جاری ہے۔

(۶۹) نیز موضع واگھڑہ تعلقہ جالنہ میں بشرط خدمت عاشور خانہ عصہ ار۶م معاش نقدی بنام وناٹک جاری ہے۔

(۷۰) موضع بیندرپور تعلقہ جالنہ میں بشرط خدمت عاشور خانہ عصہ ار۳م معاش نقدی بنام پیراجی ولد ہری جاری ہے۔

(۷۱) موضع پانوٹی بزرگ تعلقہ ویجاپور میں بشرط خدمت درگاہ پانچ پیر ۲۲-ایکڑ ۳۶ گنٹے اراضی پٹیل پٹواری کے نام بحال ہے۔

(۷۲) موضع بھنگی تعلقہ ویجاپور میں بشرط خدمت درگاہ حضرت شاہ ولی صاحب اور ایکڑ ۵ ۲ گنٹے اراضی بنام پن جیا ولد ایڑو بحال ہے۔

(۷۳) موضع گھوگر گاؤں تعلقہ ویجاپور میں بشرط خدمت درگاہ حقانی صاحب ۱۵-ایکڑ ۸ گنٹے اراضی بنام کشن ولد سکھارام بحال ہے۔

(۷۴) موضع پارڈی بزرگ تعلقہ بسمت میں بشرط خدمت درگاہ حضرت مستان شاہ ولی ۶-ایکڑ ۲۴ گنٹے اراضی بنام کونڈہ جی ولد ٹھنکر جی بحال ہے۔

(۷۵) موضع بڑسی تعلقہ کلمنوری میں بشرط خدمت درگاہ ۲۳-ایکڑ ۱۰ گنٹے اراضی بنام حلیا ولد رالوجی بحال ہے۔

(۷۶) موضع جولہ پنچال تعلقہ کلمنوری میں ۴-ایکڑ ۲۰ گنٹے اراضی بنام سکھا ولد سنبھا بحال ہے۔

(۷۷) موضع کھڑکی تعلقہ جیتور میں بشرط خدمت درگاہ دس ایکڑ ۱۶ گنٹے اراضی بنام داجی بحال ہے۔

(۷۸) موضع دھم وھم تعلقہ جینتور میں بشرط مجاوری درگاہ حضرت پیر بنے صاحب ۸۔ یکڑ ۲۹ گنٹے اراضی بنام سکھارام بحال ہے۔

(۷۹) موضع سمتاپور تعلقہ بیڑ میں بشرط خدمت درگاہ داور ملک ۹۔ یکڑ، ۱ گنٹے اراضی بنام ہیساجی ولد بیٹڈ یاراج بحال ہے۔

(۸۰) موضع بانے گاؤں تعلقہ بیڑ میں بشرط خدمت درگاہ حضرت مان پیر صاحب ۳۶ یکڑ ۳۱ گنٹے اراضی بحال ہے پٹیل پٹواری قابض ہیں۔

(۸۱) موضع جھولہ تعلقہ بیڑ میں بشرط خدمت درگاہ داور ملک ۱۸۔ یکڑ ۹ گنٹے اراضی بنام کیسرو ولد باباجی بحال ہے۔

(۸۲) منجلیگاؤں ضلع بیڑ میں بشرط خدمت عاشور خانہ معہ معاش نقدی ۱/۶/۱۰ بنام نائک وڈری جاری ہے۔

(۸۳) موضع تال کھیڑ تعلقہ منجلیگاؤں میں بشرط خدمت عاشور خانہ (سے) معاش نقدی بنام لچھمن نائک مقرر ہے۔

(۸۴) موضع پوینر تعلقہ منجلیگاؤں میں بشرط جاروب کشی درگاہ ۱۵۔ یکڑ ۴ گنٹے اراضی بنام داجی ولد رام چندر بحال ہے۔

(۸۵) بیڑ میں مسجد گر دیوپورہ کا معاش مشروطی نقدی بقدر (ماہیہ) بھاؤ سنگھ کے نام بحال تھا۔ اب لچھمن سنگھ کو بقدر حصہ رسدی ملتا ہے۔ دوسرے حصہ دار بھی ہیں۔

(۸۶) موضع سیداپور تعلقہ گیورائی میں بشرط خدمت درگاہ پیر صاحب ۱۳۔ یکڑ ۳۹ گنٹے اراضی بنام ماناجی پٹیل بحال ہے۔

(۸۷) موضع ڈیگول تعلقہ پالم ضلع پربھنی کی معاش قضارۃ یا جے راؤ ولیکھ سے متعلق ہوئی۔

(۸۸) 〃 اسلام پور 〃 〃 〃

(۸۹) 〃 دھالونی 〃 〃 〃

(۹۰) 〃 نیل گاؤں 〃 〃 〃

(۹۱) 〃 گھاٹ پپری 〃 〃 〃

(۹۲) 〃 میٹھلہ 〃 〃 〃

(۹۳) 〃 داکٹر گاؤں 〃 〃 〃

(۹۴) 〃 سائیں کھیڑہ 〃 〃 〃

(۹۵) سبیدا پور تعلقہ گیورائی ضلع بیڑ میں درگاہ پیر صاحب کی معاش ۱۳- یکڑ ۳۹ گنٹہ مانا جی پٹیل کے نام بشرط خدمت درگاہ بحال ہے۔

(۹۶) سمنا پور تعلقہ بیڑ درگاہ داور ملک کی معاش ۹- یکڑ، ا گنٹہ ایساجی ولد بنڈیا راج کے نام بشرط خدمت درگاہ بحال ہے۔

(۹۷) موضع روئی تعلقہ آشٹی میں بشرط خدمت درگاہ شیخ محمد بڈھن صاحب ۹۸ ایکڑ ۲۷ گنٹے اراضی بنام تولا کاڈ کونڈری بحال ہے۔

(۹۸) موضع برہمن گاؤں تعلقہ مدھول میں بشرط خدمت جاروب کشی درگاہ داور ملک ۲- یکڑ، گنٹے اراضی بنام پریا ولد سائیگیا بحال ہے۔

(۹۹) موضع کنٹور تعلقہ قندھار میں بشرط جاروب کشی درگاہ مولا علی ۸- یکڑ ۱۲ گنٹے اراضی بنام جے رام بحال ہے۔

(۱۰۰) موضع کوکلیگاؤں تعلقہ قندھار میں بشرط جاروب کشی درگاہ مولا علی راجندر

کے نام ایک یکڑ ۱۲ گنٹے اراضی بحال ہے ۔

(۱۰۱) موضع ویگاؤں تعلقہ قندھار میں ایک یکڑ ۱۶ گنٹے اراضی بشرط خدمت درگاہ مولاعلی بنام جے رام ولد ماباخیاط بحال ہے ۔

(۱۰۲) موضع تامسہ تعلقہ حدگاؤں میں بشرط خدمت درگاہ حضرت سید جلال بخاری قادری ۲۴۔ یکڑ ۳۵ گنٹے اراضی بنام گنگو بائی زوجہ رام گیر بحال ہے ۔

صوبہ ورنگل

(۱۰۳) موضع سرپور تعلقہ ورنگل میں بشرط تعزیہ داری عاشورخانہ نعل صاحب اوڑدٹنڈو کے نام آٹھ ایکڑ ۱۱ گنٹے اراضی بحال ہے ۔

(۱۰۴) موضع خانہ پور پیٹی حویلی تعلقہ کھمم میں بشرط تعزیہ داری عاشورخانہ آلور و نیکنا کے نام تین یکڑ ۲۱ گنٹے اراضی بحال ہے ۔

(۱۰۵) موضع ربّیاورم تعلقہ کھمم میں بشرط تعزیہ داری عاشورخانہ اور ویڈو کے نام ۱۸ گنٹے آراضی بحال ہے ۔

(۱۰۶) موضع جیکو رخرد تعلقہ سرسلہ میں بشرط تعزیہ داری عاشورخانہ جنگم ولد لنگیا کے نام ۱۰ گنٹے آراضی بحال ہے ۔

صوبہ میدک

(۱۰۷) موضع کلمرہ تعلقہ نلگنڈہ میں بشرط استادگی علم فقیر چند کے نام چھ ۶ بگھے اراضی بحال ہے ۔

(۱۰۸) موضع وہرلہ پالم تعلقہ مریال گوڑہ میں بشرط استادگی علم دوویلہ سید لو کے نام تین یکڑ ۲۶ گنٹے اراضی بحال ہے ۔

(۱۰۹) تعلقہ بھونگیر میں تیاری بُراق کے لئے ۲۷ گنٹے اراضی وڈلہ لچھیا کے نام بحال ہے۔

(۱۱۰) موضع پوڑچیڑ تعلقہ بھونگیر میں پانچ روپے معمول محرم لنگم کے نام بحال ہے۔

(۱۱۱) قصبہ مکتھل میں بشرط استادگی علم عاشورخانہ بارہ امام اوشنا ولد سونپا کے نام ۱۶۔ یکڑ ۲۵ گنٹے اراضی بحال ہے۔

(۱۱۲) موضع پلہ بزرگ تعلقہ مکتھل میں بشرط خدمت عاشورخانہ تلجا جوگی کے نام ۱۰؍۹؍ لعہ جاری ہیں۔

(۱۱۳) قصبہ میدک میں بشرط استادگی علم عاشورخانہ زینگر جوگنا کے نام ۲۶ گنٹے اراضی بحال ہے۔

(۱۱۴) قاضی پلی تعلقہ میدک میں بشرط خدمت عاشورخانہ حکیم نیکنا کے نام ۱۰ گنٹے اراضی بحال ہے۔

(۱۱۵) موضع یلدرتی تعلقہ میدک میں بشرط خدمت عاشورخانہ بال کشن راؤ کے نام ۱۷ گنٹے اراضی بحال ہے۔

(۱۱۶) موضع کرم پلی تعلقہ باغات میں تین یکڑ چھ گنٹے اراضی بشرط استادگی علم وینکٹ راؤ کے نام بحال ہے۔

(۱۱۷) موضع کلور تعلقہ کلبگور میں بشرط خدمت عاشورخانہ درگاہ سیویا کے نام چار یکڑ ۲۴ گنٹے بحال ہیں۔

(۱۱۸) معاش قضارت موضع کروڑ تعلقہ سدی پیٹھ ضلع میدک بنام رام چندرراؤ جاری کیگئی۔ ادائی خدمت کا انتظام ذریعہ مسلم قائم مقام ہوا۔

تعداد وکلاء ممالک محروسہ سرکار عالی (سنہ ۱۹۲۰ء)

مدارج	ہندو	مسلم	دیگر اقوام	میزان
درجہ اوّل	۱۰۴	۱۷۹	۱۱	۲۹۴
درجہ دوم	۱۲۵	۸۱	۰	۲۰۶
درجہ سوم	۵۶۶	۴۶۶	۰	۱۰۳۲
میزان	۷۹۵	۷۲۶	۱۱	۱۵۳۲

معاش یابان مذہبی

مدارج	ہندو	مسلمان	جملہ
جنکی سالانہ یافت ۵۰ روپیہ سے ۱۰۰ روپیہ تک ہے	۶۳۶	۴۱۴	۱۰۵۰
〃 〃 ۱۰۰ 〃 ۲۰۰ 〃 〃	۲۸۲	۲۶۸	۵۵۰
〃 〃 ۲۰۰ 〃 ۲۵۰ 〃 〃	۴۲	۴۱	۸۳
〃 〃 ۲۵۰ 〃 ۳۰۰ 〃 〃	۳۰	۳۰	۶۰
〃 〃 ۳۰۰ 〃 ۴۰۰ 〃 〃	۴۰	۴۰	۸۰
〃 〃 ۴۰۰ 〃 ۵۰۰ 〃 〃	۲۵	۱۷	۴۲
〃 〃 ۵۰۰ سے زائد ہے	۱۰۱	۷۶	۱۷۷
میزان	۱۱۵۶	۸۸۶	۲۰۴۲

پٹہ داران واجارہ داران

مدارج	ہندو	مسلمان	دیگر اقوام	جملہ
جو ایک روپیہ سے ۵۰ روپیہ تک سالانہ محاصل ادا کرتے ہیں	۷۶۷۷۵۶	۵۱۱۲۳	۱۵۰۹۷	۸۳۳۹۷۶
۵۰ ٫٫ ۱۰۰ ٫٫ ٫٫	۱۲۸۳۰۳	۹۸۱۴	۱۲۷۷	۱۳۹۳۹۴
۱۰۰ ٫٫ ۲۰۰ ٫٫	۶۵۱۸۳	۴۰۱۵	۲۹۵	۶۹۵۹۳
۱۰۰ ٫٫ ۲۵۰ ٫٫	۱۲۸۲۵	۷۹۶	۷۲	۱۳۶۹۳
۱۵۰ ٫٫ ۳۰۰ ٫٫	۷۰۷۳	۴۳۸	۳۵	۷۵۴۶
۳۰۰ ٫٫ ۴۰۰ ٫٫	۶۶۵۸	۴۲۹	۱۸	۷۱۰۵
۴۰۰ ٫٫ ۵۰۰ ٫٫	۳۴۹۹	۳۲۲	۲۶	۳۸۴۷
۵۰۰ سے زائد ٫٫	۴۹۷۸	۳۷۹	۱۸	۵۳۷۵
میزان	۱۰۰۶۴۷۵	۶۶۲۱۷	۱۶۹۳۸	۱۰۶۰۴۳۰

انعامداران

مدارج	ہندو	مسلمان	دیگر اقوام	جملہ
جو ایک روپیہ سے ۵۰ روپیہ تک سالانہ معاش پاتے ہیں	۶۱۸۰۵	۹۱۰۶	۱۴۲۸	۷۲۳۳۹
〃 ۵۰ 〃 ۱۰۰ 〃 〃	۴۸۶۵	۱۰۸۷	۳۶	۵۹۸۸
〃 ۱۰۰ 〃 ۲۰۰ 〃 〃	۲۰۰۲	۶۰۸	۱۲	۲۶۲۲
〃 ۲۰۰ 〃 ۲۵۰ 〃 〃	۴۰۸	۱۶۰	۰	۵۶۸
〃 ۲۵۰ 〃 ۳۰۰ 〃 〃	۲۴۲	۷۴	۰	۳۱۶
〃 ۳۰۰ 〃 ۴۰۰ 〃 〃	۲۳۲	۸۳	۱	۳۱۶
〃 ۴۰۰ 〃 ۵۰۰ 〃 〃	۱۵۵	۶۰	۱	۲۱۶
〃 ۵۰۰ سے زائد 〃 〃	۶۸۳	۱۶۶	۱	۸۵۰
میزان	۷۰۳۸۲	۱۱۳۵۴	۱۴۷۹	۸۳۲۱۵

رسوم داران

مدارج	ہندو	مسلمان	دیگر اقوام	جملہ
جو ایک روپیہ سے ۵۰ روپیہ تک سالانہ رسوم پاتے ہیں	۱۴۶۶	۱۰۲	۰	۱۵۶۸
〃 ۵۰ 〃 ۱۰۰ 〃 〃	۶۰۸	۳۳	۰	۶۴۱
〃 ۱۰۰ 〃 ۲۰۰ 〃 〃	۵۳۵	۱۹	۰	۵۵۴
〃 ۲۰۰ 〃 ۲۵۰ 〃 〃	۱۲۸	۳	۰	۱۳۱
〃 ۲۵۰ 〃 ۳۰۰ 〃 〃	۱۰۰	۵	۰	۱۰۵
〃 ۳۰۰ 〃 ۴۰۰ 〃 〃	۱۲۸	۷	۰	۱۳۵
〃 ۴۰۰ 〃 ۵۰۰ 〃 〃	۷۵	۴	۰	۷۹
〃 ۵۰۰ سے زائد 〃 〃	۳۱۱	۲۴	—	۳۳۵
میزان	۳۳۵۱	۱۹۷	۰	۳۵۴۸

تعداد ساہوکاران ملک سرکار عالی

(جنکی آمدنی ۴۰۰ روپیہ سالانہ سے اوپر ہے)

مقام سکونت	ہندو	مسلمان	دیگر	جملہ
حیدرآباد	۸۸	۰	-	۸۸
بیدر	۳۲	۱	۰	۳۳
ناندیڑ	۳۲	۱	۰	۳۳
نظام آباد	۵	۰	۰	۵
نلگنڈہ	۱۱	۰	۰	۱۱
کریم نگر	۳۷	۲	۰	۳۹
پربھنی	۷۱	۱	۱	۷۲
اورنگ آباد	۳۴	۰	۱	۳۵
بیڑ	۱۴۶	۸	-	۱۵۴
ورنگل	۳۰	۲	۱	۳۳
گلبرگہ شریف	۲۱	۱	۰	۲۲
عثمان آباد	۴۶	۱	۰	۴۷
رائچور	۲۵	۰	۰	۲۵
محبوب نگر	۷	۳	۰	۱۰
میدک	۱۱	۱	۰	۱۲
میزان	۵۹۷	۲۱	۲	۶۲۰

تعداد ملازمین اہل سیف (پولیس و فوج)

مدارج	ہندو	مسلمان	دیگر اقوام	جملہ
جو ۳۰۰ روپیہ سے ۶۰۰ روپیہ تک سالانہ تنخواہ پاتے ہیں	۵۴۰	۱۶۷۶	۱۲	۲۲۲۸
〃 ۶۰۰ 〃 ۹۰۰ 〃 〃 〃	۷۲	۳۴۵	۶	۴۲۳
〃 ۹۰۰ 〃 ۱۲۰۰ 〃 〃 〃	۳۸	۱۷۰	۰	۲۰۸
〃 ۱۲۰۰ 〃 ۱۵۰۰ 〃 〃 〃	۲۵	۹۵	۶	۱۲۶
〃 ۱۵۰۰ 〃 ۱۸۰۰ 〃 〃 〃	۱۱	۵۱	۳	۶۵
〃 ۱۸۰۰ 〃 ۲۴۰۰ 〃 〃 〃	۱۱	۸۴	۹	۱۰۴
〃 ۲۴۰۰ 〃 ۳۰۰۰ 〃 〃 〃	۳	۲۸	۲	۳۳
〃 ۳۰۰۰ 〃 ۶۰۰۰ 〃 〃 〃	۴	۱۲	۲	۱۸
〃 ۳۶۰۰ 〃 ۴۲۰۰ 〃 〃 〃	۱	۱۷	۱	۱۹
〃 ۴۲۰۰ 〃 ۵۰۰۰ 〃 〃 〃	۶	۱۵	۱	۲۲
〃 ۵۰۰۰ و اوپر 〃 〃 〃	۸	۶۲	۱۱	۸۱
میزان	۷۱۹	۲۵۵۵	۵۳	۳۳۲۷

تعداد ملازمین اہل قلم (سول)

مدارج	ہندو	مسلمان	دیگر اقوام	جملہ
جو ۳۰۰ روپیہ سے ۶۰۰ روپیہ تک سالانہ تنخواہ پاتے ہیں	۱۸۸۴	۳۳۸۰	۷۱	۵۳۳۵
〃 ۶۰۰ 〃 ۹۰۰ 〃 〃 〃	۳۰۲	۷۱۸	۳۲	۱۰۵۲
〃 ۹۰۰ 〃 ۱۲ 〃 〃 〃	۲۱۷	۴۷۴	۳۰	۷۲۱
〃 ۱۲۰۰ 〃 ۱۵۰۰ 〃 〃 〃	۸۱	۱۴۸	۱۵	۲۴۴
〃 ۱۵۰۰ 〃 ۱۸۰۰ 〃 〃 〃	۸۵	۲۰۴	۲۶	۳۱۵
〃 ۱۸۰۰ 〃 ۲۴۰۰ 〃 〃 〃	۴۴	۱۷۲	۱۹	۲۳۵
〃 ۲۴۰۰ 〃 ۳۰۰۰ 〃 〃 〃	۲۷	۱۱۰	۹	۱۴۶
〃 ۳۰۰۰ 〃 ۳۶۰۰ 〃 〃 〃	۳۳	۱۳۷	۲۲	۱۹۲
〃 ۳۶۰۰ 〃 ۴۲۰۰ 〃 〃 〃	۶	۴۴	۸	۵۸
〃 ۴۲۰۰ 〃 ۵۰۰۰ 〃 〃 〃	۹	۵۹	۱۱	۷۹
〃 ۵۰۰۰ سے زائد 〃 〃	۵۱	۲۰۵	۳۹	۲۹۵
میزان	۲۷۳۹	۵۶۵۱	۲۸۴	۸۶۷۴

انجمن ہائے زرعی و غیر زرعی مملکت آصفیہ

زرعی ۱۰۸۹

غیر زرعی ۹۴

میزان ۱۱۸۳

گوشوارہ اراکین

مدارج	زرعی				غیر زرعی			
	ہندو	مسلمان	دیگر اقوام	جملہ	ہندو	مسلمان	دیگر اقوام	جملہ
جن انجمنوں کا سرمایہ زیر استعمال ۳۰۰ روپیہ سے ۶۰۰ روپیہ تک ہے	۱۹۰۸۳	۲۳۱۳	۴۱۰	۲۱۸۰۶	۲۱۰۱	۲۷۰۳	۱۱۸	۴۹۳۲
〃 〃 ۶۰۰ 〃 ۹۰۰ 〃	۱۸۶۵۶	۲۲۵۱	۳۲۹	۲۱۲۳۶	۱۹۴۹	۲۶۴۵	۱۱۶	۴۷۱۰
〃 〃 ۹۰۰ 〃 ۱۰۰۰ 〃	۱۸۱۳۱	۲۱۹۲	۳۳۹	۲۰۶۶۲	۱۸۹۳	۲۶۳۴	۱۱۶	۴۶۴۳
〃 〃 ۱۰۰۰ 〃 ۱۵۰۰ 〃	۱۶۹۷۷	۲۱۱۱	۳۲۹	۱۹۴۱۷	۱۸۶۲	۲۶۲۲	۱۱۳	۴۵۹۷
〃 〃 ۱۵۰۰ 〃 ۱۸۰۰ 〃	۱۵۶۶۷	۱۹۶۶	۳۲۶	۱۷۹۵۹	۱۶۴۱	۲۵۳۸	۱۱۰	۴۲۸۹
〃 〃 ۱۸۰۰ 〃 ۲۴۰۰ 〃	۱۴۰۵۲	۱۶۸۱	۳۰۷	۱۶۰۴۰	۱۶۶۶	۲۳۸۴	۱۰۸	۴۱۵۹
〃 〃 ۲۴۰۰ 〃 ۳۰۰۰ 〃	۱۰۹۲۹	۱۴۸۴	۲۹۰	۱۲۷۰۳	۱۴۶۳	۲۲۰۸	۱۰۵	۳۷۷۶
〃 〃 ۳۰۰۰ 〃 ۳۶۰۰ 〃	۷۷۱۸	۱۰۶۲	۲۵۴	۹۰۳۴	۱۳۲۵	۱۹۲۳	۹۶	۳۳۴۴
〃 〃 ۳۶۰۰ 〃 ۴۲۰۰ 〃	۵۸۴۰	۷۳۴	۲۳۹	۶۸۱۳	۱۲۳۷	۱۸۸۹	۹۶	۳۲۲۲
〃 〃 ۴۲۰۰ 〃 ۵۰۰۰ 〃	۴۲۷۹	۵۳۰	۲۲۹	۵۰۴۸	۱۱۹۴	۱۷۹۵	۹۲	۳۰۸۱
〃 ۵۰۰۰ سے اوپر ہے 〃	۳۱۰۳	۳۸۱	۲۲۲	۳۷۰۶	۱۰۸۰	۱۶۱۲	۸۵	۲۷۷۷

ذرائع معاش

ترتیب ذرائع معاش	ہندو	مسلمان	مجموعی تعداد کارکنان
متعلق بہ سطح زمین	۷۴۳۸۹۵۳	۶۶۶۱۱۰	۸۳۸۹۷۱۸
" بہ معدنیات	۱۶۹۷۶	۱۱۰۲	۱۸۴۷۴
صنعت و حرفت	۱۷۶۱۶۶۹	۱۰۲۲۷۱	۱۸۷۲۷۳۳
حمل و نقل	۱۰۲۸۱۸	۲۱۸۸۳	۱۳۹۵۰۱
تجارت	۱۰۱۰۸۵۸	۱۰۱۹۷۶	۱۱۳۴۳۶۸
افواج سرکاری	۹۳۳۸۵	۶۶۹۸۹	۱۶۴۳۹۸
انتظام ریاست	۲۴۹۲۷۲	۹۲۴۶۱	۳۴۶۱۸۴
دوسرے پیشے اور فنون لطیفہ	۱۶۸۵۳۱	۳۵۳۲۱	۲۰۹۰۳۹
ذاتی آمدنی	۱۶۳۵۰	۱۱۵۵۱	۲۸۳۷۷
خانگی نوکری	۲۲۲۵۵۷	۱۹۰۳۸۷	۴۲۱۱۴۷
غیر مقررہ نوعیت کے پیشے	۳۱۹۵۸۷	۴۵۰۷۷	۳۸۰۱۴۸
بے منفعت کے پیشے	۲۲۵۱۶۳	۴۵۸۶۲	۲۷۶۱۳۹

(جنمیں سرمایہ اور انتظام کی ضرورت نہیں ہوتی جیسے منصبداری دعویٰ)

اخراجات تعلیم و طلبہ و مدارس سنہ ۱۹۲۰ء

تعداد مدارس	۴۲۲۲۵
تعداد طلبہ	۳۸۱۲۹۵
اخراجات	۷۷۲۵۸۰۹ روپیہ

گوشوارہ مالکان کارخانہ جات

مدارج	ہندو	مسلمان	دیگر اقوام	جملہ
جن کا سرمایہ زیر استعمال ۱۰۰ روپیہ سے ۵۰۰ روپیہ تک ہے	۱۵۸	۳۸	۴۳	۲۳۹
" " ۵۰۰ " ۱۰۰۰ "	۱۳۹	۱۹	۴۳	۲۰۱
" " ۱۰۰۰ " ۲۰۰۰ "	۱۳۲	۱۵	۴۲	۱۸۹
" " ۲۰۰۰ " ۳۰۰۰ "	۱۱۴	۱۳	۳۸	۱۶۵
" " ۳۰۰۰ " ۴۰۰۰ "	۹۱	۱۳	۳۶	۱۴۰
دستخط ناظم سررشتہ ٹپہ سرکار عالی

شرح محصول و فیس ٹپہ سرکار عالی

شرح محصول ٹپہ:۔ (سکۂ عثمانیہ میں)
(۱) جب کہ محصول پیشگی ادا کیا جائے

پوسٹ کارڈ		خطوط			کمر بند پیکٹ نمونہ معمولی	پارسل بہنگیات				
						زائد از (۴۴۰) تولہ نہ ہو			زائد از (۴۴۰) تولہ رجسٹر کرانا لازم ہے	
ایک ورقی	جوابی	نیم تولہ سے زائد نہ ہو	ایک تولہ سے زائد مگر ڈہائی تولہ سے زیادہ نہو	ہر ڈھائی تولہ یا اوسکی کسرات پر	ہر پانچ تولہ یا اوسکی کسرات پر	بیس تولہ یا اوسکی کسرات پر	بیس تولہ سے زائد چالیس تولہ تک	ہر زاید چالیس تولہ یا اوسکے کسرات پر	(۴۴۰) تولہ سے زائد (۴۸۰) تولہ تک	ہر زائد چالیس تولہ یا اوسکے کسرات پر (۸۰۰) تولہ تک
۴پائی	۸پائی	۸پائی	ار	ار	۸ ۴پائی	۲ر	۳ر	۳ر	سے	۴ر

(۲) جب کہ محصول پیشگی ادا نہ ہوا ہو یا غیر کافی طور پر ادا ہوا ہو تقسیم کے وقت وصول کیا جائیگا)۔

کسی بیرنگ خط یا کمر بند پر .... پیشگی شرح محصول کا المضاعف

فیس رجسٹری

ہر ایک خط پوسٹ کارڈ یا کمر بند معمولی یا کمر بند نمونہ یا بہنگی کے لئے جسکی رجسٹری مطلوب ہے ۲ر

فیس پرچہ رسید طلب	فیس بیمہ
ہر قطعہ رجسٹری شدہ کے لئے ۱ر	ہر سو روپیہ کی بیمہ شدہ مالیت کے لئے ۲ر

کمیشن منی آرڈر

عہ تک ...... ۲ر عہ سے زاید لعہ تک انتہائی مقدار تک ۴ر

لعہ سے زاید ہو تو ہر پورے لعہ کیلئے ۴ر

اور تتمہ کے لئے اگر عہ تک ہو تو ۲ر

اور اگر لعہ تک ہو تو.......... ۴ر

(نوٹ) مفصل شرح کمیشن فقرہ (۱۵۲) پوسٹل گائڈ سے معلوم ہو سکے گی۔

فیس وی پی

یہ فیس اس قسم پر شمار کیجاتی ہے جو مرسل کو ادا شدنی ہے اور اوسکی شرح وہی ہے جو منی آرڈر کمیشن کی ہے*

(۱) شرح محصول وفیس ڈاک قلمرو ہند (ان لینڈ ریٹس)

(سکۂ انگریزی میں)

(نوٹ) :۔ رجسٹری وبہنگی قطعات کے لئے فیس محصول ڈاک سرکار عالی بھی ادا کرنا ہوگا

پوسٹ کارڈ		خطوط		کمربند کتب ونمونہ جات	رجسٹر شدہ اخبارات (پیشگی ادائی محصول لازمی ہے).			بہنگیات (پیشگی ادائی محصول لازم ہے)				
								وزن (۴۴۰) تولہ سے زاید نہ ہو			(۴۴۰) تولہ سے زاید (رجسٹری لازمی ہے)	
یکہ ورقی	جوابی	وزن ۱½ تولہ سے زائد نہ ہو	ہر زائد ۱½ تولہ یا اس کی کسر کیلئے	ہر پانچ تولہ یا اس کی کسر کیلئے	وزن (۸) تولہ سے زائد نہ ہو	وزن (۸) تولہ سے زائد مگر (۲۰) تولہ سے زائد نہ ہو	ہر زائد (۲۰) تولہ یا اس کی کسر کیلئے	وزن (۲۰) تولہ سے زاید نہو	۲۰ تولہ سے زاید مگر ۴۰ تولہ سے زاید نہو	ہر زاید ۴۰ تولہ یا اسکی کسرت کیلئے	۴۴۰ تولہ سے زاید مگر ۴۸۰ تولہ سے زاید نہو	ہر زاید ۴۴۰ تولہ اسکی کسرت کیلئے ۸۰۰ تولہ تک
تین پیسہ	ڈیڑھ آنہ	ار۳ پائی	ار۳ پائی	نیم آنہ	¼ آنہ	نیم آنہ	نیم آنہ	۲/	۳/	۳/	۱/	۴/

(۲) محصول اگر پیشگی ادا نہ ہوا یا غیر کافی ادا ہوا ہو تو تقسیم کے وقت وصول کیا جائیگا

خط یا کمر بند پر .... } پیشگی شرح محصول کا المضاعف کمی

خط یا کمر بند کے غیر کافی محصول ادا ہونے پر } کا المضاعف

(۳) فیس رجسٹری :۔ پوسٹ کارڈ خط معمولی کمربند نمونہ یا بہنگی کے لئے ۳/

(۴) فیس بیمہ :۔ ہر سو روپیہ کی بیمہ شدہ مالیت کیلئے ۲/

(۵) فیس پرچہ رسید طلب :۔ ہر قطعہ رجسٹری شدہ کیلئے ۱/

(۶) کمیشن منی آرڈر :۔ ۱۰ تک ۲/

۱۰ سے زاید مگر ۲۵ سے زاید نہ ہو ۴/

۲۵ سے زاید ہر پورے ۲۵ کے لئے ۴/

اور تتمہ کے لئے اگر ۱۰ تک ہو تو ۲/

فہرست ٹپہ خانہ جات انگریزی در علاقہ سرکار عالی

بلدہ حیدرآباد و مضافات۔ حیدرآباد صدر ٹپہ (امپیریل پوسٹ آفس) حیدرآباد سٹی، عدالت العالیہ، آغاپلی، الوال، عنبرپیٹ، بیگم بازار، بلارم، بوری عثمان آباد یوئین پلی، چنچل گوڑہ، چندرائے گٹہ، چنتاپلی، درگاہ حسین شاہ ولی، دارالشفاء، گولکنڈہ، حمایت ساگر، ہمایوں نگر، حسینی علم، حیات نگر، ابراہیم پٹن، کاچی گوڑہ، کاروان، خیریت آباد، کوہ مولاعلی، پالم کول، ریزیڈنسی بازار، صحیفہ، سکندرآباد، شاہ علی بنڈہ، سرور نگر، تلکاپلی، یاقوت پورہ، گتاپلی، نیم بالا۔

اورنگ آباد۔ اورنگ آباد، اجنٹہ، انبڑ، بدواپور، بھوکردن، دولت آباد، گنگاپور، جالنہ، قادرآباد، خلدآباد، لاسور، پھلمری، پیپری، پٹن، قدرآباد، سیلوتہ، تلواڑہ، ویجاپور (روٹی گاؤں)۔

بیڑ۔ بیڑ، اشٹی، چکلامبہ، دھرور، گیورائی، لونی، منجلے گاؤں، مومن آباد، نیکنور، پرلی ویجناتھ، پریلی، پٹوڈہ، ددونی۔

پربھنی۔ پربھنی، اوندھ، بلور، گنگاکھیڑ، ہنگولی، جنتور، جولا، کلمنوری، کینرگاؤں، مانوت، ترسی، پالم، پرتور، پاتھری، پورنہ، اسیلو، ستونہ، سون پیٹ، ویلور۔

ناندیڑ۔ ناندیڑ، امیلگا، اردھاپور، باسر، بسمت نگر، بھوکیڑ، پچپونڈا، بلولی، بنساہ، ڈیگلور، دھرم آباد، ایکل ہارا، حدگاؤں، اصلاح پور، قادرکھیڑ، کامرت، کراکھیڑ، کرکھیلی، کنٹور، کولاس، کینی، کوبیر، لوہے گاؤں، مدھول، مندنور، نئی گاؤں، تمسہ، عمری، عثمان نگر، ودھونہ۔

گلبرگہ شریف۔ گلبرگہ، گلبرگہ اسٹیشن، بھمنی پورہ، چندورگی، چنگوپہ، چنچولی، چتاپور،

دمرگدہ، دند وتی، ویرن پلی، دولت آباد، دوبل گنڈی، گنجوتی، گیوگی، گرمتکل، ہری کھیڑ، مومن آباد، جنگی، کلغی، کلیانی، کملاپور، کرگنٹہ، کیمباوی، کوسگی، کوٹ پلی، کوڑنگل، مدور، مہاگاؤں، میلواڑہ، ملکھیڑ، مریان، نئی لوگی، نبی کل، لوندگی، نیم برگہ، پدی مل، نرنگم پیٹ، روضہ بزرگ، روارام، سلوار، سیڑم، شاہ آباد، شوراپور، شنگور، صلح پیٹ، تاندور، تنگلی، وادگیرہ، واڑی، یادگیر، یدرامی۔

عثمان آباد۔ عثمان آباد، السند، اوسہ، بھوم، دھوکی، کُلم، لاتور، لوہارا، مان کیسر، نلدرگ، پرینڈہ، تکجاپور، واسی، یرملیا۔

بیدر۔ بیدر، احمد پور، الکھیلی، اورادبڑا، ہلّی، اوراد شاہجہانی، بیلکونی، بھالکی، چکور، چلارگی، چراغ پلی، ڈگوال، ڈونگوپرہ، ہلگیرہ، ہلی کھیڑ، جنواڑہ، جوکل، کیج، کسرسرائے، کھڑکا، کشنور، گوہیر، منہلی، موروگ، نرائن کھیڑ، نیاکل، نیلنگا، رنجھول، سکول، اودگیر، ڈلاندی۔

رائچور۔ رائچور، عالم پور، امرچنتہ، ارکیرہ، بگل واڑ، بالگنور، دیودرگ، گدوال، گھاٹ، گیرگنٹہ، ہنم ساگر، ہلی حیدر، ہنوشی، ہٹی، چل پلّی، کنگ گیری، کرائچور، کٹارگی، کومل، کوکنور، کولاپور، کرشنا، کندن پلی، کپتل، کردی، کشنگی، کوپ بل، لنگسگور، ملاکل، مانوی، متمری، میاندیل، مدگل، ملل، مسکی، نیا بازار، نولی، رام درگ، سندھنور، سرور، توارگیرہ، ونڈلی، یرمرس، یلبورگا، یرگیرہ۔

میدک۔ میدک، احمد پور، اللہ درگ، الور، اندول، بیگم پیٹ، بی بی پیٹ، چنگل مل، چناکردو، چیتور، دونتی، دوبون، ڈنڈیگل، ہتنورہ، اسمٰعیل خاں پیٹ، جوگی پیٹ، کانڈی، لنگم پلی، محبوب نگر، مکاراجہ پیٹ، منوہر آباد، میٹرچل،

میر دودی، موسن پیٹ، مونگا پیٹ، نرائن پیٹ، نرسا پور، نظام پیٹ، پنا پیٹ، پرن چرو ڑا، شنکرم پیٹ، شنکر پلی، سدی پیٹ، سنگا ریڈی، سیوم پیٹ، سیونگر، سیور درم، ٹیک مل، تما پور، وقار آباد، یلدورتی، ینگا ٹیلا۔

نظام آباد۔ نظام آباد، نظام آباد آر ایس، بالکنڈہ، بھکنور، بی بی پیٹ، بنولہ، دُرتی، بیگم پیٹ، ابراہیم پٹن، کنٹرل واڑی، لنگم پیٹ، نرگنڈہ، پتلام، راما ریڈی، رودرور، سرنا پلی، دیلپور، یلا ریڈی، یرگاٹلے۔

محبوب نگر۔ محبوب نگر، اچم پیٹ، امرآباد، امرچنتہ، امنگل، بالانگر، بجنا پلی، دیور کدرہ، فرخ نگر، گھنپورہ، گوپال پیٹ، جڑچرلہ، کلواکرتی، کان دُرگ، کوور، کودگل، کوٹھہ کوٹہ، کویل کنڈہ، کلکل تلی، لیسرم، مکتھل، متانور، مرکل، مغل گڈہ، محمد آباد، موسی پیٹ، ناگر کرنول، ننچریا، نرائن پور، لول پیٹ، اتکور، نیگل، یرگی، پیتھالی، رگھوپتی پیٹ، شاہ آباد، شاہ پور، شمس آباد، تماجی پیٹ، توڑی کنڈہ، عثمان گنج، ونپرتی، پیرلا، یلجی۔

نلگنڈہ۔ نلگنڈہ، آلپور، اکناپلی، آلیر، امن بول، ارائے دیوا پلی، تمکور، بھونگیر، بی بی نگر، بجونا پیٹ، چڈہ، چاندور، چندم پیٹ، چنتا پلی، چراغ، دیور کنڈہ، اتپور، گھٹ کیسر، گمنڈل، گندرائن پلی، حضور نگر، جمفر یڈی گوڑہ، جنگاؤن، جولور، کنگل، کنٹر، کنپرتی، کھلائی شاہپور، کودر، کلپاگ، کریا پلی، لدلور، مدور، ملکا پور، مری گوڑہ، میڑلاچرو، میٹا کروڑ، مریال گوڑہ، موٹکور، ناگنور، نرکٹ پلی، نیکریکل، نیگل، نیکھار، پدامنگل، پیمبرتی، پیرور، پوچم پلی، رگھنا تھ پلی، رمنا پیٹھ، سلج پور، سوریا پیٹھ، تاڑکول، تنگر پلی، تپرتی، ترمل گیری، تومل گوڑہ، تنگا ترتی، ودا پلی، یدرا باد، یلا ریڈی گوڑہ۔

ورنگل۔ ورنگل، اناپ رڈی پلی، انگورتی، اتمکور، بورگم پد، چنتا کنی، دیول ہزارستون، ڈورنگل، گرپا، گھنپور اسٹیشن، ہنمکنڈہ، حسن پرتی، الیشورا وپیٹ، ایتورناگروم، کلور، قاضی پیٹ، کھمم میٹ، مدھرا، محبوب آباد، ہنگل، ہٹھواڑہ، ملوگ، مونگا پیٹ، نرسم پیٹ، نیکنڈہ، نینل، نیال کنڈہ پلی، نیلی کدور، پرتی تالہ، پرلیار، پنڈیال، رنگا ساہی پیٹ، شیات نگر، سوب لیٹر، ترور، وردھنا پیٹ، دم سور، ولسنور، یلندا پاڑ، یرہ ولم، ظفرگڈہ۔

کریم نگر۔ کریم نگر، امبل، آصف نگر، جبیل پور، دوارم پوری، یلنگدل، المبھیرا ؤپیٹ، گری پلی، گنڈی، حضور آباد، جمی کنٹہ، جگتیال، کمن پور، کنپرتی، کشن دیس پیٹ، گودمیال، کورتیا، کوٹا پلی، کتا پلی، لدنا پور، لنگا پور، لونیتی پیٹ، ہمادیو پور، ملنگور، مانکندور، مان تھنج، مت پلی، موگلا پلی، نرلا پور، اوپل، پرکل، پتھرگٹی، پدا پلی، پولس، پوٹکا پلی، رام راگ، سرسلہ، سریرام پور، سلطانپور، ویمل واڑہ، دیہی ونکا، ودکا پور، ویل ساگر۔

عادل آباد۔ عادل آباد، اولا، بیلا، چھے گاؤں، چکلی، چنور، جور، کیسر، کاتوٹ، کھنا پور، ماہور، نرسا پور، نرمل، ینسا پور، راجورہ، مانک گڈہ، سندہ کھڑ، سرپور تاندور، سون، تمسی، انور، ودور، وٹی۔

مغلئی ٹپہ خانہ جات

سرکار عالی کے ٹپہ خانہ جات جو عُرف عام میں مغلئی ٹپہ کہلاتے ہیں، اور اپنے زرد رنگ کی وجہ سے انگریزی ڈاکخانوں سے ممتاز کئے جاسکتے ہیں، قریب قریب ہر دیہات میں موجود ہیں۔ ان کی مفصل فہرست پوسٹل گائڈ سرکار عالی میں ملے گی جو تقریباً سو صفحات پر حاوی ہے۔ صنادیق خطوط اندازی (لیٹر بکس) سرکار عالی

کے زرد رنگ کے ہیں اور سرکار انگریزی کے سُرخ رنگ کے ۔ کسی صندوق میں خط ڈالنے سے پیشتر اس رنگ کے امتیاز کو دیکھ لینا چاہیے تاکہ ایک کے ٹکٹ کا خط دوسرے کے ٹپہ میں جاکر بیرنگ نہ ہو جائے +

ہوائی جہاز کی ڈاک

ہوائی جہاز کے ذریعہ سے جو خطوط ممالک غیر بھیجے جائیں اُنپر انگریزی ڈاکخانہ کے قواعد ٹپہ خانہ کا نفاذ ہوگا، جسکی تفصیل پوسٹ اینڈ ٹیلیگراف کا ٹڈ سرکار عظمت مدار میں ملسکتی ہے، لیکن یہاں پر ہم چند ضروری باتیں جو حیدرآباد سے اس قسم کی ڈاک بھیجنے والوں کے لئے مفید مطلب ہیں درج کرتے ہیں ۔

ہندوستان سے انگلستان اور بعض دیگر ممالک کو ہوائی جہاز کے ذریعہ سے ڈاک لیجانے کا انتظام ہے اور اس کے لئے ہر ہفتہ کراچی سے ڈاک کا ہوائی جہاز روانہ ہوتا ہے اور آتا ہے ۔ خود ہندوستان کے اندر دہلی، جودھپور، کراچی اور گوداور کے مابین ہوائی جہاز کے ذریعہ سے ڈاک پہونچانے کا انتظام ہے لیکن اس سے اہل حیدرآباد کو کوئی نفع نہیں ہے، اس لئے حیدرآباد سے ممالک غیر کو ہوائی جہاز سے جانے والی ڈاک کے لئے کراچی ہی کے راستہ میں سہولت ہے ۔ جو خطوط وغیرہ اس مقصد کے لئے روانہ کئے جائیں وہ کراچی ایسے وقت پہونچ جانے چاہئیں کہ چہار شنبہ کی صبح کو جو ڈاک کے تھیلے بند کئے جاتے ہیں اُنہیں شامل ہو سکیں ۔ صحیح وقت ڈاک میں خط وغیرہ ڈالنے کا قریبی انگریزی ڈاکخانہ سے دریافت کیا جاسکتا ہے جو خطوط وغیرہ اس ذریعہ سے روانہ کئے جائیں ان کے اوپر ہوائی جہاز کا نیلا ٹکٹ

ہونا ضروری ہے جو بلا قیمت ہر انگریزی ڈاکخانہ سے ملجائیگا۔ اور اس کے علاوہ ہوائی جہاز کے محصول کا پورا ٹکٹ ہونا چاہئے جو معمولی ڈاک کے اور اگر رجسٹرڈ چیز ہے تو رجسٹری کے محصول کے علاوہ ہے۔ ہوائی جہاز کی ڈاک کا محصول فی عدد جو سوا تولہ سے زائد نہ ہو حسب ذیل ہے۔

کراچی سے	جاسک تک	۲؍
”	لنگا یا بوشہر تک	۳؍
”	عراق یا مصر تک	۴؍
”	یورپ کے کسی حصّہ تک	۶؍

ہوائی جہاز کے ذریعہ سے جو چیز بھیجی جائے اُسپر ہوائی جہاز کے نیلے ٹکٹ کے اوپر یا نیچے راستہ کی تشریح ضروری ہے جسکی شکل یہ ہوگی۔

مقامات	راستہ کا نشان
یونان، البانیہ، جگوسلافیہ، چیکو سلافیکیا، ہنگری، آسٹریا، بلغاریہ، رومانیہ و یوروپین ترکی	کراچی۔یونان
اطالیہ، سسلی سوئٹزرلینڈ، لکسمبرگ، ہالینڈ، جرمنی، پولستان، دینزنگ، ناروے سویڈن، ڈنمارک، روس و استھونیہ	کراچی۔ایطالیہ
فرانس، بلجیم، فنلینڈ، اسپین، پورتگال ممالک متحدہ امریکہ، کینڈا	کراچی۔فرانس

مقامات		راستہ کا نشان
برطانیہ عظمیٰ، شمالی آئرستان، آئرش فری اسٹیٹ لٹونیہ، لیتھوانیہ	}	کراچی - انگلستان

ہوائی جہاز کی ڈاک مختلف مقامات تک پہونچنے کی مدت حسب ذیل ہے:-

کراچی سے جاسک تک		۷ گھنٹہ
" لنکا یا بوشہر تک		ایک دن
" عراق تک	۲	"
" فلسطین تک	۲½	"
" مصر تک	۳	"
" یونان تک	۳½	"
" ایطالیہ تک	۴	"
" فرانس و انگلستان تک	۶	"

منی آرڈر پارسل

ہوائی جہاز کے ذریعہ سے منی آرڈر اور پارسل بھی جا سکتے ہیں۔ منی آرڈر پر علاوہ مقررہ فیس منی آرڈر پر خواہ کتنی ہی رقم کا ہو ۲/ ہوائی جہاز کا محصول پڑیگا۔ اور پارسل کا محصول ایک پونڈ وزنی کیلئے جو انگلستان یا آئرستان جانے والا ہو پانچروپیہ اور اس سے زائد وزن کے لئے پہلے ایک پونڈ پر پانچروپیہ اور زائد کے ہر پونڈ یا اسکی کسر کیلئے چار روپیہ محصول ہے۔

تعارف عمائد

(بترتیب حروف تہجّی)

آمنہ پوپ، مس - پرنسپل زنانہ کالج نام پلی غیر معمولی ذہانت و قابلیت کی انگریز مسلمان خاتون ہیں جنھوں نے حیدرآباد کی زنانہ سوسائٹی میں بہت کافی اثر و رسوخ پیدا کرلیا ہے - آپ ولایت کی تعلیم و تعلّم کی متعدد ڈگریاں حاصل کئے ہوئے ہیں اور ہندوستان میں معلمی کا وسیع اور قابل فخر تجربہ رکھتی ہیں - ایک مدّت تک لکھنو کے اسلامیہ گرلز اسکول کی آپ پرنسپل رہ چکی ہیں، اور درحقیقت آپ ہی کے دور میں اس مدرسہ نے غیر معمولی ترقی حاصل کی تھی سنہ ۱۳۳۶ف سے آپ حیدرآباد کی خواتین کی نئی پود کو اپنی اعلےٰ قابلیت و ذہانت سے نفع پہونچا رہی ہیں، اور زنانہ کالج نام پلی جسکی آپ پرنسپل ہیں، حیدرآباد کے تمام زنانہ کالجوں میں نمایاں ترین حیثیت رکھتا ہے اور متعلمات کی تعداد جتنی اِس کالج میں ہے اتنی غالباً ہندوستان کے بڑے سے بڑے زنانہ کالج میں بھی نہ ہوگی - پیدایش آپ کی سنہ ۱۳۰۵ف میں مُلک کنیڈا میں ہوئی - اور ولایت ہی میں آپ نے تعلیم کے تمام مدارج طے کئے - مذہب اسلام آپ نے مختلف مذاہب کے مطالعہ کے بعد قبول کیا اور اُسپر اسوقت تک قایم ہیں سنہ ۱۳۳۸ف سے پرنسپل زنانہ کالج نام پلی کے عہدہ پر نہایت خوش اسلوبی سے کام کر رہی ہیں -

ابوالحسن خاں، مرزا - آپ اس وقت حیدرآباد کے شعبہ سیاسیات کے معتمد ہیں -

اور اس اہم عہدہ کے فرائض کو جس خوش اسلوبی اور قابلیت سے آپ انجام دے رہے ہیں وہ ہر طرح مستحق تحسین ہے۔ آپ نہایت ہی روشن خیال، قابل اور خلیق انسان ہیں اور سرکاری اور غیر سرکاری حلقوں میں کافی ہر دلعزیزی اور شہرت حاصل کر چکے ہیں۔ اپنے بادشاہ اعلیٰ حضرت شہریار دکن کے ساتھ وفاداری او جاں نثاری آپ کا عقیدہ مذہبی ہے۔ اور تمام سرکاری اور غیر سرکاری سرگرمیوں میں آپ اس جذبہ کو پیش پیش رکھتے ہیں۔ محکمہ سیاسیات کی معتمدی کا کام ہمہ تن مصروفیت اور غیر معمولی شغف و تن دہی کی صلاحیت چاہتا ہے، لیکن اپنے فرائض کے اس انہماک کے باوجود آپ سوسائٹی میں نہایت خندہ پیشانی سے نقل و حرکت کرتے ہیں، اور اپنے احباب اور اعزہ کے ساتھ امکانی حسن سلوک سے دریغ نہیں کرتے۔ پیدائش آپکی ۱۳۰۰ف میں بمقام حیدر آباد ہوئی اور ۱۳۱۶ف سے آپ سرکار عالی کی ملازمت میں ہیں۔ موجودہ عہدہ کا چارج آپ نے ۱۳۴۰ف میں لیا، اور کچھ دنوں منضرمانہ خدمات انجام دینے کے بعد اس کے دوسرے ہی سال مستقل معتمد ہو گئے۔

ابوالخیر مودودی، حنفی ۔ دہلی کے ایک قدیم خاندان علم و طریقت کے آپ رکن ہیں اور آپ کے جد اعلیٰ حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتی سلاسل چشتیہ کے سر حلقہ ہیں۔ ۱۹۰۲ء میں آپ اورنگ آباد میں پیدا ہوئے جہاں آپ کے والد ماجد مولوی احمد حسین مرحوم زمانہ دراز سے وکالت کرتے تھے۔ آپکی تعلیم زیادہ تر اورنگ آباد ہی میں ہوئی جہاں مختلف علوم کے اساتذہ کی خدمات حاصل کر کے آپ کو درس نظامیہ کی تکمیل کرائی گئی اور مزید حصول علم کے لئے آپ ایک مدت تک دہلی میں رہے۔ نومبر ۱۹۲۵ء سے آپ کی خدمات دارالترجمہ عثمانیہ یونیورسٹی کے لئے حاصل کیگئیں

جہاں اُسوقت سے آپ عربی کتب کے ترجمہ کا کام نہایت قابلیت سے انجام دے رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں آپ کی متعدد تالیفات دارالترجمہ کی طرف سے شایع ہو چکی ہین جنمیں سے چند کے نام یہ ہیں :-

(۱) بلاذری کی فتوح البلدان، (۲) شہرستانی کی ملل ونحل، (۳) قدامہ بن جعفر کی کتاب الخروج وصنعۃ الکتابت، (۴) قاضی القضاۃ امام ابویوسف کی کتاب الخراج، (۵) ابوہلال کی تحفۃ الامرا فی تاریخ الوزرا، (۶) تاریخ یعقوبی عہدبنی عباس، (۷) تاریخ الکامل، عہدبنی عباس (زیرترجمہ وطبع)۔ آپ نہایت خوش اخلاق، علم دوست اور ہونہار نوجوان ہیں۔ اور متحدہ قومیت ہند کا اس حدتک عقیدہ رکھتے ہیں کہ اپنی صاحبزادیوں کے نام آپ نے عربی اور ہندی کے مخلوط رکھے ہیں ؎

ابوسعید مرزا، مولوی ۔ آپ اسوقت ناظم اوّل فوجداری بلدہ کے منصب پر فائز ہیں اور سررشتہ عدالت کے کام کا نہایت ہی وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ ولادت آپ کی سنہ ۱۳۰۱ف میں بمقام بلدہ حیدرآباد ہوئی، اور ملکی مدارس میں حصول تعلیم کے بعد آپ نے ولایت جاکر برسٹری کی سند حاصل کی۔ وطن واپس آکر آپ سرکارعالی کی سلک ملازمت میں بطور منصف درجہ اوّل داخل ہوئے اور لاتور ضلع عثمان آباد میں آپ تعینات ہوئے۔ یہ ۱۳۲۴ف کا واقعہ ہے، اور اُسوقت سے آپ درجہ بدرجہ ترقی کرکے ناظم عدالت دیوانی اور پھر ناظم عدالت فوجداری کے مناصب پر تعینات ہوئے اور مختلف اضلاع میں رہکر دیوانی اور فوجداری کی عدالتوں کا وسیع تجربہ حاصل کیا۔ ۱۳۳۸ف میں آپ ترقی کرتے کرتے نظامت عدالت فوجداری بلدہ کے منصب پر پہونچ گئے جہاں اسوقت تک آپ نہایت ہی قابلیت اور خوش اصلوبی سے خدمات

انجام دے رہے ہیں۔ آپ کا شمار حیدر آباد کے قابل اور معتمد حکام عدالت میں ہے اور بلدہ حیدر آباد کی جہتی زندگی میں آپکو حسب حیثیت نہایت ہی نمایاں جگہ حاصل ہے ؛

احسن الزماں، مولوی محمد۔ آپ حیدر آباد کے ایک ممتاز خاندان کے رکن ہیں جس نے ہمیشہ سرکار آصفیہ کی نمایاں خدمات انجام دی ہیں اسوقت بھی آپ کے اکثر اعزہ سرکار عالی کی ملازمت میں ممتاز مناصب پر فائز ہیں۔ ولادت آپکی ۱۲۹۷ھ ف میں بمقام بلدہ حیدر آباد ہوئی اور ہندوستان میں آپ نے فن انجینیری کی اعلےٰ تعلیم حاصل کرنے کے بعد ولایت جاکر کوپرس ہل کالج سے سول انجینیرنگ کی سند حاصل کی۔ وطن واپس آکر آپ نے خانگی طور پر انجینیری کا کام شروع کیا اور ایک مدت تک لکھنؤ میں ایم اے زماں اینڈ کو کے نام سے عمارت و سامان عمارت کا وسیع پیمانہ پر کاروبار کرتے رہے۔ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں آپ ۱۳۳۱ھ ف میں بطور ڈیولپمنٹ کمشنر امتحاناً تین سال کیلئے مقرر ہوئے اور یہ خدمت اس خوش اسلوبی سے انجام دی کہ اس میعاد کے خاتمہ پر آپ سررشتہ ڈرینج کے سپرنٹنڈنگ انجینیر ہو گئے۔ اور ۱۳۴۱ھ ف میں نواب کرامت جنگ مرحوم کے انتقال پر آپ کو چیف انجینیری کے منصب اعلیٰ پر ترقی ملی۔ آپ فن عمارت و آرائش کی خاص مہارت رکھتے ہیں۔ اور حیدر آباد کی ملازمت کے دوران میں نمایاں خدمات اس فن میں انجام دے چکے ہیں۔ سررشتہ صفائی فضلہ گی اسکیم اور بلدہ حیدر آباد کی صفائی اور ترقی و آرائش کی متعدد اسکیمیں آپ ہی کی قابلیت و کاردانی کی رہین منت ہیں ؛

احمد عارف، مولوی۔ آپ حیدر آباد کے ایک کامیاب روزانہ اخبار "صبح دکن" کے ایڈیٹر ہیں اور اپنی آزادہ روی اور آزاد منشی کی وجہ سے شہر کی سوسائٹی میں

کافی ہر دلعزیز ہیں۔ آپ کا اخبار ملک کی آزاد تحریکوں کی حمایت کے ساتھ ہی ساتھ اعلیٰحضرت شہریار دکن کے ساتھ جذبات وفاکشی واطاعت شعاری کی بھی تلقین کرتا ہے۔ لٹریچر اور فنون لطیفہ سے آپ کو خاص دلچسپی ہے اور سخن سنجی اور شعر فہمی میں آپ عمائد حیدرآباد میں اپنی جداگانہ شخصیت رکھتے ہیں۔ احباب کے ساتھ بے تکلفانہ صحبت اور ملنے والوں سے حسن خلق آپ کے شعار میں داخل ہے اور اپنی آزاد خیالی اور اپنے اخبار کے اثر سے آپ کو حیدرآباد کی سوسائٹی میں امتیازی حیثیت حاصل ہے +

احمد محی الدین، مولوی میر۔ ایڈیٹر روزنامہ "رہبر دکن" ۱۳۱۰ھ میں بمقام جگتیال ضلع کریم نگر پیدا ہوئے جہاں آپ کے والد ماجد مولوی میر ضیاء الدین صاحب اُس زمانہ میں تحصیلدار تھے۔ ابتدائی تعلیم مدرسہ مفید الانام اور مدرسہ آصفیہ میں ہوئی اور میٹرک اور ایف اے علیگڈھ سے پاس کیا۔ بی اے کی تعلیم آپ نے نظام کالج میں پائی اور وہیں سے شریک امتحان ہوئے جسکا نتیجہ ناساعد رہا۔ زمانہ تعلیم سے فراغت پاکر آپ نے ملازمت سرکاری میں داخل ہونے کا قصد کیا اور کچھ دنوں مہتمم آبکاری کی حیثیت سے ضلع محبوب نگر میں کامیاب خدمات انجام دیں، لیکن چونکہ یہ محکمہ آپ کی طبیعت کیلئے موزوں نہ تھا اس لئے ملازمت کا خیال ترک کر کے میدان صحافت میں قدم رکھا اور ۱۳۳۰ف میں اخبار "رہبر دکن" کی بنیاد ڈالی، جو اسوقت مملکت حیدرآباد کے تمام اُردو جرائد میں ممتاز حیثیت رکھتا ہے۔ آپ نہایت ہی خلیق اور ملنسار اور علمی ذوق رکھنے والے انسان ہیں اور حیدرآباد کی سوسائٹی میں اپنی شخصیت اور اپنے اخبار کے

اثر سے کافی رسوخ پیدا کر لیا ہے *

احمد مرزا، ڈاکٹر۔ آپ ۱۲۷۹ف (۱۸۶۹ء) میں بمقام حیدرآباد پیدا ہوئے اور نواب سر سالار جنگ اعظم کی زیر نگرانی انھیں کی ڈیوڑھی میں ابتدائی تعلیم حاصل کی اور پھر سینٹ جارجز گرامر اسکول میں داخل ہوئے جہاں نواب عمادالملک مرحوم کے عہد وزارت میں آپ کو سرکاری وظیفہ دیکر بغرض حصول تعلیم ولایت بھیجا گیا۔ ولایت میں آپ نے سائنس اور طب کی اعلیٰ ڈگریاں حاصل کیں اور واپس آکر سرکار عالی کے محکمہ حفظان صحت بلدہ میں ملازمت اختیار کی جس سے ترقی کرتے کرتے اب سیول سرجن درجہ خاص اور مددگار معتمد فوج شاخ طبابت کے عہدہ پر پہونچے اور ۱۳۳۵ف میں وظیفہ حسن خدمت پر سبکدوش ہوئے۔ اب آپ نہایت سادگی کی زندگی بسر کر رہے اور فطرت کی روئیدگیوں سے آپ کو خاص ذوق ہے، چنانچہ آپ اپنا زیادہ وقت باغبانی میں صرف کرتے ہیں اور اکثر ماکولات اپنی ذاتی محنت سے پیدا کرتے ہیں۔

احمد نواز جنگ بہادر، نواب۔ حیدرآباد کے رؤسائے قدیم کے خاندان سے آپکا تعلق ہے جہاں آپ ۱۲۶۶ف میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی، اور پھر مدرسہ عالیہ میں داخل ہو کر انگریزی علوم دستگاہ حاصل کر کے سول سروس کے امتحان میں شریک ہوئے۔ اسمیں کامیابی حاصل کرنے کے بعد ۱۲۹۳ء میں آپ بحیثیت سویلین کے سرکار عالی کی ملازمت میں داخل ہوئے اور سوم و دوم تعلقہ دار کی حیثیت مختلف اضلاع مملکت میں اپنی قابلیت معاملہ فہمی اور مستعدی کے جوہر نمایاں کرتے رہے۔ حتیٰ کہ آپ کو اوّل تعلقہ داری کے عہدہ

پر ترقی ملی اور چھ ماہ کے اندر ہی آپ مستقل اوّل تعلقہ دار ہوکر ضلع عادل آباد میں مقرر ہوئے اور اس ضلع کو آباد کرانے میں آپ نے نہایت ہی قابل قدر خدمات انجام دیں۔ تعلقہ داری سے آپ کو پھر صوبہ داری کا منصب عطا ہوا اور اس حیثیت سے صوبہ ورنگل اور بعد کو صوبہ اورنگ آباد آپ کے سپرد رہا۔ نواب عماد الملک سرسید علی امام کے عہد صدارت عظمیٰ میں آپ کو معتمدی ترقیات عامہ کے عہدہ جلیلہ پر بلدہ طلب کیا گیا جہاں آپ طویل اور وفادارانہ حسن خدمات کے بعد وظیفہ یاب ہوئے۔

اختر یار جنگ بہادر مینائی، نواب ـ ۱۲۸۶ھ میں آپ کی ولادت ہوئی اور اپنے والد ماجد حضرت امیر مینائی رحمۃ اللہ علیہ کے سایہ عاطفت میں بمقام رامپور تعلیم و تربیت حاصل کی اور آپ ہی کی فیض صحبت سے علمی ذوق و شوق اور شعرگوئی کا ملکہ حاصل کیا۔ شعرگوئی کا شوق آپکو بچپن ہی سے تھا اور ایسے نامور باپ کے سایہ عاطفت میں پرورش پاکر یہ نہوتا تو تعجب تھا۔ اس فطری ذوق اور کسبی سعادت نے ملکر آپ کے کلام کو بہت جلد مشہور کر دیا اور آپ اپنے عہد کے شعرا کی صف اوّل میں شمار کئے جانے لگے چنانچہ ۱۹۰۱ء میں جب آپ اپنے والد ماجد کے ہمراہ حیدرآباد تشریف لائے تو یہاں کے صاحبان ذوق نے آپ کو آنکھوں پر بٹھایا۔ اور یہاں کے علم دوست اور قدردان فن امیر راجہ راجگان مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر یمین السلطنۃ کی ڈیوڑھی سے آپ وابستہ ہو گئے۔ ۱۳۱۹ف میں آپ بحیثیت مددگار معتمد عدالت و کوتوالی کے سرکار عالی کی ملازمت میں داخل ہوئے اور ترقی کرتے کرتے نظامت و معتمدی امور مذہبی کے عہدہ جلیلہ تک پہونچے جسپر آپ اسوقت

فائز ہیں۔ سررشتہ کی مصروفیتوں نے آپ کے ذوق شعرگوئی پر پردہ ڈال رکھا ہے لیکن آج بھی جب آپ خیال و خامہ کو جنبش دیتے ہیں تو اہل سخن سے داد استادی حاصل کرتے ہیں پیشگاہ خسروی سے نواب اختر یار جنگ بہادر کا خطاب عطا ہونے سے پیشتر آپ مولوی لطیف احمد اختر کے نام سے دنیائے شعر و سخن میں کافی نام و نمود حاصل کر چکے تھے۔

ارسطو یار جنگ بہادر، نواب ڈاکٹر۔ ڈاکٹر عبد الحسین نواب ارسطو یار جنگ بہادر ۱۲۷۹ھ میں بمقام بلدہ حسینی علم بلدہ حیدرآباد پیدا ہوئے۔ آپ کے جد اعلےٰ اٹھارہویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں بسلسلہ تجارت ریاست اودیپور سے حیدرآباد آئے اور یہیں کاروبار کرنے لگے جسکا سلسلہ ڈاکٹر عبد الحسین کے والد ماجد محمد اسمٰعیل صاحب تک جاری رہا جو شہر کے بڑے تاجروں میں شمار ہوتے تھے۔ ڈاکٹر صاحب نے انگریزی تعلیم ریزیڈنسی اسکول حیدرآباد میں اور عربی فارسی کی مشاہیر اہل فن سے حاصل کی اور میڈیکل اسکول حیدرآباد سے ۱۲۹۴ف میں بدرجہ اعلیٰ کامیابی حاصل کرکے دوسرے سال سنگاریڈی میں اسسٹنٹ سرجن مقرر ہوئے جہاں سے بیدر وہنگنڈہ وغیرہ میں تعینات ہوتے رہے اور ہر جگہ اپنی قابلیت، علاج کی مہارت اور نیک نفسی کا سکہ جمایا۔ ۱۳۰۰ف میں آپ ترقی پاکر شفاخانہ افضل گنج بلدہ حیدرآباد کے ہاؤس سرجن مقرر ہوئے اور اس سلسلہ میں ایسی نمایاں خدمات انجام دیں کہ چند ہی سال بعد آپ کو نظامت طبابت و حفظ صحت کا عہدہ جلیلہ عطا ہوا۔ شفاخانہ افضل گنج میں آپ کے کمال فن کا اور خاصکر فن جراحی کی مہارت کا اس قدر شہرہ ہوا کہ آپ کا

نام ہندوستان کے باہر بھی ماہرین فن میں عزت کے ساتھ لیا جانے لگا اور اعلیٰ حضرت غفران مکان نے آپکی قابلیت و ذہانت کے اعتراف میں آپ کو محلات شاہی کے اعزازی سرجن کی خدمات تفویض کیں اور ارسطو یار جنگ کا خطاب عطا فرمایا۔ محلات شاہی کی ہاؤس سرجنی کا کام آپ خدمات ملازمت سے وظیفہ یاب ہونے کے بعد بھی انجام دیتے رہے۔۔ آپکی خانگی زندگی نہایت سادہ شریفانہ اور محبت و مروت سے مملو ہے اور آپ کے حسن سلوک اور فیاضی کا یہ عالم ہے کہ متعدد طلبہ آپ کے خرچ سے تعلیم پا رہے ہیں، بلکہ یہ کہنا چاہئے کہ آپ کا مکان غریب طالبعلموں اور حاجتمند مریضوں کی مستقل اقامت گاہ ہے۔ آپ نے مکان ہی میں لڑکوں کے لئے مدرسہ داؤدیہ اور لڑکیوں کے لئے مدرسہ قیومیہ قائم کیا ہے جنکا سارا خرچ آپ برداشت کرتے ہیں اور ایک کتب خانہ اور دارالمطالعہ بھی آپ نے اپنے خرچ سے قائم کر رکھا ہے۔ اسکے علاوہ متعدد خیراتی اور قومی اداروں میں آپ کی امداد شامل ہے۔ دوران ملازمت ہی میں آپ نے حج بیت اللہ اور زیارت عتبات عالیہ کا شرف حاصل کیا اور ممالک اسلامیہ کی سیر کے علاوہ فرانس، انگلستان اور اسکاٹ لینڈ بھی تشریف لیگئے۔ غرضکہ قابلیت، ذہانت، مہارت فن، شغف مذہبی اور وسیع النظری میں آپ کی شخصیت وحید روزگار ہے اور آپکی اخلاقی خوبیوں کا نتیجہ یہ ہے کہ آپ کی اولاد بھی صاحب نصیب اور معزز عہدوں پر فائز ہے۔

آرمسٹرانگ، جے ای، او بی ای، سی آئی ای۔ آپ برطانوی ہند کے نہایت ہی قابل حکام پولیس میں شمار ہوتے تھے اور اپنی نمایاں خدمات کے صلہ میں

سرکار انگریزی سے او بی ای اور سی آئی ای کے اعلیٰ خطابات حاصل کر چکے تھے،
اس طرح ۱۳۳۶ف میں جب آپ کی خدمات سرکار عظمتدار کے علاقہ سے سرکار عالی
کی حکومت میں مستعار لیگئیں تو مسٹر آرمسٹرانگ وسیع تجربہ اور اعلےٰ قابلیت کی صفات
ساتھ لیکر آئے اور ان سے آپ سرکار عالی کی وفادارانہ خدمات انجام دے رہے
ہیں۔ آپ کا تقرر حیدرآباد میں ایسے وقت میں عمل میں آیا جبکہ وہاں کی رعایا مسٹر
ہینکن آنجہانی سابق صدر ناظم کوتوالی کے اعلیٰ انتظام کو یاد کرکے اسی قابلیت و
فرزانی کے انگریز حاکم کی متلاشی تھی، اور اسمیں شک نہیں کہ مسٹر آرمسٹرانگ نے اہل
حیدرآباد کی ان توقعات کو بہت بڑی حد تک پورا کر دیا۔ اس تھوڑی سی مدت میں
جو آپ کو کوتوالی اضلاع کی تنظیم و اصلاح کیلئے حاصل ہوئی آپ نے اس محکمہ کی
شہرت و استعداد میں بہت کچھ اضافہ کر دیا۔ لیکن جو اخلاقی صفت آپکو دوسرے
انگریز حکام سے ممتاز کرتی ہے وہ آپکی غیر معمولی رحم دلی اور انصاف پسندی ہے۔
اپنے ماتحت عمال کے دُکھ درد میں جس دریا دلی کے ساتھ آپ ہمدردی کرتے ہیں
اُس سے تھوڑے ہی عرصہ میں آپ حاکم و محکوم میں نہایت ہی ہر دلعزیز ہو گئے ہیں
اور حیدرآباد کی سوسائٹی میں اپنے حسن خلق سے نمایاں جگہ حاصل کر لی ہے۔

اسد اللہ صدیقی، جسٹس - نواب صدیق یار جنگ بہادر مسٹر اسد اللہ صدیقی
حیدرآباد کے ایک معزز خاندان کے رکن ہیں اور اسوقت رکنیت عدالت عالیہ
(پیونی جج ہائی کورٹ) کے منصب جلیلہ پر فائز ہیں جہاں آپ منصفی سے
درجہ بدرجہ ترقی کرکے ۲۶ سال کی مسلسل خدمات اور وسیع تجربہ حاصل کرنے
کے بعد پہونچے ہیں۔ ولادت آپ کی ۱۲۹۱ف میں بمقام بلدہ حیدرآباد ہوئی

اور یہیں آپ زمانہ تعلیم ختم کر کے ۱۳۱۶ف میں سرکار عالی کی ملازمت میں بحیثیت منصف درجہ سوم تعلقہ نارائن پیٹھ داخل ہوئے اور درجہ بدرجہ ترقی کرتے ہوئے ۱۳۲۲ف میں ناظم عدالت دیوانی ضلع عثمان آباد مقرر ہوئے۔ پھر مختلف اضلاع میں دیوانی اور فوجداری کی عدالتوں میں نظامت کی خدمات انجام دیکر ۱۳۲۵ف میں ناظم دوم عدالت فوجداری بلدہ ہوئے اور اسی سال کے اندر نظامت اول کے منصب پر فائز ہوئے۔ ۱۳۳۵ف میں آپ عدالت دیوانی بلدہ کے ناظم ہوئے اور اسکے چار سال بعد ناظم صدر عدالت صوبہ میدک ہو گئے۔ ۱۳۴۱ف آپ کو عدالت عالیہ کی رکنیت کا منصب تفویض ہوا جبپر آپ اسوقت نہایت قابلیت اور خوش اصلوبی کے ساتھ کارفرما ہیں۔ اور اپنے حسن اخلاق کی وجہ سے بنچ اور بار دونوں میں ہردلعزیز ہیں۔ ۱۳۴۲ف میں آپکو بصلہ حسن خدمات سرکار عالی سے نواب صدیق یار جنگ بہادر کا خطاب عطا ہوا۔

اشرف الحق، میجر ڈاکٹر۔ آپ سرکار عالی کے شفاخانہ فوجی میں سرجن کے عہدہ پر فائز ہیں اور اعزاز خاندانی کے علاوہ ڈاکٹری کی اعلیٰ تعلیم کے زیور سے بھی آراستہ ہیں۔ خاندان آپ کا دہلی کے اُس شہرہ آفاق سلسلہ سے ملتا ہے جسمیں علامہ عبدالحق جیسی نادر روزگار ہستیاں پیدا ہوئی ہیں۔ میجر اشرف الحق نے ولایت میں طبابت و جراحی کی مختلف شاخوں میں بہترین تربیت حاصل کرنے کے بعد غدود کے اپریشن سے نوجوانی بحال کرنے کے طریقہ کو خاصکر سیکھا اور حیدرآباد میں اس قسم کے متعدد کامیاب اپریشن انجام دے چکے ہیں۔ حال ہی میں ایک اپریشن اپنے ہز اکسلنسی سر مہاراجہ یمین السلطنۃ بہادر صدر اعظم باب حکومت سرکار عالی کی موجودگی میں انجام دیا اور آپکی تیز دستی اور قابلیت کا ہز اکسلنسی موصوف نے

اعتراف کیا۔ اس خاص شعبہ جرّاحی کے علاوہ آپ عموماً جراحی اور علاج میں اعلےٰ مہارت رکھتے ہیں اور اکثر مایوس مریضوں کو از سرِ نو زندگی دیچکے ہیں۔ اس قابلیت و فوقیت کے باوجود آپ نہایت ہی منکسر مزاج اور ملنسار واقع ہوئے ہیں اور حیدرآباد میں آپ کا حلقہ احباب بہت ہی وسیع ہے +

اشرف نواز جنگ بہادر، نواب۔ آپ محکمہ صفائی بلدہ حیدرآباد کے ہیلتھ افسر ہیں اور حیدرآباد کے ایک ممتاز خاندان کے فرد ہیں۔ ولادت آپکی ۱۲۹۲ف میں بمقام بلدہ حیدرآباد ہوئی اور ہندوستان و بیرون ہندوستان کے ممتاز مدارس میں آپنے تعلیم حاصل کرکے ایم۔بی اور سی ایچ بی اور ایل ایم کی ڈگریاں حاصل کیں اور گرم ممالک کے امراض کی تشخیص و علاج اور حفظان صحت کے اصول کی خاص طور پر سند لی۔ تعلیم سے فراغت پاکر ۱۳۲۰ف میں آپ سرکار عالی کی ملازمت میں بحیثیت ہیلتھ افسر صفائی بلدہ داخل ہوئے۔ جیپر سال ہی بھر کی خدمات کے بعد آپ کو استقلال حاصل ہوگیا اور اُسوقت سے آپ ان اہم اور نازک خدمات کو نہایت ہی قابلیت و مستعدی سے انجام دے رہے ہیں۔ امرائے حیدرآباد میں شامل ہونے کی وجہ سے آپ کو یہاں کی سوسائٹی میں خاص امتیاز حاصل ہے اور اسی بنا پر سرکار عالی سے آپ کو اشرف نواز جنگ بہادر کا خطاب ملا ہوا ہے۔ حسن خلق اور ملنساری جو اُمرائے حیدرآباد کا طغرائے امتیاز ہے آپ میں بھی بدرجہ اتم موجود ہے +

اصغر یار جنگ بہادر، نواب جسٹس نواب صاحب موصوف اپنے عہد کے اُن یگانہ افراد میں ہیں جو اعلےٰ قابلیت، خاندانی وجاہت اور بلند مرتبہ حیثیت کے

باوجود نہایت ہی منکسر المزاج، خوش خلق اور ملنسار ہیں۔ ہندوستان و انگلستان میں اعلیٰ تعلیمی اور قانونی ڈگریاں حاصل کرنے کے بعد آپ پہلے الہ آباد میں اور حیدرآباد میں بیرسٹری کرتے رہے لیکن اس پیشہ کی غیر معمولی مصروفیتوں کے باوجود جبکہ آپ کی پریکٹس پورے عروج پر تھی، آپ کا ذوق علم اور ذوق سخن جاری رہا اور اعلیٰ انگریزی تعلیم حاصل کرنے کے باوجود آپ روحانیت کے معتقد رہے۔ چنانچہ آج آپ رکن عدالت العالیہ بھی ہیں اور شاعر بھی ہیں اور صوفی بھی اور اسکے ساتھ ہی ساتھ قومی مذہبی اور ملکی تحریکات میں آپ کا نمایاں حصہ رہتا ہے۔ یہ تمام اعلیٰ صفات ایک ہستی میں بہت کم یکجا پائی جاتی ہیں، لیکن نواب صاحب کو اتنا وسیع دماغ اور اخلاق خاندانی ترکہ کے طور پر حاصل ہوا ہے۔ اسکے لئے صرف اس قدر کہنا کافی ہے کہ جس خاندان کے آپ رکن ہیں اُسی میں دہلی کے شہرۂ آفاق ڈاکٹر اور قومی لیڈر ڈاکٹر مختار احمد انصاری اور یگانہ روزگار طبیب حکیم نابینا صاحب اور صوبہ اورنگ آباد کے گورنر نواب رضا نواز جنگ بہادر بھی شامل ہیں جس خون میں اتنے نمایاں افراد پیدا کرنے کی صلاحیت ہو اُس سے واسطہ ہی امتیاز و سرفرازی کا تمغہ ہے۔ نواب صاحب موصوف ۱۲۹۷ھ میں اپنے وطن یوسف پور ضلع غازیپور میں پیدا ہوئے، مکتبی تعلیم ملا محمد عمر ولایتی اور مولانا محمد فاروق چڑیا کوٹی سے حاصل کی اور وکٹوریہ ہائی اسکول غازیپور سے انٹرنس کا امتحان پاس کرکے میور سنٹرل کالج الہ آباد میں داخل ہوئے جہاں سے ایف کا درجہ پاس کرکے آپ علیگڈھ کالج تشریف لیگئے اور بی اے کی ڈگری حاصل کی۔ ۱۹۰۱ء میں آپ یونیورسٹی اسکول آف لا، الہ آباد میں قانونی تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے داخل ہوئے

لیکن پہلے ہی سال کا امتحان پاس کرکے آپ انگلستان چلے گئے اور وہاں سے کیمبرج و آکسفورڈ میں رہکر امتیاز کے ساتھ بیرسٹری کا تمغہ حاصل کیا۔ زمانہ طالبعلمی میں اپنی خوش تقریری اور ذہانت سے آپ ہمیشہ اپنے رفیقوں میں ممتاز رہے اور بڑے بڑے مشاہیر عصر سے خراج تحسین وصول کیا۔ حیدرآباد میں آپکی بیرسٹری کا زمانہ ہنگامہ گلبرگہ کے واقعہ سے یادگار رہیگا جسمیں آپ نے ایک سو ستاسی مسلمان ملزموں کو عدالت سے پیروی کرکے بری کرایا۔ ۱۳۳۶ف سے آپ عدالت عالیہ کے رکن ہیں۔ نواب کا خطاب آپ کو رکنیت عدالت عالیہ کے زمانہ میں ملا جبکہ آپ مسٹر محمد اصغر سے نواب اصغر یار جنگ بہادر ہو گئے +

اعجاز حسین گلبرگوی۔ مولوی سید اعجاز حسین صاحب بلدہ حیدرآباد کے سربرآوردہ وکلاء میں شمار کئے جاتے ہیں اور باوجود وکالت کی مصروفیتوں کے علوم وفنون سے دلچسپی رکھتے ہیں چنانچہ آپ کا کتب خانہ آپ کے ذوق مطالعہ اور وسعت علم کا بیّن ثبوت ہے۔ کتب بینی کے علاوہ آپ کو تصنیف و تالیف بھی شوق ہے اور آپکی بعض کتابیں خاصی مقبول ہوئیں اور خصوصاً نواب مرزا یار جنگ بہادر کی کتاب "ہندوادعہد اورنگزیب" پر آپکا بسوط اور پر از معلومات تبصرہ نقادان فن سے خراج تحسین حاصل کر چکا ہے

مولوی صاحب ۱۲۸۸ھ میں بمقام لکھنؤ محلہ توپ دروازہ پیدا ہوئے اور اپنے والد حکیم میر نواب صاحب کی زیر نگرانی لکھنؤ کے علمائے باکمال سے تحصیل علم کیا۔ حکیم میر نواب صاحب خاص محل صاحبہ کے معالج خاص تھے اور اسی تعلق سے آپ حضرت شاہ عالم واجد علیشاہ کے ہمراہ مٹیا برج کلکتہ تشریف لے گئے تھے۔ نواب سالار جنگ اعظم سیاحت کلکتہ سے واپس آتے ہوئے حکیم صاحب موصوف

کو اپنے ہمراہ لائے اور یہیں آپ نے اقامت اختیار کرلی۔ مولوی اعجاز حسین صاحب نے علام عربی و فارسی کے علاوہ گارڈن ریچ اسکول کلکتہ میں انگریزی کی تعلیم بھی حاصل کی اور خاصکر فنون سپہگری بھی سیکھے۔ ۱۳۲۵ف میں آپ نے امتحان وکالت درجہ اوّل پاس کیا اور گلبرگہ شریف میں ایک مدّت تک کامیابی کے ساتھ وکالت کرتے رہے۔ ۱۳۳۶ف میں آپ بلدہ حیدرآباد تشریف لائے اور عدالت عالیہ میں وکالت کرنے لگے، جسمیں چند ہی دنوں کے بعد آپ نے کافی شہرت حاصل کرلی۔

اکبر علی، مولوی محمد۔ آپ بلدہ حیدرآباد کے ایک سربرآوردہ روزانہ اخبار "صحیفہ" کے ایڈیٹر ہیں، اور محض اپنی ذاتی کوشش اور محنت سے اس اخبار کو ماہوار رسالہ سے شروع کرکے روزانہ اخبار کے درجہ تک پہونچایا۔ آپ ۱۳۰۶ھ میں بمقام اورنگ آباد دکن پیدا ہوئے اور پیدایش کے چند ہی روز بعد اپنے والدین کے ہمراہ بلدہ حیدرآباد آگئے اور یہیں تعلیم و تربیت کے تمام مراحل طے کئے۔ حصول علم کا آپ کو بچپن ہی سے شوق تھا اور اسکا سلسلہ آپ نے باوجود تمام مشکلات کے جاری رکھا چنانچہ بلدہ کے کاملین فن کی خدمت گذاری کرکے آپنے علوم عربی و فارسی میں یدطولی حاصل کیا اور اپنے علمی ذوق سے اُسی زمانہ میں کافی شہرت حاصل کرلی۔ تعلیم کے ساتھ ساتھ قومی کاموں سے بھی آپکو شروع ہی سے دلچسپی رہی اور اُسی زمانہ میں آپنے ایک انجمن ثمرۃ الادب کے نام سے قایم کرکے اُسے کافی ترقی دی۔ تحصیل علم سے فراغت پاکر آپ نے سرکار عالی کے صیغہ حساب کا امتحان پاس کیا اور سررشتہ صدر محاسبی میں ملازم ہو گئے۔ دوران ملازمت ہی میں آپ نے رسالہ "صحیفہ" کا اجرا کیا اور اپنی ذاتی کوشش و کاوش اور قابلیت سے اس کو برابر ترقی دیتے

رہے۔ اور باوجود مالی اور دیگر مشکلات کے نہایت ہی جرأت و استقلال کے ساتھ اسمیں لگے رہے حتیٰ کہ جنگ بلقان کے زمانہ میں آپ نے اس جریدہ کو روزانہ اخبار کی شکل میں نکالا اور مجاہدین بلقان کے لئے چندہ کی تحریک زور شور سے شروع کردی۔ اب اخبار کا کاروبار اتنا بڑھ گیا تھا کہ سرکاری ملازمت کے ساتھ ان کی انجام دہی مشکل تھی چنانچہ آپ نے ملازمت ترک کرکے اپنا سارا وقت اخبار کے نذر کردیا۔ آج یہ اخبار حیدرآباد میں ایک ممتاز حیثیت رکھتا ہے اور سرکاری اور غیر سرکاری حلقوں میں وقعت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ مولوی صاحب طبعاً کم گو اور خلوت پسند اور شب و روز علمی کام میں محو رہنے کے عادی ہیں محنت کا آپ کو اتنا ذوق ہے کہ اکثر راتیں آنکھوں ہی میں گذار دیتے ہیں۔

اکبر یار جنگ بہادر، نواب۔ آپ سرکار عالیہ کے سررشتہ جات عدالت، و کوتوالی و تعلیمات و امور عامہ کی معتمدی کے عہدہ جلیلہ پر فائض ہیں اور باوجود اس ثروت کے حسن اخلاق اور حسن سلوک میں شہرہ آفاق اور اہل علم و فن کی قدردانی میں ممتاز ہیں۔ آپ آفریدیوں کے مشہور قبیلہ ملاخیل کی شاخ زرعون خیل سے تعلق رکھتے ہیں اور فرخ سیر بادشاہ کے عہد میں آپ کے اجداد درۂ خیبر سے وارد ہندوستان ہوئے اور قصبہ قائم گنج ضلع فرخ آباد میں سکونت اختیار کی۔ نواب صاحب کی پیدائش ۱۲۹۳ھ میں بمقام قصبہ گوجرخاں ضلع راولپنڈی ہوئی جہاں آپ کے والد ماجد انسپکٹر پولیس تھے۔ تعلیم و تربیت آپکی اپنے شفیق باپ کی زیر نگرانی ہوئی اور چونکہ قدرت نے آپکو ذہن رسا اور طلب علم کا ذوق ودیعت کیا تھا اس لئے آپ بہت جلد علوم فارسی و عربی میں مشاق ہو گئے۔

۱۳۰۲ھ ف میں آپ اورنگ آباد تشریف لائے اور وہاں بقدر ضرورت انگریزی کی تعلیم حاصل کرکے قانون کا مطالعہ شروع کیا اور ۱۳۰۴ھ ف میں درجہ سوم کی وکالت کا امتحان پاس کیا۔ اور اورنگ آباد ہی میں وکالت شروع کردی ۱۳۰۶ھ ف میں آپ بلدہ حیدرآباد تشریف لائے اور کچھ دنوں بعد درجہ دوم وسوم کی سند وکالت حاصل کرکے عدالت عالیہ میں پریکٹس شروع کی، جہاں بہت جلد اپنی ذہانت و قابلیت سے آپ نے نمایاں حیثیت حاصل کرلی۔ اپنے پیشہ کی مصروفیتوں کے ساتھ ساتھ آپ علمی جہتی اور مذہبی سرگرمیوں میں بھی حصہ لیتے رہے اور ایک قانونی رسالہ بھی جاری کیا۔ کچھ دنوں آپ بلدیہ حیدرآباد کے صدر بھی رہے۔ ۱۳۲۶ھ ف میں آپ کو سرکار عالی نے عدالت عالیہ کا رکن مقرر کیا اور اس سلسلہ میں متعدد اہم کمیشنوں کی خدمات بھی آپ نے انجام دیں۔ ۱۳۳۲ھ ف میں آپ کا تبادلہ معتمدی عدالت و کوتوالی و تعلیمات و امور عامہ کے عہدہ پر کیا گیا، جس پر آپ اسوقت تک فائز ہیں اور اپنے فرائض کی قابلیت کے ساتھ انجام دہی اور معاملہ فہمی و حسن تدبیر میں شہرت تامہ رکھتے ہیں اور اسی کے ساتھ اپنے حسن اخلاق اور حسن سلوک کی بنا پر غیر معمولی ہر دلعزیزی حاصل کرچکے ہیں۔ نواب کا خطاب آپ کو ۱۳۴۱ھ میں عطا ہوا۔ جبکہ آپ مولوی غلام اکبر خاں سے نواب اکبر یار جنگ بہادر ہوگئے۔

امیر حسن، سیّد۔ مولوی امیر حسن مملکت ہذا کے ممتاز اہل علم اور اہل قلم مانے جاتے ہیں۔ آپ کی تعارف میں غالباً یہ لکھنا کافی ہوگا کہ آپ نواب محسن الملک بہادر مرحوم کے حقیقی بھائی ہیں جنکی قابلیت و تدبیر کا شہرہ سارے ہندوستان میں ہے۔ سیّد امیر حسن صاحب ۱۲۶۹ھ میں بمقام اٹاوہ پیدا ہوئے اور ابتدائی

درسی تعلیم قصبہ پھپھوند میں حاصل کی۔ شروع میں آپ ضلع فتحپور کے محکمہ بندوبست میں ملازم ہوئے لیکن بعد کو آپ کے بھائی نواب محسن الملک مرحوم نے حیدرآباد آکر آپکو بھی یہاں بلالیا اور دفتر محکمہ مال میں سررشتہ داری کی جگہ دی۔ جس سے کچھ دنوں بعد آپکا تبادلہ اسی عہدہ پر محکمہ بندوبست میں کیا گیا اور پھر آپ مددگار مہتمم بناکر ضلع اورنگ آباد بھیجے گئے۔ آخر ۱۲۹۹ھ میں آپ مددگار معتمد مجلس مالگذاری مقرر ہوئے اور اس مجلس کے برخاست ہونے پر آپ مددگار معتمد مال ہو گئے۔ ۱۳۱۰ھ میں آپ کو اوّل تعلقہ داری کے عہدہ پر ترقی ملی اور اس سلسلہ میں آپ نے اضلاع پربھنی، محبوب نگر اور ناندیڑ میں نہایت مستعدی اور قابلیت سے اپنے ذمہ دارانہ فرائض انجام دئے۔ اسی اثنار میں آپ کو دو مرتبہ گلبرگہ شریف اور ورنگل کی صوبہ داری بھی منصرمانہ طور پر ملی اور ۱۳۳۳ھ میں آپ نے کم و بیش سینتیس سال کی ملازمت کے بعد وظیفہ حسن خدمت حاصل فرمایا اور اب اپنا زیادہ تر وقت عبادت و ریاضت اور تصنیف و تالیف پر صرف کرتے ہیں علم مناظرہ پر ایک کتاب آجکل زیر تصنیف ہے جسکا پہلا حصہ آیات محکمات کے نام سے شایع بھی ہو چکا ہے ÷

امیر سلطان، میجر۔ آپ کوتوالی بلدہ حیدرآباد کے نائب کوتوال (ڈپٹی کمشنر آف پولیس) ہیں اور مسلح پولیس کے انچارج ہیں۔ عہدہ داران سرکاری میں آپ کی ذات ایک خاص نمایاں حیثیت رکھتی ہے اور باوجودیکہ آپ کے عہدہ کے فرائض بہت ہی اہم اور نازک ہیں تاہم آپ احباب سے نہایت خندہ پیشانی، حسن خلق اور مروّت و شرافت کا سلوک کرتے ہیں اور اسی کے ساتھ سرکار عالی کو آپ کی وفاشعاری اور فرض شناسی پر اتنا اعتماد ہے کہ آپ کے علاوہ معدودے چند ہی حکام اس حد تک

ظل سبحانی کے معتمد علیہ ہونگے۔ آپ آغا محمد علی خانصاحب معتمد مالگذاری کے صاحبزادے ہیں اور ۱۲۹۹ء ف میں بلدہ حیدر آباد میں پیدا ہوئے۔ تعلیم آپ نے مدرسہ عالیہ میں حاصل کی اور اپنی ذہانت اور تحصیل علم کے شوق کی وجہ سے ہمیشہ اپنے اساتذہ میں ہر دلعزیز رہے۔ حصول تعلیم کے ساتھ ہی ساتھ آپکو مردانہ کھیلوں اور ورزشوں سے بھی رغبت رہی اور کرکٹ، فٹ بال، ہاکی، ٹینس وغیرہ سے ذوق فرماتے رہے۔ کچھ زمانہ تک آپ فٹ بال کے کپتان بھی رہے۔ طالب علمی ہی کے زمانہ میں آپ سرکار عالی کے یہاں بزمانہ ولیعہدی باریاب ہوئے اور حضرت غفران مکان کے عہد میں جب بچوں کی پلٹن تیار ہوئی تو آپ ایک مدت تک سرکاری لفٹنٹ کی حیثیت سے پیشی میں باریاب رہے اور انعامات حاصل کئے۔ ۱۳۱۷ء ف میں آپ باضابطہ سرکار عالی کی فوج میں بعہدہ لفٹنٹی داخل ہوئے اور سات سال کے بعد نواب عماد جنگ بہادر کی کوتوالی کے زمانہ میں آپ کی خدمات سررشتہ پولیس میں منتقل ہوئیں، چنانچہ اُسوقت سے آپ برابر نہایت ہی مستعدی اور قابلیت سے اس شعبہ میں کام کر رہے ہیں اور اپنی حسن تدبیر اور صلاحیت کی وجہ سے اپنے آقا کی نگاہوں میں کافی رسوخ پیدا کر لیا ہے۔ اسی سلسلہ میں آپ کو کپتان اور پھر میجر کے عہدہ پر ترقی ملی۔ رود موسی کی طغیانی اور مرض طاعون کے شیوع کے وقت اور شاہزادہ ویلز اور لارڈ ریڈنگ کے ورود کے مواقع پر اور نیز بعض اہم ذمہ دارانہ خدمات کی انجام دہی میں آپ سے جو نمایاں خصوصیات ظاہر ہوئیں انکا مختلف عنوانات سے اعتراف کیا گیا اور لارڈ ریڈنگ نے اپنی طرف سے اور پرنس آف ویلز کی طرف سے آپ کو بعض قیمتی تحائف بھی عطا فرمائے +

امین جنگ بہادر، نواب سر، آپ سرکار عالی کے وزیر پیشی ہیں اور اپنی اعلیٰ علمی قابلیت اور ذوق علمی کے لئے ساری مملکت میں شہرہ آفاق ہیں۔ آپکی وسیع لائبریری جو منتخب ترین کتب قدیم وجدید کا ایک گرانقدر ذخیرہ ہے، آپ کے مذاق سلیم کا بہترین ثبوت ہے۔ خاص دلچسپی آپ کو مذہب اور تعلیم سے ہے اور آپکا رسالہ نوٹس آن اسلام انگریزی میں غیر معمولی مقبولیت حاصل کرچکا ہے۔ نواب صاحب احاطہ مدارس کے ایک ممتاز خاندان سے ہیں اور آپ کے والد حاجی محمد قاسم خطیب مدراس کے ایک مشہور تاجر تھے۔ جنکا وطن اصلی تعلقہ وانمباڑی ضلع شمالی ارکاٹ تھا۔ نواب صاحب کی ولادت ۱۸۶۳ء میں بمقام مدراس ہوئی اور وہیں آپنے تعلیم وتربیت کے تمام مراحل طے کئے۔ ۱۸۸۵ء میں آپ نے بی اے کے امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کی اور مدراس یونیورسٹی کے تمام امیدواروں میں دوسرے نمبر پر رہے۔ ۱۸۸۸ء میں آپ نے بی ایل کی ڈگری حاصل کی اور مدراس کے شہرۂ آفاق بیرسٹر مسٹر یارڈ لی نارٹن کی نگرانی میں وکالت کے ابتدائی مراحل طے کئے۔ اس اثناء میں آپکے علمی مشاغل بھی جاری رہے اور چار سال تک آپ یونیورسٹی میں اُردو فارسی اور عربی کے ممتحن رہے۔ ۱۸۹۰ء میں آپ نے ایم اے کا امتحان امتیاز کے ساتھ پاس کیا اور اسی سال مدراس ہائی کورٹ میں وکالت شروع کی۔ اس کے ایک سال بعد آپ کو ضلع ارکاٹ میں ڈپٹی کلکٹر و ڈپٹی مجسٹریٹ کے عہدہ پر مقرر کیا گیا لیکن تھوڑی مدت بعد آپ نے ملازمت سے کنارہ کشی اختیار کی۔ ۱۸۹۳ء میں آپ حیدرآباد تشریف لائے اور نواب سرور الملک بہادر کے ماتحت مددگار معتمد پیشی کی خدمت پر مقرر ہوئے اور اس عہدہ کا کام آپنے

اس قابلیت و فرزانگی سے انجام دیا کہ اعلیٰ حضرت غفران مکان نے ۱۸۹۹ء میں آپکو نواب سردار الملک کی جگہ پر مقرر فرمایا اور ۱۹۰۵ء میں آپ اعلیٰ حضرت غفران مکان کے چیف سکریٹری بھی ہوگئے۔ حضور پُر نور جب سریر آرائے سلطنت ہوئے تو نواب صاحب کو دونوں مناصب پر قائم رکھا۔ اور ۱۹۱۳ء میں آپ صدر المہامی پیشی کے ممتاز منصب پر فائز ہوئے جسپر اسوقت تک آپ قایم ہیں۔ ۱۹۱۸ء میں آپ کو پیشگاہ خسروی سے نواب کا خطاب عطا ہوا اور آپ مولوی احمد حسین سے نواب امین جنگ ہو گئے۔ سرکار انگریزی سے ۱۹۱۱ء میں آپ کو سی ایس آئی اور ۱۹۲۲ء میں کے سی ایس آئی کا خطاب عطا ہوا۔ آپ نہایت ہی خوش خلق، علم دوست اور شریف النفس امیر ہیں۔ اور اپنے آقا کے ساتھ وفاداری اور جان نثاری میں شہرۂ آفاق ہیں۔

اندر کرن بہادر، راجہ۔ آپ راجہ راجان رائے مُرلی دھر بہادر کے صاحبزادے ہیں اور موصوف ہی کی طرح روشن دماغ، صاحب تدبیر اور علم و فضل کے قدر شناس ہیں۔ آپ ۱۲۷۵ف میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم آپ کی حسب دستور خاندانی مکتب میں ہوئی جسکے بعد آپ نے انگریزی کے تمام مراحل بی اے، تک نہایت نمایاں کامیابی سے طے کئے۔ امرائے حیدر آباد کے صاحبزادوں میں سب سے پہلے آپ ہی ہیں جنھوں نے اس اعلیٰ درجہ تک تعلیم جاری رکھکر کامیابی حاصل کی۔ تعلیم سے فارغ ہوکر آپ نے حسب معمول سرکاری ملازمت کی طرف توجہ کی اور ۱۳۰۵ف میں ایک معزز عہدہ پر مقرر ہوئے۔ ۱۳۱۳ف میں آپ کا منصرمانہ تقرر سپرنٹنڈنٹ کورٹ آف وارڈس کے عہدہ پر ہوا،

اور اس کے دو سال بعد آپ ضلع بیڑ کی اوّل تعلقداری پر مامور ہوئے، اور پھر اسی عہدہ پر گلبرگہ شریف گئے جہاں مختلف اوقات میں متعدد بار صوبہ داری کے منصرمانہ فرائض آپنے انجام دیے۔ ۱۳۲۴ف آپ ناظم کروڑگیری کے عہدہ پر ترقی یاب ہوئے، لیکن اسکے چند ہی دن بعد آپ کو مستقل صوبہ داری کا منصب عطا کرکے گلبرگہ شریف میں تعینات کیا گیا اور ۱۳۳۲ف میں آپ صوبہ میدک کی صوبہ داری پر بھیجے گئے۔ اسی سال پھر آپ کو نظامت کروڑگیری کے منصب کا چارج ملا۔ جہاں سے آپنے وظیفہ حسن خدمات حاصل کیا آپکی سرکاری زندگی کا زیادہ حصہ گلبرگہ شریف میں گذرا جہاں کے باشندے آجتک آپ کے اخلاق وتدبر کے مداح ہیں۔ سرکار عالی سے بصلہ حسن خدمات آپ کو ۱۳۱۱ھ میں راجہ بہادر کا خطاب عطا ہوا تھا۔

بدرالدین حسین، سید۔ آپ حیدرآباد سول سروس کے ایک ممتاز رکن ہیں اور مختلف سررشتہ جات سرکار عالی میں نمایاں خدمات کا تجربہ حاصل کرکے حال ہی میں علاقہ کورٹ آف وارڈس کے ناظم مقرر ہوئے ہیں۔ پیدائش آپ کی ۱۲۹۹ف میں بمقام بلدہ حیدرآباد ہوئی اور بی اے تک تعلیم سے فراغت حاصل کرنے کے بعد آپ نے حیدرآباد کی سول سروس کا امتحان پاس کیا اور ۱۳۲۶ف میں سرکار عالی کی ملازمت میں داخل ہوئے اور ایک سال تک بطور پروبشنر علاقہ سرکار انگریزی میں کام کرنے کے بعد ۱۳۲۷ف میں آپ سوم تعلقہ دار درجہ دوم کی حیثیت سے ضلع ورنگل میں تعینات ہوئے، جس سے درجہ بدرجہ ترقی کرتے ہوئے آپ ۱۳۲۵ء میں بطور خاص قحط کے کام پر متعین ہوئے اور اس میں اتنی قابلیت سے کام کیا کہ اسکے اگلے ہی سال آپ کو مددگار ناظم اعداد وشمار

کے عہدہ پر ترقی ملگئی۔ پھر مختلف تعلقوں میں منصف اور مددگار تعلقہ دار کی خدمات انجام دینے کے بعد ۱۳۲۸ھ ف میں آپ مددگار ناظم عطیات کے منصب پر فائز ہوئے اور ۱۳۴۱ھ ف میں مولوی غلام غوث خاں صاحب کے اول تعلقہ داری پر واپس جانے پر آپ علاقہ کورٹ آف وارڈس کی نظامت کے لئے منتخب کئے گئے جپر اس وقت آپ نہایت ہی قابلیت اور خوش اصلوبی کے ساتھ کار فرما ہیں۔

بشیر جنگ بہادر، نواب نواب بشیر جنگ بہادر مرزا بشیر بیگ نواب نذیر جنگ بہادر سابق معتمد فوج سرکار عالی کے بڑے صاحبزادے اور نواب محسن الملک مہدی علیخاں کے نواسے ہیں اور ابتدائی عمر کا حصہ آخر الذکر بزرگ کے سایہ عاطفت میں بسر کیا ہے۔ آپ کا خاندان کئی پشت سے سرکار عالی کی ملازمت میں ممتاز اور نمایاں خدمات انجام دے رہا ہے اور اعلیٰ حضرت سے آپ کو شرف قرابت بھی حاصل ہے چنانچہ آپ کی ایک ہمشیر حضور پُر نور کے حبالہ نکاح میں ہیں اور آپ کے دو صاحبزادے جو آجکل ولایت میں زیر تعلیم ہیں شاہزادیاں ظل اللہ کے ساتھ منسوب ہیں۔

نواب صاحب ۱۲۹۹ھ ف میں بمقام بلدہ حیدرآباد پیدا ہوئے اور مدرسہ عالیہ اور علیگڈھ کالج میں تعلیم پائی۔ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں آپ ۱۳۲۱ھ ف میں داخل ہوئے اور علاقہ صرف خاص میں تعینات کئے گئے جس سے ترقی کرکے بہت جلد آپ ناظم نظم جمعیۃ کے منصب پر فائز ہو گئے اور دس سال تک اس منصب کے فرائض قابلیت اور حسن انتظام کے ساتھ انجام دئے۔ ۱۳۳۶ھ ف میں آپکو ترقی کا ایک اور زینہ حاصل ہوا اور آپ سررشتہ رجسٹریشن واسٹامپ کے انسپکٹر جنرل مقرر کئے گئے جسپر آپ اسوقت تک قایم ہیں، اور اپنے اہم فرائض نہایت

قابلیت اور مستعدی سے انجام دے رہے ہیں۔ نواب صاحب اسوقت مدت ملازمت میں تمام محکمہ جات کے موجودہ نظمار میں سب سے زیادہ سینیر ہیں حُسن اخلاق اور حسن سلوک میں جو امرائے حیدرآباد کی عام خصوصیت ہے آپ ہمچشموں میں ممتاز ہیں +

بشیشور ناتھ، راے۔ آپ لکھنؤ کے ایک ممتاز خاندان کے فرد ہیں اور مدّتوں سے آپکے اعزہ سرکار عالی کی ملازمت میں ممتاز عہدوں پر وفادارانہ خدمات انجام دے رہے ہیں مسٹر بشیشور ناتھ ۱۸۹۴ء میں بلدہ حیدرآباد ہی میں پیدا ہوئے اور بی اے اور ایل ایل بی کے امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے کے بعد عدالت العالیہ میں پریکٹس شروع کی۔ اور اپنی قابلیت اور ذہانت سے بہت جلد بلدہ کے نامور وکلاء میں شمار ہونے لگے۔ چنانچہ ۱۳۳۹ف میں جب عدالت العالیہ میں ایک رکن کی جگہ پر کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی تو نظر انتخاب مسٹر بشیشور ناتھ ہی پر پڑی اور اسوقت سے آپ نہایت ہی قابلیت اور انصاف پروری کے ساتھ اس اہم منصب کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ طبعاً آپ نہایت ہی خوش خلق اور ملنسار ہیں اور حیدرآباد کی سوسائٹی میں بہت ہی ہر دلعزیز ہیں۔ عدالت العالیہ میں بھی بنچ اور بار دونوں میں آپکی عزت کیجاتی ہے اور آپ کے حسن سلوک سے اہل مقدمہ بھی خوش رہتے ہیں۔ آپ کے ایک بھائی ڈاکٹر واگرے سرکار عالی کی فوج میں سرجنی کی خدمت پر مامور ہیں اور شہر کے قابل ترین ڈاکٹروں میں شمار کئے جاتے ہیں +

بلدیو سنگھ، سردار۔ آپ کا شمار حیدرآباد کے مشاہیر اہل قلم میں ہے اور

ترجمہ کی مہارت آپکی ادبی خصوصیت ہے۔گذشتہ چار سال سے آپ دارالترجمہ عثمانیہ یونیورسٹی میں مترجم اقتصادیات کی خدمات نہایت ہی قابلیت کے ساتھ انجام دے رہے ہیں اور متعدد تراجم اس فن کے متعلق آپ کے شائع ہوکر مقبول ہوچکے ہیں۔سردار صاحب کی پیدائش سنہ ۱۳۰۱ف میں ہوئی اور بی اے تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں داخل ہوگئے۔سنہ ۱۳۳۳ف میں آپ کو مترجم کا گزیٹیڈ عہدہ حاصل ہوا اور سنہ ۱۳۳۸ف میں کمیشن مقدمہ مال ٹیکری کے سلسلہ میں مترجم کی خدمات آپ کو سپرد ہوئیں جنکو آپ نے نمایاں قابلیت کے ساتھ انجام دیا اور اسی سال سرکار عالی نے آپ کی قابلیت کو دیکھتے ہوئے بتوجہ خاص دارالترجمہ عثمانیہ یونیورسٹی میں اقتصادیات کی مترجمی پر مامور فرمادیا، چنانچہ اُسی وقت سے آپ خاموشی اور تن دہی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں ⁂

بنٹن، جی ڈبلیو۔آپ سرکار انگریزی کے نہایت ہی قابل حکام پولیس میں شمار ہوتے ہیں اور سرکار عالی کی سلک ملازمت میں داخل ہونے سے پیشتر انگریزی علاقہ میں نمایاں خدمات انجام دیچکے تھے، خاصکر خفیہ پولیس کے کام کا آپکو نہایت ہی وسیع تجربہ ہے۔سنہ ۱۳۳۶ف میں آپ کی خدمات سرکار انگریزی سے مستعار لیگئیں اور پانچ سال کے لئے آپ کا تقرر بحیثیت نائب صدر ناظم کوتوالی اضلاع (ڈپٹی ڈائرکٹر جنرل ڈسٹرکٹ پولیس) انچارج شعبہ خفیہ پولیس بذریعہ فرمان مبارک عمل میں آیا۔اُسوقت سے آپ اس محکمہ کے نازک کام کو نہایت ہی قابلیت سے انجام دے رہے ہیں۔ اور مسٹر آرمسٹرانگ کے زمانہ رخصت

ہیں آپ منصرمانہ طور پر صدر ناظم کوتوالی اضلاع کی خدمات بھی انجام دے چکے ہیں۔آپ نہایت ہی ہنس مُکھ اور ملنسار واقع ہوئے ہیں اور سرکاری اور غیر سرکاری دونوں حلقوں میں نہایت ہی ہردلعزیز ہیں۔اپنے فرائض کی اہم ترین گتھیوں کو ہنس کر سلجھادینا آپکی طبعی خصوصیت ہے +

بھاسکرن شاستری، پنڈت ٹی پی۔آپ رصد خانہ نظامیہ کے ناظم ہیں اور علم ہیئت کے مشہور ماہرین میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔ پیدایش آپ کی ۱۲۹۶ف میں اپنے وطن تنجور جنوبی ہند میں واقع ہوئی، اور وہیں مدراس یونیورسٹی میں آپنے تعلیم کے تمام مدارج طے کرکے ایم اے کی سند نمایاں کامیابی کے ساتھ حاصل کی۔ اور اپنی قابلیت اور مہارت فن کی بنا پر ایم آر اے ایس کا امتیاز بھی بہت جلد حاصل کرلیا۔ ۱۳۳۱ف میں آپ بطور ناظم رصدخانہ نظامیہ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں داخل ہوئے اور اُسوقت سے اس عہدہ کے اہم فرائض کو نہایت ہی قابلیت سے انجام دے رہیں۔مملکت حیدرآباد میں جنتری کی ترتیب اور قمری مہینوں کا حساب کتاب اسی رصدخانہ کے مشاہدات پر مبنی ہے اس لحاظ سے اُسکے ناظم کا عہدہ بہت بڑی ذمہ داری کا ہے۔اور اسمیں شک نہیں کہ پنڈت بھاسکرن شاستری اپنی استعداد اور قابلیت کے لحاظ سے اسکے لئے ہر طرح موزوں ہیں +

بھروچہ، ایس ایم۔آپ حیدرآباد کے ایک ممتاز پارسی خاندان کے رکن ہیں، اور ناظم آبکاری (کمشنر آف اکسائز) کے اہم منصب پر فائز ہیں ۱۳۳۹ف سے آپ نے اس عہدہ کا جائزہ لیا، اور اُسوقت سے اس شعبہ میں

بہت سی مفید اصلاحیں کرچکے ہیں، اور اسکی آمدنی میں اضافہ کے ساتھ ساتھ استعمال مسکرات میں تخفیف ہورہی ہے جو سرکار آصفیہ کی مستقل پالیسی رہی ہے۔ سررشتہ آبکاری سرکار عالی کی اہمیت اسی سے ظاہر ہے کہ اس کا موازنہ سالانہ دو کروڑ روپیہ کے لگ بھگ پہونچتا ہے۔ لیکن اسکے باوجود بھی ۱۳۲۳ء ف سے جب سے کہ کمشنر آبکاری کا الگ عہدہ قایم کیا گیا ہے اُس وقت سے مختلف تدابیر استعمال مسکرات پر قیود عائد کرنے کی عمل میں لائی جارہی ہیں، اور اسوقت اُسمیں اس حد تک کامیابی ہوئی ہے کہ مُضر صحت اور غیر صاف مسکرات بازار میں نہیں آنے پاتیں۔ امتناع مسکرات کی پالیسی کا اجرار ملک کے حالات پر منحصر ہے جسکی صورت اسوقت تک پیدا نہیں ہوئی ہے +

پکتھال، محمد مارماڈیوک۔ آپ انگلستان کے اُن مایۂ ناز نومسلموں میں ہیں جو اسلام لانے سے پہلے ہی دنیائے ادب میں کافی شہرت و نمود حاصل کرچکے تھے اور اُس مُلک کے بلند پایہ مصنفین میں آپ کا شمار ہونے لگا تھا۔ چنانچہ اسلام قبول کرنے کے بعد آپ نے اس کے اصل اصول کو جس عالمانہ نظر سے دیکھا اُسکا اندازہ اُس ترجمہ قران پاک سے ہوتا ہے جو حال ہی میں آپ نے شایع کیا ہے اور جو یورپ میں اسلام کے خلاف تعصبات کو دور کرنے میں بہت مفید ثابت ہورہا ہے۔ ہندوستان آکر آپ نے بحیثیت اڈیٹر جریدہ "بمبئی کرانیکل" بہت بڑی شہرت حاصل کی اور آپ ہی کے زمانہ میں اس اخبار کی طرف سے لوزان کانفرنس میں ترکوں اور اتحادیوں کے مابین گفتگوئے مصالحت کے موقعہ پر ایک نامہ نگار خصوصی متعین کیا گیا تھا جس نے اُس

کانفرنس کے بہت سے وہ راز افشاء کئے جو ریوٹر ایجنسی کے ذریعہ سے ہندوستان تک نہیں پہونچ سکتے تھے۔ تاہم صحافت کی پُر شور زندگی مسٹر پکتھال کے ادبی مذاق کیلئے موزوں نہ تھی، اسلئے آپ کو پرسکون زندگی تلاش ہوئی اور سرکار عالی کی توجہ خاص سے آپ حیدرآباد کے محکمہ تعلیم میں بطور پرنسپل چادر گھاٹ ہائی اسکول متقرر ہو گئے۔ حیدرآباد پہونچکر آپ کی اعلیٰ ادبی قابلیت اور انشاپردازی کی مہارت اور نمایاں ہونے لگی اور سرکار عالی کی طرف سے بھی اسکا مختلف موقعوں پر مناسب اسلوب سے اعتراف ہوتا رہا اور اکثر اہم ذمہ داری کے کام آپ کو سپرد ہوتے رہے۔ چنانچہ حال ہی میں پہلی گول میز کانفرنس کے موقعہ پر حیدرآباد کے ڈیلیگیشن کی معتمدی کے فرائض آپ ہی کو سپرد کئے گئے۔ اور جسوقت شاہزادگان والاشان کا عقد سابق خلیفتہ المسلمین کے خاندان میں ہوا ہے اُسوقت ترکی زبان کے ماہر کی حیثیت سے ہر معاملہ میں مسٹر پکتھال ہی پیش پیش رہے اور شہزادوں کی واپسی پر آپ بطور خاص ان کی رفاقت پر تعینات کئے گئے۔ ان فرائض کے علاوہ سررشتہ معلومات عامہ کے قیام پر اُسکی نظامت کیلئے نظر انتخاب مسٹر پکتھال ہی پڑی اور ایک مدت تک آپ اس کے فرائض کو نہایت ہی قابلیت سے انجام دیتے رہے۔ اب اس منصب پر پروفیسر قادر حسین خاں کے متعین ہو جانے پر آپ کو صاحبزادگان کی رفاقت کا کام بھی سپرد ہوا ہے اور یکم جنوری ۱۹۳۳ء سے مسٹر ہیوگاٹ کی سبکدوشی پر آپ صاحبزادہ نواب صلابت جاہ بہادر کے کنٹرولر کے فرائض انجام دیں گے۔ ان سب کے ساتھ آپ انگریزی ادبی رسالہ "اسلامک کلچر" کی ادارت کے فرائض بھی انجام دیتے ہیں۔

غرضکہ حیدرآباد میں مسٹر پکتھال نہایت ہی مصروفیت کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اور بلدہ کی ہر سوسائٹی میں عزت و وقعت کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں؛

تلاوت جنگ بہادر، نواب۔ آپ حیدرآباد کے خاندان شاہی سے تعلق رکھتے ہیں اور نواب سہام جنگ بہادر مرحوم کے صاحبزادے ہیں۔ ولادت آپکی بلدہ حیدرآباد میں ہوئی اور وہیں اعزائے شاہی کی درسگاہ مدرسہ اعزہ میں تعلیم پائی۔ اس مدرسہ کے تمام مدارج طے کرنے کے بعد آپ نے پنجاب یونیورسٹی سے بی اے کی ڈگری حاصل کی اور سرکاری ملازمت میں بصیغہ عدالت و کوتوالی امور عامہ سرکار عالی داخل ہو گئے۔ چند ہی روز بعد آپکی قابلیت اور حسن تدبیر کا اظہار ہونے لگا اور آپ کو صدر مہتمم تعلیمات بلدہ کا عہدہ تفویض ہوا جسکے ذریعہ سے آپ نے اپنے اہل ملک کی تعلیم و تربیت کیلئے نمایاں کوششیں کیں اور سرکار عالی کو جب آپ کی اعلےٰ ذہانت و قابلیت کا علم ہوا تو آپ کو بذریعہ فرمان خاص ۱۳۲۴ف میں معین المہام تعمیرات کے منصب جلیلہ پر سرفرازی عطا کیگئی اور تقریباً دو سال تک آپ نے اس محکمہ میں غیر معمولی ذہانت و فرزانگی سے کام کیا۔ چنانچہ اسی سلسلہ میں آپ کو سرکار عالی سے خطاب عطا ہوا اور آپ صاحبزادہ میر تلاوت علیخاں سے نواب تلاوت جنگ بہادر ہو گئے۔ ۱۳۲۶ف میں آپ اس عہدہ سے وظیفہ حسن خدمات حاصل کر کے سبکدوش ہو گئے۔ لیکن اس عہدہ سے الگ ہوتے ہی آپ کو علاقہ صرفخاص مبارک میں نظامت مخارج کا عہدہ تفویض کیا گیا۔ اور چند ہی دن بعد معتمدی صرفخاص اور پھر صدر المہامی صرف خاص کی اہم خدمات آپ کو سپرد کیگئیں سرکار عالی کے فرمان مبارک پر جب باب عالی کا قیام ہوا تو

آپ کو صدر المہامی تعمیرات و رکنیت باب حکومت کے لئے منتخب کیا گیا اور کچھ دنوں بعد صدر المہامی مال پر آپ کا تبادلہ ہوا۔ اب آپ سرکاری فرائض سے سبکدوش ہو کر سیاسیات داخلی میں اپنی قدیم دلچسپی کے بموجب اہل ملک کی خدمت کر رہے ہیں۔

تلمذ حسین، قاضی۔ آپ قاضی تصدق حسین صاحب گورکھپوری کے صاحبزادے ہیں اور ۱۸۸۴ء میں اپنے وطن گورکھپور میں پیدا ہوئے اور وہیں عربی فارسی کی مکتبی تعلیم اور انگریزی کی ابتدائی تعلیم حاصل کی اور پھر علیگڈھ جاکر انگریزی کے آخری درجہ ایم اے تک تکمیل کی۔ طالبعلمی ہی کے زمانہ سے آپ خوش تقریر اور علمی شغف رکھنے والے نوجوان تھے اور اس سلسلہ میں کچھ دنوں تک آپ یونین کے سکریٹری بھی رہے اور متعدد وفود میں شرکت کی۔ سیاسیات سے دلچسپی آپ کو شروع ہی سے تھی لیکن یہ دلچسپی صرف علمی حد تک رہی اور عملی سیاسی کارکن کی حیثیت سے آپ کبھی میدان میں نہیں آئے۔ اس شعبہ میں آپ کا مطالعہ بہت وسیع ہے اور اس کے وقائق پر آپ کو پورا عبور ہے۔ تعلیم سے فراغت حاصل کر کے آپ جبلپور میں گورنمنٹ کالج کے پروفیسر اور بعد کو اسلامیہ اسکول کے ہیڈ ماسٹر کی حیثیت سے تدریس کا کام کرتے رہے اور پھر ندوۃ العلماء لکھنؤ کے ہیڈ ماسٹر ہو گئے۔ اس کے بعد آپ آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علیگڈھ کے مرکزی دفتر میں بطور اسسٹنٹ سکریٹری کام کرنے لگے اور بالآخر ۱۳۲۶ف میں دارالترجمہ کی مترجمی کے عہدہ پر آپ کا تقرر ہوا جس پر آپ اسوقت تک قابلیت کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں اور تاریخ و آئین و سیاسیات کی متعدد کتابیں انگریزی سے اُردو میں ترجمہ

کر چکے ہیں۔ ترجمہ کے کام کے علاوہ آپ نے مثنوی معنوی کی طرز جدید پر ترتیب کا کام نہایت قابلیت سے انجام دیا۔ آپ خلوت پسند اور علمی کاموں میں محو رہنے کے عادی ہیں ؛

ٹاسکر، ٹی ۔ جے۔ آپ سرکار انگریزی کی سول سروس کے ایک ممتاز رکن ہیں اور سرکار عالی کی ملازمت میں داخل ہونے سے پیشتر نمایاں خدمات کے صلے میں او بی ای کے ممتاز خطاب سے سرفراز ہو چکے تھے۔ سرکار عالی نے آپکی خدمات ۱۹۲۷ء میں سرکار انگریزی سے مستعار لیں اور معتمد و صدر ناظم مال کی حیثیت سے آپ کا تقرر عمل میں آیا اور اُسوقت سے آپ نہایت ہی قابلیت کے ساتھ اپنے اہم فرائض کو انجام دے رہے ہیں۔ اس اثنار میں متعدد بار آپ نے سر رچرڈ شینو یکس ٹریچ کی عدم موجودگی میں منصرمانہ طور پر صدر المہام مال و کوتوالی کی خدمات بھی انجام دیں۔ مسٹر ٹاسکر نے اپنے زمانہ میں شعبہ مال میں بہت سی مفید اصلاحیں کیں اور ہر معاملہ میں اپنی قابلیت و کاردانی کا اظہار کرتے رہے۔ آپ خاموش کام کرنے والے حکام میں ہیں اور حصول شہرت کے خواہاں نہیں رہتے، بلکہ مفوضہ فرائض کی وفادارانہ انجام دہی کو اپنا فرض منصبی سمجھتے ہیں ؛

ٹریچ، لفٹنٹ کرنیل سر رچرڈ شینو یکس۔ آپ باب حکومت سرکار عالی کے رکن رکین اور صدر المہام مال و کوتوالی کے اعلےٰ منصب پر فائز ہیں اور اس حیثیت سے کوتوالی و مال کے علاوہ سررشتہ جات مجالس و زراعت و شمار و اعداد و آبکاری و کروڑگیری، و جنگلات و حرفت و تجارت و لوکل فنڈ کی نگرانی دقیادت آپ ہی کو سپرد ہے۔ اسطرح حکومت کے اہم ترین شعبوں کا نظم و نسق آپ ہی کے ہاتھوں

سرانجام پاتا ہے، اور اسی ذمہ دارانہ حیثیت کی بنا پر آپ گول میز کانفرنس میں مملکت حیدرآباد کی نیابت کے لئے نواب سر اکبر حیدر نواز جنگ بہادر کے ہمراہ بھیجے گئے تھے، اور ان اہم اور نازک فرائض کو آپ نے نہایت ہی خوش اسلوبی سے انجام دیا۔ حیدرآباد کے نظم مملکت میں سر رچرڈ نے اپنی قابلیت و کاردانی سے وہ رسوخ واثر پیدا کر لیا ہے کہ نواب سر اکبر حیدر نواز جنگ بہادر کے بعد حکومت میں آپ ہی سب سے زیادہ با اثر سمجھے جاتے ہیں۔ حیدرآباد میں وقتاً فوقتاً جن قابل انگریز حکام کی خدمات مستعار لی گئیں اُنمیں سر رچرڈ کو بہت ہی نمایاں حیثیت حاصل ہے، اور عملی حیثیت سے بھی آپ نے اپنے متعلقہ سررشتوں میں جو اصلاحیں کی ہیں وہ حاکم و محکوم میں یکساں قدر کی نگاہوں سے دیکھی جاتی ہیں۔ اعلیٰ قابلیت واستعداد نظم ونسق کے ساتھ ہی ساتھ حسن خلق اور حسن سلوک بھی آپ کی سرشت میں داخل ہے، اور حیدرآباد کی سوسائٹی میں آپ نے اپنے لئے ایک نمایاں جگہ پیدا کر لی ہے، جو آپ کے بعد مدت تک خالی محسوس ہوگی +

ٹرنر، ولیم، میجر۔ آپ انگلستان کے ایک فاضل ادیب اور انشاپرداز ہیں اور گذشتہ تین سال سے نظام کالج میں حیدرآباد میں نمایاں تعلیمی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ حال ہی میں پرنسپل کی جگہ پر آپکی مستقلی کا فرمان مبارک شرف صدور لایا ہے۔ آپ ایڈنبرا یونیورسٹی کے سابق شہرۂ آفاق پرنسپل سر ڈبلیو ٹرنر کے عزیز قریب ہیں اور ایڈنبرا ہی میں آپ نے تعلیم کے ابتدائی اور اعلےٰ مدارج طے کئے۔ اختتام تعلیم کے بعد ہی جنگ عظیم کا آغاز ہوا تو ملک وقوم کے لئے آپنے اپنی خدمات پیشکش کر دیں اور مختلف محاذات جنگ پر قابل قدر خدمات انجام

دیتے رہے حتیٰ کہ اسی اثنار میں آپ میجر کے عہدہ تک پہونچے اور اعزازی طور پر یہ عہدہ آج بھی آپکو حاصل ہے۔ لڑائی ختم ہونے پر آپ نے جسٹر کالج لورپول یونیورسٹی میں پروفیسری کی خدمت قبول کرلی اور پھر بڑودہ کالج اور سینٹ میریس کالج لنڈن یونیورسٹی میں ایک مدت تک خدمات انجام دیتے رہے۔ ۱۳۳۸ء سے آپ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں داخل ہوئے، اور اس کے اگلے سال نظام کالج کی پرنسپلی پر آپ کا منصرمانہ تقرر ہوگیا جبپر اب آپ مستقل ہوگئے ہیں۔ مسٹر ٹرنر انگریزی میں متعدد مستند ادبی کتابوں کے مصنّف ہیں اور خاصکر شیکسپیر و ملٹن کے کئی ایڈیشنوں کی ترتیب و تدوین کا کام آپ نے نہایت ہی قابلیت سے انجام دیا ہے۔ ادبی ذوق کے ساتھ آپ مردانہ کھیلوں میں بھی مہارت رکھتے ہیں اور خاصکر رگبی، باکسنگ اور دوڑ میں متعدد انعامات اور تمغے حاصل کر چکے ہیں۔

جیون یار جنگ بہادر، نواب جسٹس۔ آپ نواب سرور الملک بہادر کے صاحبزادے ہیں اور ۱۲۸۹ء بمقام بلدہ حیدر آباد پیدا ہوئے۔ اور گرامر اسکول بلدہ اور اسکاٹش ہائی اسکول بمبئی میں تعلیم حاصل کر کے سنہ ۱۹۰۰ء میں آپ ولایت تشریف لے گئے اور پانچ سال وہاں کیمبرج یونیورسٹی میں رہکر بی اے کی ڈگری اور بیرسٹری کی سند حاصل کی۔ وطن واپس آکر آپ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں بطور ناظم عدالت دیوانی (ڈسٹرکٹ جج) داخل ہوگئے اور اضلاع ناندیڑ و اورنگ آباد و ورنگل میں مستعدی اور قابلیت کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیتے رہے۔ ۱۳۲۲ف میں آپ کو نظامت اوّل عدالت فوجداری بلدہ کے عہدہ پر ترقی ملی، لیکن اسکے ایک ہی ماہ بعد آپ صدر عدالت صوبہ میدک کے ناظم ہوگئے۔ ۱۳۲۷ف میں

آپ کو عدالت عالیہ کی رکنیت کا ممتاز منصب تفویض ہوا جہر آپ اسوقت تک قایم ہیں اور تحریر سطور ہذا کے وقت نواب مرزا یار جنگ بہادر میر مجلس کی رخصت کے موقعہ پر منصرمانہ انتظام میں میر مجلسی (چیف جسٹس) کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ خان اور بہادر کا خطاب آپ کو صغر سنی ہی میں پیشگاہ خسروی سے عطا ہوا تھا اور ۱۳۴۱ء میں نواب کے خطاب سے سرفراز ہو کر مرزا حمید رجبون بیگ سے نواب جیون یار جنگ بہادر ہو گئے۔ اس اعزاز اور وجاہت کے باوجود نواب صاحب نہایت ہی ہمدرد خلیق اور ملنسار ہیں اور رفاہ عامہ کے کاموں سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں۔ ضلع ورنگل میں اپنے قیام کے زمانہ میں آپنے اسلامیہ اسکول مٹھوارہ کی بنیاد ڈالی اور اسے سرکاری امداد اور سرپرستی کا مستحق بنایا۔ اسوقت بھی آپ اس مدرسہ کے اعزازی معتمد کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ رود موسی کی طغیانی اور مرض انفلوانزا کے شیوع زمانہ میں آپنے سرکاری اور ذاتی حیثیت سے نہایت ہی نمایاں خدمات انجام دیں جسکے اعتراف میں پیشگاہ خسروی سے سند عطا ہوئی +

حامد علی، ڈاکٹر سید۔ آپ میر محمود علی صاحب کے صاحبزادے ہیں جو بلدہ حیدرآباد کے ایک نامور وکیل تھے۔ پیدایش آپکی ۱۸۸۶ء میں اپنے وطن واقع بریلی (روہیلکھنڈ) میں ہوئی اور سات سال کی عمر میں آپ حیدرآباد آئے اور گلوریا اسکول اور گرامر اسکول میں ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ اور انگریزی مڈل میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد آپ علیگڈھ تشریف لیگئے اور وہاں انٹرنس پاس کرکے انٹرمیڈیٹ میں دو سال گذارے لیکن امتحان سے قبل ہی آپ کو میڈیکل کالج لاہور کے امتحان داخلہ میں شرکت کا موقعہ ملگیا اور وہاں آپ نے چار سال رہ کر ایل ایم ایس کے درجہ اول

کا امتحان نہایت نمایاں کامیابی سے پاس کیا جسکے صلہ میں سرکار عالی سے وظیفہ حاصل کیا۔ آخری درجہ کا امتحان دینے سے پہلے آپ کے والدین نے آپ کو ولایت روانہ کردیا جہاں آپ نے بہت جلد گلاسکو یونیورسٹی سے ایل آرسی پی ایس کی ڈگری حاصل کی اور اس کے ایک سال بعد کیمبرج سے ڈی پی ایچ کی ڈگری لی۔ فن قابلہ میں خاص مہارت حاصل کرنے کیلئے آپ نے ایم ایل آرسی پی کا بھی امتحان پاس کیا اور پھر آنکھ کے امراض میں ملکہ حاصل کرنے کے لئے چار ماہ تک رائل آپتھلمک ہاسپٹل میں کام کیا۔ ان اعلیٰ سندات اور نمایاں کامیابیوں کی بدولت آپ کو انگلستان ہی میں ملازمت مل گئی اور چار سال تک آپ مختلف شفاخانوں میں میڈیکل افسر کی خدمات انجام دیتے رہے۔ لیکن وطن کی کشش آپکو پھر حیدرآباد کھینچ لائی اور یہاں آپ مرض طاعون کے شعبہ خاص میں سینیر افسر مقرر ہو کر لاسور تشریف لیگئے اور پھر افسر حفظان صحت چادر گھاٹ کے عہدہ پر بلدہ میں تعیناتی ہوئی جس سے ترقی کرتے کرتے آپ ڈپٹی کمشنر اور پلیگ کمشنر ہوئے اور آخر میں بلدیہ حیدرآباد کی کمشنری تک پہونچے جس پر آپ اسوقت کام کررہے ہیں۔ حسن تدبیر اور فرائض منصبی میں انہماک کی بدولت آپکی خدمات کا مختلف عنوانات سے اکثر اعتراف کیا گیا اور تحائف عطا ہوئے۔ طغیانی رود موسی اور شیوع وبائے طاعون کے مواقع پر آپ نے غیر معمولی ایثار کے ساتھ کام کیا۔ شاہزادہ ویلز کے ورود کے موقعہ پر صفائی بلدہ کے حسن انتظام پر سرکار عالی سے آپکو ایک طلائی گھڑی عطا کی گئی اور لارڈ ریڈنگ نے اپنے ورود پر شہر کی صفائی کے انتظامات سے خوش ہوکر آپ کو طلائی بٹن کا تحفہ دیا۔

حامد یار جنگ بہادر، نواب۔ آپ سرگروہ امرائے حیدرآباد کے ایک نمایاں

فرد ہیں اور سرکار آصفیہ کی خدمت میں نامور ہستیاں اس خاندان سے حاصل ہوئی ہیں۔ نواب حامد یار جنگ بہادر ۱۲۹۴ف میں بمقام بلدہ حیدرآباد پیدا ہوئے اور تعلیمی مدارج طے کرنے کے بعد حسب دستور خاندانی سرکار عالی کی ملازمت میں داخل ہو گئے۔ اور بحیثیت تعلقہ دار دوم ضلع نظام آباد میں آپ کا تقرر ہوا جس سے درجہ بدرجہ ترقی کرتے کرتے آپ اوّل تعلقہ دار کے منصب تک پہونچے اور اسی اثنار میں ایک سال کے لئے آپ بغرض تعلیم و تربیت بایمار سرکار عالی سرکار انگریزی کے علاقہ میں بھی گئے۔ ۱۳۲۶ف میں آپ سررشتہ جنگلات میں بحیثیت سوپرنیومریری افسر تعینات ہوئے اور اسکے بعد دو سال تک آپ کو زیادہ تر اسی سررشتہ کی خدمات سے سابقہ رہا جس میں آپ نے خاص مناسبت طبع کا اظہار کیا اور اپنی قابلیت اور حسن انتظام سے حکام اعلےٰ کی توجہ اپنی جانب مبذول کر لی۔ چنانچہ ۱۳۲۸ف میں آپ ناظم جنگلات کے منصب پر منصرمانہ فائز کئے گئے اور ۱۳۳۰ف میں حسب فرمان مبارک اس منصب پر مستقل ہو گئے۔ اور اُسوقت سے آپ نہایت قابلیت سے اس کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔

حبیب یار جنگ بہادر، میجر نواب۔ آپ حبیب عبداللہ صاحب کے صاحبزادے ہیں اور فوجی حسن خدمات کا وظیفہ پا رہے ہیں۔ پیدائش آپ کی ۱۲۷۶ف میں بمقام محلہ شاہ گنج واقع بلدہ حیدرآباد ہوئی اور اُس زمانہ کے دستور کے بموجب آپ نے مکتبی تعلیم اور فنون سپہگری کی تربیت حاصل کرکے ۱۲۹۹ف میں سرکار عالی کی فوجی ملازمت میں داخل ہوئے اور پرنسس باڈی گارڈ کے کمانڈنگ افسر مقرر ہوئے۔ یہ زمانہ اعلےٰ حضرت بندگان عالی کی تعلیم و تربیت کا تھا

اور نواب حبیب یار جنگ بہادر نے جو اسوقت صرف میجر حبیب ابو بکر تھے فنون سپہگری میں شاہزادہ ولیعہد کو تربیت دی اور اسطرح شرف تقرب اور افتخار خدمت حاصل کیا۔ حضور پُرنور نے تخت سلطنت پر جلوہ افروز ہو کر میجر صاحب کے اعزازمین اور اضافہ فرمایا اور ۱۳۲۱ھ ف میں آپ جمعیت نظم محبوب کے کمانڈنگ افسر مقرر ہوئے جسکے فرائض آپ ایک مدت تک نہایت حُسن وخوبی سے انجام دیتے رہے اور اسی سلسلہ میں پیشگاہ خسروی سے نواب حبیب یار جنگ بہادر کا خطاب بھی حاصل کیا۔ پچپن سال کی عُمر کو پہونچکر نواب صاحب نے فوجی ملازمت سے وظیفہ حُسن خدمت حاصل کیا، لیکن اپنی اعلےٰ اخلاقی صفات اور شریفانہ عادات کے بدولت بارگاہ خسروی اور معیت حضرت شاہزادہ ولیعہد بہادر مین اب بھی آپ کو تقرب حاصل ہے۔ دوران ملازمت میں آپ کو دو مرتبہ حج بیت اللہ اور زیارت روضہ مقدسہ کا شرف حاصل ہوا، اور اسطرح دنیا کے ساتھ دین بھی آپنے سنوار لیا ہے۔

حمید الظفر، مولوی محمد۔ آپ کتب خانہ آصفیہ سرکار عالی کے مہتمم ہیں، اور نظم کتب خانہ میں خاص تربیت و مہارت حاصل کر چکے ہیں۔ ۱۳۱۷ھ ف آپ بمقام اورنگ آباد دکن پیدا ہوئے اور وہیں ابتدائی مکتبی تعلیم کے بعد عثمانیہ انٹرمیڈیٹ کالج میں انگریزی کے مدارج طے کئے ۱۹۲۷ء میں انٹرمیڈیٹ کا امتحان نمایاں کامیابی کے ساتھ پاس کیا بلکہ اختیاری مضمون میں تمام یونیورسٹی میں اوّل آئے جس سے آپ کو سرکاری اسکالرشپ عطا ہوا۔ ۱۹۲۹ء میں آپ نے عثمانیہ یونیورسٹی سے بی اے پاس کیا اور سررشتہ تعلیم نے سرکاری خرچ پر آپ کو اعلےٰ تعلیم کے لیے امریکہ بھیجنا چاہا لیکن بعض خانگی اسباب کی وجہ سے آپ اس عطیہ سے نفع اُٹھا سکے

تو آپ کو سرکار عالی کی طرف سے نظم کتب خانہ کا فن سیکھنے کے لئے وظیفہ دیکر کلکتہ کی امپیریل لائبریری بھیجا گیا۔ جو ہندوستان کی سب سے بڑی اور سب سے زیادہ منظم لائبریری ہے۔ اس ادارہ میں تمام مدارج تربیت طے کرنے کے بعد پنجاب یونیورسٹی سے نظم کتب خانہ کی سند لینے کیلئے لاہور گئے اور وہاں سے ۱۹۳۱ء میں ڈپلوما حاصل کیا۔ آپ مملکت سرکار آصفیہ میں پہلے نوجوان ہیں جنھوں نے نظم کتب خانہ کے فن کی باضابطہ تربیت حاصل کرکے سند حاصل کی۔ تعلیم و تربیت کا زمانہ ختم کرتے ہی آپ کو کتب خانہ آصفیہ میں مہتمم کی منصرمانہ جائداد پر تعینات کیا گیا جہاں آپ نومبر ۱۹۳۱ء سے نہایت ہی قابلیت اور امتیاز کے ساتھ کام کر رہے ہیں+

حمید احمد انصاری۔ آپ مولوی محمد علی صاحب انصاری مرحوم جونپوری کے صاحبزادے ہیں اور جامعہ عثمانیہ کے مسجّل (رجسٹرار) کے عہدہ پر فائز ہیں۔ گو آپکا آبائی وطن جونپور واقع ممالک متحدہ آگرہ و اودھ ہے لیکن پیدائش آپکی ۱۸۸۴ء میں بمقام گلبرگہ شریف ہوئی اور وہیں اپنے والد ماجد کی زیر نگرانی فارسی و عربی کی مکتبی تعلیم حاصل کی۔ انگریزی تعلیم آپ نے قدیم اورنگ آباد کالج میں حاصل کی جہاں آپ ۱۹۰۲ء تک رہے۔ اس کے اگلے سال آپ کرسچین کالج الہ آباد میں داخل ہوئے اور وہیں سے بی اے کی ڈگری حاصل کرکے کچھ دنوں تک الہ آباد یونیورسٹی میں ایم اے اور قانون کی تعلیم حاصل کرتے رہے لیکن امتحان میں شرکت سے قبل ہی آپکو سلسلہ تعلیم منقطع کرنا پڑا۔ اور مولوی عزیز مرزا صاحب مرحوم نے مسلم لیگ کے سکریٹری کی حیثیت سے جب لکھنؤ میں قیام کیا تو مسٹر انصاری کو اپنی رفاقت کیلئے منتخب فرمایا۔ اس زمانہ میں مسٹر انصاری کو اپنے ذاتی جوہر نمایاں کرنے کا

کافی موقعہ ملا۔ اور اپنی مستعدی، قابلیت اور فرض شناسی سے مولوی صاحب موصوف کی نگاہوں میں کافی وقعت حاصل کرلی۔ اس سلسلہ میں آپ نے پبلک سروسس پر جو معرکہ آرا، یادداشت مرتب کی وہ ملک میں خاص طور پر مقبول ہوئی اور ممتاز جرائد نے اسے اپنے صفحات میں جگہ دی گر تائیدی مضامین لکھے۔ ۱۹۱۳ء میں آپ حیدرآباد آکر معتمدی عدالت و کوتوالی و امور عامہ میں ملازم ہو گئے اور مترجم، منتظم اور مددگار معتمد کے عہدوں پر نمایاں خدمات انجام دیتے رہے۔ ۱۹۲۰ء میں آپ جامعہ عثمانیہ کے مسجل (رجسٹرار) مقرر ہوئے جس پر آپ اسوقت تک کام کر رہے ہیں۔ انگریزی ادبیات و تاریخ و فلسفہ و سیاسیات میں آپ کا مطالعہ بہت ہی وسیع ہے اُردو زبان میں آپ نے بکثرت مضامین اور افسانے تحریر فرمائے جو مختلف جرائد میں شایع ہوئے اور قدر کی نگاہوں سے دیکھے گئے۔ اسی کے ساتھ ساتھ آپ نے اپنی مادری زبان سے بھی دلچسپی قائم رکھی اور انجمن ترقی اُردو اور رسالہ اُردو کے لئے قابل قدر قلمی خدمات ادا کرتے رہے جامعہ عثمانیہ سے منسلک ہونے کے بعد اُردو زبان پر آپکی توجہ اور بڑھ گئی اور اس زمانہ میں اپنے متعدد معرکہ آرا تصانیف اور تراجم پبلک میں پیش کئے۔ جنمیں پروفیسر پیلہم کی تاریخ روما اور پروفیسر منسن کی کتاب توازن قوت اور پروفیسر ہاٹ لینڈ کی تاریخ جمہوریہ روما اور پروفیسر گرانٹ کی تاریخ یورپ کے تراجم خاص طور پر قابل ذکر ہیں؛

حیدر نواز جنگ بہادر، نواب سر اکبر نذر علی حیدری۔ ایک مدت ہوئی کہ مملکت حیدرآباد کے ایک وزیر اعظم کا نام ہندوستان بھر میں اتنا مشہور ہوا تھا کہ مملکت ہذا کے باہر لوگ حیدرآباد کو حیدرآباد سندھ سے ممتاز کرنے کیلئے

"چندولال کا حیدرآباد" کہا کرتے تھے۔ آج نواب سر اکبر حیدر نواز جنگ بہادر کو حیدرآباد سے وہی نسبت ہے جو اُس زمانہ میں راجہ چندولال بہادر کو تھی اسلئے کہ گو سرکاری حیثیت سے نواب صاحب موصوف کو راجہ چندولال بہادر کا درجہ نہیں حاصل ہے تاہم دور حاضرہ میں اس ترقی پذیر ملک کے اندر جسقدر ترقیاں رونما ہوئی ہیں اُنمیں سے شاید چند ہی ایسی ہوں جو سر اکبر حیدری کی قابلیت، تدبر، اور اپنے آقا اور ملک سے غیر معمولی عقیدت کی رہین منّت نہ ہوں۔ اور باتوں کو اگر نظر انداز بھی کیا جائے تو حیدرآباد کے مالیہ کی نظم جدید، صنعت و حرفت کی غیر معمولی ترقی، تعلیم و تعلم کا درخشاں فروغ اور سب سے بڑھکر عثمانیہ یونیورسٹی کا قیام یہ چار ایسے مستحکم ستون ہیں جنپر سر اکبر حیدری کی شہرت و نمود کا چراغ ابد الآباد تک جلتا رہے گا۔ سر اکبر حیدری نے مملکت ہذا کے مختلف شعبوں میں جو کارہائے نمایاں انجام دئے ہیں اُنکی تشریح کے لئے کئی ضخیم جلدوں کی ضرورت ہوگی۔ لیکن ان کارناموں کا استقصار منظور نہیں ہے بلکہ صرف آپکی ذات کا بیرونی دُنیا سے تعارف کرانا ہے، جسکے لئے نہایت ہی مختصر الفاظ میں آپکی زندگی کے بعض نمایاں اور اہم حالات کا ذکر کیا جاتا ہے۔

آپ بمبئی کے ایک شہرۂ آفاق تاجر سیٹھ نذر علے کے صاحبزادے اور جسٹس بدرالدین طیب جی کی حقیقی بہن کے نواسے ہیں اور آبائی وطن آپ کا کھمبیات (کیمبے) ہے۔ ولادت آپ کی بمبئی میں ۸ر نومبر ۱۸۶۹ء کو ہوئی اور ابتدائی مذہبی و مکتبی تعلیم اپنے والد صاحب اور نانی صاحبہ کی زیرنگرانی حاصل کر کے انگریزی تعلیم شروع کی اور سینٹ زیویر کالج سے نہایت ہی نمایاں کامیابی کے ساتھ بی اے کا امتحان پاس کیا۔ اور بی ال کے امتحان کی تیاری کر رہے تھے کہ

حکومت ہند کے محکمہ فینانس کے امتحان کا موقعہ آپ کو ملگیا اور اسمیں تمام امیدواران میں اوّل پاس ہوکر آپ ۱۸۸۸ء میں ممالک متوسط کے صیغہ حساب میں ایک افسر کی حیثیت سے تعینات کئے گئے۔ اس کے ایک سال بعد آپ کا تبادلہ لاہور کے کرنسی آفس میں ہو گیا، جہاں ایک سال رہنے کے بعد آپ کلکتہ بھیجے گئے۔ تین سال کلکتہ میں رہنے کے بعد آپ کو ممالک متحدہ میں اسسٹنٹ اکاونٹنٹ جنرل کے عہدہ پر ترقی ملی، اور الہ آباد میں تعیناتی ہوئی۔ ۱۸۹۳ء میں جب آپ کا تبادلہ وہاں سے بمبئی کو ہوا تو الہ آباد کی جماعت ہنود کی طرف سے آپکو شاندار وداعی ضیافت دی گئی۔ ۱۹۰۰ء میں آپ مدراس کے ڈپٹی اکاونٹنٹ جنرل بنائے گئے۔ اور اسکے ایک سال کے بعد آپ کو تمام ہندوستان اور برہما کے سرکاری مطابع کی جانچ پرتال کا کام خاص طور پر تفویض ہوا اور اس کے متعلق جو رپورٹ آپ نے مرتب کی اُسپر گورنمنٹ ہند کی طرف سے شاندار الفاظ میں اظہار خوشنودی کیا گیا۔

یہ وہ نمایاں خدمات اور انصرام امور کا قابل فخر تجربہ تھا جو آپ حیدرآباد میں سرکار عالی کے سلسلہ ملازمت میں داخل ہونے سے قبل حاصل کر چکے تھے اور ایسے کارآزمودہ شخص کی خدمات جب سرکار عالی نے حکومت ہند سے مستعار لیں تو اپنی مملکت کی فلاح و بہبود کے لئے بہترین نظر انتخاب کا اظہار کیا۔ ۱۹۰۵ء میں سب سے پہلے سر اکبر حیدری جو اُسوقت صرف مسٹر نذر علی حیدری تھے حیدرآباد کی صدر محاسبی کی جائداد پر متعین ہوئے۔ اُسوقت محکمہ فینانس کے معین المہام سر جارج کیسن تھے جنکی نکتہ رس نگاہوں نے چند ہی دنوں میں مسٹر حیدری کی اعلےٰ صلاحیت و قابلیت کو تاڑ لیا اور ان کے مشورہ سے بہت سی درخشاں اصلاحات

اس محکمہ کے نظام میں رائج کیں اور ہر موقعہ پر مسٹر حیدری کے قابلانہ مفید مشوروں کا دریا دلی سے اعتراف کیا۔ سنہ ۱۹۱۱ء میں مسٹر حیدری معتمدی عدالت وکوتوالی وامور عامہ کے عہدوں پر منتقل کئے گئے اور چونکہ محکمہ تعلیم کا اس سررشتہ سے براہ راست تعلق تھا اس لئے اسی تاریخ سے حیدرآباد کی تعلیمی ترقی کی وہ مستحکم بنیاد پڑتی ہے جس سے آج یہ مملکت اس شعبہ میں دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی ہمسری کا دعویٰ کرنے کے قابل ہوگئی ہے۔ تعلیمی نظام کو مستحکم ومضبوط بنیاد پر نصب کرنے کے علاوہ آپ نے محکمہ علاج وصحت عامہ میں بھی نمایاں اصلاحیں کیں اور آپ ہی کی تحریک پر عثمانیہ جنرل ہاسپٹل کا خاکہ تیار ہوا جو آج ہندوستان بھر میں سب سے بڑا اور سب سے بہتر سامان رکھنے والا شفاخانہ سمجھا جاتا ہے اسی زمانہ میں آپ نے محکمہ آثار قدیمہ کی بنیاد رکھی جسکا کام آج برطانوی ہند کے محکمہ آثار قدیمہ سے بھی زیادہ بہتر اور منظم ہے۔ اسی زمانہ کے آخری دور میں آپنے مسٹر ویکفیلڈ صدر ناظم صنعت وحرفت کے رخصت پر جانے کی وجہ سے ان کے فرائض بھی انجام دئے اور اس تھوڑی سی مدت میں آپ نے اس شعبہ کو بھی شاندار ترقی کی شاہراہ پر لگا دیا، اور ماہر سائنس دالوں کی خدمات مستعار لے کر مملکت ہذا کی اکثر حرفتوں کو زندہ کیا اور خاص کر کاغذ سازی، روغن سازی، پارچہ بافی کی حرفتوں کے لئے نئے نئے راستے پیدا کئے اور چھوٹی چھوٹی صناعیوں کو سرکاری امداد دیکر فروغ واستحکام بخشا۔

سنہ ۱۹۲۰ء میں آپ کچھ دن کے لئے پھر حکومت ہند کی ملازمت پر واپس گئے اور بمبئی میں درجہ اوّل کے اکاونٹنٹ جنرل بنائے گئے جو رتبہ اس سے پیشتر کسی ہندوستانی کو نہیں ملا تھا۔ لیکن چند ہی ماہ بعد آپ وہاں سے پنشن حاصل کرکے

پھر حیدرآباد واپس آگئے اور جولائی ۱۹۲۱ء میں مسٹر گلانسی کی علحدگی پر آپ صدرالمہام فینانس بنائے گئے اور اس عہدہ پر آپ اسوقت تک قائم ہیں۔ اس دور کا اہم ترین کارنامہ مملکت ہذا کے نظام مالیہ کی نظم جدید ہے، جس سے غالباً تاریخ میں پہلی مرتبہ یہاں کا میزانیہ متوازن ہونے لگا اور اس کے باوجود ملک میں فلاح و بہبود کے کاموں کیلئے وافر قوم پس انداز ہونے لگیں۔

۱۹۴۱ء میں آپ کو بارگاہ خسروی سے نواب حیدر نواز جنگ بہادر کا خطاب عطا کیا گیا اور سرکار انگریزی سے مختلف اوقات میں آپ کو "نائٹ" اور "نواب" کے خطابات عطا کئے گئے۔

یہ خاکہ صرف آپ کی سرکاری زندگی کا ہے اور شخصی حیثیت سے جو اعزاز و ہر دلعزیزی آپ نے سارے ہندوستان اور نیز ہندوستان کے باہر حاصل کی ہے اُسکی تفصیل وزا طویل ہے۔ خاصکر تعلیمی مسائل میں آپ کی رائے اسقدر وسیع سمجھی جاتی ہے کہ متعدد یونیورسٹیوں کے آپ فیلو ہیں اور ۱۹۲۵ء و ۱۹۲۶ء میں دہلی کی انٹر یونیورسٹیز کمیٹی کی صدارت کیلئے آپ ہی کا انتخاب عمل میں آیا تھا ۱۹۲۹ء میں آپ نے پنجاب یونیورسٹی میں کانوکیشن ایڈریس دیا جو سارے ملک میں بہ نظر وقعت دیکھا گیا۔

حیدر یار جنگ بہادر، نواب۔ نواب صاحب موصوف قبل ازیں کہ نواب حیدر یار جنگ کے لقب سے متصف ہوں سید علی حیدر صاحب نظم طباطبائی کے نام سے دنیائے شعر و سخن میں کافی شہرت و نمود حاصل کر چکے تھے اور خاصکر آپ کی شرح دیوان غالب نے آپ کو سارے ہندوستان کی اُردو داں دُنیا سے روشناس کر دیا تھا۔ آپ میر مصطفٰے حسین صاحب طباطبائی لکھنوی کے صاحبزادے ہیں اور ۱۲۷۰ھ

یا ۱۲۷۳ھ میں اپنے وطن لکھنؤ محلہ حیدر گنج قدیم میں پیدا ہوئے۔ لکھنؤ میں آپ کا خاندان سادات حسنی میں خاص امتیاز رکھتا ہے اور مختار الدولہ بہادر جو نواب آصف الدولہ بہادر کے وزیر تھے آپ کے اجداد میں ہیں۔ ابتدائی مکتبی تعلیم لکھنؤ ہی میں حکمائے فن سے حاصل کی اور علوم متداولہ کی تکمیل کے سلسلہ میں فن شعر سے خاص دلچسپی کا اظہار کیا اور اسکے نکات و رموز پر عبور حاصل کیا۔ آپ کی ذہانت و قابلیت کو دیکھ کر شاہ اودھ مرحوم کے صاحبزادوں کی تعلیم کے لئے آپ کو منتخب کیا گیا اور آپ کلکتہ جاکر مدرسہ شاہی کے پروفیسر ہو گئے۔ لیکن شاہزادوں کو تعلیم دینے کے ساتھ ہی ساتھ آپ خود بھی اپنے علم میں اضافہ کرتے رہے اور خاصکر علامہ مرزا محمد علی مجتہد سے معقولات کا درس حاصل کیا۔ جسوقت خاندان اودھ اور خاندان میسور کے شاہزادوں کی تعلیم کے لئے جدید مدرسہ شاہی قائم ہوا تو اسمیں آپ کو ع. بی پروفیسر کا عہدہ دیا گیا۔ لیکن شاہ اودھ کی وفات پر یہ شیرازہ درہم برہم ہو گیا تو آپ مدرسہ اعزہ کی ایک اسامی کے لئے حیدرآباد تشریف لائے لیکن نواب عماد الملک مرحوم نے آپ کو کتب خانہ آصفیہ کی مہتممی پر مامور کر دیا، اور کچھ دنوں کے بعد آپ نظام کالج کے پروفیسر ہو گئے۔ اس درسگاہ کی خدمت پر تیس سال رہکر وظیفہ حسن خدمت حاصل کیا۔ لیکن اس کے بعد ہی دار الترجمہ جامعہ عثمانیہ میں آپ کو ناظر ادبی کا عہدہ تفویض کر دیا گیا اور گو اسوقت آپ اس سے بھی سبکدوش ہو چکے ہیں تاہم ادبی اور تاریخی اہم کتابوں کی نظر ثانی کا کام اب بھی بارگاہ خسروی سے آپ ہی کو سپرد کیا جاتا ہے آپکی تصانیف نظم و نثر متعدد ہیں اور ان سے زیادہ وہ مضامین ہیں جو ادبی اور تاریخی نکات پر آپ نے لکھکر مختلف رسائل میں بھیجے اور ادب اردو کا دامن مالا مال کیا۔

خان خانان بہادر، نواب حسام الملک نظام یار الدولہ نظام یار جنگ۔ آپ
فخر الملک حسام الدولہ میر غلام حسین بہادر صفدر جنگ کے فرزند اکبر ہیں اور بلدہ
حیدر آباد ہی میں آپکی ولادت ہوئی۔ اور مشاہیر علماء سے یہیں آپ نے علوم وفنون
کی بطرز قدیم اعلیٰ تعلیم حاصل کی خطاطی اور شاعری سے آپ کو خاص دلچسپی رہی
اور خصوصاً خطاطی میں آپ اپنے عصر کے یگانہ افراد میں شمار ہوتے ہیں۔ تعلیم
سے فراغت پاکر آپ نے نواب سر سالار جنگ اعظم کی معیت میں امور نظم ونسق حکومت
کا عملی تجربہ حاصل کیا اور اپنی ذہانت وقابلیت سے سر سالار جنگ اعظم کی نگاہوں
میں اتنا رسوخ پیدا کیا کہ سفر وحضر میں اُن کے ساتھ رہنے لگے۔ ۱۲۹۹ف میں
صدر المہامی کوتوالی کا منصب خالی ہونے پر آپ کو اسکے لئے منتخب کیا گیا جسپر
آپ نے ۱۳۰۲ف تک نہایت ہی قابلیت وحسن تدبیر سے کام کیا۔ آخر الذکر سال
میں جب یہ جگہ تخفیف میں آئی تو آپ بھی سبکدوش ہو گئے لیکن اس کے پندرہ سال
بعد آپ کو معین المہامی اخراج کے منصب جلیلہ پر سرفرازی بخشی گئی مگر آپ نے
پانچ سال تک اسکے فرائض انجام دینے کے بعد ۱۳۲۲ف میں بہ سبب پیرانہ سالی
استعفیٰ دیدیا۔ آپ کا خاندان امرائے حیدر آباد میں خاص امتیاز اور وقار کی
نظروں سے دیکھا جاتا ہے اور خانی وبہادری ونظام یار جنگ کے خطابات
آپ کو پیشگاہ حضرت غفرانمکان سے عطا ہوئے تھے اور اُسی بارگاہ سے خطاب
نظام یار الدولہ حسام الملک خاں خانان و منصب چار ہزاری وسہ ہزار سوار کے اعزاز
عطا ہوئے تھے۔ حُسن اخلاق اور حُسن سلوک جو عام طور پر امرائے حیدر آباد کے جوہر
امتیازی ہیں آپ میں بدرجہ اتم موجود ہیں ؛

خورشید حسین، ڈاکٹر۔ آپ ڈاکٹر نواب ارسطو یار جنگ بہادر کے خلف اکبر ہیں اور ۱۲۹۶ف میں اپنے وطن بلدہ حیدرآباد میں پیدا ہوئے۔ گھر کی مکتبی و مذہبی تعلیم کے بعد آپ مدرسہ عالیہ میں داخل ہوئے اور اُس کے تمام مدارج میں بدرجۂ اعلیٰ کامیابی حاصل کرنے کے بعد آپ ولایت تشریف لیگئے اور اڈنبرا یونیورسٹی سے ایم بی اور سی ایچ بی کی ڈگریاں لے کر وطن واپس آئے جہاں آپ کو ۱۳۲۴ف میں ضلع رائچور کی سول سرجنی پر مامور کیا گیا اور وہاں کے صدر شفاخانہ کو آپ نے اپنی قابلیت و ذہانت سے غیر معمولی ترقی دی۔ جسے دیکھکر آپ کو افضل گنج شفاخانہ میں طلب کر لیا گیا اور اسی سلسلہ میں آپ اپنے اہل وطن کی خدمات کرنے لگے۔ افضل گنج کا شفاخانہ جب ترقی پاکر شفاخانہ عثمانیہ کی عالیشان عمارت میں منتقل ہوا تو ڈاکٹر خورشید حسین بھی اس کے ساتھ اپنے سول سرجنی ہی کے عہدہ پر آئے۔ شفاخانہ کی سول سرجنی کے علاوہ آپ عثمانیہ میڈیکل کالج کی پروفیسری کی خدمت بھی انجام دیتے ہیں۔ علاج و تشخیص میں اور خاصکر فن جراحی میں آپ اپنے والد ماجد ہی کی طرح خاص ملکہ رکھتے ہیں اور امراض چشم کے بہت بڑے مبصر سمجھے جاتے ہیں ؛

خورشید علی، سید۔ آپ اسوقت سررشتہ دیوانی و مال کے ناظم ہیں، جسکے متعلق جاگیرات، مناصب، خطابات وغیرہ کے دفاتر بھی ہیں۔ پیدایش آپ کی ۱۳۰۴ف میں ہوئی اور سید خورشید علی آپ کا تاریخی نام ہے۔ ابتدائی تعلیم حسب معمول گھر پر حاصل کر کے آپ نے بلدہ کے مختلف انگریزی مدارس میں مختلف مدارج طے کئے اور اس سے فراغت پاکر آپ ۱۳۱۹ف میں معتمدی فنانس کی ایک جائداد پر مقرر ہو کر سرکار عالی کی سلک ملازمت میں داخل ہوئے، اور اپنی قابلیت

اور حسن کارگذاری کے سبب سے درجہ بدرجہ ترقی پاتے رہے۔ حتیٰ کہ مسٹر گلانسی کو آپکے ذاتی جوہر کا احساس ہوا اور انھوں نے سید خورشید علے کو آگے بڑھانے کے لئے مددگار معتمدی کی ایک نئی جائداد قائم کر کے اُس پر مقرر کردیا جس سے ترقی کر کے آپ بہت جلد نظامت دیوانی کے منصب پر پہونچ گئے۔ ۱۳۳۴ف میں دفاتر مال و مواہیر و مناصب وخطابات اور ۱۳۳۸ف میں دفتر ملکی بھی دفتر دیوانی میں شامل کئے گئے اور سید خورشید علیصاحب کو اس کام کی بھی نگرانی سپرد ہوئی۔ جسے آپ نہایت ہی قابلیت سے انجام دے رہے ہیں۔ یہ ساری ترقی آپ کو ایک ہی سررشتہ کے اندر رہکر حاصل ہوئی جسکا نتیجہ یہ ہے کہ اس شعبہ کے دقائق و نکات پر جتنا عبور آپکو حاصل ہے اتنا دفتر میں کسی اور کو نہیں ہے۔ سید خورشید علی صاحب اپنے فرائض منصبی سے اسقدر وابستگی رکھنے کے باوجود علمی ذوق بھی رکھتے ہیں، اور رسالۂ "ترقی" حیدرآباد بہت بڑی حد تک آپ کی قلمی اور نیز مالی امداد کا رہین منت رہا ہے۔ دفتر دیوانی و مال کے متعلق بہت سے کاغذات اور دستاویزات اور فرد احکام وغیرہ زمانہ قدیم کی بھی ہیں جنکو سید خورشید علے صاحب نے مرتب کرکے ایک بیش قیمت تاریخی ذخیرہ بنادیا ہے، اور غالباً یہ کہنا مبالغہ نہ ہوگا کہ ہندوستان کے کسی دفتر میں قدیم کاغذات کا اتنا وافر اور مرتب ذخیرہ نہ ہوگا۔ انمیں سے بعض کاغذات تاریخی حیثیت سے غیر معمولی اہمیت رکھتے ہیں مثلاً شاہان مغلیہ دہلی کے ہاتھ کے لکھے ہوئے بعض احکام اور خاصکر ایک حکم جو شہنشاہ اورنگ زیب نے بدست خود پنسل سے تحریر فرمایا ہے، جو اسوقت تک محفوظ ہے اور ظاہر کرتا ہے کہ اُسوقت بھی عمدہ قسم کی پنسل معدوم نہ تھی۔ اسی طرح کے اور بھی

بہت سے کاغذات ہیں اور سید خورشید علیصاحب کا خیال ہے کہ وہ ان تمام کاغذات کو مناسب جگہ کا انتظام ہو جانے پر محققین تاریخ کی نفع رسانی کے لئے منظر عام پر لے آئیں گے۔ سید خورشید علے نہایت خلیق اور ملنسار ہیں اور بلدہ حیدرآباد کی تمام سوشل تحریکات کی روح رواں ہیں +

خورشید مرزا، مولوی۔ آپ حیدرآباد کے ایک نامور خاندان کے فرد ہیں اور آپکے جداعلےٰ مرزا بہرام بیگ سردار لشکر شاہان مغلیہ تھے۔ پیدایش آپ کی ۱۲۹۷ف بمقام بلدہ حیدرآباد ہوئی اور وہیں گرامر اسکول میں آپ نے ابتدائی تعلیم حاصل کی اور پھر مدرسہ عالیہ میں داخل ہوئے۔ یہاں سے فراغت پاکر آپ کلکتہ کے انجینیرنگ کالج میں داخل ہوئے اور نمایاں کامیابی کے ساتھ مائننگ انجینیری کی سند حاصل کی۔ وہاں سے سرکار عالی کی طرف سے وظیفہ لیکر آپ ولایت گئے اور ڈرہام یونیورسٹی سے مائننگ انجنیری اور سول انجنیری کے امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل کی۔ ۱۳۲۵ف میں ولایت سے واپسی کے بعد آپ سرکار عالی کی ملازمت میں بطور مددگار انجنیر معدنیات داخل ہوئے اور خاص بلدہ میں آپ کی تعیناتی ہوئی۔ اس منصب سے ترقی کرتے کرتے آپ ۱۳۳۱ف میں ناظم معدنیات و پیمائش طبقات الارض کے عہدہ جلیلہ پر پہونچ گئے اور اسوقت سے اس سررشتہ کا انتظام نہایت قابلیت اور خوش اصلوبی سے انجام دے رہے ہیں۔ اور باوجود اس اعلےٰ عہدہ پر فائز ہونے کے آپ نہایت ہی خوش خلق، منکسر مزاج اور ملنسار ہیں، اور ملک و مالک کی خدمت کا سچّا درد رکھتے ہیں +

داتار ونکٹ راؤ، بی اے ۔ آپ ضلع عثمان آباد مملکت حیدرآباد کے ایک ممتاز خاندان کے رکن ہیں اور اپنی عمر کا بہترین حصہ سرکار عالی کی وفادارانہ خدمات میں صرف کر چکے ہیں ۔ ولادت آپکی ۱۲۸۵؁ف میں بمقام عثمان آباد ہوئی اور مکتبی تعلیم سے فراغت پاکر آپ نے انگریزی میں بی اے تک اعلیٰ تعلیم حاصل کی اور پھر ۱۳۰۹؁ف میں سرکار عالی کے محکمہ تعلیم میں ملازم ہو گئے اور ترقی کرتے کرتے ۱۳۱۳؁ف میں آپ نظام کالج میں لکچرار ریاضی کے منصب پر مامور ہو گئے ۔ ۱۳۱۵؁ف میں آپکی مہارت حساب کے لحاظ سے آپ کو سررشتہ فینانس میں منتقل کیا گیا اور مددگار معتمد فینانس، صدر مترجم فینانس، نائب مددگار صدر محاسب اور مددگار صدر محاسب کے عہدوں پر آپ نمایاں خدمات انجام دیتے رہے، اور ہر جگہ اپنی کاردانی اور قابلیت کا ثبوت دیا۔ ۱۳۳۵؁ف میں آپ ترقی کر کے نائب معتمد فینانس کے منصب پر پہونچ گئے جسپر اسوقت تک آپ کام کر رہے ہیں۔ آپ ملازمین سرکار عالی میں اپنی نمایاں قابلیت اور حسن کارگذاری کی بناپر شہرہ آفاق ہیں اور متعدد بار اعلیٰ کارگذاریوں کا بطور خاص انعام حاصل کر چکے ہیں چنانچہ ۱۳۲۰؁ف میں بصلہ حسن خدمت بسلسلہ پیروی مقدمہ قرضہ نواب سلطان نواز جنگ بہادر آپ کو بیس ہزار روپیہ کا گرانقدر عطیہ شاہی عطا فرمایا گیا اور پھر بسلسلہ مہمانداری شاہزادہ پرنس آف ویلز دو سو روپیہ کا عطیہ شاہی آپ نے حاصل کیا اور ۱۳۱۷؁ف میں بصلہ حسن کارگذاری تحقیقات دارالضرب ایک ہزار دو سو روپیہ کے عطیہ شاہی سے آپ کو سرفراز کیا گیا۔ جو آپ کے وفادارانہ جذبات خدمت گذاری کا بہترین

ثبوت ہے۔

داراب جنگ بہادر، نواب۔ نواب داراب جنگ بہادر داراب جی بایو جی چینائی حیدرآباد سول سروس کے قابل ترین افراد میں شمار کئے جاتے ہیں اور تحصیلداری کے عہدہ سے ترقی کرتے کرتے صوبہ داری کے منصب اعلیٰ تک پہونچے ہیں جسکی وجہ سے محکمہ مال کے تمام شعبوں کا آپ کو وسیع عملی تجربہ حاصل ہو گیا ہے۔ ولادت آپ کی سنہ ۱۲۸۷ف میں بمقام بلدہ حیدرآباد ہوئی اور تعلیمی مدارج سے فراغت پاکر آپ نے سرکار عالی کی ملازمت کو اپنا مقصد زندگی بنایا۔ چنانچہ سنہ ۱۳۰۰ف میں آپ بحیثیت تحصیلدار درجہ چہارم گلبرگہ شریف میں مقرر ہو گئے اور درجہ بدرجہ ترقی کرتے کرتے سوم تعلقہ دار اور دوم تعلقہ دار ہوئے اور سنہ ۱۳۲۶ف میں جبکہ آپ سرکار عالی کے مختلف اضلاع میں کافی تجربہ حاصل کر چکے تھے آپ کو مہتمم بند و بست حیدرآباد کے منصب پر ترقی ملی جسپر تین سال منصرمانہ کام کرنے کے بعد آپ نے استقلال حاصل کیا اور سنہ ۱۳۳۷ف تک اس منصب کی خدمات نہایت ہی قابلیت سے انجام دیتے رہے۔ آخرالذکر سال میں آپ نے ترقی کا ایک اور زینہ طے کیا اور صدر ناظم مال سمت تلنگانہ کے منصب پر آپ کا تقرر ہوا جسکے سال ہی بھر بعد آپ کو صوبہ ورنگل کی صوبہ داری کے منصب اعلےٰ پر ترقی ملگئی اور اسوقت آپ اس منصب کو نہایت ہی تدبر اور حسن انتظام سے انجام دے رہے ہیں اور اپنی قابلیت و انصاف پسندی سے ہر طبقہ میں ہردلعزیز ہیں۔

ذوالقدر جنگ بہادر، نواب۔ آپ نواب سرورالملک بہادر سابق معتمد

پیشی اعلےٰ حضرت غفران مکان کے فرزند اور نواب جیون یار جنگ بہادر رکن عدالت العالیہ کے بھائی ہیں۔ اپریل ۱۸۷۵ء میں آپ بلدہ حیدر آباد میں پیدا ہوئے اور پہلے مدرسۂ اعزہ میں اور بعد کو گرامر اسکول میں تعلیم پائی۔ آخرالذکر درسگاہ سے میٹرک کا درجہ پاس کرنے کے بعد اعلےٰ حضرت غفران مکان نے براہِ خاص آپکو بیش قرار وظیفہ دیکر حصول تعلیم کے لئے انگلستان بھیجا جہاں آپ نے کرائسٹ چرچ کالج کیمبرج سے ۱۸۹۸ء میں بی اے کی ڈگری حاصل کی اور اس کے دو سال بعد مڈل ٹمپل سے بیرسٹری کی سند لی۔ خانی و بہادری و لنواب ذوالقدر جنگ کے خطابات آپ کو دوران تعلیم ہی میں پیشگاہ خسروی سے عطا ہو گئے اور ۱۹۰۰ء میں جب آپ انگلستان سے حیدرآباد تشریف لائے تو حسب قرارداد وظیفہ سلطانی آپکو نظامت سوم عدالت فوجداری کی جائداد کا جائزہ دیا گیا جس سے درجہ بدرجہ ترقی پاتے ہوئے ۱۹۰۵ء میں آپ ناظم اوّل فوجداری بلدہ ہو گئے، اسکے دو سال بعد آپ کو رکنیت عدالت العالیہ منصب جلیلہ پر فائز کیا گیا۔ ۱۹۱۵ء تک آپ اس عہدہ پر نہایت قابلیت کے ساتھ کام کرتے رہے اور اُس کے بعد وظیفہ حُسن خدمت حاصل کر کے لکھنؤ میں قیام فرمایا جہاں اپنی خداداد قابلیت اور خاندانی وجاہت کے بدولت آپ بہت جلد ہر طبقہ میں ہر دلعزیز ہو گئے اور مختلف ادبی اور جمہتی تحریکات کی قیادت آپ کو تفویض ہونے لگی چنانچہ ۱۹۱۷ء میں اُردو کانفرنس جب لکھنؤ میں منعقد ہوئی تو آپ ہی اُسکے صدر مجلس استقبالیہ منتخب ہوئے۔ اس کے علاوہ آپ نے سیاسی اور تاریخی مسائل پر بعض اہم اور مبسوط مضامین لکھے جو خاص طور پر مقبول ہوئے۔ ۱۹۱۲ء میں آپ پھر سرکار عالیہ

کی ملازمت پر واپس آئے اور معتمدی عدالت کوتوالی و امور عالیہ پر کئی سال تک نہایت ہی قابلیت و استعداد کے ساتھ کام کرتے رہے۔ اور پھر مجلس عدالت عالیہ کی رکنیت اور معتمدی فوج کے مناصب پر یکے بعد دیگرے کام کر کے وظیفہ حسن خدمت حاصل کیا۔ رکنیت عدالت عالیہ کے سلسلہ میں آپ ہنگامہ گلبرگہ شریف کی تحقیقات کے لئے کمیشن پر تعینات کئے گئے اور اس موقعہ پر آپ کی حُسن تدبیر و معاملہ فہمی کا ہر طرف شہرہ ہو گیا۔ نواب صاحب گو اسوقت ملازمت سرکار عالی سے الگ ہیں تاہم اپنے حُسن خلق اور شرافت خاندانی کی وجہ سے حیدرآباد کی سوسائٹی میں کافی ہردلعزیز ہیں۔

رام پرتاب۔ آپ حیدرآباد کے ایک قدیم خاندان سے تعلق رکھتے ہیں اور ۱۲۸۰ف میں آپکی ولادت ہوئی۔ اٹھارہ سال کی عمر میں آپ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں داخل ہوئے اور درجہ بدرجہ ترقی کرتے ہوئے ۱۳۳۵ف میں خزانہ دار خزانہ عامرہ کے ذمہ دارانہ منصب پر مقرر کئے گئے جس پر آپ اسوقت تک نہایت ہی دیانت داری اور قابلیت سے کام کر رہے ہیں اور باوجودیکہ آپ کے منصب کا کام نہایت ہی نازک ہے تاہم آپ اپنی قابلیت اور تدبر سے سرکاری اور غیر سرکاری حلقوں میں بہت ہی دلعزیز ہیں۔

رحمت اللہ، مولوی محمد۔ آپ حیدرآباد کے ایک قدیم خاندان کے رکن ہیں اور آپ کے ایک بزرگ حضرت غفران مآب میر نظام علیخان بہادر کے ہمرکاب سفر کھڑلہ و پانگل میں شریک تھے اور چار صدی منصب اور خطاب خانی پر سرفراز تھے۔ آپ کے دادا منشی محمد علی صاحب نواب سر آسمان جاہ بہادر کے اتالیق تھے چنانچہ آپ کے والد حاجی محمد قدرت اللہ صاحب کو نواب صاحب موصوف کے شریک درس رہنے کا

اعزاز حاصل تھا، مولوی محمد رحمت اللہ صاحب ۱۲۹۷ھ ف میں اپنے وطن بلدہ حیدر آباد میں پیدا ہوئے اور مدرسہ غوثیہ میں مکتبی ابتدائی تعلیم حاصل کی ۱۳۰۹ھ ف آپ اپنے والدین کے ہمراہ ضلع ورنگل تشریف لیگئے اور وہاں ہنمکنڈہ اسکول میں انگریزی کی تعلیم حاصل کی اور مڈل کا امتحان پاس کر کے علیگڈھ تشریف لے گئے جہاں سے انٹرنس کا امتحان پاس کیا اور پھر وطن آکر نظام کالج میں داخل ہوئے۔ ابھی سلسلہ تعلیم ختم نہ ہوا تھا کہ ۱۳۱۵ء میں آپ کو سرکار عالی کے سلسلہ ملازمت میں منسلک ہونا پڑا اور محکمہ کے امتحانات میں بدرجہ اعلےٰ کامیابی حاصل کرنے کے بعد سوم تعلقداری پر آپ کا تقرر ہوا۔ چند سال بعد آپ سر جارج کیسن کی ایما پر برطانوی ہند میں سررشتہ مال کا تجربہ حاصل کرنے کی غرض سے بھیجے گئے اور احاطہ مدراس کے اضلاع بلاری و کرشنا میں ایک سال تک بحیثیت اسسٹنٹ کلکٹر مختلف شعبہ جات کا کام انجام دیتے رہے۔ واپسی پر آپ تنقیح حسابات کے کام پر تعینات ہوئے اور پھر ۱۳۱۹ھ ف میں سوم تعلقہ داری کے عہدہ پر مستقل تقرر ہوا جس سے ترقی کرتے کرتے اوّل تعلقہ داری کے منصب تک پہونچے اور سررشتہ جات اعداد و شمار بہایم شماری، مردم شماری اور قحط سالی میں نمایاں خدمات انجام دیں ۱۳۲۱ف میں آپ کو کوتوالی بلدہ کے سررشتہ میں اس غرض سے طلب کیا گیا کہ موجودہ کوتوال صاحب بہادر کے وظیفہ یاب ہونے پر آپ اُنکی جگہ مقرر کئے جائیں۔ چنانچہ اُسوقت سے آپ بطور شریک کوتوال بلدہ کام کر رہے ہیں۔

رستم جنگ بہادر، نواب۔ آپ حیدر آباد کے ایک ممتاز پارسی خاندان کے رکن اور نواب سر فریدون الملک بہادر سابق صدر اعظم مملکت آصفیہ کے اکلوتے

فرزند ہیں۔ ۱۳۳۶ف سے آپ سررشتہ کروڑگیری کی صدر نظامت کے منصب پر فائز ہیں۔ اسکے قبل آپ صوبہ متوسط علاقہ سرکار انگریزی میں ڈپٹی کمشنر تھے اور وہاں نہایت ہی قابلیت سے اپنے فرائض انجام دینے میں شہرت حاصل کر چکے تھے کہ ۱۳۳۶ف میں آپ کی خدمات سرکار انگریزی سے مستعار لی گئیں اور سرکار عالی کی ملازمت میں بحیثیت صدر ناظم سررشتہ کروڑگیری آپ کا تقرر ہوا۔ چنانچہ اُسوقت سے آپ اس اہم منصب پر کام کر رہے ہیں اور اپنے دور میں ایسی نمایاں اصلاحیں اس سررشتہ کے طریق کار میں کر دی ہیں کہ اب سرکار عالی کا یہ محکمہ برطانوی ہند کے بہترین ذی استعداد محکموں کا حسن انتظام میں ہم پلہ مانا جاتا ہے۔ کروڑگیری کا محکمہ سرکار عالی کی مملکت میں بہت بڑی اہمیت رکھتا ہے اور اسی محکمہ کے طریق کار اور انتظام پر مملکت کی تجارت و حرفت کی ترقی اور نشو و نما کا دار و مدار ہے۔ نواب رستم جنگ بہادر نے اپنے پنج سالہ میعاد ملازمت میں یہ ثابت کر دیا ہے کہ آپ اس شعبہ کی اہم داری کے ہر طرح اہل ہیں +

رضا نواز جنگ بہادر، نواب۔ آپ ہندوستان کے ایک نامور خاندان کے رکن ہیں جو دہلی اور حیدرآباد میں کافی شہرت و عزت رکھتا ہے اور جسکے اکثر افراد کا شہرہ براعظم ہندوستان سے نکل کر ممالک غیر تک پہونچ چکا ہے۔ آپ کا خاندانی وقار اس ایک بات سے آشکارا ہے کہ آپ ڈاکٹر انصاری کے بھائی ہیں جنکی شہرت و قابلیت محتاج تشریح نہیں۔ آپ ہی کے خاندان کے ایک فرد نواب اصغر یار جنگ بہادر رکن عدالت العالیہ حیدرآباد ہیں جنکا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے۔ نواب ضیا یار جنگ بہادر بحیثیت مسٹر رضا حسین کے سرکار عالیہ کی سول سروس میں ۱۳۱۷ف سے

نہایت ہی قابلیت اور عقیدت کیشی کے ساتھ کام کر رہے ہیں، اور ایک مدت تک ضلع اورنگ آباد کے تعلقہ دار اوّل رہ چکے ہیں ۱۳۴۳ف میں آپ اورنگ آباد ہی کی صوبہ داری کے منصب جلیلہ پر سرفراز کئے گئے اور اُسوقت سے اس منصب پر کام کر رہے ہیں۔ نواب صاحب کی ملازمت کا اکثر حصّہ اورنگ آباد میں گذرا جہاں کے لوگ نواب صاحب کے حُسن خلق و معاملہ فہمی و انصاف پسندی کے دل سے معترف ہیں۔ آپ ایک پابند شرع سچّے مسلمان ہیں اور بزرگان دین سے آپ کو خاص عقیدت ہے چنانچہ روضہ خلد آباد کے بعض اولیائے کرام کے مزارات پر حاضری آپ کا ایک مرغوب شغلہ ہے۔ اور اسی عقیدت کی بنا پر کہا جاتا ہے کہ نواب صاحب کو اورنگ آباد سے خاص انس ہے اور یہ آپ کی ہمیشہ خواہش رہی ہے کہ اس خطّہ زمین سے جہاں اتنے بڑے بزرگان دین دفن ہیں آپ جدا نہ ہوں اور آپ کی یہ خواہش بہ وسیلہ فیوض روحانی پوری ہوتی رہتی ہے۔

رفعت یار جنگ بہادر، نواب۔ آپ نواب رفعت یار جنگ بہادر اوّل مرحوم کے صاحبزادے اور نواب نظامت جنگ بہادر کے بڑے بھائی ہیں اور ۱۲۷۸ء میں بمقام بلدہ حیدرآباد پیدا ہوئے۔ ابتدائی مدارج تعلیم حیدرآباد میں طے کر کے آپ اعلےٰ تعلیم کے حصول کے لئے علیگڈھ اور پھر انگلستان تشریف لیگئے اور واپس آکر ۱۳۰۳ف میں زائد مددگاری صوبہ گلبرگہ شریف پر تعینات ہو کر سرکار عالی کی سلک ملازمت میں داخل ہوئے۔ اس عہدہ سے آپ ترقی کر کے بہت جلد دوم تعلقدار ہوگئے اور پھر ۱۳۰۷ف

میں آپ مددگار ناظم سررشتہ کروڑگیری کے عہدہ پر ترقی یاب ہوئے۔ جسکے بعد صیغہ زراعت و تجارت میں کچھ دنوں کام کرنے کے بعد آپ جمی کنٹہ اور پھر سدی پیٹ میں دوم تعلقہ دار مقرر کیۓ گئے اور درجہ بدرجہ ترقی کرتے کرتے منصرم اوّل تعلقہ دار اور مددگار صوبہ دار کے عہدہ تک پہونچے۔ ۱۳۱۴؁ ف میں آپ ضلع بیدر کے مستقل اوّل تعلقہ دار کے منصب پر تعینات ہوئے اور اسی حیثیت سے اضلاع نلگنڈہ، ورنگل اور نظام آباد میں نہایت قابلیت و مستعدی سے کام کیا۔ اسی زمانہ میں تین ماہ کے لئے آپ صوبہ ورنگل کے منصرم صوبہ دار بھی رہے اور ۱۳۲۸؁ ف میں آپ کو صوبہ داری اورنگ آباد کے منصب جلیلہ پر ترقی حاصل ہوئی۔ ۱۳۳۳؁ ف میں مدّت ملازمت ختم ہونے پر آپ وظیفہ حسن خدمت حاصل کر کے سبکدوش ہوئے۔

رئیس جنگ بہادر، نواب۔ آپ مشیر الدولہ صفدر جنگ نواب فخر الملک بہادر کے صاحبزادے ہیں جو امرائے حیدرآباد کے صف اوّلین میں شمار ہوتے ہیں اور کئی پشت سے مملکت آصفیہ میں مناصب جلیلہ پر فائز ہو کر حکومت کے دست بازو رہے ہیں۔ اس خاندان کا سلسلہ سر سالار جنگ اعظم سے بھی ملتا ہے اور نجابت و وجاہت اس خاندان کے افراد سے ہمیشہ وابستہ رہی ہے۔ نواب رئیس جنگ بہادر میر دیانت علیخان ۱۸۸۸؁ء و ۱۲۹۸؁ ف میں پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم و تربیت امرائے حیدرآباد کے دستور کے بموجب بہترین طریقہ پر حاصل کی اعلےٰ تعلیم پارک ہال لنڈہرسٹ میں پائی۔ ۱۹۰۶؁ء سے ۱۹۱۲؁ء تک آپ نے دہرہ دون کے فوجی کالج میں باضابطہ فوجی تربیت حاصل کی اور ۱۹۱۴؁ء (۱۳۲۲؁ ف) میں آپ سرکار عالی کی باضابطہ

فوج میں بطور زائد کپتان کے داخل ہوئے، اور ۱۹۱۸ء دسمبر ۱۳۲۵ف تک فوجی ملازمت میں رہے۔ اس سال کے ماہ ستمبر میں آپکو ناظم علاج حیوانات کا منصب جلیلہ تفویض ہوا جسپر آپ اسوقت تک فائز ہیں اور اپنے فرائض کو اپنی خاندانی روایات کے مطابق نہایت ہی مستعدی اور وفاداری کے ساتھ انجام دے رہے ہیں۔ حیدرآباد میں نواب فخرالملک بہادر کا خاندان زمانۂ حال کے آداب و تہذیب کا اعلیٰ نمونہ شمار کیا جاتا ہے بلکہ یہ کہنا چاہئے اس دور کی تہذیب کی رہنمائی امرائے حیدرآباد میں نواب صاحب موصوف ہی نے کی۔ ایسے ماحول میں تربیت پاکر نواب رئیس جنگ بہادر سے بھی یہی توقع کیجا سکتی تھی کہ آپ روشن خیالی اور معاشرتی ترقی کا پیش خیمہ ہونگے۔ چنانچہ آپ میں یہ تمام صفات بدرجہ اتم موجود ہیں۔ اور اسی کے ساتھ امرائے حیدرآباد کا عام حسن خلق ان خوبیوں میں اور چار چاند لگاتا ہے ؛

سالارجنگ بہادر، نواب میر یوسف علیخاں۔ آپ حیدرآباد کے ایک سرکردہ خاندان امراء کے رکن ہیں جسمیں نواب شمس الامراء نواب میر عالم نواب سراج الملک، نواب منیرالملک اور سر سالارجنگ اعظم جیسے یگانہ روزگار مدبرین پیدا ہوئے۔ نواب سالارجنگ میر یوسف علیخان بہادر نواب عماد الملک میر لائق علیخان بہادر سالارجنگ ثانی کے اکلوتے فرزند اور سر سالارجنگ اعظم کے تنہا وارث و جانشین ہیں۔ شوال ۱۳۰۷ھ میں بمقام پونہ آپکی ولادت ہوئی جسکے ایک ہی ماہ بعد باپ کا سایہ سر سے اُٹھ گیا، اور اسکے چند ماہ بعد آپ کے عم مکرم نواب منیرالملک بہادر کا انتقال ہوگیا۔ لیکن حیدرآباد کے دردمند اور قدرشناس فرمانروا نے اس دریتیم کو ہاتھوں ہاتھ لیا اور اعلیٰ حضرت غفران مکان نے وسیع املاک و جاگیر کا معقول انتظام کرکے اس ہونہار بچہ

کی تربیت و تعلیم کا حسب مراتب اہتمام کیا۔ چنانچہ سن شعور کو پہونچنے پر ابتدائی تعلیم کیلئے اعلیٰ سے اعلیٰ انتظامات کئے گئے اور گھر کی مکتبی تعلیم سے فراغت پاکر آپ مدرسۂ عالیہ میں داخل ہو گئے جہاں سولہ سال تک طالبعلمانہ زندگی کے بسر کئے اور اپنے اساتذہ سے خراج تحسین وصول کیا۔ ۱۳۲۵ھ میں اعلےٰ حضرت غفران مکان کی پیشگاہ سے آپ کو خاندانی خطاب سالار جنگ عطا کیا گیا، اور تعلیم سے فراغت پانے کے بعد حسب ارشاد حضرت غفران مکان آپ کی جاگیر کے کاغذات آپ کے سامنے پیش ہونے لگے۔ اس کے بعد جب حضور پرُ نور کا عہد حکومت شروع ہوا تو ۱۳۳۰ھ میں آپکی جاگیر سرکاری نگرانی سے واگذار کیگئی اور آپ کو کامل اختیارات تفویض کر دئے گئے۔ نوجوان رئیس نے انتظام امور کی قابلیت کا ورثہ اپنے نامور اجداد سے پایا تھا اور چند ہی سال کے انتظام میں اپنی جاگیر کی ہر طرح ترقی کی اور اسکے باشندوں کی فلاح و بہبود کے مناسب انتظامات کر دیئے۔ اسی سال بارگاہ خسروی سے آپکو وزارت عظمیٰ کا منصب معہ خلعت و جواہر کے تفویض کیا گیا۔ اور ڈھائی سال تک آپنے اس اہم منصب کے فرائض کو نہایت ہی قابلیت اور حسن تدبر سے انجام دیا۔ اور مختلف محکمہ جات میں اصلاحیں کیں اور جدید محکمہ جات قائم کئے۔ خاص کر اہل ملک کی تعلیم اور صنعت و حرفت کی ترقی اور وسائل آب پاشی کی توسیع پر آپ کی مدبرانہ نظر رہی اور ان شعبوں میں آپ کے دور میں غیر معمولی ترقی ہوئی۔ ۱۳۳۳ھ میں آپ استعفیٰ دیکر اس منصب سے سبکدوش ہو گئے اور اسوقت سے ہمہ تن اپنی ذاتی جاگیر کے انتظام میں مشغول ہیں جسکی آمدنی سترہ لاکھ سالانہ بتائی جاتی ہے حیدرآباد کی سوسائٹی میں آپ کو اپنے خاندانی وقار کے موافق کافی رسوخ حاصل ہے اور

یہاں کی تمام جہتی تحریکات میں آپکی دلچسپی اور مالی امداد شریک ہے۔ خاصکر تعلیمی اور حرفتی تحریکات سے آپ کو دلی ہمدردی ہے۔

سردار نواز جنگ بہادر، نواب۔ آپ نواب دلیر الملک بہادر کے صاحبزادے ہیں اور سادات حسنی کے ایک ممتاز خاندان کے رکن ہیں جو شاہان عادل شاہی کے عہد میں مدینہ منورہ سے وارد بیجاپور ہوا اور اسکے افراد اُس دور کے مناصب جلیلہ پر فائز رہے۔ نواب دلیر الملک بہادر سرکار آصفیہ کی ملازمت میں اہم مناصب پر سرفراز رہے اور دوران سفر لندن میں انتقال فرمایا۔ نواب سردار نواز جنگ بہادر سید سردار علیخان ۱۲۸۸ف میں بمقام حیدرآباد پیدا ہوئے اور اپنے شفیق باپ کی نگرانی میں تربیت حاصل کی۔ تعلیم سے فراغت پاکر آپ نے تجارت کی طرف توجہ کی اور اسمیں خاص شہرت حاصل کی اور قومی تحریکات میں دام و درم سے امداد کرتے رہے۔ حتیٰ کہ نواب محسن الملک بہادر کی سرکردگی میں ۱۹۰۶ء میں مسلمانان ہند کا جو وفد شملہ گیا تھا اُسکے اخراجات کی کفالت زیادہ تر آپ ہی کی فیاضانہ امداد سے ہوئی۔ سرکار عالی کی ملازمت میں آپ بحیثیت دوم تعلقہ دار مانوی داخل ہوئے، اور ترقی کرتے کرتے درجہ بدرجہ اوّل تعلقہ داری اور صوبہ داری تک پہونچے اور پھر نظامت ٹپہ کے منصب جلیلہ پر آپ فائز ہوئے۔ اس سررشتہ میں آپ کا دور بہت سی اصلاحات اور ترقیوں کا پیش خیمہ رہا اور اس کارگذاری کے صلہ میں سرکار عالی سے آپ کو نواب سردار نواز جنگ بہادر کا خطاب حاصل ہوا۔ نواب صاحب موصوف اپنے زمانہ نظامت بھر اس بات کی کوشش کرتے رہے کہ سرکار عالی کا سررشتہ ٹپہ انگریزی سررشتہ ڈاکخانہ کے ہمرتبہ ہو جائے۔ ۱۳۲۸ف میں آپ وظیفہ حسن خدمت پر سبکدوش ہوئے۔ آپ کا

شمار ملک کے ممتاز ادبا اور اہل قلم میں کیا جاتا ہے اور آپکی متعدد اہم تاریخی کتابیں ہندوستان کے دور حاضرہ کی تاریخ کے متعلق کافی شہرت و مقبولیت حاصل کر چکی ہیں +

شبیر حسین خاں جوش ملیح آبادی۔ آپ ملیح آباد ضلع لکھنؤ کے ایک قدیم خاندان فضل و ادب کے ایک قابل فخر رکن ہیں۔ آپ کے پردادا حسام الملک نواب فقیر محمد خاں منور جنگ بہادر المتخلص بہ گویا سلطنت اودھ کے ایک مستحکم بازو تھے اور بہت سے معرکوں میں جوہر قیادت و سپہگری کا اظہار کر چکے تھے۔ آپ مملکت افغانستان سے آکر شاہان اودھ کے عہد میں ممتاز فوجی منصب پر مامور ہوئے لیکن باوجود غیر ملکی فطرت اور فوجی خدمت کے آپ نے اُردو شاعری کے میدان میں قدم رکھا تو اُسمیں بھی مستند اساتذہ عصر میں شمار ہونے لگے۔ فن باغبانی کی طرف توجہ کی تو سفیدہ آم ایجاد کر دیا جسکے نام سے ملیح آباد کو شہرت دوام حاصل ہوگئی۔ شبیر حسین خاں کے والد بشیر احمد خاں بشیر بھی بڑے پایہ کے شاعر گذرے ہیں اور آپ کے دادا نواب محمد احمد خاں بھی صاحب تصنیف و تالیف تھے۔ اسطرح شبیر حسن خاں کو علم و فن اور شاعری سے لگاؤ گویا ترکہ میں ملا لیکن آپ نے اس ترکہ کا استعمال اس طرح نہیں کیا جیسے اودھ کے عام رؤسا کرتے ہیں، بلکہ اسمیں اپنی غیر معمولی ذہانت و قابلیت سے اس حد تک ترقی کی کہ آج "شاعر انقلاب" کی حیثیت سے جوش کا نام ہندوستان کے طول و عرض میں گونج رہا ہے۔ حضرت جوش اپنے وطن ملیح آباد ہی میں پیدا ہوئے اور اپنے شفیق باپ کے سایہ عاطفت میں ناز و نعم سے پرورش پائی اور ہوش سنبھالنے پر سیتاپور، لکھنؤ اور علیگڈھ میں اکتساب علم کیا۔ لیکن چونکہ آپ کی فطرت ابتدا ہی سے ایک بلند پایہ شاعر کی تخلیق ہوئی تھی اس لئے مکتبی تعلیم

اور کالج کی ڈگریوں کو کبھی مقصد زندگی نہ بنا سکے۔ اور اپنا علمی ذوق مطالعہ کتب اور مشاہدہ فطرت سے پورا کرتے رہے، جسکا نتیجہ آج آپ کے ہر شعر سے ہویدا ہے۔ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں آپ ۱۳۳۴ف سے منسلک ہوئے اور اپنے مزاج اور طبیعت کے مطابق دار الترجمہ کی ادبی خدمت پر مامور ہوئے۔ اسوقت آپ اسی شعبہ میں ناظر ادبی کی خدمات انجام دے رہے ہیں، یعنی دارالترجمہ کی طرف سے شایع ہونے والی کتابوں پر ادبی حیثیت سے نظر ثانی و اصلاح آپ کا کام ہے۔

صمد نواز جنگ بہادر، نواب جٹس۔ نواب صاحب امرائے حیدر آباد کے اُن افراد میں ہیں جو علم و عدالت کے دونوں میدانوں کے مرد مانے جاتے ہیں اور سرکار عالی کی ملازمت میں انتظام امور تعلیمی اور عدالت کے نظم دونوں شعبوں میں اپنی قابلیت کا اظہار کر چکے ہیں۔ ولادت آپکی ۱۲۸۴ف میں بمقام بلدہ حیدر آباد ہوئی اور وہیں آپ مدارج تعلیمی کو طے کر کے ۱۳۰۷ف میں سرکار عالی کی ملازمت میں داخل ہو گئے۔ اسکے ایک سال بعد آپ رخصت لیکر بغرض حصول تعلیم انگلستان تشریف لیگئے اور وہاں سے اعلیٰ علمی سند کے ساتھ بیرسٹری کا تمغہ بھی لے کر آئے۔ واپسی پر آپ کچھ دنوں نان گزینڈ خدمات پر مامور رہکر علاقہ فخر الملک بہادر میں منتقل کئے گئے جہاں ڈیڑھ سال سے اوپر آپ نے نہایت ہی قابلیت اور حسن انتظام کی صلاحیت کا اظہار کیا۔ ۱۳۱۹ف میں آپ کی خدمات پھر سرکار عالی کے علاقہ میں منتقل ہوئیں اور بطور صدر مہتمم تعلیمات آپ کا تقرر ہوا جس پر ۱۳۱۹ء تک آپ مختلف اضلاع میں کام کرتے رہے۔ موخر الذکر سال میں آپ کی خدمات سررشتہ عدالت میں منتقل کی گیئں اور چند دن معتمدی عدالت و امور عامہ میں بحیثیت مددگار

کام کرنے کے بعد آپ کو عدالت دیوانی بلدہ میں نظامت دوم کا منصب تفویض کیا گیا۔ پھر کچھ دنوں عدالت دیوانی گلبرگہ شریف میں بحیثیت ناظم اول کام کرنے کے بعد آپ ۱۳۲۸ف میں عدالت فوجداری بلدہ کے ناظم مقرر کئے گئے اور ۱۳۳۴ف میں آپ کو ناظم صدر عدالت صوبہ اورنگ آباد کے منصب پر ترقی ملی جس پر چار سال نہایت قابلیت سے خدمات انجام دینے کے بعد ۱۳۳۸ف میں آپ رکن عدالت العالیہ کے منصب جلیلہ پر فائز ہو گئے جس پر اسوقت تک آپ کارفرما ہیں اور اپنی قابلیت اور انصاف پسندی سے ہر طبقہ میں عزت رکھتے ہیں۔

صمد یار جنگ بہادر، نواب۔ نواب صمد یار جنگ بہادر عبدالصمد خاں شمالی ہند کے ایک معزز خاندان میں ۲۲ر دسمبر ۱۸۸۳ء کو پیدا ہوئے اور علیگڈھ کالج میں تعلیم حاصل کرکے پنجاب یونیورسٹی سے بی اے کا امتحان پاس کیا، جس کے بعد آپ کا انتخاب مولوی ظفر عمر صاحب کے ساتھ سرکار عالیہ بھوپال کی ملازمت کے لئے کیا گیا۔ اور وہاں آپ ایک مدت تک نہایت ہی وفاداری اور حسن تدبر کے ساتھ مختلف عہدوں پر اپنے فرائض انجام دینے لگے۔ سرکار عالیہ بیگم صاحبہ کو آپ کی وفاشعاری اور مستعدی پر اس حد تک اعتماد ہو گیا کہ سفر و حضر میں آپ ہمرکاب رہنے لگے اور اسی سلسلہ میں سرکار عالیہ کے ہمراہ آپ کو دو ایک بار حیدرآباد آنے کا بھی موقع ملا حتیٰ کہ ۱۳۳۱ف سے آپ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں بطور معتمد صیغہ حرفت و تجارت میں داخل ہو گئے اور ایک مدت تک نہایت مستعدی اور جفاکشی سے اس محکمہ کے اہم مسائل کا انصرام فرماتے رہے۔ ۱۳۳۶ف سے آپ معتمدی فوج کے منصب پر فائز ہیں اور اپنی فرض شناسی

اور انصرام کار میں یکسوئی وانہماک کی وجہ سے مالک و مملوک دونوں کا اعتماد حاصل کر چکے ہیں۔ انھیں حسن خدمات کے صلہ میں آپ کو بارگاہ خسروی سے نواب صمد یار جنگ بہادر کا خطاب عطا کیا گیا ہے۔

ضیاء یار جنگ بہادر، نواب۔ آپ اورنگ آباد کے ایک مشہور خاندان طریقت سے ہیں اور آپ کے جد اعلیٰ حضرت سید قمر الدین رح کے علمی و روحانی فیوض کی قرب و جوار میں آج بھی شہرت باقی ہے۔ صوبہ اورنگ آباد و برار میں آپ کے خاندان کے صدہا شاگرد و مرید موجود ہیں۔ آپ کے والد مولوی سید نور الاتقیاء صاحب بھی بڑے پایہ کے بزرگ اور اہل علم تھے۔ نواب ضیاء یار جنگ بہادر مولوی سید نور الضیاء الدین صاحب ۱۲۸۴ھ ف میں اپنے وطن اورنگ آباد میں پیدا ہوئے اور اورنگ آباد و حیدرآباد کے بلند پایہ علماء سے اکتساب علم کیا اور علوم عقلی و نقلی میں یہاں تک دستگاہ حاصل کی کہ آج مملکت حیدرآباد میں آپ کا علم و فضل مستند ہے تحصیل علم سے فراغت کے بعد آپ سرکاری ملازمت کی طرف مائل ہوئے تو بلحاظ آپ کے خاندانی وقار اور علم و فضل کے آپ کو مددگار ناظم امور مذہبی کی خدمت تفویض ہوئی۔ اور ۱۳۱۱ھ ف سے دو سال تک آپ اس منصب پر فائز رہے جس کے بعد آپ کو مجلس عدالت عالیہ میں مفتی شریعت کے منصب پر ترقی ملی اور ۱۳۲۷ھ ف میں آپ رکن عدالت العالیہ ہو گئے جس پر کئی سال تک گرانقدر خدمات انجام دینے کے بعد وظیفہ حسن خدمت پر سبکدوش ہوئے۔ آجکل آپ اپنے وطن اورنگ آباد میں اقامت گزیں ہیں اور سرکاری ذمہ داریوں سے الگ ہو کر اپنے خاندانی علمی مشاغل میں مصروف ہیں۔ نواب صاحب

نہایت ہی منکسر مزاج، خوش خلق اور مہمان نواز واقع ہوئے ہیں اور اس ذاتی اور خاندانی وجاہت کے باوجود ادنیٰ و اعلےٰ سے بخندہ پیشانی پیش آتے ہیں۔ دیگر علمی مشاغل کے ساتھ آپ کو فن شعر سے بھی ذوق ہے اور خاص کر آپ کا فارسی کلام ملک میں نہایت ہی قدر کی نگاہوں سے دیکھا جاتا ہے اور بعض فارسی قصائد آپکے غیر معمولی شہرت و مقبولیت حاصل کر چکے ہیں +

عابد نواز جنگ بہادر، نواب۔ آپ نواب عماد الملک مرحوم کے سب سے بڑے صاحبزادے ہیں اور ۱۲۷۶ھ ف میں پیدا ہو کر حیدرآباد اور علیگڈھ میں تعلیم حاصل کی اور پھر تکمیل علم اور بیرسٹری کی سند لینے ولایت تشریف لیگئے اور کامیاب واپس آئے۔ تعلیم سے فراغت پا کر آپ نے ملازمت سرکار عالی کی طرف توجہ کی اور چار سال تک بحیثیت کار آموز کام کرنے کے بعد ۱۳۰۶ھ ف میں معتمد و کمشنر صفائی چادر گھاٹ کے عہدہ پر آپ کا منصرمانہ تقرر ہوا لیکن اس عہدہ پر چند ہی ماہ کام کرنے کے بعد آپ کو مددگار صوبہ دار اورنگ آباد کی جگہ مل گئی اور آٹھ سال تک آپ اسی عہدہ پر کام کرتے رہے۔ ۱۳۱۶ھ ف میں آپ کو اوّل تعلقہ داری ضلع ورنگل پر ترقی ملی۔ اور مختلف اضلاع میں آپ اسی حیثیت سے خدمات انجام دیتے رہے حتیٰ کہ ۱۳۲۷ھ میں آپ کو صوبہ داری کے منصب جلیلہ پر فائز کیا گیا۔ اور اس حیثیت سے آپ صوبہ گلبرگہ و میدک میں وفاداری اور حسن تدبیر کے ساتھ انصرام امور کرتے رہے۔ سلسلہ ملازمت کی ترقی کا آخری زینہ کمشنر صفائی بلدہ کا اہم عہدہ تھا جس پر ایک مدّت تک قابلیت اور حسن انتظام کے ساتھ کام کر کے آپ وظیفہ حسن خدمت پر سبکدوش ہوئے۔ لیکن سبکدوشی

کے ایام آپ نے بیکار نہیں گذارے بلکہ وکالت کا کام شروع کر دیا اور بہت جلد بلدہ حیدرآباد کے ممتاز وکلار میں آپ کا شمار ہونے لگا۔ چنانچہ اسوقت تک آپ کا یہی مشغلہ ہے۔

عبدالباری ندوی، مولوی۔ آپ کا آبائی وطن امیٹھی ضلع لکھنؤ ہے لیکن آپ کے والد ماجد حکیم عبدالخالق صاحب نے بسلسلہ طبابت گدیہ ضلع بارہ بنکی میں اقامت اختیار کی۔ مولوی عبدالباری کی ولادت اپنے نانہال کرسی ضلع بارہ بنکی میں ۱۸۹۰ء میں ہوئی۔ ابتدائی تعلیم آپ نے سترکھ ضلع مذکور میں حاصل کی اور دارالعلوم ندوۃ العلما لکھنؤ میں علوم عربی کی تکمیل کی۔ علامہ شبلی نعمانی مرحوم کو آپکی ذہانت کی وجہ سے آپسے خاص اُنس پیدا ہوگیا، اور اُنکی صحبت میں آپ اپنا کافی وقت صرف کرتے رہے، جس سے ذوق علم اور خدمت ادب کا خاص ولولہ آپ کے دل میں پیدا ہوگیا۔ خاص میلان آپ کا معقولات و فلسفہ کی جانب تھا چنانچہ اسی دُھن میں آپ نے ندوہ کی تعلیم سے فراغت پاکر انگریزی شروع کی اور ذاتی محنت اور احباب کی امداد سے اسمیں کافی دستگاہ حاصل کرلی۔ ۱۹۱۵ء میں مولانا سلیمان ندوی کے مستعفی ہونے پر آپ اُنکی جگہ دکن کالج، پونہ میں عربی و فارسی کا درس دینے کے لئے بطور مددگار پروفیسر مقرر ہوئے۔ اس خدمت پر آپ چار سال تک رہے اور اس اثنار میں علم و ادب کی خدمت کے آپ کو خاص مواقع ہوئے چنانچہ مبادی علم انسانی، برکلے اور اس کا فلسفہ اور مذہب و عقلیات کی دیگر معرکہ آرار تصانیف اس زمانہ کی یادگار ہیں۔ چار سال بعد آپ کا تبادلہ گجرات کالج احمدآباد میں ہوا لیکن چار ہی ماہ بعد خرابی صحت کی وجہ سے آپکو سلسلہ ملازمت منقطع کرنا پڑا اور کچھ دن آرام لینے کے خیال سے وطن واپس آئے۔ پھر اراکین دارالمصنفین کے اصرار پر آپ کو اعظم گڈھ جاکر

وہاں سیرۃ نبوی کی ادارت میں امداد دینی پڑی، چنانچہ کتاب مذکور کی جلد سوم کا وہ حصّہ
جو معجزات، و علوم جدیدہ سے متعلق ہے آپ ہی نے مرتب کیا۔ ۱۹۲۲ء میں آپ کو
دارالترجمہ میں مترجم فلسفہ کی جائداد پر طلب کیا گیا لیکن اس سے آپ نے معذرت
چاہی تو جامعہ عثمانیہ میں معلمی فلسفہ کی جگہ آپ کے لئے تجویز ہوئی جسے آپ نے قبول
کرلیا اور ستمبر ۱۹۲۲ء سے مددگار پروفیسری فلسفہ کی جگہ پر آپ کام کر رہے ہیں۔
آپ ندوۃ العلماء لکھنؤ اور دارالمصنفین اعظم گڈھ کے رکن اور جامعہ عثمانیہ کے فیلو ہیں۔

عبدالباسط خاں، محمد۔ آپ کا تعلق دہلی کے ایک مشہور خاندان سے ہے جس کے
ایک رکن شاہان مغلیہ کے دربار میں ایک مدت تک طبیب شاہی رہے ہیں۔ آپ کے
والد مولوی عبدالباقر خاں صاحب بلدہ حیدرآباد کے سربرآوردہ وکلاء میں تھے اور بلدہ
ہی میں مولوی عبدالباسط خاں ۱۲۹۷ف میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گھر پر حاصل
کی اور مدرسہ عالیہ اور نظام کالج میں ایف اے تک انگریزی کی تعلیم پائی جس کے
بعد بطور کار آموز سرکار عالی کی سلک ملازمت میں داخل ہوئے اور صیغہ مال کا سارا
کام ابتدا سے انتہا تک آپ نے نہایت مستعدی اور ہوشیاری کے ساتھ تھوڑے دنوں
میں سیکھ لیا۔ بندوبست کے کام میں آپ نے خاص مہارت حاصل کی۔ باضابطہ ملازمت
میں آپ سوم تعلقہ دار ضلع رائچور کی حیثیت سے داخل ہوئے اور مختلف اضلاع میں
اس حیثیت سے نہایت ہی قابلیت کے ساتھ کام کرتے رہے اور افسران بالادست
سے خراج تحسین وصول کیا۔ ۱۳۲۶ف میں آپ پائیگاہ وقارالامراء کے میر مجلس مقرر
ہوئے اور اس سلسلہ میں جو اعلیٰ خدمات انجام دیں اُنکا صلہ سو روپیہ مادام الحیات
گذارہ کی شکل میں عطا ہوا۔ ۱۳۳۱ف میں آپ کو نظامت سررشتہ انجمنہائے اتحادی

کے منصب پر ترقی ملی، اور ایک مدت تک آپ نے اس کے فرائض نہایت ہی خوش اسلوبی سے انجام دئے۔ ۱۳۳۶ف میں آپ بحیثیت اوّل تعلقہ دار ضلع ورنگل کے مقرر کئے گئے اور آپ کی قابلیت اور حسن تدبیر سے حکام اعلےٰ اس حد تک متاثر ہیں کہ منصب صوبہ داری خالی ہونے پر آپ ہی کے اسپر ترقی پانے کی توقع کیجاتی ہے۔

عبدالحق، مولوی۔ حیدرآباد کی علمی ترقیوں اور زبان اُردو کی بیش بہا خدمات کے سلسلہ میں مولوی عبدالحق صاحب کا نام عنوان مضمون کی حیثیت رکھتا ہے اور انجمن ترقی اُردو نے جو کچھ کارہائے نمایاں آجتک انجام دئے ہیں اُن کا سہرا تمام تر مولوی صاحب ہی کے سر ہے۔ اس کے علاوہ جامعہ عثمانیہ کے قیام میں بھی مولوی صاحب ہی کی تحریک وکوشش شریک ہے۔ مولوی صاحب ۱۲۸۱ف میں اپنے وطن قصبہ ہاپوڑ ضلع میرٹھ میں پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم کے بعد سر سید علیہ الرحمۃ کے زمانہ حیات میں علیگڈھ کالج میں داخل ہوئے اور وہیں سے بی اے پاس کیا۔ کالج میں آپکے ہم درس ڈاکٹر ضیاءالدین احمد صاحب اور مولوی ظفر علیخان اور مولوی محفوظ علی جیسی ہستیاں تھیں اور مولوی صاحب الخیلیں حضرات کے ساتھ ایک ہی سال بی اے پاس ہوئے۔ یہ وہ افراد تھے جنھوں نے دنیائے علم وادب میں غیر معمولی نام ونمود حاصل کیا اور یہ امر واقعہ کہ زمانہ طالبعلمی میں مولوی عبدالحق اپنے ان تمام ساتھیوں پر فوقیت رکھتے تھے، مولوی صاحب کی اعلےٰ شخصیت کو نمایاں کرتا ہے۔ علمی مشاغل سے مولوی صاحب کو شروع ہی سے خاص دلچسپی تھی اور تعلیم سے فراغت پاکر آپ نے اپنی زندگی کیلئے ایسا ہی میدان اختیار کیا جسمیں آپ کا یہ طبعی رجحان کارفرما ہو سکے۔ چنانچہ آپ نے حیدرآباد آکر مدرسہ آصفیہ کی ہیڈ ماسٹری قبول کرلی اور اس درسگاہ

کو اپنی قابلیت اور حسن انتظام سے غیر معمولی ترقی دی۔ اسی مدرسہ کی طرف سے ایک رسالہ "افسر" کے نام سے جاری کیا گیا تو مولوی صاحب نے اسکی ادارت کے فرائض بھی نہایت ہی قابلیت سے انجام دیئے اور اسی سلسلہ میں ہندوستان کے ادبی طبقہ میں اپنا تعارف کرایا۔ ہیڈ ماسٹری کے عہدہ سے آپکا تبادلہ معتمدی امور عامہ میں بطور مترجم کے ہوا اور یہاں بھی مولوی صاحب نے اپنے علمی اور ادبی مشاغل ترک نہیں کئے بلکہ اکثر زبردست علمی مضامین اور بسوط کتابیں اسی دور کی یادگار ہیں۔ ۱۹۱۲ء میں آپ کا تبادلہ پھر محکمہ تعلیمات میں ہوا لیکن ابکی مرتبہ انجمن ترقی اُردو کے قیام واستحکام اور جامعہ عثمانیہ کی تاسیس کی کوششوں نے آپکو اسقدر منہمک رکھا کہ تصنیف یا تالیف کا کوئی کارنامہ آپ پبلک کے سامنے پیش نہ کرسکے۔ ۱۳۳۳ف میں جب جامعہ عثمانیہ کے ماتحت اورنگ آباد میں انٹرمیڈیٹ کالج قائم ہوا تو مولوی صاحب اُس کے پہلے پرنسپل مقرر کئے گئے اور اس طرح اورنگ آباد میں قیام کا جو موقعہ حاصل ہوا اُسے آپ نے انجمن ترقی اُردو کی ترقی واستحکام کی کوششوں میں صرف کیا۔ ۱۳۳۸ف میں آپ جامعہ عثمانیہ کے پروفیسر اُردو مقرر کئے گئے اور اسی حیثیت سے آپ اسوقت کام کررہے ہیں۔ ابھی تھوڑے دن ہوئے آپ حیدرآباد کی طرف سے ایک اہم تعلیمی مجلس میں نمائندگی کرنے یورپ تشریف لے گئے تھے اور وہاں سے واپس آکر آپ نے اُردو کی انسائیکلوپیڈیا کی تیاری کا کام شروع کیا ہے جس کے لئے اعلیٰ حضرت سرکار عالی نے ایک گرانقدر رقم سالانہ سے امداد فرمائی ہے۔

عبدالرحمٰن خاں، محمد۔ آپ بلدہ حیدرآباد کے ایک ممتاز اہل علم اور ماہر فن تعلیم سمجھے جاتے ہیں اور بحیثیت پرنسپل عثمانیہ یونیورسٹی کالج مملکت ہذا کی نئی پود کی اعلےٰ

تعلیم کی ذمہ داریاں بڑی حد تک آپ ہی کے دوش پر ہیں۔ پیدائش آپ کی ۱۲۹۰ف میں بمقام حیدرآباد ہوئی اور اپنے ملک میں اعلےٰ تعلیمی مدارج طے کرنے کے بعد آپ ولایت تشریف لیگئے اور لنڈن یونیورسٹی سے بی اے اور بی ایس کی ڈگریاں لیکر لوٹے۔ ۱۳۱۲ف میں آپ سرکارِ عالی کے سررشتہ تعلیم میں ملازم ہوئے اور اسکے ایک سال بعد آپ کو نظام کالج بلدہ حیدرآباد میں مددگار پروفیسری سائنس کا عہدہ تفویض ہوا جس سے ترقی کرتے کرتے ۱۳۲۳ف میں آپ پروفیسر کیمسٹری کے منصب پر پہونچے اور پھر کچھ دنوں مددگار پروفیسر سائنس کی خدمات انجام دیکر آپ کلیہ عثمانیہ میں بحیثیت مددگار طبعیات ترقی یاب ہوئے اور ۱۳۳۳ف میں اسی شعبہ کی پروفیسری کا منصب آپ کو تفویض ہوا۔ اس کے ایک سال بعد آپ ڈاکٹر عبدالستار صاحب صدیقی کے مستعفی ہونے پر عثمانیہ یونیورسٹی کالج کی پرنسپلی پر مامور ہوئے، اور اُس وقت سے اس اہم منصب کے فرائض نہایت مستعدی اور قابلیت سے انجام دے رہے ہیں اور اپنی اعلیٰ قابلیت اور انتظامی صلاحیت سے اس جامعہ کے کام کو بہت کچھ ترقی دیدی ہے۔ آپ عموماً خاموش علمی زندگی بسر کرتے ہیں لیکن طلبہ کی فلاح و بہبود کی تحریکوں اور نئی پود کی معاشرتی اور قومی اصلاح کی تدبیروں میں آپ کا نمایاں حصہ رہتا ہے۔

عبدالرزاق راشد، سید محمد۔ آپ سرکارِ عالی کے محکمہ مال میں مددگار صدر محاسب (اسسٹنٹ اکاونٹنٹ جنرل) کے منصب پر فائز ہیں لیکن آپ کی شہرت و نمود کا سبب محض ملازمت سرکاری نہیں ہے بلکہ وہ ٹھوس علمی اور ادبی خدمات اور اعلیٰ ذوق سخن ہے جس نے آپ کو حیدرآباد کی سوسائٹی میں نمایاں

جگہ دیدی ہے۔ آپ ۱۳۰۶ھ ف میں اپنے وطن حیدرآباد میں پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم بلدہ ہی میں حاصل کر کے مدرسۃ العلوم علیگڑھ میں داخل ہوئے اور بی ایس سی کا امتحان نمایاں کامیابی کے ساتھ پاس کیا۔ اور ناگپور میں فینانس و حساب کی خاص طور پر ٹریننگ حاصل کی۔ ۱۳۲۹ھ ف میں آپ بطور سول سروس پروبیشنر کے سرکار عالی کی سلک ملازمت میں داخل ہوئے اور اس کے ایک سال بعد آپ مددگار صدر محاسبی کے عہدہ پر مقرر ہو گئے جس پر اسوقت تک آپ نہایت ہی دیانت داری، خوش اصلوبی اور قابلیت سے کام کر رہے ہیں، اور محکمہ کی اکثر اصلاحات میں آپ کا دخل رہا ہے۔ آپ ایک بلند پایہ شاعر اور ادیب ہیں اور متعدد تصانیف آپکی شایع ہو کر مقبول ہو چکی ہیں جنمیں کلیات اقبال کا مقدمہ اور انتخاب غالب خاص کر مشہور ہیں۔ آج کل آپ صحافت اُردو کی تاریخ مرتب کر رہے ہیں جو کئی ضخیم جلدوں میں ختم ہوگی۔ قابلیت و کاردانی کے ساتھ ہی ساتھ آپ حُسن خلق کے زیور سے بھی آراستہ ہیں اور احباب و اقربا میں خاصکر ہر دلعزیز ہیں۔

عبداللہ عمادی، مولانا صاحب اُن وحید عصر افراد میں ہیں جنکی علمی قابلیت و تحقیق کا شہرہ ہندوستان سے نکلکر عرب و ایران و ترکستان تک پہونچا ہوا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ ادب عربی میں آپ کی قابلیت کا کوئی اور عالم اسوقت ہندوستان بھر میں موجود نہیں ہے۔ آپ ایک ایسے خاندان کے رکن ہیں جس نے اس مُلک میں زبردست مشاہیر پیدا کئے ہیں اور جسکی نسبت ایک بزرگ کی یہ پیشگوئی تھی کہ آل عماد کی علمی خدمت ہر زمانہ میں سرفراز رہے گی۔ آپ کے اجداد نویں صدی عیسوی میں مملکت یمن سے آکر جونپور میں مقیم ہوئے تھے اور سلاطین شرق نے انکی شرافت و

فضیلت کی قرار واقعی قدر کی۔ لیکن علمی خدمت اور اشاعت دین کی بے لاگ کوشش کے جذبات نے افراد خاندان کو ملازمت شاہی قبول کرنے کی اجازت نہ دی۔ تاہم دولت شرقی کا ستارہ اقبال جب غروب ہوا تو جدید حکومت نے اس کے ایک فرد طیب بن داؤد کو قاضی القضاۃ مقرر کیا۔ اور پھر سلطنت اودھ کے ماتحت اس خاندان کے اکثر افراد مناصب جلیلہ پر فائز رہے۔ مولانا عبداللہ کے والد محمد الفضل بن حسین تھے جنکی تفسیر و حدیث و کلام میں کئی محققانہ تصانیف یادگار ہیں۔ مولانا ۱۲۹۶ھ میں اپنے وطن جونپور میں پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم وطن ہی میں حاصل کر کے اعلیٰ تعلیم عربی کے مدارج لکھنؤ کے مشاہیر اساتذہ سے طے کئے اور پھر ملک یمن تشریف لیجا کر صنعا، زبید اور حدیدہ میں ایک مدت تک تحصیل علم کے لئے قیام کیا۔ غرضکہ ہندوستان اور عرب میں جہاں کہیں آپ کو علم و فضل کا کوئی سرچشمہ نظر آیا آپ نے اُس سے سیراب ہونے کی کوشش کی اور اس کے ساتھ ہی ساتھ مطالعہ کتب و تحقیق و تدقیق سے غیر معمولی قابلیت و فضیلت کے حامل ہوگئے۔ تعلیم سے فراغت پاکر آپ نے اخبار نویسی کی طرف رُخ کیا اور آپ کا عربی رسالہ "البیان" ہندوستان و عرب و ترکی میں غیر معمولی قدر و استناد کی نگاہوں سے دیکھا جانے لگا۔ اُردو میں آپ نے ایک مدت تک اخبار "وکیل" امرتسر کی ادارت کی اور آپ کے محققانہ مضامین سے تو شاید ہی کوئی سربرآوردہ اخبار یا رسالہ خالی رہا ہو۔ علم حدیث اور ادب پر متعدد عربی اور اُردو کتابیں تصنیف فرمانے کے علاوہ آپ نے حکومت افغانستان کے لئے تاریخ ابن خلدون کا ترجمہ زبان فارسی میں کیا۔ ۱۳۲۷ف سے آپ دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ میں ناظر مذہبی کی خدمات انجام دے رہے ہیں یعنی اس ادارہ کی جانب سے شایع ہونے والی کتابوں پر مذہبی حیثیت سے آپ

نظرثانی واصلاح فرماتے ہیں۔ اسکے علاوہ مجلس شاہی نظارت کتب کے بھی آپ ایک رکن ہیں۔ اُردو اور عربی زبان پر اس غیر معمولی قدرت کے ساتھ آپ فارسی کی بھی خاص مہارت رکھتے ہیں اور آپ کا فارسی کلام منظوم اہل ایران بھی قدر کی نگاہوں سے دیکھتے ہیں۔ اس اعلیٰ علم وفضل کے باوجود مولٰنا نہایت ہی خوش مزاج اور روشن خیال بزرگ ہیں، اور آپ کی ذات دولت آصفیہ کے لئے مایہ صد فخر ہے۔

عبداللطیف، مفتی حاجی۔ مفتی صاحب افضل گڈھ ضلع بجنور کے ایک ممتاز خاندان کے فرد ہیں اور ۱۲۹۷ھ میں اپنے وطن ہی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم آپ نے قصبہ سنبھل ضلع مرادآباد میں حاصل کی جہاں آپ کے والد ماجد حکیم محمد اسحٰق صاحب بسلسلہ مطب قیام پذیر تھے۔ چنانچہ درس نظامیہ کی تقریباً تمام کتابیں اپنے والد صاحب سے بھی پڑھیں اور پھر کچھ دنوں کے لئے تکمیل علم کی خاطر علیگڈھ بھی تشریف لے گئے۔ تعلیم سے فراغت پاکر آپ نے کانپور میں سلسلہ درس وتدریس جاری کیا اور تحریک ندوۃ العلما کے آغاز پر ۱۳۱۳ھ میں آپ اس سے وابستہ ہو گئے۔ ۱۳۱۷ھ میں جب دارالعلوم لکھنؤ میں قائم ہوا تو زمرہ مدرسین میں آپ بھی شامل تھے۔ لیکن چھ سال تک اس خدمت کو انجام دینے کے بعد آپ نے تجارت کی طرف توجہ کی مگر یہ کام آپ کے مزاج کے موافق نہ تھا اس لئے پھر اپنے پرانے مشغلہ کی جانب مائل ہوئے اور مولوی محمد علیصاحب سابق ناظم ندوۃ العلمار کی تحریک پر مونگیر میں قیام فرمایا۔ ۱۳۲۴ھ میں آپ حج بیت اللہ کے لئے تشریف لیگئے اور اس سلسلہ میں دمشق، بیروت، قاہرہ وغیرہ کا بھی دورہ کیا اور پھر مدرسہ صولتیہ مکہ معظمہ میں کچھ مدت تک درس دیتے رہے۔ تین سال بعد ۱۳۲۷ھ میں آپ پھر مونگیر واپس آئے لیکن وہاں سال ہی بھر

قیام کے بعد آپ کو جامعہ عثمانیہ کے شعبہ دینیات کی معلمی پر طلب کیا گیا اور اسوقت سے آپ اسسٹنٹ پروفیسر کی حیثیت سے اسی جامعہ کی خدمت کر رہے ہیں۔ تفسیر و فقہ و دینیات پر آپکی متعدد تصنیفات شایع ہو کر مقبول ہو چکی ہیں ؛

عبدالواسع صفا، مولوی۔ آپ جامعہ عثمانیہ میں شعبہ فقہ کے مددگار پروفیسر ہیں اور متعدد ادبی اور دینی کتابوں کے مصنف ہیں۔ فن شعر سے بھی آپ کو ذوق ہے اور حضرت امیر مینائی رح سے شرف تلمذ حاصل ہے۔ وطن آپ کا گویا موضع ہردوئی ہے لیکن ولادت آپکی سنہ ۱۲۹۰ھ میں بمقام بھوپال ہوئی۔ ابتدائی درسی تعلیم گھر پر حاصل کر کے بھوپال و خیرآباد کے مشاہیر علمار سے علوم عربی کی تکمیل کی اور تعلیم سے فراغت پاکر آپ نے دنیاوی زندگی کی ابتدائی منزل بھوپال میں آنریری مجسٹریٹی کی خدمت سے شروع کی لیکن تھوڑی ہی مدت کے بعد آپ مدرسہ سلیمانیہ بھوپال میں دوم مدرس ہو گئے۔ سنہ ۱۳۱۷ف میں آپ حیدرآباد تشریف لائے اور مدرسہ دارالعلوم میں مدرسی کی خدمت پر مامور ہوئے۔ جس سے ترقی کر کے آپ بہت جلد شعبہ دینیات کے شیخ الحدیث ہو گئے۔ جامعہ عثمانیہ میں موجودہ خدمت پر آپ سنہ ۱۳۲۴ف سے کام کر رہے ہیں اور اشاعت علم کے ذوق میں جامعہ کے اوقات کے علاوہ گھر پر بھی سلسلہ تدریس جاری کر رکھا ہے۔ حیدرآباد کی کشش نے آپ کو یہاں مستقل سکونت اختیار کرنے پر مجبور کر دیا ہے اور آپ یہیں مکان بنا کر معہ خاندان کے اقامت پذیر ہو گئے ہیں ؛

عثمان نواز جنگ بہادر، نواب۔ آپ امرائے حیدرآباد کے سرکردہ خاندان کے فرد ہیں اور سنہ ۱۲۹۳ف میں بمقام بلدہ حیدرآباد پیدا ہوئے اور ہندوستان

میں مدارج تعلیم کو طے کر کے ولایت تشریف لے گئے جہاں اڈنبرا یونیورسٹی سے ایم بی سی ایچ بی کی اعلیٰ طبی سند نمایاں کامیابی کے ساتھ حاصل کی، وطن واپس آکر ۱۳۲۱ ف میں آپ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں بحیثیت سول سرجن درجہ چہارم دواخانہ کاروان بلدہ داخل ہوئے اور اسی حیثیت سے دواخانہ بیرون بلدہ اور دواخانہ چادر گھاٹ میں ایک مدت تک کام کرنے کے بعد ۱۳۴۳ ف میں آپ کارونر بلدہ کے اہم اور ذمہ دارانہ منصب پر فائز کئے گئے جس پر آپ اسوقت تک نہایت ہی قابلیت اور امتیاز کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ حسن خلق اور حسن سلوک جو امرائے حیدر آباد کا طغرائے امتیاز ہے نواب عثمان نواز جنگ بہادر میں بھی بدرجہ اتم موجود ہیں اور حیدر آباد کی اعلیٰ سوسائٹی میں آپ نہایت ہی ہر دلعزیز ہیں +

عثمان یار الدولہ بہادر، بریگیڈیر جنرل نواب۔ آپ نواب کرنیل سر افسر الملک بہادر سپہ سالار افواج سرکار عالی کے فرزند اکبر ہیں، اور جو اثر و رسوخ حیدر آباد کی سیاسیات میں سر افسر الملک کو حاصل تھا وہ آجتک لوگوں کو فراموش نہیں ہوا ہے۔ مختصر یہ کہ اعلیٰ حضرت غفران مکان کے دور حکومت میں سر افسر الملک اپنے آقا کے سفر و حضر میں رفیق رہتے تھے اور اسی کے ساتھ حکام انگریزی میں بھی اتنا اعزاز حاصل تھا کہ برطانوی ہند کے اعلیٰ ترین فوجی اور سول اعزازات سے آپ کو سرفراز کر دیا گیا تھا۔ ایسے نامور باپ کے فرزند اکبر ہونے کی حیثیت سے نواب عثمان یار الدولہ بہادر کی پرورش و تربیت جس عنوان سے ہوئی ہوگی وہ بآسانی قیاس کیجا سکتی ہے۔ غرضکہ نواب صاحب موصوف اپنے نامور والد کی حیات ہی میں فن حرب کے تمام شعبوں میں مہارت حاصل کر کے کمانڈر افواج باضابطہ کی خدمات انجام دینے

لگے تھے اور اعلیٰ حضرت خلد اللہ ملکہ نے سر افسر الملک کی وفات پر ان کے رتبہ و عہدہ کو نواب عثمان یار الدولہ پر بحال رکھا، یہی نہیں بلکہ اعتماد اور ذمہ داری کے کاموں میں جو حیثیت سر افسر الملک کو حاصل تھی وہی آج اُن کے فرزند اکبر کو حاصل ہے، چنانچہ علاوہ سرکار عالی کے ملٹری سکریٹری ہونے اور سفر و حضر میں اپنے آقا کی مصاحبت کا اعزاز حاصل ہونے کے شاہزادگان والاشان کے ہمراہ سفر یورپ میں آپ ہی کو ہمراہ کیا گیا تھا اور اس اہم ذمہ داری کو نواب عثمان یار الدولہ نے نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیا۔ اپنے خاندانی اعزاز اور ذاتی قابلیت و اخلاق کی وجہ سے حیدرآباد کی سوسائٹی میں آپ کو نہایت ہی نمایاں حیثیت حاصل ہے اور ہر طبقہ کے لوگوں میں آپ ہر دلعزیز ہیں؛

عزیز الدین علی خاں، سید۔ آپ خان بہادر سید شمس الدین علی خاں کے صاحبزادے ہیں جو سرکار انگریزی کے ماتحت صوبہ برار میں ایک مدت تک ڈپٹی کمشنر رہے ہیں۔ ولادت آپکی ۱۲۹۷ھ ف میں ہوئی اور ابتدائی تعلیم سینٹ زیویرس اسکول بمبئی میں حاصل کرکے نظام کالج حیدرآباد میں اعلےٰ مدارج کی تکمیل کی۔ تعلیم سے فراغت پاکر آپ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں ۱۳۱۷ھ ف میں بطور دوم تعلقہ دار داخل ہوئے اور مختلف اضلاع میں درجہ بدرجہ ترقی کرتے کرتے اوّل تعلقہ دار کے عہدہ تک پہونچے۔ ۱۳۳۱ھ ف میں آپ کو منصرمانہ حیثیت سے صوبہ داری گلبرگہ کے منصب پر ترقی ملی۔ اور اُسوقت سے آپ اس عہدہ پر نہایت قابلیت اور حسن تدبیر کے ساتھ وفادارانہ خدمات انجام دے رہے ہیں، اور اس اعلیٰ منصب پر فائز ہونے کے باوجود اپنے حسن اخلاق اور حسن سلوک سے حاکم و محکوم دونوں کے دل میں جگہ پیدا کرلی ہے؛

عزیز یار جنگ بہادر، نواب۔ آپ حیدرآباد کے قدیم خاندان امراء میں سے ہیں جنکے افراد کئی پشت سے اپنے آقا کی وفادارانہ خدمات انجام دے رہے ہیں اور یہ سلسلہ حضرت آصفجاہ اوّل کے وقت سے جاری ہے جنکی مصاحبت کا شرف آپ کے ایک جد محمد ابراہیم خاں کو حاصل تھا جنکے دو پوتوں نے اپنے آقا کے ساتھ جاں نثاری میں اپنی جان تک نذر کردی تھی۔ آپ کے دادا نواب مشرف جنگ بھی دولت آصفیہ کی ملازمت میں ممتاز مناسب پر سرفراز رہے۔ نواب عزیز یار جنگ محمد عزیز الدین خاں ۱۲۹۲ھ میں بمقام حیدرآباد پیدا ہوئے اور تعلیم سے فراغت حاصل کرنے کے بعد حضرت غفران مکان کے دور حکومت میں اپنے خاندانی اعزاز اور قابلیت کے لحاظ سے علاقہ صرف خاص کی نظامت عطیات کے منصب پر فائز کئے گئے۔ ۱۳۱۶ھ میں آپکو خانی و بہادری اور نواب عزیز یار جنگ بہادر کا خطاب تفویض کیا گیا۔ کچھ دنوں بعد آپ کو نظامت عدالت صرف خاص کے عہدہ پر ترقی ملی اور پھر اوّل تعلقہ داری ضلع اطراف بلدہ اور رکنیت مجلس قانون ساز و مجلس آرائش بلدہ پر سرفراز کئے گئے۔ انتظامی شعبہ کی مصروفیتوں کے باوجود آپکو شعرگوئی کا بھی ذوق ہے اور حضرت داغ دہلوی مرحوم سے شرف تلمذ حاصل ہے۔ دو مطبوعہ دیوان آپ کے جوش فکر کی یادگار ہیں۔

عسکری حسن، سید محمد۔ آپ نواب جبار یار جنگ بہادر سابق میر مجلس عدالت العالیہ کے صاحبزادے ہیں اور حیدرآباد ہائی کورٹ بار کے ممتاز لیڈر اور مجلس مقننہ و مجلس صفائی بلدہ کے رکن ہیں۔ آپ کا خاندان شمالی ہند میں ایک ممتاز حیثیت رکھتا ہے جہاں آپ کے جداعلےٰ سید حمزہ بن حمید بخشی الملک سلطنت عثمانیہ ترکی، سلطان التمش کے زمانہ میں ہندوستان آئے اور مناصب جلیلہ پر فائز ہو کر ضلع فتحپور میں جاگیر حاصل کی۔ آپ کے والد

نواب جبار یار جنگ بہادر فارسی و عربی کے زبردست عالم تھے اور انگریزی میں بھی دستگاہ رکھتے تھے۔ حیدرآباد میں آپ کی وکالت نے اس حد تک فروغ پایا کہ سرکار عالی نے اسکی اطلاع پاکر آپکو سشن جج کے عہدہ پر مامور کردیا جس سے اپنی قابلیت و ذہانت سے بہت جلد ترقی کرکے آپ رکن عدالت العالیہ اور پھر میر مجلس ہوگئے۔ سید عسکری حسن کی ولادت ۱۸۸۶ء میں ہوئی اور ابتدائی مکتبی تعلیم گھر پر حاصل کرنے کے بعد آپ نے نظام کالج اور پھر دارالعلوم علیگڈھ میں تعلیم کے اعلیٰ مدارج طے کئے۔ ۱۹۰۸ء میں آپ عازم انگلستان ہوئے اور وہاں ۱۹۱۳ء میں آکسفورڈ یونیورسٹی سے بی اے کی ڈگری اور ۱۹۱۴ء میں بیرسٹری کی سند حاصل کرکے وطن واپس آئے اور الہ آباد ہائی کورٹ میں پریکٹس کے لئے نام درج کرایا لیکن زیادہ دن نہ گزرے تھے کہ آپ حیدرآباد چلے آئے اور اُسوقت سے یہاں کے وکالت پیشہ طبقہ میں اپنی قابلیت اور حسن خلق سے نمایاں جگہ حاصل کرلی۔ جسمیں رفتہ رفتہ اضافہ ہوتا رہا حتیٰ کہ آج آپ کا شمار مملکت آصفیہ کے کامیاب ترین وکلاء میں ہے ؛

عطا حسین، حافظ سید۔ آپ صوبہ بہار کے ایک ممتاز خاندان کے رکن ہیں اور ۱۸۷۳ء میں بمقام ضلع آرہ پیدا ہوئے جہاں اپنے باپ سید باقر علی صاحب حسنی کی زیر نگرانی ابتدائی تعلیم اور حافظ کلام پاک سے فراغت پاکر انگریزی کی تعلیم شروع کی۔ اور انٹرنس کے امتحان میں صوبہ بہار کے طلبہ میں اوّل آکر وظیفہ سرکاری حاصل کیا۔ بی اے کا امتحان آپ نے پٹنہ سے پاس کیا اور ایم اے کا امتحان کلکتہ میں دیکر یونیورسٹی میں اوّل آئے۔ انگریزی تعلیم سے فراغت پاکر آپ نے عربی و فارسی کی تکمیل کی اور اس سلسلہ میں حیدرآباد میں بھی قیام فرمایا۔ چنانچہ یہیں سے

سرکارعالی سے وظیفہ لے کر آپ رڑکی کالج میں انجینیری کی تعلیم حاصل کرنے گئے اور اسکا امتحان امتیاز کے ساتھ پاس کرکے سرکار انگریزی کی ملازمت میں ایک سال تک علمی تجربہ حاصل کیا اور پھر سرکار عالی کی سلک ملازمت میں بطور اسسٹنٹ انجینیر داخل ہوئے۔ اور اپنی ذہانت اور قابلیت سے بہت جلد ترقی کر کے ۱۳۳۱ف میں نظامت تعمیرات شاخ غربی کے منصب پر پہونچ گئے۔ اور اسی سے وظیفہ حسن تک خدمت حاصل کیا۔ دوران ملازمت سرکار عالی میں آپ نے جو کارہائے نمایاں انجام دئے انمیں شاہ علی گورا رام کے تالاب اور رود موسی کے دو پل ولی کنڈہ اور مسلم جنگ پل کی تعمیر خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ انگریزی زبان اور فن تعمیر کی مہارت کے ساتھ ساتھ حافظ صاحب کو حدیث و تصوف سے بھی خاص دلچسپی ہے، اور اپنی مادری زبان میں کلام اساتذہ کے سچے قدردان ہیں؁

عقیل جنگ بہادر، نواب۔ آپ کے خاندانی وقار اور وجاہت کے متعلق صرف اتنی سند کافی ہے کہ آپ نواب عماد الملک مرحوم کے صاحبزادے ہیں۔ ولادت آپکی ۱۲۸۴ف میں اپنے وطن واقع بلگرام ضلع ہردوئی میں واقع ہوئی اور ابتدائی تربیت اپنی شفیق اور روشن خیال والدہ ماجدہ کے آغوش عاطفت میں پائی۔ اور ابتدائی درس کی تکمیل کرکے مدرسہ عالیہ بلدہ حیدرآباد میں داخل ہوئے جہاں سے ۱۸۹۳ء میں میٹرک کا امتحان امتیاز کے ساتھ پاس کیا اور پھر نظام کالج میں ایف اے تک تعلیم حاصل کی جسکے بعد بوجہ خرابی صحت سلسلہ تعلیم ترک کرنا پڑا اور اسی وجہ سے آپ اپنے دوسرے بھائیوں کی طرح حصول تعلیم کے لئے ولایت بھی نہ جا سکے۔ ۱۳۰۶ف میں آپ بطور کارآموز سرکار عالی کی سلک ملازمت میں داخل ہوئے

اور دو ماہ کے اندر ہی ضلع اورنگ آباد میں سوم تعلقہ دار ہو گئے۔ اور مختلف اضلاع میں اسی حیثیت سے کام کرتے رہے۔ سنہ ۱۳۱۴ف آپ کو بذریعہ فرمان مبارک پائیگاہ نواب سر وقار الامراء کی انسپکٹری کا عہدہ تفویض کیا گیا اور اس کے ایک سال بعد باضافہ ماہانہ آپ کو سر آسمان جاہ کی پائیگاہ میں اسی عہدہ پر منتقل کیا گیا۔ سنہ ۱۳۲۲ف میں آپنے معتمدی صرف خاص کے منصب پر ترقی پائی اور اس کے ایک سال بعد آپ معتمد فوج اور پھر زائد معتمد مال ہو گئے۔ اور اسی سال پھر ترقی کا ایک اور زینہ طے کرکے آپ نائب صدر المہام علاقہ جات پائیگاہ کے منصب جلیلہ پر پہونچ گئے۔ جہاں آپنے دو سال تک نہایت قابلیت اور حسن تدبیر سے کام کیا اور حسن خدمات کے صلہ میں عقیل جنگ بہادر کا خطاب حاصل کیا۔ سنہ ۱۳۲۸ف میں آپ گلشن آباد میدک کی صوبہ داری کے منصب پر سرفراز کئے گئے اور اس کے چند ہی ماہ بعد اپنے بڑے بھائی نواب عابد نواز جنگ بہادر سے گلبرگہ شریف کی صوبہ داری کا جائزہ لیا۔ اسکے تھوڑے ہی دن بعد آپ صیغہ صنعت و حرفت کے صدر المہام ہو گئے اور پھر ہر سہ پائیگاہ کی صدر المہامی کے فرائض بھی آپ کی خدمات کے ساتھ منسلک ہو گئے۔ سنہ ۱۳۳۶ف میں آپ سررشتہ جات تعمیرات عامہ و آبپاشی و ٹیلیفون و برقی کے صدر المہام مقرر ہوئے اور اس منصب جلیلہ پر اسوقت تک قائم ہیں۔ نواب عقیل جنگ بہادر سید عقیل بلگرامی کا خاندان کئی پشت سے سرکار عالی کی خدمات میں اہم مناصب پر فائز رہا ہے اور اسوقت بھی آپ کے ایک بھائی صدر المہام سیاسیات ہیں اور بعض دیگر اعزہ بھی ذمہ دار عہدوں پر وفادارانہ خدمات انجام دے رہے ہیں ۔

علی اصغر بلگرامی، سید۔ آپ سنہ ۱۳۰۰ف میں بمقام حیدرآباد دکن پیدا ہوئے

اور ابتدائی تعلیم حیدر آباد اور بیدر میں حاصل کی۔ ایف اے آپ نے اورنگ آباد سے پاس کیا۔ اور عربی و فارسی کی تحصیل بھی مشاہیر علماء سے کی۔ زمانۂ تعلیم ختم کرکے آپ نے عہدہ داران مال و عدالت کے امتحان میں شریک ہوکر کامیابی حاصل کی اور تین سال تک بطور کار آموز اور منصرم تحصیلدار و مددگار تعلقہ دار کے کام کرتے رہے۔ ۱۳۲۴ف میں پیشی معین المہام کوتوالی و عدالت میں بطور منتظم کے آپ کا تقرر ہوا اور چند ماہ بعد ترقی پاکر آپ صدر منتظم ہو گئے۔ اور پھر مددگار ہوم سکریٹری کی جائداد پر ترقی پائی۔ اس اثنار میں مولوی غلام یزدانی صاحب کے زمانہ رخصت میں آپ کو نظامت آثار قدیمہ کا بھی کام کرنا پڑا۔ ۱۳۲۶ف سے آپ سررشتہ مال میں مددگار معتمدی کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ سید صاحب کا ادبی مذاق بہت ہی قابل قدر ہے جو باوجود آپکی سرکاری خدمات کی مصروفیتوں کے تصنیف و تالیف کی طرف مائل رکھتا ہے۔ چنانچہ بکثرت ادبی مضامین کے علاوہ جو مختلف سربرآوردہ اخبارات و رسائل میں شائع ہوکر مقبول ہوئے متعدد مستقل تصانیف بھی آپ کی یادگار ہیں۔ خصوصاً مآثر دکن اور یادگار شعرا اور فلسفۂ زووغ کو خاص مقبولیت حاصل ہوئی۔ آپ کا ذاتی کتب خانہ ادبی اور تاریخی کتابوں سے پُر ہے اور اسمیں آپ اپنا کافی وقت بھی صرف کرتے ہیں ؛

علی رضا، سید۔ آپ نواب صفدر جنگ میر محمد علی خاں کے صاحبزادے ہیں اور ۱۲۹۵ف میں بمقام بلدہ حیدر آباد دکن پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم حسب معمول گھر پر حاصل کرکے آپ نظام کالج میں داخل ہوئے اور پھر علیگڈھ کالج جاکر وہاں سے بی اے کی ڈگری حاصل کی اور ولایت جاکر بیرسٹری کی سند لائے اور

حیدرآباد ہی واپس آکر وکالت شروع کی۔ لیکن اس پیشہ میں آپ زیادہ نہیں رہے تھے کہ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں داخل ہوگئے اور کچھ دنوں محکمہ عدالت میں منصرمانہ خدمات انجام دینے کے بعد ۱۳۳۲ف میں آپ کو دارالترجمہ عثمانیہ میں سیاسی اور قانونی کتب کے ترجمہ پر مامور کیا گیا۔ اس شعبہ میں آپ نے چار سال تک کام کیا اور بعض اہم کتابوں کا ترجمہ آپ کے قلم سے نکل کر شائع ہوا جن میں سے بعض جامعہ عثمانیہ کے نصاب میں داخل ہیں۔ ۱۳۳۷ف میں آپ پھر محکمہ عدالت میں منتقل کیے گئے اور اُسوقت سے اسی محکمہ میں کام کر رہے ہیں۔ آج کل آپ ضلع ورنگل کے اڈیشنل سول جج ہیں۔ آپکی تالیفات و تراجم میں خاص کر قابل ذکر تاریخ دستور انگلستان اور شروع محمدی مصنفہ مسٹر امیر علے اور اصول قانون کے زبان اُردو میں تراجم ہیں جو مختلف مدارج جامعہ میں داخل نصاب ہیں۔

علی شبیر، حاجی سید۔ آپ حیدرآباد کے ایک کہنہ مشق شاعر اور اہل قلم ہیں، جنکا مزاحیہ کلام خصوصاً کہا جاتا ہے کہ حضرت اکبر الہ آبادی کے بعد اپنی آپ ہی نظیر ہے۔ آپ مولوی سید علے نظر صاحب مرحوم کے صاحبزادے ہیں جو ریاست ناتھ دوارہ ضلع آگرہ کے معتمد تھے۔ چنانچہ آگرہ ہی میں سید علی شبیر کی ۱۳۰۰ھ میں ولادت ہوئی۔ اور وہیں کے نامور اساتذہ سے کسب علم کیا۔ اور اُردو فارسی عربی کے علاوہ ہندی اور بھاشا میں بھی دستگاہ حاصل کی پھر انگریزی میں ایف اے تک پہونچکر خرابی صحت کی وجہ سے تعلیم ترک کردی اور حیدرآباد چلے آئے جہاں آپ کے چچا حکیم سید شمشاد حسین صاحب مرحوم اُسوقت کے نامور اطبا میں شمار ہوتے تھے۔ درسی تعلیم کے ساتھ ساتھ آپ کا ذوق کتب بینی اور شعر گوئی بھی ترقی پاتا رہا۔ اور بہت جلد آپ کا شمار قابل شعراء میں

ہونے لگا۔ حیدرآباد آکر آپ نے ۱۸۹۸ء میں مدرسہ آصفیہ واقع ملک پیٹھ میں ملازمت کرلی۔ اُسوقت آپکی عمر صرف سولہ سال کی تھی۔ نو سال تک اس مدرسہ کی ملازمت کے بعد آپ نے استعفا دیدیا اور خفیہ پولیس میں ملازم ہوگئے لیکن خرابی صحت کے باعث اس محکمہ میں بھی زیادہ دنوں نہ رہ سکے۔ ۱۳۱۸ف میں پھر آپ نے ملازمت اختیار کی اور عدالت العالیہ میں مددگار مترجم انگریزی کی جائداد پر مامور ہوگئے۔ جس سے ترقی کرتے کرتے آپ سررشتہ دار انتظامی کے عہدہ تک پہونچے جسپر تا حال برقرار ہیں۔ شعرو شاعری کے علاوہ آپ ملک کی علمی اور معاشرتی تحریکوں اور مجلسوں میں بھی نمایاں حصہ لیتے رہتے ہیں اور آپ کے لطیف اشعار کی ہر جگہ قدر کیجاتی ہے۔

آپ کا مسلک نہایت ہی صلح کل اور غیر متعصبانہ ہے جسکی وجہ سے اکثر لوگوں کو آپکے مذہب کے متعلق غلط فہمیاں پیدا ہوجاتی ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ آپ ایک راسخ العقیدہ مسلمان ہونے کے باوجود کسی خاص فرقہ کے شیدائی نہیں ہیں اور مختلف فرق اسلامی کے ساتھ مساوات کا برتاؤ رکھتے ہیں۔ اسی کے ساتھ آپ کے اشعار میں اکثر دیگر ادیان و مذاہب کا احترام بھی پایا جاتا ہے جو آپ کی فطری وسعت نظر اور رواداری پر دال ہے۔ آپکی اکثر ادبی اور تاریخی تصنیفات شائع ہوکر مقبول ہوچکی ہیں۔

علی نواز جنگ بہادر، نواب۔ حیدرآباد کی تعمیری ترقیوں کے سلسلہ میں نواب علی نواز جنگ بہادر میر احمد علی کا نام عنوان مضمون کی حیثیت رکھتا ہے، اور خاصکر نظام ساگر کی تعمیر جو فن انجینیری کا ایک روشن ترین کارنامہ ہے اور مصر کے مشہور و معروف بند السوان سے بدرجہا بڑھکر ہے، آپ ہی کی ذہانت و قابلیت کی رہین منت

ہے۔ برطانوی ہند میں ایسی تعمیرات کیلئے یورپ کے ماہرین عمارت کی خدمات بڑے بڑے معاوضہ پر حاصل کیجاتی ہیں لیکن مملکت حیدرآباد میں تعمیر وترقی کا سارا کام ہندوستانیوں سے کیا جاتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ یہاں نواب علی نواز جنگ بہادر جیسی غیر معمولی قابلیت و ذہانت کی شخصیتوں کو اپنی اعلیٰ خصوصیات نمایاں کرنے کا موقعہ ملجاتا ہے۔ نواب علی نواز جنگ کے والد ماجد میر واعظ علی حیدرآباد کے ایک معزز طبقہ اوسط کے خاندان کے رکن تھے اور نواب صاحب بلدہ حیدرآباد ہی میں ۱۲۸۶ھ میں پیدا ہوئے اور سینٹ جارج گرامر اسکول میں تعلیم کے ابتدائی مدارج طے کئے۔ یہاں آپ ریاضی کے مضمون میں تمام ممالک محروسہ سرکار عالی کے طلبہ میں اول رہے اور تمغہ جات و انعامات حاصل کئے۔ اسکے بعد آپ نے مدرسہ عالیہ اور نظام کالج میں تعلیم پائی اور آخر الذکر کالج میں جب آپ بی اے کے درجہ میں تعلیم پا رہے تھے تو آپ کو سرکاری وظیفہ دیکر اعلیٰ تعلیم کیلئے ولایت بھیجا گیا جہاں آپ نے کوپرس ہل کے مشہور و معروف مدرسہ فن تعمیر میں تربیت حاصل کرکے ایف سی ایچ کی ڈگری لی اور اس کالج کے تمام طلبہ میں اوّل رہے۔ ولایت سے واپس آکر آپ ۱۳۰۵ف میں سرکار عالی کی سلک ملازمت میں بطور پروبیشنری اسسٹنٹ انجینیر آبپاشی داخل ہوئے اور محبوب نگر میں آپکا تقرر ہوا۔ اس جگہ آپ کو ایک مہینہ بھی نہ گذرا تھا کہ آپ مستقل اسسٹنٹ انجینیر کرکے گلبرگہ شریف بھیجے گئے۔ اور پھر میدک اور ورنگل میں بھی اسی حیثیت سے کام کیا۔ ۱۳۱۲ء سے ۱۳۱۷ء تک آپ بلدہ میں مختلف حیثیتوں سے کام کرتے رہے اور میونسپل انجینیر و آڈیٹر کی خدمات انجام دیتے رہے اور آخر الذکر سال میں اسسٹنٹ سپرنٹنڈنگ انجینیر اور اسکے

تین سال بعد سپرنٹنڈنگ انجینیر کے منصب پر ترقی پائی۔ اوّل الذکر عہدہ کی حالت میں آپ نے عثمان ساگر اور بلدہ حیدرآباد کی آب رسانی کی اسکیم کے سلسلہ میں نہایت ہی قابل قدر خدمات انجام دیں۔ سنہ ۱۳۲۱ف میں آپ معتمدی تعمیرات پر مامور ہوئے اور سنہ ۱۳۲۶ف میں چیف انجینیر تعمیرات و شعبہ جات متعلقہ کے فرائض کا بھی آپ کی خدمات میں اضافہ ہوگیا۔ اور اُسوقت تک آپ اسی حیثیت سے کام کررہے ہیں شاہی محلات کے تعمیری کاموں کی نگرانی آپ ہی کے سپرد ہے۔ آپ نے اپنے عہد میں جتنے اہم کام انجام دئے اُنمیں نظام ساگر کی تعمیر کا کام خاص طور پر قابل ذکر ہے جسپر تقریباً ساڑھے تین کروڑ روپیہ صرف ہوا ہے اور جس سے تقریباً تین لاکھ ایکڑ آراضی کی آبپاشی ہوگی۔ دہلی کا نظام پیلیس بھی آپ ہی کی نگرانی میں تعمیر ہوا ہے۔ نواب علی نواز جنگ کے تمام کارناموں کی تفصیل ایک ضخیم کتاب چاہتی ہے، لیکن مختصراً غالباً اسقدر کہنا مبالغہ نہ ہوگا کہ مملکت حیدرآباد میں فن تعمیر و آبپاشی کے جتنے نمایاں کارنامے اسوقت نظر آرہے ہیں اور جتنی غیرمعمولی ترقیاں اِن شعبوں میں ہوئی ہیں وہ زیادہ تر نواب صاحب موصوف ہی کی کوششوں اور سرگرمیوں کا نتیجہ ہیں، اور حیدرآباد کا یہ دور جو معرکہ آرار تعمیری اسکیموں کی تکمیل کیلئے یادگار رہنے والا ہے، زیادہ تر آپ ہی کی مساعی جمیلہ کا رہین منت ہے۔ اسوقت تک ۴۸۷۹۲۰۰۰۰ روپیہ کے تخمینہ کے تعمیری کام یا تو تیار ہوچکے ہیں یا ورقریب تیاری ہیں اور ۲۴۶۵۳۸۰۰۰۰ روپیہ کے تخمینہ کے کاموں کی منظوری ہوچکی ہے۔ آخرالذکر فہرست میں دریائے کرشنا و تنگ بھدرا کے بند بھی شامل ہیں جنمیں سے اوّل الذکر پر ۱۵ کروڑ روپیہ اور آخرالذکر پر ۱۸ کروڑ روپیہ کے صرف کا تخمینہ کیا گیا ہے۔

عنایت اللہ، مولوی۔ آپ شمس العلماء خان بہادر مولوی ذکاء اللہ خان کے صاحبزادے ہیں جنکے فضل وکمال کا شہرہ سارے ملک ہندوستان میں پھیل چکا تھا۔ ۱۸۶۹ء میں آپ اپنے وطن دارالحکومت دہلی میں پیدا ہوئے اور ابتدائی درسی تعلیم سے فراغت پاکر ۱۸۸۱ء میں علیگڈھ تشریف لیگئے جہاں انٹرنس، ایف اے اور بی اے کے امتحانات امتیاز کے ساتھ پاس کئے اور ایم اے ایل ایل بی میں بھی چندے تربیت حاصل کی گوان مدارج کے امتحانات میں شریک نہ ہوسکے۔ ادبی مذاق آپکو زمانہ طالبعلمی ہی میں تھا اور اُسی زمانہ میں اکثر اہم انگریزی مضامین کے ترجمے آپکے قلم سے نکلکر ملک میں مقبول ہوئے اور بعض کتابیں بھی اُسی زمانہ کی یادگار ہیں چنانچہ مسٹر آرنلڈ کی کتاب پریچنگ آف اسلام جو آپنے سرسید مرحوم کے ایماء سے ترجمہ کی بہت کچھ مقبول ہوئی بلکہ یہی دراصل آپکی آئندہ شہرت کی بنیاد قرار پائی۔ تعلیم سے فراغت پاکر آپنے اپنی زندگی علیگڈھ کالج ہی کی خدمت سے شروع کی اور اس سلسلہ میں لائبریری کی مہتمی اور ریاضی کی پروفیسری کی خدمات کچھ دنوں تک آپ کے سپرد رہیں جسکے بعد آپ سرسید مرحوم کے ایماء سے تہذیب الاخلاق کی ارادت کے فرائض انجام دینے لگے اور سال بھر تک اسطرح مرحوم کے دست وبازو بنے رہے۔ ۱۹۰۰ء میں آپ سرکار انگریزی کی ملازمت میں داخل ہوئے اور چودہ سال ضلع جونپور میں کام کرنے کے بعد آپ کا بریلی تبادلہ ہوگیا اور وہاں سے ایک سال بعد آپکی خدمات ریاست گوالیار میں مستقل کیگئیں جہاں مددگار معتمد فینانس اور معتمد صیغہ مرافعہ کی خدمات آپ نہایت قابلیت کے ساتھ انجام دیتے رہے۔ ۱۹۲۱ء میں آپ کو بواسطہ حکومت ہند گوالیار سے حیدرآباد طلب کیا گیا اور دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کی نظامت

کے منصب پر مقرر کیا گیا جس پر آپ اسوقت تک کار فرما ہیں۔ اس تمام مدت میں آپ نے تصنیف و تالیف کا سلسلہ برابر جاری رکھا اور کئی اہم اور معرکہ آرا و تراجم آپ کے مشہور و مقبول ہیں ✣

غلام علی محمدی - آپ ۱۸۸۵ء میں اپنے وطن واقع ایلچپور صوبہ برار میں پیدا ہوئے اور ابتدائی مکتبی تعلیم کے بعد انگریزی شروع کی۔ ۱۹۰۳ء میں آپ نے بمبئی یونیورسٹی سے سائنس میں بی اے پاس کیا اور پھر امپیریل ایگریکلچرل انسٹیٹیوٹ پوسہ میں کیمیائے زراعت کی خاص تربیت حاصل کی۔ اور ۱۹۰۷ء میں آپ ممالک متوسط کی حکومت کے ماتحت ناگپور اگیریکلچرل کالج میں بطور ماہر کیمیائے زراعت مقرر ہوئے جہاں ۱۹۱۱ء تک نہایت قابلیت سے نمایاں خدمات انجام دیں۔ آخرالذکر سال میں آپ کو حکومت ہند نے وظیفہ دیکر روغن، چربی اور صابون کی کیمیاوی خصوصیات کی تربیت حاصل کرنے انگلستان بھیجا اور وہاں سے واپس آکر آپ ریاست میسور میں بطور ماہر صابون سازی مقرر کئے گئے۔ اس حیثیت سے آپ نے دو سال تک کام کیا اور اپنی غیر معمولی قابلیت و ذہانت سے اسقدر شہرت پیدا کی کہ ۱۹۱۸ء میں آپ کو حیدرآباد طلب کیا گیا اور سررشتہ حرفت و تجارت میں ذمہ دارانہ منصب تفویض کیا گیا۔ چار سال تک آپ بحیثیت مددگار معتمد کام کرتے رہے اور اُسکے بعد ۱۹۲۷ء (۱۳۳۶ف) میں آپکو ناظم سررشتہ حرفت و تجارت کے منصب جلیلہ پر فائز کیا گیا۔ اُسوقت سے آپ اس سررشتہ کی رہبری کر رہے ہیں اور اپنے زمانہ میں ہر پہلو سے اس شعبہ کو اس حد تک ترقی دیدی ہے کہ آج حیدرآباد کا شعبہ حرفت و تجارت سرزمین ہند میں ایک خاص امتیاز رکھتا ہے۔ خصوصاً حیدرآباد کی حرفتی نشو و نما کو

اس زمانہ میں جو بلندی حاصل ہوگئی ہے وہ مولوی غلام علی محمدی کی اعلےٰ قابلیت، احساس فرائض اور مالک وملک کے ساتھ مخلصانہ جذبات وفاداری کا بہترین نمونہ ہے *

غلام غوث خاں-آپ کا تعلق عمائد حیدرآباد کے ایک قدیم خاندان سے ہے جنکے بزرگ حضرت آصفجاہ اوّل کے ہمراہ حیدرآباد آئے تھے اور اپنے آقا کے ہمراہ مختلف فوجی معرکوں میں داد سپہگری دی تھی۔ آپ کے والد مولوی محمد جلال خاں صاحب نابغ اپنے خاندان میں پہلے شخص تھے جنھوں نے تلوار کے بجائے قلم کو ہاتھ میں لیا اور علوم وفنون کی تحصیل کرکے وکالت کا پیشہ اختیار کیا۔ اور بہت جلد اپنے رفقاء کی صف اوّل میں شامل ہوگئے۔ مولوی غلام غوث خاں ۱۲۹۷ف میں اپنے مکان واقع بازار حیدر گنج بلدہ حیدرآباد میں پیدا ہوئے، اور ابتدائی مکتبی تعلیم پرانے طرز پر حاصل کرکے آپ نے مدرسہ مفید انام اور بعد کوسٹی ہائی اسکول میں انگریزی کی تعلیم حاصل کی اور پھر وکالت اور جوڈیشل امتحان عہدہ داران میں کامیابی حاصل کرکے اپنے نامور والد کے ساتھ پریکٹس کرنے لگے۔ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں آپ ۱۳۱۸ف میں بحیثیت سررشتہ دار کونسل داخل ہوئے اور سات سال تک نہایت ہی قابلیت اور تدبر کے ساتھ اس شعبہ میں کام کرنے کے بعد آپ کا تبادلہ صیغہ مال میں ہوگیا اور ۱۳۲۹ف میں آپ ضلع ناندیڑ میں سوم تعلقہ دار (مددگار مال) مقرر کئے گئے۔ اس سلسلہ میں آپ نے قرضہ جنگ یورپ، طاعون کی انسدادی تدابیر، گرانی غلہ کی روک تھام اور سکھوں اور مسلمانوں میں مصالحت کی نہایت ہی معرکہ آرار خدمات انجام دیں اور حکام بالادست سے خراج تحسین حاصل کیا۔ ۱۳۲۷ف

میں آپ کا چنور ضلع عادل آباد اور اسکے ایک سال بعد بھینسہ میں آپکا تبادلہ ہوا اور وہیں کار قحط میں ریلیف افسر کے عہدہ پر آپ کو ترقی ملی۔ کار قحط کے اختتام پر آپ ہینگولی تعلقہ میں تعینات ہوئے اور تین ہی ماہ بعد محکمہ کورٹ آف وارڈس کی مددگاری پر آپ کو ترقی ملگئی۔ اور پھر آپ ترقی کرتے کرتے ۱۳۳۰ف میں اس سررشتہ کے ناظم ہو گئے۔ جبہر ۱۳۴۰ف تک آپ نے نہایت ہی قابلیت اور مستعدی سے کام کیا۔ آخر الذکر سال میں آپ پھر محکمہ مال میں ترقی کے ساتھ واپس کئے گئے اور اسوقت آپ ضلع ناندیڑ کے اوّل تعلقہ دار کے منصب پر فائز ہیں۔

غلام مصطفٰے قریشی۔ آپ حیدر آباد کے ایک ممتاز خاندان کے رکن ہیں اور ۱۲۹۳ف میں بمقام بلدہ حیدر آباد پیدا ہوئے اور تعلیم سے فراغت پاکر صیغہ مال د بندوبست کے امتحانات پاس کرکے ۱۳۱۱ف میں سرکار عالی کی سلک ملازمت میں بحیثیت نائب مددگار مہتمم بندوبست بلدہ داخل ہو گئے اور اس حیثیت سے مختلف مقامات پر نمایاں خدمات انجام دیتے رہے۔ ۱۳۲۳ف میں آپ کو مددگار مہتمی پر ترقی ملی اور ۱۳۳۷ف میں جب مہتمی کی جگہ خالی ہوئی تو آپ کے وسیع تجربہ اور قابلیت کا لحاظ کرکے آپ ہی کو منتخب کیا گیا۔ اُسوقت سے آپ ہی نہایت ہی حسن انتظام اور خوش اسلوبی کے ساتھ اس سررشتہ کی قیادت کر رہے ہیں اور اپنے دور میں اسے بہت کچھ ترقی دیدی ہے۔ زمانہ حال کی دیگر ترقیوں کے ساتھ محکمہ بندوبست سرکار عالی کا بھی کام پہلے سے بہت بڑھ گیا ہے اور مسٹر غلام مصطفٰے قریشی نے اپنی نمایاں خدمات سے یہ ثابت کر دیا ہے کہ آپ ان ذمہ داریوں کو سنبھالنے کی ہر طرح اہلیت رکھتے ہیں۔

غلام یزدانی۔ آپ مولوی غلام جیلانی صاحب نقشبندی کے صاحبزادے ہیں اور ۱۸۸۵ء (۱۲۹۴ف) میں اپنے وطن دارالسلطنت دہلی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم کے بعد آپ دہلی کے گورنمنٹ اسکول اور پھر سینٹ اسٹفینز کالج میں داخل ہوئے اور آخرالذکر کالج سے پنجاب یونیورسٹی کی ایم اے کی ڈگری امتیاز کے ساتھ حاصل کی۔ علوم مشرقیہ کی تعلیم آپنے شمس العلماء مولوی نذیر احمد صاحب اور مولوی محمد اسحٰق جیسے متبحرّ علماء سے حاصل کی۔ اور اس شعبہ میں اعلےٰ قابلیت و ذہانت دکھا کر متعدد تمغہ جات و انعامات حاصل کئے۔ تعلیم سے فراغت پاکر آپنے سرکار انگریزی کی ملازمت شروع کی اور پنجاب حکومت کے ماتحت تحصیلدار مقرر کئے گئے۔ گو آپ نے اس سلسلہ میں اپنے فرائض نہایت ہی قابلیت اور اصابت رائے سے انجام دئے تاہم آپکا میلان طبعی علمی کاموں کی طرف تھا اسلئے اس محکمہ کو ترک کر کے محکمہ تعلیمات میں قدم رکھا اور ۱۹۰۹ء میں عربی و فارسی کی پروفیسری کی جائداد پر مقرر ہو کر ڈھاکہ (مشرقی بنگال) چلے گئے۔ جہاں چھ سال تک نمایاں علمی خدمات انجام دیتے رہے۔ ۱۹۱۵ء (۱۳۲۳ف) میں آپ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں بطور ناظم سررشتہ آثار قدیمہ داخل ہوئے اور اُسوقت سے برابر اسی شعبہ میں کام کر رہے ہیں۔ آپ کے دور میں سرکار آصفیہ کے محکمہ آثار قدیمہ نے اسقدر غیر معمولی ترقی کی کہ آج یہ بلا شبہہ ممالک متمدنہ کے بہترین معیار پر پورا اُترتا ہے، اور ہندوستان میں سرکار انگریزی کا محکمہ آثار قدیمہ بھی حسن انتظام اور مآثر کی نگرانی اور درستی میں اسکا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ اجنٹہ اور ایلورہ کے غار، ورنگل وغیرہ کے منادر، خلد آباد، دولت آباد، بیدر، گولکنڈہ اور گلبرگہ شریف وغیرہ کی اسلامی یادگاریں، اور پاگل وغیرہ کے قدیم آثار اس حسن انتظام کی زندہ مثالیں

ہیں۔ بلکہ یہ کہنا مبالغہ نہ ہوگا کہ زمانہ قدیم کے آثار کی دیکھ بھال اور خبرگیری جس مستعدی اور اہتمام کے ساتھ حیدرآباد میں کیجاتی ہے اُتنی شاید ہی کسی اور ملک میں ہوتی ہو، اور یہ سب مولوی غلام یزدانی صاحب کی قابلیت اور حسن مساعی کا نتیجہ ہے۔

فخرالملک بہادر، نواب ۔ مشیرالدولہ صفدر جنگ نواب میر سرفراز حسین خاں فخرالملک بہادر امرائے حیدرآباد کے قدیم سرکردہ خاندان کے ایک ممتاز رکن ہیں۔ اور آپ کے اجداد کئی پشتوں سے سلطنت آصفیہ کے دست و بازو رہتے چلے آئے ہیں۔ آپ نواب فخرالملک حسام الدولہ میر غلام حسین خاں صفدر جنگ مرحوم کے صاحبزادے ہیں اور ۱۲۷۷ھ میں اپنے وطن بلدہ حیدرآباد میں پیدا ہوئے۔ عربی فارسی اور انگریزی کی تعلیم حسب دستور خاندانی اعلیٰ پیمانہ پر حاصل کی، اور زمانہ کا رنگ دیکھکر آپ نے امرائے حیدرآباد میں سب سے پہلے قدیم رسم و رواج کو ترک کر کے متمدن دنیا کی طرز معاشرت اختیار کی۔ شکار کا شوق آپ کو بچپن سے تھا اور اس سلسلہ میں آپ نے اعلیٰ حکام انگریزی سے رسم و راہ پیدا کرنے کا موقع حاصل کیا۔ اعلیٰ حضرت غفران مکان آپکو خاندانی اعزاز اور ذاتی ذہانت کی وجہ سے ہمیشہ عزیز رکھتے تھے اور دربار دہلی میں آپ کو ہمرکابی کا شرف حاصل ہوا تھا۔ ۱۳۰۱ھ میں کونسل آف اسٹیٹ کے قیام پر آپ اُسکے رکن مقرر کئے گئے اور اسی سال خطاب صفدر جنگ مشیرالدولہ فخرالملک اور چارہزاری منصب اور تین ہزار سوار کے اعزاز سے سرفراز کئے گئے۔ اور اسکے ایک سال بعد معین المہامی عدالت و کوتوالی و امور عامہ کا منصب آپکو تفویض ہوا اور پھر ۱۳۱۰ھ میں محکمہ کورٹ آف وارڈز بھی آپ ہی کی نگرانی میں دیدیا گیا۔ حضور پُرنور نے بھی اپنے عہد میں آپ کے خاندانی اور سرکاری اعزازات و

مناصب کو قایم رکھا، اور اکثر آپکے یہاں قدم رنجہ فرمانے کا بھی اعزاز عطا فرمایا سنہ ۱۳۳۶ف تک آپ معین المہامی کے منصب پر مامور رہے اور پھر بسبب پیرانہ سالی فرائض سرکاری سے سبکدوشی حاصل کی۔ اب آپ اپنی وسیع جاگیر کا انتظام کرتے ہیں اور ملک کے علمی اور جمی مسائل میں ہمیشہ دلچسپی کا اظہار فرماتے رہتے ہیں۔ سرکار آصفیہ سے آپکی وابستگی اور حضور پرُنور کے ساتھ جذبات وفاشعاری آپ کا مستقل عقیدہ ہے۔

فخر جنگ بہادر، نواب۔ نواب میر مکرم حسین خاں فخر جنگ بہادر نواب فخر الملک بہادر کے سب سے بڑے صاحبزادے ہیں اور سنہ ۱۲۹۱ف میں اپنے وطن بلدہ حیدرآباد میں پیدا ہوئے اور تعلیمی مدارج طے کرنے کے بعد اپنی خاندانی روایات کے بموجب سرکار عالی کی ملازمت کو اپنا مقصد زندگی بنایا۔ چنانچہ سرکار عالی نے بھی آپ کے خاندانی اعزاز کا لحاظ کرکے آپ کو سنہ ۱۳۲۲ف میں دوم تعلقہ دار کے منصب پر فائز کردیا۔ اس حیثیت سے نواب صاحب مختلف اضلاع میں نمایاں خدمات انجام دیتے رہے اور درجہ بدرجہ ترقی کرتے ہوئے سنہ ۱۳۲۸ع میں اوّل تعلقہ دار ہوکر ضلع محبوب نگر میں منصرمانہ تعینات ہوئے اور اس حیثیت سے آپ نے اضلاع بیدر و عثمان آباد و نظام آباد میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ سنہ ۱۳۳۶ف میں آپ محبوب نگر کی تعلقہ داری پر مامور ہوئے اور اس کے دو سال بعد آپ کو صوبہ گلشن آباد میدک کی صوبہ داری کے منصب جلیلہ پر ترقی ملی جہاں آپ اسوقت کار فرما ہیں۔ سرکار آصفیہ کی جان نثارانہ وفاداری آپکے خمیر میں داخل ہے، اور خوش اخلاقی اور روشن خیالی آپ کو اپنے نامور والد ماجد سے ترکہ میں ملی ہے۔

فخر یار جنگ بہادر، نواب۔ نواب فخر الدین احمد خاں فخر یار جنگ بہادر غلام احمد خاں صاحب سابق وزیر مال ریاست کشمیر کے صاحبزادے ہیں اور ۱۲۹۲ھ میں اپنے وطن دھوگر ضلع جلندھر (پنجاب) میں پیدا ہوئے۔ اور سیالکوٹ میں ابتدائی اور ثانوی تعلیم کے مدارج طے کرکے علیگڑھ کالج میں داخل ہوئے اور وہاں سے بی اے کی ڈگری حاصل کی۔ تعلیم سے فراغت پاکر آپنے زراعت کی طرف توجہ کی اور اپنے ذاتی وسائل سے کئی سال تک اس مشغلہ کو جاری رکھا۔ اس کے بعد حکومت ہند کے محکمہ سیاسیات میں ملازمت اختیار کی اور ایجنٹ دربار کابل کے ساتھ کام کرتے رہے، پھر آپ نے ریاست پٹیالہ میں بندوبست کا کام سیکھا اور وہیں مجسٹریٹی کے عہدہ پر تعینات ہو گئے۔ کچھ دنوں بعد آپ پھر سرکار انگریزی کی ملازمت پر مائل ہوئے اور سر رشتہ فینانس میں آپ کا تقرر ہوا لیکن آپ کی صحت نے مساعدت نہ کی اور آپ نے ملازمت ترک کرکے پھر اپنا پرانا شغل زراعت اختیار کرلیا۔ اس مشغلہ میں آپ کو تھوڑی ہی مدت گذری تھی کہ سرکار عالی کو آپ کی خدمات کی ضرورت ہوئی اور ۱۳۲۲ھ میں آپ بطور مددگار صدر محاسب شاخ تنقیح تعمیرات عامہ مقرر ہوکر حیدرآباد آئے۔ یہاں کی فضا آپ کو اسقدر راس آئی کہ آپ نے اپنے فرائض میں انہماک کے ساتھ جلد جلد ترقی کے مدارج طے کرنے شروع کردئے۔ چنانچہ دو ہی سال کے اندر آپ نائب صدر محاسب ہو گئے اور ۱۳۲۵ھ میں منصرم صدر محاسب کے منصب جلیلہ پر ترقی پائی۔ منصرمی کی خدمات چند ماہ انجام دینے کے بعد آپ مستقل صدر محاسب ہو گئے۔ اس کے تین سال بعد ۱۳۲۸ھ میں

آپ نے ترقی کا ایک اور بڑا زینہ طے کیا، اور معتمدی سررشتہ فینانس کے منصب اعلیٰ پر فائز ہو گئے جسپر آپ اسوقت تک کام کر رہے ہیں۔ صدر محاسبی اور نیز معتمدی کے زمانہ میں آپ نے صیغہ فینانس میں نہایت ہی قابل قدر اور مفید اصلاحیں کیں، اور سرکار عالی کے توفیر محاصل میں آپکی کوششیں بہت کچھ دخیل رہیں۔ پرامیسری نوٹ اور کرنسی نوٹ کے اجرار کا سہرا بھی آپ ہی کے سر ہے۔ اسکے علاوہ آپ نے متعدد اہم کمیشنوں میں بھی نمایاں خدمات انجام دیں اور سرکار عالی سے اعزاز و سرخروئی حاصل کی۔ اپنے عہدہ کی مصروفیتوں کے باوجود آپ کو ملک کے تعلیمی اور اخلاقی مسائل سے خاص دلچسپی ہے اور جامعہ عثمانیہ کے رفیق (فیلو) کی حیثیت سے آپ کے مفید مشورے اور وسیع انتظامی تجربہ سے جامعہ مذکور کو بہت کچھ نفع پہونچتا ہے۔ تعلیمات میں آپ کو مذہبی اسلامی تعلیم سے خاص ہمدردی ہے اور اپنے متعلقین میں بھی آپ اسکی تحصیل پر زور دیتے رہتے ہیں۔

فرحت علی، ہیجر۔ آپ ۱۲۸۶ھ ف میں بمقام بلدہ حیدرآباد پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم مدرسہ اعزہ میں حاصل کرکے گورنمنٹ ہائی اسکول میں داخل ہوئے اور میٹریکیولیشن کا امتحان مدراس یونیورسٹی سے پاس کیا۔ ۱۸۹۲ء میں آپ نظام کالج میں داخل ہوئے اور ۱۸۹۲ء میں مدراس یونیورسٹی کی بی اے کی ڈگری حاصل کی۔ جسکے بعد آپ کو سرکار عالی کے وظیفہ پر پہلے مدراس میڈیکل کالج اور پھر ولایت بھیجا گیا جہاں آپ نے ایڈنبرا یونیورسٹی سے ایم۔بی اور سی ایچ بی کی اعلیٰ ڈگریاں حاصل کیں۔ ولایت سے واپسی پر آپ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں داخل ہوئے اور سب سے پہلا عہدہ ۱۹۰۳ء (۱۳۱۳ف) میں

آپ کو اسپشل پلیگ افسر کا ملا۔ اور اس سلسلہ میں آپ نے ایسی قابلیت اور مستعدی کے ساتھ کام کیا کہ ۱۳۱۵ف میں آپ کو فوجی خدمات پر منتقل کر دیا گیا اور مختلف رجمنٹوں میں آپ نے بطور میڈیکل افسر کے کام کیا۔ دوران جنگ میں خاصکر آپ کی خدمات کو قدر کی نگاہوں سے دیکھا گیا اور آپ اس حسن خدمت کی بدولت جلد جلد ترقی کے مدارج طے کرنے لگے یہاں تک کہ آپ میجر کے منصب تک پہونچ گئے۔ چودہ سال کی فوجی ملازمت کے بعد آپ کو پھر سول ملازمت پر منتقل کیا گیا اور آپ عثمانیہ میڈیکل کالج کے سکریٹری اور پروفیسر اناٹومی مقرر ہوئے۔ جبوقت جامعہ عثمانیہ معرض وجود میں آیا اور فن طب کا ایک شعبہ اسمیں قایم ہوا تو میجر فرحت علی صاحب کو دارالترجمہ کے شعبہ طب کا انچارج بنایا گیا تاکہ آپ طبی کتابوں کے تراجم کی نگرانی کریں۔ اور جب ایم بی بی الیس کے درجے قائم کئے گئے تو آپکو عثمانیہ میڈیکل کالج کا پہلا پرنسپل مقرر کیا گیا اور طبی کتابوں کے تراجم کی نگرانی بھی بدستور آپ کے سپرد رہی۔ چنانچہ اسی حیثیت پر آپ اسوقت کارفرما ہیں۔ اور اپنی خداداد قابلیت فرض شناسی، حسن خلق اور سلوک کی وجہ سے حیدرآباد کے سرکاری اور غیر سرکاری حلقوں میں یکساں ہر دلعزیز ہیں:

فصاحت جنگ بہادر، نواب۔ آپ حیدرآباد آنے سے پیشتر حضرت جلیلؔ جانشین حضرت امیرؔ مینائی مرحوم کے لقب سے علمی دنیا میں کافی شہرت و نمود حاصل کرچکے تھے اور حضور پُرنور نے آپکو وابستہ دربار کرکے درحقیقت ادب اُردو اور اُردو شاعری کی حقیقی معنوں میں قدر افزائی فرمائی۔ نواب حافظ جلیل حسن صاحب جلیلؔ فصاحت جنگ بہادر حافظ عبدالکریم صاحب مانکپوری کے صاحبزادے ہیں اور اپنے وطن مانکپور ہی میں پیدا ہوئے۔ تعلیم عربی و فارسی

کی آپنے لکھنؤ میں حاصل کی اور وہیں کی صحبت میں ذوق شعر پیدا ہوا۔ بیس سال کی عُمر میں آپ حضرت امیرؔ مینائی مرحوم کے شاگرد ہوئے اور اپنے شفیق اُستاد سے اسقدر مانوس ہوئے کہ تا دم آخر اُنکی خدمت کرتے رہے اور ان کے قدموں سے جُدا ہونے کا کبھی خیال نہ کیا۔ قدرتاً ایسے وفادار شاگرد پر اُستاد نے بھی پوری توجہ کی اور عروض و قوافی اور شاعری کے نکات سے بکمال تمام آشنا کر دیا۔ رامپور میں جب امیر اللغات کی ترتیب کا کام شروع ہوا تو اُسکی ادارت کے فرائض حضرت جلیلؔ ہی کو سپرد ہوے اور اپنے اُستاد کی صحبت اور ترتیب لغت کے کام نے آپ کے ذوق فطری پر اور جلا کر دی۔ گو حضرت جلیلؔ نے اپنی تمام عمر اپنے اُستاد کی خدمت کے لئے وقف کر دی تھی لیکن اُستاد کو اپنے شاگرد کی آئندہ زندگی کا بھی خیال تھا چنانچہ جب حضرت امیرؔ مینائی حیدرآباد تشریف لائے تو اپنے صاحبزادے حضرت اخترؔ مینائی کے ساتھ اپنے شاگرد رشید کو بھی ہمراہ لائے اور حیدرآباد کی قدرشناس فضا میں چھوڑ گئے۔ اور جب حضرت اخترؔ مینائی مہاراجہ سر یمین السلطنتہ بہادر کے دربار سے وابستہ ہو گئے تو محبوب الکلام اور دبدبہ آصفی کی ترتیب کا کام حضرت جلیلؔ کو سپرد ہو گیا۔ چنانچہ کئی سال تک آپ ایسے ہی علمی کاموں میں مشغول رہے حتیٰ کہ ۱۳۲۷ھ میں حضرت غفران مکان کی بارگاہ سے آپ کو سرفرازی بخشی گئی اور اُسوقت سے آپ شاعر دربار کی حیثیت سے بارگاہ شاہی میں سرفراز ہیں اور شاہانہ عطوف و نوازش سے فائض ہیں۔ حضور پُر نور جب تخت سلطنت پر جلوہ افروز ہوئے تو حضرت جلیلؔ کے اعزاز میں اور بھی اضافہ ہوا، اور ایک قدرشناس بادشاہ نے اس جوہر یگانہ کو نوازشہائے بیکراں سے سرفراز فرما کر نواب فصاحت جنگ بہادر کے خطاب سے ممیز کیا؟

فضل محمد خاں، خان۔ آپ ضلع ہوشیارپور پنجاب کے ایک نامور خاندان افاغنہ لودی کے ہونہار فرد ہیں اور اسوقت مملکت سرکار عالی میں ناظم تعلیمات (ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن) کے ممتاز منصب پر فائز ہیں۔ پیدائش آپ کی ۱۸۸۲ء (۱۲۹۲ف) میں اپنے وطن ہی میں ہوئی اور وہیں سرکار انگریزی کے مدارس میں ابتدائی مکتبی تعلیم حاصل کرکے آپ گورنمنٹ کالج لاہور میں داخل ہوئے جہاں آپکی قابلیت اور ذہانت کا بہت جلد شہرہ ہونے لگا اور ہر یونیورسٹی کے امتحان میں آپ سارے صوبہ پنجاب میں امتیازی خصوصیت حاصل کرتے رہے، حتی کہ جب ۱۹۰۲ء میں آپ بی اے کے امتحان میں ساری یونیورسٹی میں اوّل آئے توحسب معمول آپ کو ولایت جاکر اعلی تعلیم حاصل کرنے کے لئے سرکاری وظیفہ ملا۔ چنانچہ آپ نے انگلستان جاکر کیمبرج یونیورسٹی میں نمایاں کامیابی کے ساتھ بی اے پاس کیا اور فن ریاضی میں اوّل رنیگلر کا امتیاز حاصل کیا جو اُسوقت تک دنیا میں کسی مسلمان کو حاصل نہیں ہوا تھا۔ اس اعلی کامیابی کے بعد واپسی پر آپ کو حکومت پنجاب ہی کے محکمہ تعلیم میں منصب ملازمت حاصل ہوگئی اور ۱۹۰۶ء سے ۱۹۱۴ء تک آپ اپنے صوبہ ہی میں اعلی خدمات انجام دیتے رہے یہانتک کہ سرکار عالی نے آپ کی اعلی قابلیت سے مطلع ہوکر آپ کی خدمات یہاں کے محکمہ تعلیم کیلئے مستعار لیں اور مقررہ میعاد مستعاری پوری کرنے کے بعد آپ پنجاب واپس گئے جہاں ۱۹۲۶ء تک آپ ذمہ دار تعلیمی عہدوں پر قابلیت کے ساتھ کام کرتے رہے۔ آخرالذکر سال میں نواب مسعود جنگ بہادر کے وظیفہ یاب ہونے پر سرکار عالی کو آپ کی خدمات کی پھر ضرورت ہوئی اور اس مرتبہ آپ ناظم تعلیمات کے اعلی منصب پر مقرر کئے

گئے جبپر اسوقت تک آپ کار فرما ہیں۔ اور مملکت حیدر آباد کی تعلیمی ترقی بہت بڑی حد تک آپ کی اعلیٰ انتظامی قابلیت اور ان تھک اصلاحی کوششوں کی رہین منت ہے۔ نواب مسعود جنگ بہادر کا دور نظامت جن انقلاب انگیز اصلاحات کا حامل تھا اُن کو نباہنے کے لئے خانصاحب ہی جیسے فاضل اور کاردان حاکم کی ضرورت تھی اوراسمیں شک نہیں کہ آپنے اپنے دور میں نہ صرف گذشتہ اصلاحات کو نباہا بلکہ تعلیمی ترقی کی رفتار کو بہت کچھ تیز کر دیا جسکا نتیجہ یہ ہے کہ آج اس مملکت کی تعلیمی حالت اکثر برطانوی ہند کے صوبوں سے بہتر ہے ؛

فضل اللہ، سید۔ آپ حیدر آباد کے ایک ممتاز خاندان کے فرد ہیں اور بلدہ حیدر آباد ہی میں ۱۳۰۶ف میں پیدا ہوئے۔ تعلیم سے فراغت پاکر آپ نے حیدر آباد کی سول سروس کا امتحان پاس کیا اور ایک سال تک سرکار انگریزی کے علاقہ میں بحیثیت پروبیشنر کام سیکھنے کے بعد ۱۳۲۸ف میں بحیثیت زائد سوم تعلقہ دار سررشتہ مالگذاری بلدہ میں مقرر ہو گئے، اس حیثیت سے چند ماہ بلدہ اور ضلع بیڑ میں کام کرنے کے بعد آپ کو کیمپ افسری قحط کا عہدہ ملگیا اور تعلقہ گیورائی میں آپنے اپنی قابلیت اور کارگذاری کا نمایاں اظہار کیا چنانچہ ۱۳۳۰ف تک آپ کو زیادہ تر قحط ہی کے سلسلہ میں کام کرنا پڑا۔ آخر الذکر سال میں آپ سررشتہ انجمن اتحادی میں منتقل کئے گئے اور مددگار رجسٹرار کے طور پر اورنگ آباد میں آپ کا تقرر ہوا۔ اور اس حیثیت سے آپ ایک مدت تک نہایت ہی قابلیت سے اپنے فرائض انجام دیتے رہے حتیٰ کہ ۱۳۳۷ف میں آپ کو ترقی کا ایک اور درجہ عطا ہوا اور ایک ماہ کے لئے منصرمانہ طور پر آپ نظامت سررشتہ انجمن اتحادی کی خدمات

نمایاں کامیابی کے ساتھ انجام دینے کا موقعہ ملا۔ یہاں سے چند ماہ کے لئے آپ مددگار ناظم کے منصب پر واپس گئے لیکن جلد ہی پھر آپ کو نظامت کی خدمات سپرد ہوگئیں جنکو آپ اسوقت تک نہایت ہی مستعدی اور قابلیت سے انجام دے رہے ہیں ٭

قادر حسین خاں، پروفیسر۔ آپ جنوبی ہند کے ایک معزز خاندان کے رکن ہیں اور ۱۲۹۹ھ میں آپ کی ولادت ہوئی۔ ہندوستان کے اعلی مدارج تعلیم طے کرنے کے بعد آپ ولایت تشریف لے گئے اور وہاں سے اعلی تعلیمی اور قانونی ڈگریاں نمایاں کامیابی کے ساتھ لیکر واپس آئے۔ ۱۳۲۹ف میں آپ سرکار عالی کے محکمہ تعلیم میں بحیثیت پروفیسر معاشیات نظام کالج داخل ہوئے اور چند ہی ماہ کے اندر اپنی قابلیت و مستعدی سے نائب پرنسپل کے منصب تک پہونچ گئے۔ ۱۳۴۱ف میں آپ سررشتہ معلومات عامہ کی نظامت کے اہم منصب پر فائز کئے گئے، جس کے پہلے ناظم مسٹر محمد مارماڈیوک پکھتال تھے۔ اس سررشتہ کی نظامت کا جائزہ لیکر پروفیسر قادر حسین نے اپنی فطری انتظامی قابلیت اور مستعدی سے ہر شعبہ کی اصلاح و ترقی کی طرف توجہ شروع کی، اور چند ہی ماہ کے اندر سررشتہ کے کاموں میں بہت کچھ اضافہ کر دیا۔ اس سررشتہ کا کام حیدرآباد کی سرکاری سرگرمیوں سے باہر کی پبلک کو آگاہ کرنا اور اخبارات کی تنقید پر متعلقہ محکموں کو توجہ دلانا اور غلط اطلاعات کی مستند تردید کرنا ہے، اور ان تمام فرائض کو پروفیسر قادر حسین نہایت ہی مستعدی اور قابلیت کے ساتھ انجام دے رہے ہیں ٭

کاظم علی، میر۔ آپ کے والد ماجد سید پیر صاحب قادری ضلع ساگر صوبہ متوسط

کے رہنے والے تھے اور وہیں ۱۲۶۹ھ ۱۸۵۳ء میں میر کاظم علی صاحب پیدا ہوئے اور ابتدائی مکتبی تعلیم ختم کر کے آپ نے سکندرآباد اور پھر مدراس میں انگریزی کی تعلیم حاصل کی۔ مدراس سے ۱۸۶۹ء میں آپ نے نہایت ہی نمایاں امتیاز کے ساتھ میٹریکیوشن کا امتحان پاس کرکے نواب صاحب آرکاٹ کا عطا کردہ تمغہ حاصل کیا اور کالج میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سرکاری وظیفہ بھی ملا۔ لیکن کالج کی تعلیم آپ خرابی صحت کی وجہ سے جاری نہ رکھ سکے اور حیدرآباد آکر انجینیرنگ کالج میں داخل ہو گئے۔ یہاں بھی آپ نے اپنی ذہانت و قابلیت سے نمایاں کامیابی حاصل کی اور آخری امتحان کو انعام کے ساتھ پاس کیا۔ ۱۸۷۲ء میں آپ نے تعلیم سے فراغت پاکر سرکار عالی کی ملازمت اختیار کی اور مہتمم تعمیرات و صفائی کے عہدہ پر رائچور میں آپ کا سب سے پہلا تقرر ہوا۔ وہاں سے پھر آپ کا تبادلہ اورنگ آباد ہوا اور کچھ دنوں بعد آپ مزید ترقی کرکے بلدۂ حیدرآباد پہونچ گئے۔ جہاں محکمہ صفائی سے متعلق رہکر شہر کی صفائی اور رونق میں بہت کچھ اضافہ کیا۔ کچھ دنوں محکمہ مالگذاری سے متعلق رہنے کے بعد آپ کو حضرت خواجہ بندہ نواز کی درگاہ میں سماع خانہ کی تعمیر کا کام سپرد ہوا اور اسکے خاتمہ پر آپ صدر مہتمم صفائی بلدہ اور پھر معتمد تعمیرات ہو گئے اور اسی آخر الذکر منصب سے آپ وظیفہ حسن خدمت پر سبکدوش ہوئے۔ دوران ملازمت میں میر صاحب نے اپنی مہارت فن تعمیر اور ہمدردی خلائق کی بہت سی ممتاز یادگاریں چھوڑیں اور بلدہ حیدرآباد کی جہتی سرگرمیوں میں بھی بہت ہی نمایاں اور مفید حصہ لیا۔

کاظم علے باغ، سید۔ آپ میر قاسم علیصاحب جعفری سبزداری ساکن تحصیل کاسگنج

ضلع ایٹہ صوبہ متحدہ کے صاحبزادے ہیں اور آپ کے اجداد شاہان مغلیہ کے دربار سے متوسل تھے جس سے اٹھارہ مواضع کی جاگیر بھی ملی ہوئی تھی جو آپ کے دادا کے بعد منقسم ہو گئی۔ میر قاسم علیصاحب شاعر بھی تھے اور مشہوری تخلص کرتے تھے چنانچہ اسی نسبت سے آپکا تعلق شاہان اودھ کے دربار سے ہو گیا تھا اور سلطنت اودھ کے زوال پر آپ کے خاندان کا ستارہ بھی گردش میں آگیا۔ سید کاظم علیخاں ۱۸۶۶ء میں بمقام علیگڈھ پیدا ہوئے اور وہیں ابتدائی مکتبی تعلیم حاصل کر کے اپنے والد ماجد کے انتقال کے بعد اپنے ماموں کے ساتھ ریاست گوالیار کے قصبہ مندسور میں چلے گئے جہاں فاضل اساتذہ سے درس عربی و فارسی کی تکمیل کی۔ انھیں فضلار کی صحبت نے آپ کے دل میں شاعری کے جذبات بھی پیدا کئے اور اس فن میں آپ نے حضرت داغ دہلوی کو اپنا اُستاد بنایا۔ تعلیم سے فراغت پاکر پہلے گوالیار میں اور پھر رامپور میں ملازمت کی اور پھر گوالیار واپس آئے جہاں کچھ عرصہ ملازم رہکر سرکار انگریزی کے محکمہ پولیس میں منتقل ہو گئے اور مین پوری میں ایک مدت تک متعین رہے۔ بعض ذاتی ضروریات سے آپ اسی اثنار میں بئر تشریف لائے اور یہیں بیمار ہو گئے۔ کچھ دنوں کی بیماری کے بعد آپ نے گتہ داری (ٹھیکہ داری) کا کام شروع کیا اور اسی سلسلہ میں تعلقہ کو بلدہ تشریف لائے جہاں گتہ داری کے علاوہ موٹر سروس کا کاروبار بھی شروع کر دیا۔ اسی سلسلہ میں آپ اسوقت یہاں مقیم ہیں اور اپنی سخن سنجی اور شعر گوئی سے اہل حیدر آباد کو مستفید فرماتے رہتے ہیں۔

کالنس، مسٹر برنارڈ ایبڈی، سی آئی ای، آئی سی ایس۔ آپ ۱۸۸۰ء میں اپنے

وطن انگلستان میں پیدا ہوئے اور میلوں اور بریز نور کالج آکسفورڈ میں تعلیم حاصل کی۔ سنہ۱۹۰۴ء میں آپ سرکار انگریزی کی سول سروس میں داخل ہوئے اور بنگال کے اکثر اضلاع میں نمایاں خدمات انجام دینے کے بعد سنہ۱۹۰۸ء میں آپ سر اینڈریو فریزر لفٹنٹ گورنر بنگال کے پرائوٹ سکرٹیری ہو گئے۔ اسکے ایک ہی سال بعد آپ نے ترقی کا ایک اور زینہ طے کیا اور صوبہ بنگال کے شعبہ تقرر و سیاسیات کے انڈر سکرٹیری بنائے گئے۔ تین سال اس منصب پر خوش اسلوبی سے کام کرنے کے بعد سنہ۱۹۱۲ء میں آپ کا تبادلہ اسی حیثیت میں صوبہ بہار واوڑیسہ کو ہوگیا۔ اور اسکے ایک سال بعد اسی آخرالذکر صوبہ کے رجسٹرار انجمن ہائے اتحادی ہوگئے۔ سنہ۱۹۱۸ء سے سنہ۱۹۱۹ء تک آپ انڈین میونیشن بورڈ میں کنٹرولر معلومات حرفتی کے اہم منصب پر فائز رہے اور سنہ۱۹۲۰ء میں آپ صوبہ بہار واوڑیسہ کے ناظم سررشتہ حرفت ہو گئے اور اس کے تین سال بعد معتمد تعلیمات کے فرائض بھی آپ ہی کو سپرد کردئے گئے۔ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں آپ سنہ۱۹۲۷ء سے داخل ہوئے اور آپکی خدمات حکومت ہند سے بطور صدر ناظم سررشتہ حرفت و تجارت سرکار عالی حاصل کیگئیں۔ اُسوقت سے آپ اس منصب پر فائز ہیں۔ سنہ۱۹۳۲ء میں آپ کی خدمات اعلیٰ کا لحاظ کر کے سرکار عالی نے آپکی ملازمت میں پھر تین سال کی توسیع منظور فرمائی جو ان خدمات کے اعتراف کی بہترین سند ہے۔ مسٹر کالنس نے اپنے دور میں حیدرآباد کی حرفتی اور تجارتی سرگرمیوں میں ایک نئی روح پھونکدی ہے اور محکمہ تجارت و حرفت آپکی اصلاحات اور ترقیوں کے بعد ایک نہایت ہی سرگرم، کارآمد اور ملکی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے والا شعبہ بن گیا ہے +

کشٹماچاری، دیوان بہادر، راجہ۔ آپ کی پیدائش ۱۸۶۷ء میں ہوئی، اور سینٹ جوزفس کالج ترچناپلی میں آپ نے تعلیم پائی، جہاں سے سند لیکر آپ پریسیڈنسی کالج مدراس میں قانونی تعلیم حاصل کرنے داخل ہوئے اور ۱۸۹۰ء میں بی ایل کی سند حاصل کرکے مدراس میں مسٹر ارڈلی نارٹن کی نگرانی میں وکالت شروع کی۔ قانونی نکات پر عبور اور عدالتوں کا عملی تجربہ حاصل کرنے کے بعد مسٹر نارٹن ہی کے مشورہ سے حیدرآباد آئے اور یہاں چند ہی سال کی پریکٹس میں آپ سرکردہ وکلا میں شمار ہونے لگے، اور قریب قریب ہر بڑے مقدمہ میں آپ کی شرکت یا مشورہ کی خواہش ہونے لگی۔ ۱۹۰۴ء میں آپ علاقہ ریزیڈنسی کے سرکاری وکیل اور پبلک پرازیکیوٹر مقرر ہوئے اور اس کے پانچ سال بعد سرکار عالی کی سلک ملازمت میں بطور ایڈوکیٹ جنرل و مشیر قانونی داخل ہوئے اور اسی کے ساتھ مجلس وضع قوانین کے غیر معمولی معتمد کے فرائض آپ کو سپرد کئے گئے۔ ۱۹۱۳ء میں آپ مجلس وضع قوانین کے مستقل معتمد و مشیر قانونی ہوگئے اور اسی کے ساتھ جوڈیشل کمیٹی کے فرائض بھی آپ انجام دینے لگے جو اس زمانہ میں انگلستان کی جوڈیشل کمیٹی کے ہم پلہ ہوگئی تھی۔ اس سلسلہ میں مسٹر کشٹماچاری کو وضع قوانین کے سلسلہ میں اپنی قابلیت و ذہانت نمایاں کرنے کا کافی موقعہ حاصل ہوا۔ اور ان اہم فرائض کو آپنے اس خوش اسلوبی سے انجام دیا کہ پیشگاہ خسروی سے ایک سے زیادہ مرتبہ آپ کی میعاد ملازمت میں توسیع کی گئی۔ ۱۹۲۴ء میں آپ نمایاں خدمات کا ریکارڈ دے کر وظیفہ حسن خدمت پر سبکدوش ہوئے ؁

کشن پرشاد، مہاراجہ بہادر، یمین السلطنۃ، کے سی آئی ای جی سی آئی ای، راجہ راجایان

ہزاکسلنسی راجہ سر آپ امرائے حیدرآباد کے اُس خاندان سے تعلق رکھتے ہیں جو انصرام امور سلطنت میں تاجداران آصف جاہی کا ایک مدت سے دست راست رہا ہے اور جسکی ممتاز خدمات ملک و مالک کے لئے تاریخ حیدرآباد کے اوراق زریں میں شمار ہوتی ہیں۔ یہ خاندان دراصل مملکت آصفیہ ہی کی تاریخ میں نہیں بلکہ شاہان مغلیہ کی تاریخ میں بھی نمایاں جگہ حاصل کرچکا ہے۔ آپ کا سلسلہ نسب راجہ ٹوڈرمل تک پہونچتا ہے جو دربار اکبری کے نورتن میں شامل تھے اور جنکا نظام بندوبست آج بھی ہندوستان میں قابل تقلید سمجھا جارہا ہے۔ اسی طرح مہاراجہ چندولعل جنکے آپ جانشین ہیں حیدرآباد کے ممتاز ترین وزرا میں شمار کئے جاتے ہیں بلکہ ان کی شہرت کا یہ عالم تھا کہ ایک مدت تک برطانوی ہند میں حیدرآباد کو حیدرآباد سندھ سے ممتاز کرنے کے لئے عام لوگ "چندولعل کا حیدرآباد" کہتے رہے۔ آپ راجہ راجان ہری کشن بہادر کے اکلوتے فرزند اور نرائن پرشاد نریندر بہادر کی اکلوتی صاحبزادی کے لخت جگر ہیں اور ۱۳۰۹ھ میں بلدہ حیدرآباد میں پیدا ہوئے۔ تعلیم و تربیت آپ نے اپنے نانا کے آغوش عاطفت میں پائی اور اُن کے انتقال پر حسب فرمان خسروی اُن کے جانشین بھی آپ ہی قرار پائے۔ مدرسہ عالیہ میں داخل ہونیسے قبل ہی آپ نے خانگی طور پر فارسی، عربی، انگریزی، گورمکھی، سنسکرت، مرہٹی، تلنگی وغیرہ میں مہارت حاصل کرلی تھی، اور اکثر زبانوں میں بے تکلف گفتگو کرتے تھے۔ سنہ ۱۳۲۱ھ میں جب آپ تعلیم سے فارغ ہوئے تو حضرت غفران مکان کی بارگاہ سے آپ کو موروثی خدمت پیشکاری اور خطابات راجہ راجایان مہاراجہ بہادر سے سرفرازی بخشی گئی اور چند ہی ماہ بعد آپ وزارات فوج کے منصب جلیلہ پر

فائز کئے گئے۔ ۱۳۱۵ھ میں آپ مجلس امرار کے رکن بنائے گئے اور ۱۳۱۹ھ میں مدار المہامی کے منصب پر منصرمانہ تقرر ہوا جسپر ۱۳۲۰ھ میں آپ مستقل کردئے گئے اور دس سال کی نمایاں اور قابل قدر خدمات کے بعد ۱۳۳۰ھ میں استعفیٰ دیکر سکبدوش ہوئے۔ لیکن چند ہی سال بعد مملکت آصفیہ کو پھر آپ کی خدمات کی ضرورت ہوئی اور ۱۳۴۲ھ میں آپ کو صدر اعظم کا منصب تفویض ہوا جسپر آپ اسوقت تک قایم ہیں۔ آپ کی ذاتی خصوصیات اور اخلاقی خوبیاں اسقدر ہیں کہ اس محدود گنجایش میں شمار نہیں کیجا سکتیں۔ تاہم حسن خلق، علم و فن کی قدر دانی، مروّت، سخاوت، رواداری وغیرہ میں مہاراجہ بہادر کا دربار امرائے سلف کی یاد تازہ کرتا ہے اور درحقیقت حیدرآباد میں آپ ہی کی ذات سے امرار کی یہ قدیم روایات قایم ہیں۔ آپ خود ایک خوش گو شاعر اور دقیق النظر مصنف ہیں، اور اسلیئے اہل علم کی آپ کے دربار میں خاص قدر افزائی ہوتی ہے۔ راقم سطور ہذا نے جسوقت حاضر ہو کر اپنے چند ٹوٹے پھوٹے اشعار پیشکش کئے تو مہاراجہ بہادر نے اس فیاضی کے ساتھ داد دی کہ شعر پڑھنے والا محجوب ہو گیا۔ یوں تو آپ ہر صنف سخن میں فکر فرماتے ہیں لیکن آپ کے نعتیہ اشعار کو خاص شہرت و قبولیت حاصل ہے۔ آپ کی مذہبی رواداری کا یہ عالم ہے کہ آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر تمام مذہبی امتیازات فراموش ہو جاتے ہیں۔ آپ کے محلات میں ہندو اور مسلمان دونوں شامل ہیں اور آپ کے صاحبزادگان اپنی ماؤں کے مذہب پر ہیں اور اسی مناسبت سے ان کے نام رکھے جاتے ہیں اور مراسم تربیت و پرورش ادا ہوتے ہیں اور عقد و نکاح انجام پاتے ہیں۔ اسطرح آپ کی ذات ہندو مسلم اتحاد کا

ایک بہترین نمونہ ہے اور آپ کے اخلاق، عادات اور انداز گفتگو مذہبی رواداری کی اعلےٰ ترین مثال ہے۔ آپکا خاندانی اعزاز سرکار انگریزی میں بھی مسلم ہے جس سے آپ کو جی سی آئی ای کا خطاب عطا ہوا جو والیان ریاست کے لئے مخصوص ہے۔ اور بحیثیت صدر اعظم آپ حکام انگریزی کی طرف سے ہز اکسلنسی سے مخاطب کئے جاتے ہیں جو وزرائے دول آزاد کے لئے استعمال ہوتا ہے *

کور لا والا، ڈاکٹر آر این۔ آپ حیدر آباد کے نامور اور مایہ ناز ڈاکٹروں میں سے ہیں اور عثمانیہ جنرل اسپتال کی مہتمی کے اہم منصب پر سرفراز ہیں۔ پیدائش آپ کی ۱۲۹۱ سنہ ف میں بمقام ستارا ہوئی اور ہندوستان میں اعلےٰ علمی اور طبی تعلیم سے فراغت پاکر آپ ولایت تشریف لیگئے اور وہاں ایک مدت تک مختلف یونیورسٹیوں میں آپ طبی تعلیم و تربیت حاصل کرتے رہے۔ چنانچہ لنڈن یونیورسٹی سے آپ نے ایف آر سی پی اور ایل آر سی پی کی ڈگریاں حاصل کیں، اور کیمبرج یونیورسٹی سے ڈی پی ایچ کی اور اڈنبرا یونیورسٹی سے ایس آر سی ایس کی ڈگریاں نمایاں کامیابی کے ساتھ حاصل کیں۔ ہندوستان واپس آکر آپ ۱۳۲۰ سنہ ف میں بحیثیت اسسٹنٹ ہاؤس سرجن شفاخانہ افضل گنج سرکار عالی کی ملازمت میں داخل ہوئے اور اپنی اعلیٰ قابلیت اور مستعدی سے دو ہی سال کے اندر مستقل سول سرجن اور اسسٹنٹ ہاؤس سرجن ہو گئے۔ اور ۱۳۳۰ سنہ ف میں آپ سول سرجن اور مہتمم شفاخانہ افضل گنج کے منصب پر فائز کئے گئے۔ یہی شفاخانہ افضل گنج جب وسعت پاکر نئی عالیشان عمارت میں آیا اور عثمانیہ جنرل اسپتال کے نام سے موسوم ہوا تو مسٹر کور لا والا اپنی قابلیت و تجربہ کے لحاظ سے اس کی مہتمی

پر بحال رکھے گئے اور اس شفاخانہ کی ترقی و توسیع میں جو آجکل ہندوستان کے سب سے بڑے اور بہترین ساز و سامان رکھنے والے شفاخانوں میں شمار ہوتا ہے ڈاکٹر کورلا والا نے نمایاں حصہ لیا۔ آپ اپنے منصبی فرائض کے علاوہ شہزادگان و خاندان شاہی کا علاج بھی بطور خاص کرتے ہیں اور اپنی علاج و تشخیص کی مہارت کی وجہ سے دور دور تک مشہور ہیں ۔

کیقباد پستنجی منشی۔ آپ حیدرآباد کے ایک ممتاز پارسی خاندان کے رکن ہیں اور ۱۲۹۰ف میں اسی سرزمین پر پیدا ہوئے۔ اور بی اے تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ ۱۳۱۸ف میں سرکار عالی کی ملازمت میں داخل ہوئے اور اپنی قابلیت اور کارگذاری سے ترقی کرتے کرتے ۱۳۲۶ف میں آپ مہتمم کوتوالی ضلع پربھنی ہو گئے۔ ۱۳۳۷ف تک آپنے اسی حیثیت سے ضلع پربھنی اور ضلع اطراف بلدہ صرف خاص مبارک میں کام کیا، اور اپنی کارگذاری اور قابلیت سے حکام اعلیٰ کی نگاہوں میں امتیاز حاصل کر لیا اور خاص کر نواب محمد نواز جنگ بہادر صدر ناظم کوتوالی اضلاع آپ کی بہت قدر کرنے لگے۔ چنانچہ آخرالذکر سال میں آپ کو سررشتہ سیاسیات میں ترقی کے ساتھ منتقل کیا گیا اور چار سال تک آپ نے پہلے منصرمانہ طور پر اور پھر مستقلاً مددگار معتمد سیاسیات کی حیثیت سے نمایاں خدمات انجام دیں ۱۳۴۱ف میں آپ کو نائب معتمد کے منصب پر ترقی ملی اور اسی حیثیت سے اسوقت تک آپ کارگذار ہیں۔ مسٹر کیقباد علاوہ زبان انگریزی کے اُردو اور فارسی میں بھی اعلیٰ قابلیت رکھتے ہیں اور دونوں زبانوں میں فکر سخن کرتے ہیں۔ آپ نہایت ہی خوش خلق اور ملنسار ہیں اور حیدرآباد کی سوسائٹی میں کافی رسوخ آپ کو حاصل ہے ۔

گاملن، آر ایل۔ آپ کا شمار اُن انگریزوں میں ہے جو سرکار عالی کی وفادارانہ ملازمت میں اپنی عمر کا بہترین حصہ صرف کر چکے ہیں اور اعتماد و ذمہ داری کے منصب پر فائز ہیں۔ ولادت آپکی ۱۲۸۳ف میں اپنے وطن انگلستان میں ہوئی اور وہیں آپنے مکتبی تعلیم سے فراغت پاکر الیکٹرک انجینیری کے کام کی تربیت حاصل کی اور عملی تجربہ حاصل کیا۔ ۱۳۱۸ف میں آپ سرکار عالی کی ملازمت میں بحیثیت ناظم دارالضرب و مہتمم کاغذ ممہور (منٹ ماسٹر و سپرنٹنڈنٹ اسٹام) داخل ہوئے اور ان شعبوں کے ذمہ داری اور اعتماد کے فرائض کو اسوقت تک نہایت ہی قابلیت و استعداد کے ساتھ انجام دے رہے ہیں ۱۳۲۶ف میں محکمہ برقی کے قیام پر آپ کو اس محکمہ کی نظامت کے فرائض بھی دارالضرب اور کاغذ ممہور کے فرائض کے ساتھ تفویض ہوئے اور اسطرح بلدہ حیدرآباد کی روشنی اور دولت گویا آپ ہی کی حسن خدمات کی رہین منت ہے۔

گیرراؤ بہادر، راجہ۔ آپ امرائے حیدرآباد کے سرکردہ خاندان کے رکن ہیں اور ۱۲۷۰ف میں بمقام بلدہ حیدرآباد پیدا ہوئے۔ ابتدائی اور اعلیٰ تعلیم کے مدارج طے کرنے کے بعد آپ نے پلیڈری کا امتحان درجہ اوّل میں پاس کا اور سرکار عالی کی عدالتوں میں پریکٹس شروع کردی اور اپنی استعداد و ذہانت سے چند ہی سال میں بلدہ حیدرآباد کے ممتاز وکلا میں شمار ہونے لگے یہانتک کہ ۱۳۳۶ف میں جب عدالت عالیہ کی رکنیت کے لئے ایک قابل اور متدین ماہر قانون کی تلاش ہوئی تو آپکی قانونی استعداد اور خاندانی اعزاز کو دیکھتے ہوئے نظر انتخاب آپ ہی پر پڑی اور بذریعہ فرمان خسروی آپ کا تقرر عمل میں آیا۔ اُسوقت سے آپ اس اہم منصب کے فرائض نہایت ہی قابلیت سے انجام دے رہے ہیں اور بنچ اور بار دونوں میں

ہردلعزیز ہیں۔ پہلے آپ کا تقرر صرف تین سال کے لئے ہوا تھا لیکن اس اثنار میں
آپ نے اپنی کارگذاری سے مزید دو سال کی توسیع کا حق پیدا کر لیا اور پھر اس مدت
کے اختتام پر آپ کو مکرر توسیع دیگئی۔ جو آپ کی اعلیٰ قابلیت اور تدین کا بہترین ثبوت
ہے۔ سرکار عالی سے آپ کی حسن خدمات کے صلہ میں آپ کو راجہ اور بہادری کا
خطاب بھی عطا کیا گیا اور اپنے منصب کی مصروفیتوں کے باوجود آپ حیدرآباد کی
جملہ تحریکوں میں نمایاں حصہ لیتے ہیں اور ہر طبقہ میں ہردلعزیز ہیں +

لطف الدولہ بہادر، نواب۔ آپ کا شمار حیدرآباد کے امرائے پائیگاہ میں ہے
اور نواب شمس الملک ظفر جنگ بہادر آپ کے دادا تھے جو اپنے وقت میں دولت آصفیہ
کی وزارت عظمےٰ کے فرائض شاندار کارناموں کے ساتھ انجام دے چکے تھے اسلئے
موجودہ جانشین خاندان کو صدر المہامی کی خدمت سپرد کر کے اعلیٰ حضرت جہاں پناہ
نے ایک قدیم جاں نثار حکومت خاندان کی سابقہ خدمات کا شاہانہ اعتراف فرمایا
اور حقدار کو اُسکا حق پہونچا کر انصاف و تدبر کا بہترین ثبوت دیا۔ محمد لطف الدین خان
لطف الدولہ بہادر ۱۳۰۰ھ میں اپنے وطن بلدہ حیدرآباد میں پیدا ہوئے اور اپنے
جد نامدار کے آغوش عاطفت میں پرورش پائی۔ اور امرائے حیدرآباد کے دستور
کے مطابق فاضل اساتذہ سے علوم مشرقی و مغربی کی تعلیم حاصل کی۔ ۱۳۲۲ھ
میں نواب شمس الملک بہادر کے انتقال پر آپ اپنی آبائی جاگیر پر حسب فرمان مبارک
متصرف ہوئے اور نواب سر خورشید جاہ بہادر کے علاقہ کی نگرانی بھی آپ ہی
کو سپرد کیگئی۔ ان دونوں جاگیروں کے انتظام اور اصلاح و ترقی میں آپ نے
نمایاں ذہانت قابلیت و معاملہ فہمی کا ثبوت دیا۔ اور چند ہی سال کے اندر

نظم ونسق اور حساب کتاب کو زمانہ حال کے اعلیٰ ترین اصول پر قایم کر دیا۔ ۱۳۳۰ھ تک پائیگاہ خورشید جاہ بہادر کا انتظام آپ کے سپرد رہا اور اسکے بعد آپ نے اپنی ساری توجہ خود اپنی موروثی جاگیر کی طرف مبذول کر دی۔ حضور پُر نور کے تخت سلطنت پر جلوہ افروز ہوئے پر آپ کے اعزازات میں مزید اضافہ ہوا اور اس کے ایک سال بعد ۱۳۳۲ھ میں نواب لطافت جنگ اور پھر ۱۳۴۱ھ میں لطف الدولہ بہادر کے خطابات سے آپ کو سرفراز کیا گیا۔ ۱۳۳۹ھ میں آپ صدر المہام فوج کے منصب پر سرفراز کئے گئے اور باب حکومت کے قیام پر آپ کو اسکا رکن بھی بنایا گیا۔ کچھ دنوں بعد صدر المہامی فوج سے صیغہ جات طبابت و علاج حیوانات بھی متعلق کر دئے گئے۔ اس منصب پر چندے کام کرنے کے بعد آپ صدر المہامی تعمیرات پر منتقل کئے گئے اور ۱۳۴۰ھ میں آپ عدالت و امور مذہبی کے صدر المہام ہوئے جس پر اسوقت تک قایم ہیں۔ نواب صاحب امرائے حیدر آباد کی روایات قدیم کے مطابق حسن اخلاق اور حسن سلوک میں خاص امتیاز رکھتے ہیں۔ اور علم و فن کی فیاضانہ قدر دانی کرتے ہیں۔ خود بھی شعر گوئی سے ذوق فرماتے ہیں اور لطف تخلص کرتے ہیں۔

لطیف یار جنگ بہادر، نواب۔ مولوی محمد عبد اللطیف خاں لطیف یار جنگ بہادر ایک قدیم اور مشہور افغانی خاندان کے فرد ہیں۔ آپ ۱۲۷۰ھ میں لوہاری ضلع مظفر نگر میں پیدا ہوئے اور اپنے وطن اسلام نگر ضلع سہارنپور میں تعلیم پائی۔ چودہ سال کے سن میں آپ قصبہ رامپور منہاراں گئے اور وہاں درس نظامیہ کی تکمیل کی۔ ۱۲۹۰ھ میں آپ حیدر آباد آئے اور دار العلوم میں تکرار درس کر کے سند فضیلت حاصل کی، اور پھر وکالت درجہ اوّل اور صیغہ مال کے امتحانات پاس کئے۔ ۱۲۹۱ف میں آپ کا

تقرر سرکار عالی کے محکمہ صدر محاسبی میں ہوا جہاں نو سال تک آپ قابلیت کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیتے رہے۔ ۱۳۰۷ھ میں آپ نواب وقار الامراء کی روبکاری میں پیشکار ہو گئے اور پھر تعلقہ سنگاریڈی میں تحصیلداری کے عہدہ پر آپ کو تعینات کیا گیا۔ ۱۳۱۰ھ میں آپکی خدمات پائیگاہ نواب وقار الامراء میں منتقل کر دی گئیں اور اس اثناء میں آپ نے تعلقہ داری کا امتحان پاس کر لیا تو صیغہ آبکاری کی دوم تعلقہ داری پر آپ کا تقرر ہو گیا اور اس کے سات سال بعد آپ مستقل تعلقہ دار آبکاری ہو گئے۔ ۱۳۲۳ف میں صیغہ آبکاری کی تنظیم جدید پر آپ کو منصب نظامت پر سرفراز کیا گیا اور اسی منصب پر آپ وظیفہ حسن خدمت پانے تک برقرار رہے۔ اس دور میں آپ نے محکمہ آبکاری کی ترقی و اصلاح کر کے سرکار عالی کے مالیہ میں قرار واقعی اضافہ کر دیا اور اسی کے ساتھ منشیات کے استعمال میں بھی غیر معمولی کمی ہو گئی۔ شراب کی بھٹیاں جو ہر طرف بکثرت نظر آتی تھیں توڑ دی گئیں اور جو باقی رہیں ان پر سخت سرکاری نگرانی قائم کر دی گئی بلکہ بعض بھٹیاں براہ راست سرکاری انتظام میں لے کر اُن میں انگریزی ادویہ اور عطریات کی تیاری کا کام بھی جاری کر دیا گیا۔

لقاء اللہ عثمانی، مولانا۔ آپ ممالک متحدہ کے ایک معزز خاندان کے رکن ہیں اور اپنے وطن ہی میں پیدا ہو کر حسب معمول ابتدائی مکتبی تعلیم اور عربی و فارسی کے علوم حاصل کیے اور اپنے فطری جذبات خدمت قومی کے بموجب مختلف سیاسی اور غیر سیاسی تحریکات میں کام کرتے رہے جسکے سلسلہ میں آپ کو قید و بند کی صعوبات سے بھی دوچار ہونا پڑا۔ ۱۹۲۷ء میں آپ نے مرکزی خلافت کمیٹی کی طرف سے ممالک دکن کا دورہ کیا اور حیدرآباد کی کشش نے آپ کی سرگرمیوں کا مستقر اسی

طرف منتقل کر دیا۔ سب سے پہلے ۱۹۲۸ء میں مولانا شوکت علی صاحب نے حیدرآباد میں ایک مدرسہ شبینہ جاری کر کے اسکی نگرانی آپ کے سپرد کی اور پھر جب مولانا شوکت علی نے اس مدرسہ سے قطع تعلق کر لیا تو آپ بطور خود اسے چلانے لگے اور اسی قسم کے مدارس بلدہ کے دیگر محلوں میں اور نیز اکثر اضلاع میں جاری کر کے مدارس شبینہ کی تحریک کو مستقل بنیاد پر قایم کر دیا اور آج اس تحریک کے ماتحت متعدد مدارس جاری ہیں جنمیں غریب اور نادار مزدور پیشہ طبقہ کے لوگوں کو ابتدائی مذہبی اور علمی تعلیم دیجاتی ہے اور حسب استطاعت کتابیں وغیرہ بھی مفت دیجاتی ہیں۔ مولانا صاحب نہایت ہی دردمند مسلمان ہیں اور قوم کی خدمت کا پُرجوش جذبہ رکھتے ہیں +

لینل، مس جی ایم۔ آپ انگلستان کی ایک مشہور ماہر تعلیم خاتون ہیں اور ۱۳۰۵ف میں اپنے وطن ہی میں پیدا ہوئیں اور تعلیم کے اعلیٰ ترین مدارج طے کئے۔ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں آپ ۱۳۲۶ف میں بحیثیت مددگار محبوبیہ گرلز اسکول داخل ہوئیں اور اپنی قابلیت اور کارگزاری سے ترقی کرتے کرتے ۱۳۲۹ف مددگار پرنسپل مدرسہ مذکور کے منصب پر ترقی پائی۔ اس کے ایک سال قبل آپ کچھ دنوں کے لئے پرنسپلی کی خدمات منصرمانہ طور پر انجام دیچکی تھیں اور ۱۳۴۰ف میں جب پرنسپلی کی مستقل جائداد خالی ہوئی تو اس منصب اہم کے لئے آپ ہی کا انتخاب عمل میں آیا چنانچہ اُسوقت سے آپ نہایت ہی قابلیت اور خوش اصلوبی کے ساتھ اپنے فرائض کو انجام دے رہی ہیں اور آپ کے حسن انتظام کے بدولت اس درسگاہ کو روز افزوں ترقی حاصل ہو رہی ہے۔ اس درسگاہ میں حیدرآباد

کے طبقہ امرا کی لڑکیاں تعلیم پاتی ہیں اور صدر المہام باب حکومت اور مہاراجہ یمین السلطنت بہادر تک کی امیرزادیاں یہیں زیر تعلیم ہیں۔ ان کے علاوہ بڑے بڑے امرا اور جاگیرداروں کی صاحبزادیاں یہیں حصول علم کے لئے حاضر ہوتی ہیں۔ اس بنا پر اس درسگاہ کو حیدرآباد کی علمی درسگاہوں میں نمایاں اہمیت حاصل ہے اور مس لینسل اپنی قابلیت اور حسن انتظام سے اسکی قیادت کی اہلیت کا کافی ثبوت دیچکی ہیں۔

مجیب احمد تمنائی۔ آپ حکیم مشتاق احمد صاحب انصاری کے صاحبزادے ہیں اور ۱۸۶۹ء میں اپنے وطن سہارنپور میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد معزول والی ٹونک نواب محمد علیخاں کے طبیب خاص تھے اور اُنھیں کے ہمراہ بنارس میں رہتے تھے، مولوی مجیب احمد صاحب بھی ابتدائی اسباق کی تربیت لکھنؤ میں حاصل کر کے بنارس گئے، اور اپنے والد سے عربی اور علم طب کی کتابیں پڑھیں۔ جسکے بعد آپکے ماموں مولوی محمد ذکریا نے آپ کو حیدرآباد بلاکر گرامر اسکول میں انگریزی تعلیم کے لئے داخل کرایا جہاں آپنے میٹرک تک طے کیا اور پھر مدرسہ طبی میں ڈاکٹری تعلیم کیلئے داخل ہوئے لیکن تھوڑے ہی دن بعد آپ سرسید مرحوم کی فرمایش پر علیگڈھ گئے اور وہاں انگریزی تعلیم کی تکمیل کی۔ علیگڈھ سے واپس آکر آپ سرکار عالی کے محکمہ بندوبست میں مترجمی کی جگہ پر مامور ہو گئے۔ اور پھر محکمہ جنگلات، فینانس اور دفتر مجلس وضع آئین و قوانین کے مختلف مدارج پر ترقی کرتے ہوئے آپ صدر المہام فینانس کی ماتحتی میں پہونچ گئے جنھوں نے آپکی ذہانت و قابلیت کی قرار واقعی قدر کی۔ تمنائی صاحب کو ادبی ذوق زمانہ طالبعلمی ہی میں پیدا ہو گیا تھا اور اُسی وقت سے آپ کے مضامین ملک کے سربرآوردہ جرائد میں شایع ہونے لگے

تھے۔ ۱۸۹۴ء میں آپ نے خود ایک رسالہ "سحر البیان" کے نام سے نکالا لیکن ملک کی سرد مہری سے یہ سرسبز نہ ہو پایا۔ متعدد ادبی اور علمی مضامین کے علاوہ آپ کئی کتابوں کے بھی مصنف ہیں۔ اور خاصکر رپورٹ مردم شماری کا ترجمہ آپ کی ایک مستقل یادگار ہے۔

محمد ابراہیم، سید۔ آپ کا وطن اصلی رائے بریلی ہے، لیکن آپ کے والد ماجد سید حمید الدین صاحب رعنا ریاست ٹونک میں بسلسلہ ملازمت مقیم تھے۔ چنانچہ وہیں ۱۳۱۰ف میں آپ پیدا ہوئے اور اپنے والد کے آغوش عاطفت میں تعلیم و تربیت حاصل کی۔ لیکن ابتدائی تعلیم کا زمانہ ختم نہ ہوا تھا کہ آپ کے والد ماجد کا انتقال ہو گیا اور آپ کو سلسلہ تعلیم جاری رکھنے کے لئے بھوپال جانا پڑا جہاں ڈیڑھ سال تک مقیم رہنے کے بعد دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ میں نام لکھایا اور پھر لاہور جاکر اورینٹل کالج سے مولوی فاضل اور منشی فاضل کے امتحانات پاس کئے۔ ۱۹۱۵ء میں میٹریکیولیشن کا امتحان پاس کر کے اسلامیہ کالج لاہور میں انگریزی کی اعلےٰ تعلیم شروع کی اور ۱۹۲۰ء تک بی اے اور ایم اے کے امتحانات میں کامیابی حاصل کر لی۔ زمانہ طالب علمی ہی میں آپ کو مضمون نویسی اور خاصکر ترجمہ نگاری کا شوق پیدا ہو گیا تھا اور لاہور کے قیام کے دوران میں آپ "زمیندار" و "آفتاب" میں عربی، فارسی اور انگریزی کے تراجم کرتے رہے۔ اسی اثنا میں آپ نے بلاذری کی فتوح البلدان کا ترجمہ اردو زبان میں کیا۔ ۱۳۲۷ف میں آپ حیدر آباد آکر سرکار عالی کے محکمہ تعلیم میں ملازم ہوئے اور ورنگل ہائی اسکول میں آپ کا تقرر ہوا۔ اس کے ڈیڑھ سال بعد آپ میدک ہائی اسکول میں مددگار اول

صدر مدرس ہو گئے اور پھر ۱۳۳۰ف میں آپ کو دار الترجمہ جامعہ عثمانیہ کے شعبہ تراجم عربی میں منتقل کیا گیا جہاں چند ہی سال کے بعد آپ سینیر گریڈ میں ترقی پا گئے۔ آپ کے تراجم میں تاریخ طبری اور احکام السلطانیہ خاص طور پر قابل لحاظ ہیں۔

محمد احمد، مولوی۔ مملکت حیدرآباد دکن کے ناظم ٹپہ خانہ جات (پوسٹ ماسٹر جنرل) مولوی محمد احمد صاحب ممالک متحدہ آگرہ و اودھ کے ایک نامور اور معزز خاندان کے فرد ہیں اور اس محکمہ کے کاموں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ آپ کا وطن اصلی ضلع میرٹھ ہے اور آپ کے اجداد سلطنت مغلیہ کی نمایاں خدمات انجام دے چکے ہیں۔ آپ ہی کے خاندان کے ایک رکن نواب مشتاق حسین خاں وقار الملک بھی تھے جن کے نام سے آج ہندوستان کا بچہ بچہ واقف ہے۔ اس خاندان کے سرگروہ نواب عظیم اللہ خاں صاحب کو آج بھی انگریزی حکومت سے نوابی کا خطاب حاصل ہے۔ مولوی محمد احمد صاحب ۱۲۹۱ف میں اپنے وطن میرٹھ میں پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم گھر پر حاصل کر کے مدرسۃ العلوم علیگڈھ میں اعلیٰ مدارج طے کئے۔ ۱۳۱۰ف میں آپ محکمہ ٹپہ سرکار عالی میں بحیثیت مہتمم (سپرنٹنڈنٹ) داخل ہوئے اور اپنی قابلیت اور حسن انتظام سے ترقی کرتے کرتے نو سال کے اندر ہی نائب ناظم (ڈپٹی پوسٹماسٹر جنرل) کے عہدہ پر پہونچ گئے اور ۱۳۴۰ف میں مسٹر رستم جی چینائی پوسٹماسٹر جنرل کے وظیفہ یاب ہونے پر آپ کو نظامت کا منصب جلیلہ حاصل ہو گیا۔ مولوی محمد احمد صاحب نے اپنی گذشتہ ۲۹ سالہ ملازمت کے دوران میں جو نمایاں خدمات انجام دی ہیں اُنکی تفصیل طویل ہے۔ لیکن اسقدر اظہار ضروری ہے کہ اہم اور

نازک مواقع پر محکمہ کے مستعد اور معتمد حاکم کی جب کبھی تلاش ہوئی تو نظر انتخاب مولوی محمد احمد صاحب ہی پر پڑی۔ سررشتہ ٹپہ میں جو اصلاحات آپ نے کیں اکمیں روشن ترین جدید نمونہ کے ٹکٹوں کا رواج ہے جو حسن و خوبی میں انگریزی ٹکٹوں سے بدرجہا بہتر ہیں +

محمد حسین جعفری، سید۔ آپ سید یاور علیخاں جاگیردار و منصبدار کے صاحبزادے ہیں اور آپ کے جد اعلیٰ حکیم میر جعفر علیخاں مہاراجہ چندولال کے عہد وزارت میں اُن کے طلب پر حیدرآباد آئے تھے، اور یہیں منصب و جاگیر سے سرفراز ہوکر وطن اختیار کرلیا۔ سید محمد حسین جعفری ۱۲۹۷ف میں اپنے وطن بلدہ حیدرآباد میں پیدا ہوئے اور اپنے دادا نواب باقر نواز جنگ بہادر کے سایہ عاطفت میں تعلیم و تربیت حاصل کی۔ ابتدائی درسی کتب عربی و فارسی ختم کرکے آپ نے مدرسہ عالیہ سے میٹریکیولیشن پاس کیا اور پھر انگلستان جاکر آکسفورڈ یونیورسٹی میں داخل ہوئے جہاں سے بی اے کی ڈگری حاصل کی۔ انگلستان سے واپس آکر آپ سرکار عالی کے سررشتہ تعلیمات میں ملازم ہوگئے اور مددگار ناظم کی حیثیت سے آپ کا تقرر ہوا۔ ڈیڑھ سال بعد آپ صدر مدرس مدرسہ فوقانیہ ہوگئے اور اس حیثیت سے ورنگل اور اورنگ آباد میں سات سال تک اپنی اعلیٰ قابلیت سے نوجوان پود کو نفع پہونچاتے رہے۔ اس کے بعد آپ مہتمم تعلیمات ضلع عثمان آباد اور پھر صدر مہتمم تعلیمات (ڈویژنل انسپکٹر آف اسکولس) صوبہ میدک ہوگئے اور ان دونوں حیثیتوں میں ساڑھے چار سال صرف کئے۔ اسی اثناء میں خان فضل محمد خاں صاحب کے پنجاب واپس جانے پر آپ کو نائب ناظم تعلیمات کے منصب پر ترقی ملی، اور نواب مسعود یار جنگ بہادر جب سیاحت جاپان کیلئے رخصت پر گئے تو اُنکی جگہ آپ نے منصرمانہ ناظم کی خدمات بھی انجام دیں۔ نواب مسعود یار جنگ بہادر

کے بعد جب خان فضل محمد خاں ناظم تعلیمات ہوئے تو آپ بدستور اپنے منصب نائب ناظم کے عہدہ پر کام کرتے رہے جس پر آپ اسوقت تک قائم ہیں۔ سید صاحب باوجود اپنے عہدہ کی مصروفیتوں کے اپنا کافی وقت کتب بینی پر صرف کرتے ہیں، اور خاصکر کتب عربی اکثر آپ کے مطالعہ میں رہتی ہیں۔ اور اس مطالعہ کا نتیجہ اکثر فاضلانہ مضامین، خطبات اور کتب کی شکل میں ظاہر ہوتا رہتا ہے۔ کچھ دنوں تک آپ نے رسالۂ "المعلم" کی ایڈیٹری بھی کی جو طبقۂ معلمین میں بہت مقبول ہوا ؛

محمد ضامن کنتوری، سید۔ آپ کا وطن اصلی اودھ کے ایک مشہور قصبہ کنتور ضلع بارہ بنکی میں ہے اور آپ کے والد مولوی سید محمد کاظم حبیب ایک فاضل ادیب اور خوشگو شاعر تھے۔ سید صاحب کی والدہ ماجدہ بھی علوم عربی و فارسی میں مہارت تامہ رکھتی تھیں، اور ایسے والدین کے آغوش عاطفت میں پرورش پاکر سید صاحب کا علم و فضل اور شاعری میں یگانہ روزگار نہ ہونا تعجب خیز ہوتا لیکن سید صاحب نے گھر ہی کی تعلیم پر اکتفا نہیں کی بلکہ کنتور، لکھنؤ اور حیدرآباد کے مشاہیر علماء کے سامنے بھی زانوئے ادب تہ کیا۔ اور اس سلسلہ تعلیم کی تکمیل کا سہرا مولوی محمد اعظم صاحب چڑیا کوٹی جیسے جید اور متبحر فاضل کے سر رہا۔ علوم مشرقی کی کماحقہ تکمیل کے بعد آپ نے علوم مغربی کی طرف توجہ کی اور ممالک متحدہ اور حیدرآباد میں ایک مدت تک انگریزی کی تحصیل میں لگے رہے۔ میٹریکیولیشن کا امتحان آپنے علیگڈھ سے پاس کیا اور ایف اے میں داخل ہوئے لیکن صحت نے مساعدت نہ کی اور ترک تعلیم کر کے حیدرآباد آگئے جہاں کی مجالس ادب نے آپ کو سر آنکھوں پر بٹھایا۔ کچھ دنوں نواب محبوب یار جنگ بہادر کے ماتحت علاقہ صرفخاص سے متعلق رہنے کے بعد آپ کو نواب عماد الملک بہادر نے

محکمہ تعلیم میں بلالیا، اور اس محکمہ میں چند سال تک مختلف حیثیتوں سے کام کرنے کے بعد ۱۳۲۵ف میں آپ دارالطبع سرکارِ عالی کی منتظمی پر مامور ہوگئے اور یہیں سے وظیفہ حسن خدمت حاصل کیا۔ متعدد معرکہ آرا ادبی مضامین نظم و نثر کے علاوہ بعض مستقل تصانیف بھی سید صاحب کی یادگار ہیں اور خاص کر انگریزی نظموں کا اُردو نظم میں ترجمہ جسکا مجموعہ ارمغان فرنگ کے نام سے شایع ہوکر مقبول عام ہوچکا ہے سید صاحب کا امتیازی کارنامہ ہے جس پر آپ ملک کے مشاہیر اہل قلم سے داد حاصل کر چکے ہیں۔

مرزا یار جنگ بہادر، نواب جٹس۔ آپ میر مجلسی عدالت العالیہ حیدرآباد پر مامور ہونے سے پہلے مرزا سمیع اللہ بیگ کے نام سے پیشہ وکالت اور ملکی و قومی تحریکات کی سربراہی میں کافی شہرت و مقبولیت حاصل کر چکے تھے، اور جس وقت آپ مسٹر عبداللہ یوسف علے کے اصرار و تحریک پر حیدرآباد آئے ہیں اُسوقت صوبہ اودھ کی عدالت جوڈیشلی میں آپکی پریکٹس پورے عروج پر تھی۔ اور چونکہ آپ اس پیشہ میں آنریبل سر وزیرحسن سے سینیر تھے جو اسوقت اودھ چیف کورٹ کے چیف جج ہیں، اسلئے قرینہ یہی تھا کہ اگر آپ حیدرآباد نہ آگئے ہوتے تو آج آپ ہی اس عہدہ جلیلہ پر فائز ہوتے۔ اس طرح مرزا صاحب نے ایک اسلامی سلطنت کی خدمت قبول کرکے دراصل بہت بڑے ایثار سے کام لیا۔ اسی کے ساتھ حیدرآباد کے ارباب حل و عقد اور حضور پرنور کی قدرشناس نگاہوں کی بھی داد دینا چاہیئے کہ انھوں نے اس قابلیت و تدبر کی شخصیت کا انتخاب کرکے حیدرآباد کے نظام عدالت کی شہرت میں اضافہ کردیا اور اس انتخاب کی موزونیت کا ثبوت وہ زبردست اصلاحات اور ترقیاں

ہیں جو نواب مرزا یار جنگ بہادر کے دور میر مجلسی میں انجام پائیں۔ ان سب میں درخشاں ترین کارنامہ عدالتی اور انتظامی اختیارات کی علیحدگی ہے جس سے حیدرآباد کے حکام عدالت انتظامی حکام کی ماتحتی سے الگ ہو کر خالص اور بے لوث انصاف کرنے میں آزاد ہو گئے۔ اس اصلاح نے دراصل حیدرآباد کی حکومت کو برطانوی ہند کی حکومت سے برتر بنا دیا ہے جہاں باوجود مسلسل اصرار اور تقاضے کے اسوقت تک اس اصلاح کی طرف عملی قدم نہیں بڑھایا گیا ہے۔ لیکن حیدرآباد کے روشن خیال اور ہمدرد خلق شہریار نے بلا کسی عام ایجی ٹیشن کے پبلک کی خواہشات پوری کر دیں

نواب مرزا یار جنگ کا وطن اصلی قصبہ امیٹھی ضلع لکھنؤ ہے جہاں آپ ۱۲۸۴ف میں پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم گھر ہی پر حاصل کر کے اپنے برادر عم زاد ڈاکٹر اصغر بیگ کے ہمراہ بریلی چلے گئے جہاں سے ۱۸۹۰ء میں آپ نے انٹرنس کا امتحان پاس کیا۔ اُس کے بعد لکھنؤ آ کر کرشین کالج سے ایف اے اور کیننگ کالج سے بی اے کے امتحانات پاس کئے اور پھر ایل ایل بی کا امتحان دیکر کامیابی حاصل کی۔ زمانہ تعلیم کے اختتام پر آپ نے ڈیڑھ سال تک میر محمد تقی نصیر آبادی کے مددگار کی حیثیت سے رائے بریلی میں پریکٹس کی اور وہیں قانونی نکات اور ضابطہ عدالت میں مہارت پیدا کی۔ میر صاحب کے انتقال کے بعد آپ نے لکھنؤ آ کر وکالت شروع کی اور تھوڑے ہی دنوں میں اسقدر شہرت پیدا کر لی کہ عدالت جوڈیشل کمشنری میں اپیل کے مقدمات کے سوا دوسری عدالتوں میں پیروی کرنے کی فرصت ہی نہ رہی۔ ۱۹۱۵ء میں آپ عدالت مذکور کے ایڈوکیٹ ہو گئے اور اس کے ایک سال بعد مجلس قانون ساز کے نامزد شدہ ممبر ہو گئے۔ ۱۹۱۸ء (۱۳۲۷ف) میں آپ نے حیدرآباد آ کر میر مجلسی

عدالت العالیہ کا جائزہ لیا۔ اور ۱۳۴۱ف میں آپ کو سرکار عالی سے نواب مرزا یار جنگ بہادر کا خطاب عطا ہوا۔ عدالتی اور انتظامی اختیارات کی علیحدگی کی اصلاح کے علاوہ نواب صاحب کے دور کی یادگاریں اور بھی ہیں جنمیں عدالت عالیہ کا جدید عمارت میں منتقل ہونا اور اسکے رتبہ میں منشور خسروی کے بموجب اضافہ ہونا خاص کر قابل ذکر ہیں۔ نواب صاحب موصوف اپنی سرکاری مصروفیتوں کے علاوہ ملک کی جہتی تحریکات میں بھی حصّہ لیتے رہتے ہیں اور خاصکر تعلیمی مسائل پر آپ کے بصیرت افروز خطبات قابل قدر ہیں۔ سیاسیات اور تاریخ پر نواب صاحب کی بعض تصنیفات شایع ہو کر ملک میں کافی شہرت و مقبولیت حاصل کر چکی ہیں، خاصکر عہد اورنگ زیب میں ہندوستان کی حالت اور ہندوستان کے مستقل آئین پر جو کتابیں آپ نے لکھیں وہ اہل الرائے طبقہ میں قدر کی نگاہوں سے دیکھی گئیں۔ ۱۹۳۲ء میں سرکار عالی نے بعنایت خاص آپ کی مدّت ملازمت میں دو سال کی توسیع منظور فرمائی جو آپکی اعلیٰ خدمات کے اعتراف کی بہترین سند ہے۔

مسعود علی، مولوی محمد۔ آپ کا وطن اصلی فتحپور ضلع بارہ بنکی میں ہے لیکن پیدائش آپ کی ۱۲۷۶ف میں بمقام دہلی ہوئی جہاں آپ کے والد مولوی احمد علی صاحب سررشتہ دار کمشنری و میر منشی ریزیڈنسی تھے۔ ابتدائی درسی تعلیم گھر ہی پر حاصل کرکے آپ علیگڈھ گئے اور وہاں ایک مدّت تک طالبعلمانہ زندگی بسر کرکے بی اے کی ڈگری حاصل کی، اور وہیں اسکول کے اسٹاف میں ملازم ہو گئے۔ ۱۸۹۵ء میں آپ نواب فتح نواز جنگ بہادر کے طلب کرنے پر حیدر آباد آئے اور ہوم آفس میں مترجمی کی جگہ پر مامور ہو گئے جس سے ترقی کرتے کرتے آپ منتظمی اور مددگاری کے عہدہ

تک پہونچے اور پھر مجلس عدالت عالیہ کے معتمد ہو گئے، جس سے آپ کو نظامت دارالقضا
بلدہ اور صدر نظامت عدالت اسمات کے عہدوں پر یکے بعد دیگرے ترقی ملی۔
اس آخری عہدہ سے آپ ۲۸ سالہ مدت ملازمت ختم کرکے وظیفہ حسن خدمت پر سبکدوش
کئے گئے۔ لیکن چونکہ ابھی آپ کے دل میں خدمت کا جذبہ باقی تھا اور قوائے جسمانی میں
قوت موجود تھی اسلئے آپکی استدعا پر دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ میں مترجمی قانون کے کام پر
آپ کو مامور کر دیا گیا۔ مولوی صاحب کو ابتدا ہی سے ادبی ذوق رہا ہے اور تالیف و
ترجمہ کے کام سے خاص مناسبت رہی ہے، چنانچہ آپکی متعدد تالیفات ادب و تاریخ و قانون
پر شایع ہو کر مقبول ہو چکی ہیں اور دارالترجمہ کے ذریعہ سے آپ اپنے اس مرغوب شغلہ کو
ترقی اور جلا دے رہے ہیں اور اُردو لٹریچر میں اپنی دلچسپ تالیفات سے اضافہ کر رہے ہیں +
مصاحب علی میر۔ آپ حیدرآباد کے ایک ممتاز خاندان کے فرد ہیں اور یہیں ۱۲۸۶ف
میں پیدا ہوئے اور علمی اور قانونی قابلیت کی سندیں لے کر سرکار عالی کی عدالتوں
میں وکالت شروع کر دی۔ بائیس سال تک آپ بحیثیت پلیڈر کے اپنی قابلیت
اور ذہانت کا اظہار کرتے رہے اور اس اثنا میں اپنے ہمچشموں میں شہرت و امتیاز حاصل کرکے
بلدہ کے نامور وکلا میں شمار ہونے لگے۔ تاہم ۱۳۲۴ف میں جب سرکار عالی کو آپ کی
خدمات کی حاجت ہوئی تو آپ نے وکالت کی آزاد زندگی اور کثیر آمدنی پر لات ماردی
اور نسبتہً قلیل مشاہرہ پر اسپشل مجسٹریٹ اضلاع کی خدمت قبول کر لی۔ بحیثیت
ملازم سرکار عالی آپ کی قابلیت اور حسن انتظام کے جوہر اور نمایاں ہونے لگے اور
سرکار عالی کی طرف سے اسکا اعتراف اسطرح کیا گیا کہ آپ کو ترقی کے مدارج تیزی
کے ساتھ طے کرنے کا موقعہ دیا گیا۔ چنانچہ ۱۳۲۹ف تک آپ ترقی کرتے کرتے ناظم اول

عدالت دیوانی بلدہ ہو گئے۔ اور ۱۳۳۵ف میں ناظم صدر عدالت صوبہ گلبرگہ کے منصب پر فائز کئے گئے اور اس کے چند ہی ماہ بعد صدر عدالت دیوانی بلدہ کے ناظم اول ہو گئے جو رکنیت عدالت عالیہ کا ایک زینہ ہے۔ چنانچہ رکنیت عدالت عالیہ کے سلسلہ میں آپکا نام پیش بھی ہو چکا ہے اور یقین ہے کہ عنقریب آپ عدالت کے اس اعلیٰ منصب تک پہونچ جائیں گے۔ آپ حسن قابلیت کے ساتھ حسن اخلاق کے زیور سے بھی آراستہ ہیں اور حیدرآباد کی سوسائٹی میں کافی وقعت و ہردلعزیزی رکھتے ہیں؁

مظہر حسین۔ آپ نواب ڈاکٹر ارسطو یار جنگ بہادر کے صاحبزادے ہیں اور ۱۳۰۳ف میں بمقام بلدہ حیدرآباد پیدا ہوئے اور اپنے باپ کے سایہ عاطفت میں پہلے گھر پر اور پھر نظام کالج میں تعلیم پائی اور پھر علیگڈھ بغرض تکمیل تشریف لیگئے۔ اسی اثناء میں آپ کو اپنے والد ماجد کے ہمراہ یورپ تشریف لیجانے کا موقعہ ملا۔ اور اس سلسلہ میں آپ نے ممالک اسلامی کا بھی وسیع دورہ کیا، اور معلومات حاصل کیں، یورپ جاکر آپ نے فن زراعت کی تعلیم کے لئے ایڈنبرا یونیورسٹی میں نام لکھایا اور وہاں سے ایم اے، بی ایس سی کی ڈگریاں حاصل کیں۔ حیدرآباد واپس آکر آپ سرکار عالی کی ملازمت میں بطور سوم تعلقہ دار ۱۳۲۴ف میں داخل ہوئے۔ اور بتعمیل فرمان شاہی مختلف حصص ہند میں دورہ کر کے حکام انگریزی کی نگرانی میں زرعی حالات و انتظامات کا معائنہ و مطالعہ فرمایا۔ اور واپس آکر ۱۳۲۸ف میں نظامت سررشتہ زراعت پر مامور کئے گئے جسپر کئی سال تک آپ کام کرتے رہے اور اپنی ذہانت و قابلیت سے اس محکمہ میں متعدد اصلاحیں اور ترقیاں نمایاں کیں، چنانچہ مزارعین کو جدید طریقہائے کاشت سے آشنا کرنے اور ملک کی زرعی پیداوار بڑھانے کی مختلف تدابیر اختیار کرنے میں مسٹر مظہر حسین

کا دورِ نظامت خاص طور پر مستحق تعریف ثابت ہوا۔ مزارعین کی امداد کے لئے تقاوی کا دستور بھی آپ ہی کے دور میں رائج ہوا، اور اسی زمانہ میں ملک کی زرعی پیمائش بھی کی گئی۔ ۱۳۲۹ف میں آپ نظامت سررشتۂ اعداد و شمار پر منتقل کئے گئے اور اسوقت سے اس شعبہ کی مفید سرگرمیوں کو بڑھا کر اسے اہم صیغۂ حکومت بنا دیا ہے۔

معین الدولہ بہادر، نواب۔ نواب محمد معین الدین معین الدولہ بہادر نواب بشیر الدولہ سر آسمان جاہ بہادر کے صاحبزادے اور پائیگاہ کے امراء میں سے ہیں۔ آپ کی پیدائش ۱۳۰۵ھ میں بمقام سرور نگر بلدہ حیدرآباد واقع ہوئی، اور امرائے حیدرآباد کے دستور کے بموجب گھر ہی پر تعلیم و تربیت کا بہترین اہتمام کیا گیا۔ نواب صاحب ابھی نو ہی برس کے تھے کہ باپ کا سایہ سر سے اُٹھ گیا، لیکن قدر شناس آقائے ولی نعمت نے اپنے خاندانی وفادار خادم کے نونہال کو شاہی نگرانی میں لے کر باپ کے غم کو بھلا دیا اور تعلیم و تربیت کے وہ انتظامات کر دئے کہ باپ کی موجودگی میں بھی اس سے بہتر نہیں ہو سکتے تھے صرف یہی نہیں بلکہ بارگاہ شاہی سے مراعات و انعامات کی بارش ہونے لگی، اور جسوقت علاقہ پائیگاہ کی نگرانی و انتظام میں اصلاح کی ضرورت ہوئی تو حضور پُر نور نے بوساطت صدر المہام اسے اپنے ہاتھوں میں لے لیا۔ جو بعد کو اضافہ و ترقی کے بعد واپس کیگئی۔ نواب صاحب کو شکار کا بہت شوق ہے اور مشہور ہے کہ آپ کی گولی کا نشانہ خطا نہیں کرتا۔ چنانچہ اکثر شکار میں غیر معمولی چستی اور ہوشیاری سے حریف کا شکار کیا ہے اور بڑے بڑے خطرے کے مواقع سے کامیاب و نجیاب آئے ہیں۔ ۱۳۳۳ف میں بتعمیل فرمان شاہی نواب صاحب نے محکمہ مال کا کام حیدرآباد اورنگ آباد اور نظام آباد میں رہ کر سیکھا اور ۱۳۴۲ھ میں آپ کو صدر المہام

حرفت وتجارت کے منصب جلیلہ پر فائز کیا گیا جہاں ایک سال تک نمایاں خدمات انجام دینے کے بعد آپ صدر المہامی افواج آصفیہ کے منصب پر منتقل کئے گئے۔ لیکن کچھ دنوں اس خدمت پر رہ کر آپ نے سبکدوشی حاصل کی اور اپنی ساری توجہ اپنی جاگیر کے انتظام پر صرف کرنے لگے۔ نواب صاحب نہایت خوش خلق ملنسار اور قدردان علم وفن ہیں، اور مفید قومی کاموں کی نہایت فیاضی کے ساتھ امداد کرتے ہیں، چنانچہ علیگڑھ کالج اور مسلم یونیورسٹی کو آپ بدفعات کئی لاکھ روپیہ دے چکے ہیں۔

مقصود علی خاں، حکیم میر۔ آپ حیدرآباد کے نامور اطبا میں شمار ہوتے ہیں، اور ناظر الاطبا یونانی لوکل فنڈ اضلاع سرکار عالی کے منصب پر فائز ہیں۔ مرادآباد کے ایک نامور خاندان حکما سے آپ کا تعلق ہے اور وہیں اپنے وطن میں آپ ۱۲۹۶ھ میں پیدا ہوئے۔ سرکار عالی کی ملازمت میں آپ ۱۳۲۱ف میں داخل ہوئے اور اس کے تین سال بعد آپ مددگار دوم افسر الاطبا بلدہ کی جائداد پر متعین ہو گئے۔ ۱۳۳۰ف میں آپ کو مہتمم شفاخانہ یونانی کے منصب پر ترقی ملی اور اس حیثیت سے آپ بلدہ حیدرآباد کے مختلف یونانی شفاخانوں میں نمایاں خدمات انجام دیتے رہے۔ ۱۳۳۷ف میں آپ ناظر الاطبا یونانی اضلاع کے منصب پر فائز کئے گئے اور اسوقت سے اس منصب کے فرائض نہایت ہی قابلیت اور حسن انتظام کے ساتھ آپ انجام دے رہے ہیں۔ ان سرکاری فرائض کے ساتھ آپ کو شہر میں بسلسلہ مطب مشکل اور اہم امراض کے علاج میں کافی وقت صرف کرنا پڑتا ہے اور امرا، وصاحبزادگان و شاہزادگان بوقت ضرورت آپ کی طبی قابلیت اور مہارت تشخیص و علاج سے فائدہ اُٹھاتے ہیں۔ اس بنا پر حیدرآباد کے ہر طبقہ میں آپ کو ہردلعزیزی اور رسوخ

حاصل ہے ۔

منظور جنگ بہادر، نواب ۔ نواب مرزا منظور احمد خاں منظور جنگ بہادر مرزا ودود احمد صاحب کے صاحبزادہ ہیں اور ۱۲۹۴ھ ف میں بمقام بلدہ حیدرآباد پیدا ہوئے اور یہیں کی مختلف درسگاہوں میں تعلیم حاصل کی اور زمانہ تعلیم ختم کر کے مفید جہتی اور قومی کاموں میں منہمک ہوگئے ۔ ملازمت کا خیال ہوا تو دفتر معتمدی فنانس سرکار عالی میں آپ کو ایک جگہ ملگئی لیکن یہ کام آپ کی فطری ذہانت اور ذاتی رجحان کے مناسب حال نہ تھا اسلئے اس سے سبکدوش ہو کر آپ دفتر صدر المہامی پائیگاہ میں منتقل ہوگئے اور ترقی کرتے کرتے انسپکٹری کے عہدہ تک پہونچے، بلکہ کچھ دنوں تک پائیگاہ نواب سر وقار الامرار میں میر مجلسی کے فرائض بھی انجام دئے ۔ اس سلسلہ میں آپ نے جو اعلیٰ خدمات انجام دیں ان کے صلہ میں آپ کو بارگاہ خسروی سے نواب منظور جنگ بہادر کا خطاب عطا ہوا ۔ اور ۱۳۲۹ھ ف میں سر برائن ایجرٹن کی تحریک پر آپ کا نواب وقار الامرار کی پائیگاہ سے دو سو روپیہ ماہانہ تاحیات وظیفہ مقرر ہوگیا ۔ اسی سال آپ ضلع میدک میں اسپشل تعلقہ دار مقرر کئے گئے اور وہاں اس خوش اصلوبی سے اپنے فرائض انجام دئے کہ بہت جلد آپ کی مستقلی کا فرمان نافذ ہوگیا ۔ چنانچہ اُسوقت سے آپ اول تعلقہ دار کی حیثیت سے مختلف اضلاع میں کام کررہے ہیں اور آجکل ضلع عادل آباد کی اوّل تعلقہ داری پر آپ فائز ہیں ۔ نواب صاحب نہایت ہی ملنسار اور ہنس مکھ ہیں اور اہم سے اہم مسائل کو بھی ہنستے کھیلتے انجام دیدیتے ہیں جسکی وجہ سے آپ حکام اور رعایا دونوں میں ہر دلعزیز ہیں ۔

مہدی یار جنگ بہادر، نواب ۔ نواب سید مہدی حسین مہدی یار جنگ بہادر

بلگرامی نواب عماد الملک بہادر کے سب سے چھوٹے فرزند ہیں اور ۱۲۹۰ف میں بمقام بلدہ حیدر آباد پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے نامور باپ کے آغوش عاطفت میں پائی اور پھر انگلستان جاکر آکسفورڈ یونیورسٹی سے ایم اے کی ڈگری اعزاز کے ساتھ لے آئے۔ انگلستان سے واپس آکر آپ علیگڈھ کالج کی علمی خدمت میں مصروف ہو گئے لیکن ۱۳۱۶ف میں آپ کو صوبہ متحدہ کے محکمہ تعلیم میں صدر مہتممی تعلیمات کی جگہ ملگئی۔ اس عہدہ پر صوبہ متحدہ میں سب سے پہلے آپ ہی ہندوستانی تھے جو مقرر ہوکر انڈین ایجوکیشنل سروس میں لئے گئے۔ ساڑھے پانچ سال تک آپ مختلف اضلاع میں یہ خدمت انجام دیتے رہے ۱۳۱۶ف میں آپ سرکار عالی کے طلب کرنے پر حیدر آباد آئے اور مددگار معتمد سیاسیات کے منصب پر فائز کئے گئے کئی سال تک اس خدمت کو نہایت ہی قابلیت اور اصابت رائے کے ساتھ انجام دینے کے بعد ۱۳۲۵ف میں آپ نائب معتمدی فینانس اور معتمدی تعمیرات عامہ کے مناصب پر ترقی یاب ہوئے اور نواب مسعود جنگ بہادر کے زمانہ رخصت میں آپ نے اُن کے فرائض بھی انجام دئے اور صدارت کلیہ جامعہ عثمانیہ پر کچھ دنوں منصرمانہ خدمات انجام دیں۔ ۱۳۲۹ف میں آپ نے ترقی کا ایک اور زینہ طے کیا اور معتمدی سیاسیات کے منصب جلیلہ پر فائز کئے گئے جس پر آپ دس سال تک نہایت ہی قابلیت کے ساتھ کارگذار رہے اور بجز ڈھائی ماہ کی مختصر مدت کے جب آپ نے معتمدی عدالت و کوتوالی و امور عامہ کی خدمات انجام دیں اس تمام مدت کو آپ نے سررشتہ سیاسیات کی ترقی و اصلاح میں صرف کیا۔ ۱۳۳۹ف میں آپ کی اعلیٰ خدمات اور خاندانی اعزاز کے لحاظ سے آپ کو صدر المہامی سیاسیات کے منصب اعلیٰ پر فائز کیا گیا

اور اُسوقت سے آپ اسی حیثیت سے سلطنت آصفیہ کے ایک اہم اور نازک صیغہ کی سربراہی کر رہے ہیں۔ نواب مہدی یار جنگ بہادر نے علاوہ اپنے عہدہ کے فرائض کی انجام دہی کے متعدد کمیشنوں میں بھی نہایت ہی قابلیت اور اصابت رائے کے ساتھ خدمات انجام دیں اور ان خدمات کا ایک روشن خیال اور دریادل فرمانروا کی طرف سے فیاضی کے ساتھ اعتراف کیا گیا۔ محکمہ سیاسیات کی ہمہ گیر مصروفیتوں کے باوجود نواب صاحب ملک کی بہتی اور قومی تحریکات میں حصہ لینے سے قاصر نہیں رہتے اور خاص کر قومی تعلیم کا مسئلہ آپ کی توجہات کا بہت کچھ شریک دار ہے۔ آپ کے فاضلانہ خطبات اور یادداشتیں اعلیٰ قابلیت کا نمونہ ہوتی ہیں جسکی روشن مثال حیدرآباد ایجوکیشنل کانفرنس کا خطبہ صدارت ہے جو ملک کے ماہرین تعلیم میں نہایت ہی قدر کی نگاہوں سے دیکھا گیا۔ آپ نہایت ہی خوش خلق، ملنسار اور حلیم الطبع واقع ہوئے ہیں اور اپنے فرائض کو خاموشی کے ساتھ انجام دینا پسند کرتے ہیں لیکن آپ کے اخلاق کی جو خوبی خاصکر نمایاں رہتی ہے وہ یہ ہے کہ آپ نہایت ہی مخلص اور صاف گو واقع ہوئے ہیں اور دنیاداری کے اخلاق سے لوگوں کو ایسی امیدیں نہیں دلاتے جنہیں بعد کو اُنھیں مایوسی کا منہ دیکھنا پڑے۔ اسی کے ساتھ جو امداد اور حسن سلوک کسی کے ساتھ آپ کر سکتے ہیں اُس سے کبھی دریغ بھی نہیں فرماتے۔ اپنی صفات کی وجہ سے آپ ملک کے ہر طبقہ میں عزت و وقعت کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں ؛

مہر علی فاضل۔ آپ بمبئی کے ایک نامور اور باثر خاندان کے فرد ہیں اور سنہ ۱۲۸۰ھ میں اپنے وطن ہی میں پیدا ہوئے۔ اور مدرسہ کی تعلیم سے فراغت پاکر آپ نے انجینیری کا ذوق ظاہر کیا اور پونا کالج سے ایل سی ای کی سند حاصل کی۔ سنہ ۱۳۱۵ھ

سے آپ سرکار عالی کی سلک ملازمت میں داخل ہوئے اور تین سال تک اسسٹنٹ انجینیر کے طور پر خدمات انجام دینے کے بعد آپ کو اگزیکیٹو انجینیر کے منصب پر ترقی ملگئی چنانچہ اس حیثیت سے آپ مختلف اضلاع سرکار عالی میں نمایاں خدمات انجام دیتے رہے اور اسی زمانہ میں تین سال تک آپ کو سپرنٹنڈنگ انجینیر کی خدمات انجام دینے کا بھی موقعہ ملا۔ ۱۳۳۰ف میں آپ مہتمم تعمیرات بلدہ کے منصب پر فائز کئے گئے۔ اسکے ایک سال بعد آرکیٹکٹ بلدہ کی خدمت پر مامور ہوئے جسپر پانچ سال تک نمایاں کامیابی کے ساتھ کام کرتے رہے۔ ۱۳۳۵ف میں آپ ناظم آبپاشی حلقہ شرقی ورنگل ہوگئے اور اسکے دو سال بعد نظامت آرائش بلدہ کے اہم منصب پر آپ کو ترقی ملی، جسپر آپ اسوقت تک کارگذار ہیں، اور حیدرآباد کی روزافزوں آرائش اور خوبصورتی بہت بڑی حد تک آپ ہی کی حسن خدمات کی رہین منت ہے۔ اسطرف خبر ہے کہ ڈاکٹر حامد علی صاحب کے وظیفہ یاب ہونے پر آپ کو کمشنر صفائی بلدہ کے منصب پر ترقی دیجائیگی +

ناصر نواز الدولہ بہادر، نواب۔ آپ امرائے حیدرآباد میں خاص امتیاز اور شہرت رکھتے ہیں۔ اور اعلیٰ حضرت ظل سبحانی کے اے ڈی سی کی خدمت پر مامور ہونے کی وجہ سے آپ کو اپنے آقا کی سفر و حضر میں رفاقت کا اعزاز حاصل ہے۔ اعلیٰ حضرت ظل سبحانی کو سلطنت کے کاموں اور اپنی رعایا کی فلاح و بہبود میں جسقدر انہماک اور مصروفیت رہتی ہے اُسے دیکھتے ہوئے آپ کے مقربین کو بیرونی دنیا سے واسطہ رکھنے کا موقعہ مل ہی نہیں سکتا، اور ان مقربین کی زندگی دراصل ان کے آقا کی زندگی سے وابستہ ہے۔ خاصکر وہ اعلیٰ مراتب حضرات جو اے ڈی سی کے منصب پر فائز ہونے کا شرف رکھتے ہوں، اور شب و روز ایسے نامور آقا کے حضور میں حاضری ان کے فرائض

منصبی میں داخل ہو، ان ہمہ گیر فرائض کے ماسوا کسی دوسری زندگی کا خیال بھی نہیں کر سکتے۔ تاہم نواب ناصر الدولہ بہادر اپنے حسن اخلاق اور حسن سلوک میں امرائے حیدرآباد میں ممتاز درجہ رکھتے ہیں اور اپنی قابلیت اور حسن شعاری کے خصائل کی وجہ سے اس منصب اعلیٰ کے لئے ہر طرح موزوں ہیں۔

ناظر یار جنگ بہادر، نواب جسٹس۔ نواب ڈاکٹر ناظر الدین حسن ناظر یار جنگ بہادر، مولوی نظام الدین صاحب سابق رکن عدالت العالیہ سرکار عالی و ڈپٹی کمشنر صوبہ برار کے صاحبزادے ہیں اور آپ کے دادا مولوی محمد حسن صاحب بھی سرکار عالی کی عدالت العالیہ کے رکن رہکر وظیفہ حسن خدمت پر سبکدوش ہوئے تھے۔ مولوی نظام الدین حسن صاحب اُن وحید عصر حضرات میں تھے جنکے معاملات کی صفائی اصول کی پابندی اور احساس فرائض کی نظیر اب موجودہ زمانہ میں بہت کم نظر آتی ہے۔ ایسے بااصول باپ کے سایہ عاطفت میں اعلیٰ تعلیم کے رفیع ترین منازل طے کرنے کے بعد نواب ناظر یار جنگ بہادر کی دیانت داری اور فرض شناسی کے احساسات کی بدرجہ غایت تکمیل ہوگئی۔ نواب صاحب موصوف ۱۲۹۱ھ میں اپنے آبائی وطن نیوتنی ضلع اُناؤ میں پیدا ہوئے اور ابتدائی مکتبی تعلیم گھر پر حاصل کرنے کے بعد علیگڈھ تشریف لیگئے جہاں اپنی طالبعلمی کے کئی خوشگوار سال آپنے گذارے اور ۱۹۰۰ء میں بی اے کی ڈگری وہاں سے حاصل کرکے انگلستان تشریف لیگئے اور کیمبرج لنڈن اور ڈبلن میں رہکر ایم اے، ایل ایل ڈی کی ممتاز ڈگریاں حاصل کیں انگلستان سے واپس آکر لکھنؤ میں پریکٹس شروع کی اور تھوڑی ہی مدت میں کافی نام و نمود پیدا کرلیا۔ ۱۳۲۶ف آپ تعمیل فرمان خسروی ملازمت سرکار عالی

میں داخل ہوئے اور ناظم صدر عدالت صوبہ اورنگ آباد کے عہدہ پر مامور ہوئے۔ اسی حیثیت سے آپ نے صوبہ میدک اور صوبہ گلبرگہ میں خدمات انجام دیں اور نمایاں حسن کارگذاری کے صلہ میں نواب ناظر یار جنگ بہادر کا خطاب بارگاہ خسروی سے حاصل کیا۔ ۱۳۳۵ف میں آپ رکن عدالت عالیہ کے منصب جلیلہ پر فائز کئے گئے جبکہ آپ سے پہلے آپ کے باپ اور دادا نمایاں خدمات انجام دے چکے تھے۔ نواب صاحب حسن اخلاق اور ہمدردی کا مجسمہ ہیں اور قومی خدمت کا شوق آپ کو ہمیشہ سے رہا ہے جس سے آپ حیدرآباد کی حبتی زندگی کو بہت کچھ نفع پہونچا رہے ہیں۔ آپ ایک خوش بیان مقرر ہیں، اور اکثر عام جلسوں میں اپنے فصیح و بلیغ خطبات سے لوگوں مستفیض فرماتے رہتے ہیں۔

نظامت جنگ بہادر، نواب سر حیدرآباد کے امرائے قدیم میں نواب سر نظام الدین احمد نظامت جنگ بہادر اعلیٰ علمی اور ذہنی قابلیت میں اپنا نظیر نہیں رکھتے اور خاصکر انگریزی علم ادب میں آپ کو جو مہارت تامہ حاصل ہے اُسکی تعریف نواب عماد الملک اور سر سید علی امام جیسے ذی علم اصحاب بھی نہایت گرمجوشی سے فرماتے تھے۔ نواب سر نظامت جنگ بہادر نواب رفعت یار جنگ بہادر کے صاحبزادے ہیں اور ۱۲۸۰ف میں اپنے وطن بلدہ حیدرآباد میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گھر پر حاصل کرنے کے بعد آپ نے مدرسہ اعزہ سے مدراس یونیورسٹی کے میٹریکیولیشن کا امتحان پاس کیا اور مدرسہ عالیہ میں بی اے تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد سرکاری وظیفہ پر انگلستان گئے جہاں سے کیمبرج یونیورسٹی کی بی اے اور ایل ایل بی کی ڈگریاں قلیل مدت میں حاصل کرلیں اور بیرسٹری کی سند کے لئے تین سال تک وہیں قیام پذیر

رہے۔ یہ تمام مدارج تعلیم طے کرنے کے بعد آپ نے انگلستان ہی میں ایک نامور بیرسٹر کے چیمبر میں عملی کام سیکھا اور وطن واپس آنے پر کچھ دنوں تک مدراس ہائی کورٹ میں ضابطہ عدالت کا عملی تجربہ حاصل کیا۔ لیکن وہاں پریکٹس کرتے آپ کو تھوڑی ہی مدت ہوئی تھی کہ بتعمیل فرمان خسروی آپ کو حیدرآباد واپس آکر سرکار عالی کی سلک ملازمت میں داخل ہونا پڑا اور سب سے پہلا تقرر آپ کا ۱۳۰۶ف میں بطور ناظم عدالت ضلع پربھنی کے ہوا جس سے ترقی کرتے کرتے آپ ناظم اول عدالت فوجداری بلدہ اور پھر رکنیت عدالت العالیہ کے منصب تک پہونچے اور ۱۳۱۹ف میں آپ معتمد عدالت و امور عامہ اور ۱۳۲۵ف میں میر مجلس عدالت العالیہ ہو گئے دو سال بعد آپ پھر معتمدی پر منتقل ہوئے اور ایکی مرتبہ سررشتہ سیاسیات آپ کو سپرد ہوا جس میں دو سال کام کرنے کے بعد ۱۳۲۹ف میں آپ صدر المہام سیاسیات ہو گئے اور اسی منصب سے آپ ۱۳۴۰ف میں وظیفہ حسن خدمت پر سبکدوش ہوئے۔ اپنے زمانہ ملازمت میں نواب صاحب نے اپنی اصابت رائے اور معاملہ فہمی کا بارہا نمایاں ثبوت دیا اور پیچیدہ اور دقیق مسائل میں آپ کا مشورہ خاصکر قدر کی نگاہوں سے دیکھا گیا۔ سرکار عالی نے آپکی خدمات کے صلہ میں نواب نظامت جنگ بہادر کا خطاب عطا فرمایا اور سرکار انگریزی نے بھی آپکی قابلیت اور حسن تدبیر کا اعتراف مختلف اعلے اور ممتاز خطابات سے کیا۔ باوجود عہدہ کے مصروفیتوں کے آپ نے اپنا علمی اور ادبی ذوق جاری رکھا اور آپکی انگریزی نظموں کا مجموعہ انگلستان میں شائع ہو کر مقبول عام ہوا۔ حضور پرنور کی بعض نظموں کا بھی آپنے انگریزی نظم میں نہایت ہی پسندیدہ ترجمہ کیا +

نثار یار جنگ بہادر، نواب۔ نواب نثار احمد نثار یار جنگ بہادر مرزاح سید قاسم علی صاحب

کے صاحبزادے ہیں اوراپنے آبائی وطن علیگڑھ محلہ بالائے قلعہ میں ۱۲۹۳ھ ف میں پیدا ہوئے۔اور وہیں تعلیم و تربیت حاصل کی لیکن اسکی تکمیل کے قبل ہی آپ کے والد کا سایہ سر سے اُٹھ گیا اور آپ کو تعلیم ترک کرکے گھر سے باہر نکلنا پڑا۔مختلف مقامات کے دورہ کے بعد آپ ۱۳۰۹ھ ف میں حیدرآباد آئے اور علاقہ صرف خاص میں ایک چھوٹی سی جائداد پر ملازم ہوگئے جس سے ترقی کرتے کرتے آپ میر منشی کوتوالی اور پھر صیغہ دار نظامت کوتوالی کے عہدہ تک پہونچے تھے کہ ملازمت سے استعفیٰ دیکر گتہ داری (ٹھیکہ داری) کا کام شروع کردیا۔چار سال کے بعد پھر آپ نے علاقہ صرف خاص مبارک میں صیغہ داری انگریزی کی خدمت قبول کرلی لیکن سال بھر بعد اس سے بھی استعفیٰ دیکر پھر گتہ داری کا کام شروع کردیا۔۱۳۲۶ف میں آپ کو سررشتہ داری کیبنٹ کونسل کی جگہ ملی اور ابکی مرتبہ آپ نے یکسوئی کے ساتھ ملازمت کا تہیہ کرلیا تھا چنانچہ اس عہدہ سے ترقی کرکے آپ دفتر صدارت عظمیٰ میں رجسٹرار اور پھر بعد کو مددگار ہوگئے ۱۳۳۱ف میں آپ کا تبادلہ اول مددگاری معتمدی سیاسیات پر ہوا اور چھ ماہ بعد آپ مددگار معتمد مال کے عہدہ پر منتقل ہوگئے۔۱۳۳۲ف میں آپکو دوم تعلقہ داری ضلع رائچور کی خدمت پر مقرر کیا گیا جس سے ترقی کرکے آپ بہت جلد اوّل تعلقہ دار ضلع بیدر ہوگئے اور مختلف اضلاع میں اس حیثیت سے کام کرتے رہے۔آجکل آپ ضلع پربھنی کے تعلقہ دار اوّل ہیں۔نواب صاحب کو ادبی ذوق شروع ہی سے تھا اور فکر سخن بھی فرماتے ہیں جسمیں آپ مزاج اور احمدی تخلص فرماتے ہیں۔متعدد تصانیف آپ کی شائع ہوکر مقبول ہوچکی ہیں جنمیں ثمرہ نیکی کا ڈراما خاص طور پر قابل ذکر ہے۔

نذیر جنگ بہادر، نواب۔ نواب مرزا نذیر بیگ نذیر یار جنگ بہادر ۱۲۸۴ھ میں

